تاریخ
۱۸۲

تماشائے حق

عزیز اللہ

PRICE RS* 12

Marfat.com

فہرست مضامین

58924

مضمون	صفحہ
حصّہ اوّل	
باب اوّل	
عہدِ قدیم سے عہدِ حال	
محلِ وقوع	۲
پاکستان کا دل	۲
آب و ہوا	۳
درے	۳
باشندے	۳
ہندو درویش ..	۴
فریدوں کی سلطنت ..	۴
سکندر اعظم	۴
سلجوق	۴
خاندانِ موریا	۴
باختری یونانی	۵
شاکا اور پہلوی ..	۵
اہلِ کشاں	۵
عہدِ راجپوت	۵
مذہبِ اسلام	۶
مغل	۶
سکھ	۶
انگریزوں کا زمانہ ..	۶
مسلم لیگ	۷
ہجرتِ عظیم	۷
حکومتِ پاکستان ..	۸
متروکہ اراضی	۹
آبادکاری	۱۲
وکلا کا سیاسی امتیاز	۱۳
لاہور شہر	۱۴
جہانگیر کا مقبرہ ..	۱۵
نور جہاں کا مقبرہ ..	۱۶
آصف جاہ کا مقبرہ	۱۶
لاہور کا قلعہ ..	۱۷
شالامار باغ ..	۱۸
حضوری باغ اور بنگ مرالے کی بارہ دری	۱۹
بادشاہی مسجد	۱۹

مضمون	صفحہ
مسجد وزیر خان ..	۲۰
چوبرجی	۲۱
باب دوم	
جنگلات	
تقسیم	۲۲
اقسام	۲۳
ہمالیہ کے جنگلات ..	۲۳
چیل کے درخت ..	۲۳
جلوفیکٹری	۲۴
آلوچے کے درخت	۲۴
دیودار	۲۴
آگ کی وارداتیں ..	۲۴
چوڑے پتوں والے درخت	۲۵
داشتہ جھاڑ یا راجنگل ..	۲۵
کاشتہ جنگل ..	۲۵
رکھوں کے درخت ..	۲۶
وَن	۲۷
فراش	۲۷
رکھوں کے دیگر درخت	۲۷
رکھوں کی عام حالت	۲۷
پہاڑوں پر جنگلات کی ضرورت	۲۷
پانی جمع کرنے کی ضرورت	۲۷
جنگلی جانور	۲۸
جنگلاتی کمیٹی	۲۸
چارۂ مویشیاں	۲۸
سالانہ مال گزاری ..	۲۹
سرکاری ملازمین ..	۲۹
باب سوم	
آثارِ قدیمہ	
مختلف آراء	۳۰
ریسرچ	۳۱
طریقۂ معلومات	۳۲
ہڑپا	۳۲
تمدّن	۳۲

مضمون	صفحہ
نسل	۳۴
ٹیکسلا	۳۵
یونانی صنعت کا اثر ..	۳۶
تاریخی واقعات ..	۳۸
دیگر مقامات ..	۳۹
تعارم نندانہ	۳۹
جہلم	۴۰
جلال پور	۴۰
بھیرہ	۴۰
جائڑہ	۴۰
باب چہارم	
نہریں	
زمین	۴۱
آبپاشی	۴۱
مسلمان بادشاہ ..	۴۲
برطانوی حکومت ..	۴۲
نہروں کی قسمیں ..	۴۲
دوامی نہریں ..	۴۳
مختلف طریقے ..	۴۳
نہر اپر جہلم	۴۳
نہر لوئر جہلم ..	۴۳
نہر اپر چناب ..	۴۳
نہر لوئر چناب ..	۴۴
نہر اپر باری دوآب ..	۴۴
نہر لوئر باری دوآب	۴۴
جویلی پراجیکٹ ..	۴۵
تھل پراجیکٹ ..	۴۵
نہر پاکپٹن میسی ..	۴۶
انہارِ ثلاثہ	۴۶
نہروں کا انتظام ..	۴۶
ریسرچ کا کام ..	۴۷
نہری بستیاں ..	۴۷
باب پنجم	
تحریک دیہات سدھار	
تحریک کی اہمیّت	۴۸

مضمون	صفحہ
دیہات کی موجودہ حالت	۴۸
اساسی بُنیاد	۴۹
اہم مسئلہ	۴۹
بنیادی اصول	۵۰
نمائشی اثرات	۵۱
اقتصادی تنگ و دو	۵۱
خدمتِ خلق	۵۲
جذبۂ تحریک	۵۲
نشر و اشاعت	۵۲
اعلیٰ کاشت	۵۳
جانور	۵۳
زمین کی محافظت	۵۳
اشتمالِ اراضی	۵۴
تقسیم	۵۴
حفظانِ صحت	۵۴
صنعتی اسباب	۵۴
ترویج	۵۵
سکولوں کی تعلیم	۵۵
تعلیمِ نسواں	۵۵
سرکاری التفات	۵۶
باب ششم	
زراعت	
نمایاں خصوصیات ..	۵۸
فصلوں کے بڑے بڑے موسم	۶۰
محکمہ زراعت	۶۰
انتظامی	۶۰
زراعتی تعلیم	۶۰
زراعتی تحقیقات ..	۶۱
شعبۂ زراعت	۶۲
شعبۂ علمِ نباتات ..	۶۲
شعبۂ علمِ کیمیا ..	۶۳
شعبۂ حشرات الارض	۶۴
شعبۂ تحقیق الامراض ..	۶۴
شعبۂ میوہ جات ..	۶۵

Marfat.com

1133

مضمون	صفحہ
شعبۂ تخم جات	۶۶
مواقع کا جائزہ لینا	۶۶
شعبۂ خوشہ جات	۶۶
شعبۂ کپاس	۶۷
شعبۂ قند	۶۸
شعبۂ سبزیاں	۶۸
شعبۂ مچھلیاں	۶۸
شعبۂ اعداد و شمار	۶۸
زراعتی توسیع	۶۸
ذاتی تعلقات	۷۱
عملی سکھلائی کی جماعت	۷۱
اشاعت و چھپائی کا کام	۷۱
اشیاء کی فراہمی	۷۱
توضیح آئین و ضوابط	۷۱
سفری نمائش	۷۱
اشد ضرورت کے وقت کلاسیں	۷۲
تحفظِ شکار	۷۲
نرخ بازاری	۷۳
توضیع قانون	۷۳
کاٹن کنٹرول ایکٹ	۷۶
کھیت میں	۷۶
منڈی میں	۷۷
کارخانہ میں	۷۷
متفرقات	۷۷
باب ہفتم	
معاشرتی ترقی	
اقتصادی حیثیت	۷۹
زراعت	۷۹
جنگلات	۷۹
جمادات	۸۰
ذرائع آمد و رفت	۸۰
سرمایہ داری	۸۰
بیروزگاری	۸۰
صنعت	۸۱
ریشم کے کیڑے	۸۲
صنعتی عجائب خانے	۸۲
مٹی کے برتن	۸۲
کھیلوں کا سامان	۸۲
کھڈی کا کام	۸۲
ہوزری	۸۳
قالین	۸۳
مختلف کاروبار	۸۳
لوہے اور دھات کا مال	۸۴
چاقو۔ چھریاں	۸۴
فاہ۔ گنڈوت اور جلوگی فیکٹریاں	۸۴
چینی	۸۵
روئی کے کارخانے	۸۵
پارچہ بافی	۸۵
گورنمنٹ کی توجہ	۸۶
زنانہ مدارس	۸۶
انڈسٹریل لیبارٹری شاہدرہ	۸۷
سرکاری امداد	۸۷
مردمانِ پنجاب	۸۷
باب ہشتم	
نارتھ ویسٹرن ریلوے	
ریل کی آمد	۸۸
بتدریج وسعت	۸۹
ایرانی وسعت	۹۰
موجودہ وسعت	۹۰
اصلاحات	۹۰
نمایاں تعمیرات	۹۱
نظام	۹۱
والٹن ٹریننگ سکول	۹۱
ورکشاپیں اور سٹورز	۹۲
لیبارٹری	۹۳
جنرل سٹورز	۹۳
انجینیرنگ کالج	۹۳
تفریحات	۹۴
ریلوے سواری	۹۴
اپیل	۹۴
باب نہم	
پنجاب یونیورسٹی	
موجودہ تعلیم کا آغاز	۹۶
لاہور کے کالج	۹۷
یونیورسٹی کالج کا قیام	۹۷
یونیورسٹی کا اجراء	۹۸
افتتاحی رسم	۹۸
عطیّات	۹۸
تعلیمی ترقیات	۹۸
طلباء کے وظائف اور ڈگریاں	۹۹
یونیورسٹی کے اختیارات	۹۹
علمی تگ و دو	۱۰۰
فضیلت	۱۰۱
ضروری تجدید	۱۰۱
تعمیرات	۱۰۱
انسٹیٹیوٹ آف کیمسٹری	۱۰۲
تحقیقاتی کمیٹی	۱۰۳
مال گزاری	۱۰۳
سیٹیٹ	۱۰۴
سعیٔ جمیلہ	۱۰۴
سابقہ ہندوستانی رجسٹرار	۱۰۵
سابقہ ہندوستانی وائس چانسلر	۱۰۵
پاکستانی رجسٹرار	۱۰۵
پاکستانی وائس چانسلر	۱۰۶
آئندہ فلاح و بہبود	۱۰۶
باب دہم	
صوبجاتی حکومت	
(قیام پاکستان سے پہلے)	
نظامِ مملکتِ برطانوی	۱۰۷
مانٹیگو چیمسفورڈ ریفارمز	۱۰۸
حضور وائسرائے کا بیان	۱۰۸
میاں سر فضل حسین مرحوم	۱۰۸
مقروضیت کے خلاف مہم	۱۰۹
چند مفید قوانین	۱۰۹
ایکٹ زرعی پیداوار	۱۰۹
ایکٹ پنچایت ہائے	۱۱۰
قانون متعلقہ ملازمین ادارہ تجارت	۱۱۰
قانون امداد زچگان پنجاب	۱۱۰
نیا دور	۱۱۱
وزارت	۱۱۲
دو اہم مشکلات	۱۱۲
آٹھ سالہ دور کی استحکامت	۱۱۳
عملی تدابیر	۱۱۳
کسانوں کی فوری امداد	۱۱۳
زمینداروں کی بہبود کا فنڈ	۱۱۴
عام تبصرہ	۱۱۴
وزارت کی مشکلات	۱۱۵
انسدادِ رشوت ستانی	۱۱۵
شاہی مسجد کی مرمت	۱۱۵
فوجی حقوق	۱۱۶
زراعت پیشہ مقروضین کی اعانت	۱۱۷
آبپاشی کی سہولتیں	۱۱۷
جنگلاتی کمیٹی	۱۱۷
زراعت	۱۱۸
ہسپتال اور حفظانِ صحت کا اہتمام	۱۱۸
زچگان اور بچگان کی دیکھ بھال	۱۱۸
جیلوں کا انتظام	۱۱۸
پٹواریوں کی تنخواہ میں اضافہ	۱۱۹
صوبجاتی حکومت	
(قیام پاکستان کے بعد)	
پہلے وزیرِ اعلیٰ	۱۱۹

Marfat.com

مضمون	صفحہ
وزارت کی مشکلات	۱۱۹
جائداد کا مسئلہ	۱۲۰
ممدوٹ وزارت مستعفی	۱۲۰
زمانۂ نشتر	۱۲۱
تھل کا کام	۱۲۱
سیلاب	۱۲۱
نشتر آباد	۱۲۲
نشتر میڈیکل کالج	۱۲۲
میٹرنٹی بینی فٹ ایکٹ	۱۲۲
مسلم مزارعین کے لئے قانونِ شریعت	۱۲۲
فوجی ٹکسٹائل مِل	۱۲۴
یونیورسٹی تحقیقاتی کمیشن	۱۲۲
نئی وزارت	۱۲۳
مہاجرین کی آبادکاری	۱۲۴
تحفظِ مزارعین	۱۲۴
قادر بخش رپورٹ	۱۲۵
رشوت ستانی کا قلع قمع	۱۲۶
چونتیس لاکھ روپیہ کی معافی	۱۲۷
صنعتی ترقی	۱۲۷
تھل کی بستیاں	۱۲۷
شراب کی ممانعت	۱۲۷
تعلیمی ترقیات	۱۲۹
(ا) موروثی مزارعین کے لئے مالکانہ حقوق	۱۲۹
(ب) مزارعین کے لئے زیادہ اراضی کا انتظام	۱۳۰
(ج) مزارعوں کے لئے بہتر شرائط	۱۳۱
(د) مزارعت کی وراثت	۱۳۲
تنسیخ جاگیرات	۱۳۲
(ترمیم) اظہار خود پنجاب مصدرہ ۱۹۵۲ء	۱۳۲
اوقاف بل	۱۳۳
رجسٹریشن	۱۳۳
صوبائی اوقاف سپروائزری بورڈ	۱۳۳
عدالتِ اوقاف	۱۳۳

مضمون	صفحہ
اوقاف کی آمدنی کا استعمال	۱۳۴
سزائیں	۱۳۴
حصّہ دوم	
درگاہیں	
مشائخ و درویش	۱۳۶
حضرت داتا گنج بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ	۱۳۷
شاہ یعقوب زنجانی رح صدر دیوان	۱۳۸
کیا سید حسین زنجانی رح اور سید یعقوب زنجانی رح ہم عصر تھے	۱۴۰
حضرت میاں میر صاحب رح	۱۴۱
حضرت مادھولال حسین رح	۱۴۲
حضرت شاہ محمد غوث صاحب رح	۱۴۵
حضرت بی بی پاکدامناں رح	۱۴۵
حضرت شاہ خیرالدین ابوالمعالی صاحب رح	۱۴۷
حضرت میاں سید محمد شاہ موج دریا بخاری قدس سرہٗ	۱۴۹
حضرت محمد اسمٰعیل صاحب المشہور میاں وڈا	۱۴۹
حضرت سید عزیز الدین رح الحسنی الحسینی۔ المشہور پیر مکی	۱۵۱
حضرت عبدالرزاق شاہ چراغ گیلانی رح	۱۵۱
حضرت عبداللہ شاہ رح صاحب	۱۵۳
سید احمد توختہ رح ترمذی	۱۵۳
حضرت حاکم علی شاہ صاحب المعروف ابوالرضا رح	۱۵۵
حضرت غوث بہاؤالحق زکریا ملتانی رح	۱۵۵
شاہ رکن عالم تورمی ملتانی رح	۱۵۶

مضمون	صفحہ
حضرت شمس تبریز صاحب رح	۱۵۶
حضرت موسیٰ پاک شہید رح	۱۵۷
حضرت شاہ یوسف گردیز رح	۱۵۷
حضرت مخدوم شاہ علی محمد رح	۱۵۸
حضرت سلطان احمد قتال رح	۱۵۸
حضرت غریب نواز بابا سوڑی شاہ رح	۱۵۹
حضرت خواجہ محمد سلیمان صاحب تونسوی رح	۱۵۹
حضرت میاں شیر محمد صاحب شرقپوری رح	۱۶۱
حضرت میاں غلام محمد صاحب رح	۱۶۲
حضرت بابا فریدالدین شکر گنج رح	۱۶۴
حضرت شاہ دولہ دریائی رح	۱۶۵
حضرت امام علی الحق صاحب رح	۱۶۷
حضرت عبدالحکیم صاحب رح	۱۶۸
حضرت سخی سرور رح	۱۶۸
حصّہ سوم	
اکابرینِ پنجاب	
اکابرینِ پنجاب	۱۷۲
ابراہیم اسمٰعیل چندریگر ہزاکیسی للنسی	۱۷۳
احمد شاہ بخاری پطرس	۱۷۴
امین الدین میاں	۱۷۴
الٰہی بخش لفٹننٹ کرنل	۱۷۴
اے۔ ڈی۔ ارشد	۱۷۵
امتیاز علی تاج	۱۷۵
امیرالدین میاں	۱۷۵
بشیر احمد میاں	۱۷۶
بیگم زینب فدا حسن رح	۱۷۶

مضمون	صفحہ
بی۔ اے۔ قریشی ڈاکٹر	۱۷۷
بیگم جہاں آرا شاہنواز	۱۷۷
بیگم خدیجہ جی۔ اے خان	۱۷۸
چراغ حسن حسرت	۱۷۹
حفیظ جالندھری ابوالاثر	۱۷۹
خان افتخار حسین خان	۱۸۰
دولتانہ میاں ممتاز محمد خان	۱۸۱
دین محمد شیخ ہزاکیسی للنسی	۱۸۱
ڈاکٹر ایس۔ اے۔ رحمان	۱۸۲
ڈاکٹر خان اے۔ رحمان خان	۱۸۳
ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین	۱۸۳
سرور۔ ایس۔ ایم	۱۸۴
سعادت حسن منٹو	۱۸۴
شوکت حیات خاں سردار	۱۸۵
شوکت حسین رضوی	۱۸۶
شیر محمد خاں لفٹیننٹ کرنل	۱۸۷
ظفراللہ خان سہر	۱۸۷
ظہور حسین بیر	۱۸۷
عابد علی عابد	۱۸۸
عبدالحمید صوفی آنریبل منسٹر	۱۸۹
عبدالحمید دستی آنریبل منسٹر	۱۸۹
عبدالرب میاں	۱۹۰
عبدالرحمٰن چغتائی	۱۹۰
عبدالرحمٰن (سر) آنریبل	۱۹۰
عبدالرشید سر (میاں) آنریبل	۱۹۱
عبدالرب نشتر (سردار آنریبل	۱۹۱
عبدالمجید سالک مولانا	۱۹۲
عبدالمجید حافظ چیف سیکرٹری	۱۹۲
علی حسین شاہ گردیزی	۱۹۳
عمر حیات خان ملک ڈاکٹر ہزاکیسی للنسی	۱۹۳
عنایت اللہ (علامہ مشرقی)	۱۹۳
عبید محمد چودھری	۱۹۴
غضنفر علی راجہ	۱۹۴

Marfat.com

مضمون	صفحہ
غلام محمد ہزاکیسی لنسی	۱۹۴
غلام عباس سید بخاری (دیوان)	۱۹۵
غلام عباس چودھری	۱۹۶
غلام مصطفےٰ خواجہ	۱۹۶
فاطمہ جناح (خاتونِ پاکستان)	۱۹۷
فدا حسن سید کمشنر	۱۹۷
فضل الٰہی چوہدری	۱۹۷
فضل الٰہی پراچہ شیخ آنریبل	۱۹۸
فیروز خان نون ہزاکیسی لنسی	۱۹۹
فیض احمد فیض	۲۰۰
کیانی ایم۔ آر آنریبل جسٹس	۲۰۰
مبارک علی شاہ سید گیلانی	۲۰۰
محمد ابراہیم خان سردار	۲۰۱
(محمد) احمد شفیع	۲۰۱
محمد اسمٰعیل فلم سٹار	۲۰۱
محمد اقبال چیمہ چودھری	۲۰۲
محمد اکرام شیخ سی ایس پی	۲۰۲
محمد حسین چٹھہ چوہدری	۲۰۳
محمد خان لغاری سردار	۲۰۳
محمد سعید حاجی میاں	۲۰۴
محمد شریف شیخ آنریبل جسٹس	۲۰۴
مراتب علی سید سر	۲۰۵
ملک خدا بخش	۲۰۵
محمد نواز میر لفٹننٹ کرنل	۲۰۶
مرزا بشیر الدین محمود خلیفہ ثانی جماعت احمدیہ	۲۰۶
مشتاق احمد گورمانی	۲۰۷
مظفر علی خان قزلباش	۲۰۷
محمد علی چودھری وزیر خزانہ	۲۰۷
منظور احمد منظور	۲۰۸
مودودی ابوالاعلیٰ مولانا	۲۰۸
ناظم الدین آنریبل خواجہ	۲۰۸
نذیر احمد ڈاکٹر چوہدری	۲۰۹
نور احمد سید میر	۲۱۰
نور اللہ میاں	۲۱۰
نصر اللہ خان رائے	۲۱۱
وحید ڈاکٹر اے	۲۱۲
ولی اللہ خان	۲۱۳

حصہ چہارم

منڈی ضلع جہلم

مضمون	صفحہ
مدعا	۲۱۶
اضلاع شہر و منڈیاں	۲۱۷
جہلم	۲۱۸
پنڈ دادن خان	۲۲۰
چکوال	۲۲۱
سرائے عالمگیر	۲۲۲
دینہ	۲۲۳
ڈھڈیال	۲۲۳
للہ	۲۲۴
کھیوڑہ	۲۲۴

ضلع جھنگ

مضمون	صفحہ
جھنگ	۲۲۵
چنیوٹ	۲۲۶
لالیاں	۲۲۶
شورکوٹ	۲۲۷
ربوہ	۲۲۸
شاہ جیونہ	۲۲۸

ڈیرہ غازی خان

مضمون	صفحہ
ڈیرہ غازی خان	۲۲۸
تونسہ	۲۳۱
روجھیاں	۲۳۱
مٹھن کوٹ	۲۳۱

راولپنڈی

مضمون	صفحہ
راولپنڈی	۲۳۲
گوجر خان	۲۴۰
مری	۲۴۲
ٹیکسلا	۲۴۳
مندرا	۲۴۳
دلہ	۲۴۳
کہوٹہ	۲۴۳

سرگودھا

مضمون	صفحہ
سرگودھا	۲۴۴
بھیرہ	۲۴۸
بھلوال	۲۴۸
بھلوان	۲۴۹
خوشاب	۲۴۹
سلانوالی	۲۵۰
گنجیال	۲۵۰
مٹھا ٹوانہ	۲۵۱
میانی	۲۵۱
درچھا	۲۵۱
ہڈالی	۲۵۱

سیالکوٹ

مضمون	صفحہ
سیالکوٹ	۲۵۲
نارووال	۲۵۷
پسرور	۲۵۸
بدوملی	۲۵۹
نورکوٹ	۲۵۹
شکرگڑھ	۲۵۹
ڈسکہ	۲۶۰
کوٹلی لوہاراں	۲۶۰
سمبڑیال	۲۶۱

شیخوپورہ

مضمون	صفحہ
شیخوپورہ	۲۶۱
بچیکی	۲۶۲
ڈھابال سنگھ	۲۶۲
ریحان	۲۶۳
سانگلہ ہل	۲۶۳
شاہدرہ	۲۶۴
مڑہ بلوچاں	۲۶۴
مریدکے	۲۶۵
نارنگ	۲۶۵
ننکانہ صاحب	۲۶۶
واربرٹن	۲۶۷
چوہڑکانہ	۲۶۷

کیمبل پور

مضمون	صفحہ
کیمبل پور	۲۶۸
پنڈی گھیب	۲۶۹
جنڈ	۲۶۹
فتح جنگ	۲۷۰
تلہ گنگ	۲۷۰
حسن ابدال	۲۷۰
حضرو	۲۷۱

گجرات

مضمون	صفحہ
گجرات	۲۷۱
جلال پور جٹاں	۲۷۴
کوٹلہ اسد علی خان	۲۷۵
کنجاہ	۲۷۵
کھاریاں	۲۷۵
مونہ	۲۷۶
ملک وال	۲۷۶
لالہ موسیٰ	۲۷۶
منڈی بہاؤالدین	۲۷۷

گوجرانوالہ

مضمون	صفحہ
گوجرانوالہ	۲۷۸
اکال گڑھ	۲۸۳
پنڈی بھٹیاں	۲۸۳
جامکی چٹھہ	۲۸۴
خانقاہ ڈوگراں	۲۸۴
سکھیکی	۲۸۴
کالے کی	۲۸۴
نظام آباد	۲۸۵
کاموکے	۲۸۵
حافظ آباد	۲۸۶
وزیر آباد	۲۸۷
گکھڑ	۲۸۸

لائل پور

مضمون	صفحہ
لائل پور	۲۸۸
جڑانوالہ	۲۹۳
چک جھمرہ	۲۹۴

Marfat.com

مضمون	صفحہ
تاندلیانوالہ	۲۹۵
پیر محل	۲۹۶
ٹوبہ ٹیک سنگھ	۲۹۶
روڑالہ روڈ	۲۹۸
سمندری	۲۹۸
ماموں کانجن	۲۹۹
گوجرہ	۲۹۹
لاہور	
لاہور	۳۰۱
قصور	۳۱۴
پتوکی	۳۱۵
کنگن پور	۳۱۶
کھڈیاں	۳۱۶
وان رادھارام	۳۱۷
چونیاں	۳۱۷
رائے ونڈ	۳۱۷
عثمان والا	۳۱۸

مضمون	صفحہ
منٹگمری	
منٹگمری	۳۱۸
اوکاڑہ	۳۲۰
پاکپٹن	۳۲۲
چیچہ وطنی	۳۲۳
بصیر پور	۳۲۳
حویلی لکھا	۳۲۴
دیپالپور	۳۲۴
عارف والا	۳۲۵
کسووال	۳۲۶
منڈی ہیرا سنگھ	۳۲۶
ہڑپہ	۳۲۶
ریتالہ خورد	۳۲۷
ملتان	
ملتان	۳۲۷
خانیوال	۳۳۱

مضمون	صفحہ
میاں چنوں	۳۳۳
لودھراں	۳۳۴
جہانیاں	۳۳۴
جلال پور پیروالہ	۳۳۵
دنیا پور	۳۳۵
دنیا پور	۳۳۶
شجاع آباد	۳۳۶
عبدالحکیم	۳۳۶
کچا کھوہ	۳۳۷
کہروڑ پکا	۳۳۷
لودیوالہ	۳۳۸
وہاڑی	۳۳۸
سرائے سدھو	۳۳۹
میلسی	۳۳۹
مظفر گڑھ	
مظفر گڑھ	۳۴۰
سنانواں	۳۴۱

مضمون	صفحہ
کوٹ ادو	۳۴۱
لیہ	۳۴۱
میانوالی	
میانوالی	۳۴۲
بھکر	۳۴۳
پیپلاں	۳۴۳
داؤد خیل	۳۴۴
کالا باغ	۳۴۴
کندیاں	۳۴۴
دریا خان	۳۴۵
عیسیٰ خیل	۳۴۵
وان بھچراں	۳۴۵
کلورکوٹ	۳۴۶
سکول لڑکیوں کے واسطے	۳۴۷
سکول لڑکوں کے واسطے	۳۴۹
یونیورسٹی ٹیچرز ٹریننگ کالج	۳۵۷
شاہ نور ملز لمیٹڈ	۳۵۸-۵۹
نیشنل بیونگ سکیم	۳۶۰
حاجی چراغ الدین محمد الدین اینڈ سنز	۳۶۱
نلکی صنعت	۳۶۲

Marfat.com

تعارف

حُب الوطنی انسانی فطرت کا تقاضا ہے۔ اور اُن روایات کا جاننا جو اُس سرزمین سے وابستہ ہوں اُس محبت کی نمایاں خاصیت ہے۔ اس لئے ہر قوم حُبِ وطن کے ساتھ ساتھ اپنی روایات برقرار رکھنا چاہتی ہے۔ انہیں کی بدولت وہ اپنی حیاتِ نَو تعمیر کرتی ہے اور انہیں کی بدولت اپنی بگڑی ہوئی قسمت پلٹ کر اقوامِ عالم میں ممتاز درجہ پیدا کرتی ہے۔ جب یہ روایات مٹ جائیں تو حُب الوطنی بیکار اور خیالات میں انتشار پیدا ہو جاتا ہے۔

پنجاب پاکستان کا دل ہے۔ اِس مملکتِ خداداد کی تمام سرگرمیاں اسی کی بدولت زندہ ہیں۔ پاکستان کی گرمیِ محفل اسی کے دم سے قائم ہے۔ کتاب ہذا کے حصۂ اول کے اندر معاشرتی۔ تاریخی۔ تمدنی۔ سیاسی اور اقتصادی حصۂ دوم کے اندر مشائخ و درویشان کے گروہِ عظام کا ذکرِ خیر۔ حصۂ سوم کے اندر اکابرین کی عزت مآبی اور حصۂ چہارم کے اندر تجارتی وسائل کی فراوانی دلکش منظر دکھاتی ہیں۔ جن سے متاثر ہو کر عام بھائیوں کو مستفید کرنا مقصود ہے۔ لیکن جو اصحاب ایک کتاب میں محض شاعرانہ رنگ یا فاضلانہ ڈھنگ کے متلاشی ہوں میں ان سے معافی کا خواستگار ہوں۔

"ہمارا پنجاب" اپنی نوعیت کی پہلی مختصر سی کتاب ہے۔ بیانات حقائق پہ مبنی ہیں اور اعداد و شمار بلند پایہ اور مستند کتب سے حاصل کئے گئے ہیں تاکہ اسے صوبہ کی شاہراہِ ترقی میں معلومات کا ذخیرہ بنایا جا سکے

آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ موجودہ وزیر اعلیٰ پنجاب و خان افتخار حسین خان صاحب سابق وزیر اعلیٰ پنجاب کا خاص طور پہ ممنون ہوں۔ جنہوں نے صوبجاتی حکومت کے باب میں میری رہنمائی کی۔ خاں اے۔ رحمان صاحب ایجنبل ڈائریکٹر محکمہ زراعت حکومتِ پاکستان کا اور سید نور احمد شاہ صاحب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ پنجاب اور میاں عبدالادب صاحب آفیسر سمال سیونگ سکیم پنجاب کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اپنے قیمتی مشوروں سے اس کتاب کی افادی وقعت بڑھانے میں کافی امداد دی۔

ان کے علاوہ حکومتِ پنجاب کے اور پنجاب کے عوام کے ان تمام رہبرین کا کہ جنہوں نے میری حوصلہ افزائی کی دلی شکریہ ادا کرتا ہوں اور اہلِ ذوق حضرات کی خدمت میں کتاب ہذا کا یہ نسخہ پیش کرتا ہوں ؎

گر قبول افتد زہے عزّ و شرف

نیازمند
(شیخ) عزّت اللہ

Marfat.com

پیشکش

کتاب موسومہ "ہمارا پنجاب" علمی اور ادبی لحاظ سے قابلِ قدر خدمت ہے۔ جس کی تیاری میں مصنف کی محققانہ محنت قابلِ داد ہے۔ واقعات خوش انداز طرز سے پیش کئے گئے ہیں۔ عبارت سلیس۔ پُر از معانی اور لطیف ہے۔ جسے ہر بار پڑھنے میں بیش از پیش لطف حاصل ہوتا ہے۔

یہ کتاب سکولوں، کالجوں۔ لائبریریوں اور ذوقِ ادب کے نگاہ شناس حضرات کے لئے گراں قدر تحفہ ہے۔

امید ہے کہ ضرورتِ وقت کے موافق ہوتے ہوئے مقبولِ عام ہوگی۔

(سر) محمد شاہ نواز خاں

(نواب ممدوٹ)

(مطبوعہ:۔ ویسٹ پنجاب پرنٹنگ پریس لاہور)

Marfat.com

حصّہ اوّل

Marfat.com

باب اوّل

عہدِ قدیم سے عہدِ حال

محلِ وقوع:- پنجاب کا صوبہ بحیثیت محلِ وقوع کے سابقہ جزیرہ نما ہند کا قدرتی دروازہ سمجھا جاتا ہے۔ اس کی زمین آب و ہوا۔ زرخیزی اور پانی کی افراط سے یہی قیاس کیا جاتا ہے۔ کہ یہاں کی آبادی عہدِ قدیم سے چلی آرہی ہے اس خیال کی تصدیق ہندوؤں کی متبرک کتابوں سے بخوبی ہو جاتی ہے۔

موجودہ پنجاب کا رقبہ ۶۲۰۱۲ مربع میل ہے۔ جو غیر منقسم پنجاب کے کل رقبے کا ۶۰ فی صدی ہے۔ جس حد فاصل نے سابقہ صوبے کو پاکستان اور بھارت میں تقسیم کیا وہ ایک ایسے ثالث نے مقرر کی تھی۔ جس کا یہ ثالثی فیصلہ پاکستانیوں کے اعتماد سے صریح غداری کی وجہ سے ہمیشہ یاد رہے گا۔ پاکستان کو اس نے ایک ہاتھ سے جو کچھ دیا دوسرے ہاتھ سے چھین لینے کی کوشش کی۔ مگر اس سعیٔ مذموم کے باوجود سابقہ پنجاب کے حقیقی اور بنیادی اثاثے کا غالب حصہ اس نئے جزوی پنجاب میں ہی رہا جو پاکستان میں شامل کیا گیا۔

پاکستان کا دل:- پنجاب پاکستان کا دل ہے۔ یہ اناج کا گھر ہے۔ اور پاکستانی افواج کیلئے بازوئے شمشیر زن ہے یہاں کی زراعت مشہور عالم نہری نظام پر قائم ہے۔ جو دنیا میں اپنی قسم کا سب سے بڑا نظام ہے تقسیم سے پہلے ہمارا زرعی نظام برطانوی سلطنت ہند کی غذائی معیشت کا سب سے بڑا سہارا تھا۔ اور ہمارا سپاہی انگریز کی ہندوستانی فوجوں کی ریڑھ

Marfat.com

کی ہڈی تھا۔ اب یہ دونوں پاکستان کی معاشی اور عسکری قوت کے اہم ترین اثاثوں میں سے ہیں۔

پاکستان کی تعلیمی اور ثقافتی سرگرمیوں میں بھی پنجاب کی حیثیت اسی طرح نمایاں ہے۔ اس صوبے کی یونیورسٹی ملک میں سب سے قدیم اور سب سے بڑی ہے۔ یہی حال پنجاب کے زراعتی انجینئرنگ اور میڈیکل کالجوں کا ہے۔ پنجاب کا صوبائی صدر مقام لاہور نہ صرف ملک کا سب سے بڑا تاریخی شہر ہے۔ بلکہ اہم ترین علمی اور ثقافتی مرکز بھی ہے۔ یہاں اگر ایک طرف پاکستان کی مایۂ ناز تاریخی عمارات ہیں۔ تو دوسری طرف عظیم ترین کتب خانے اور اشاعتی ادارے ہیں۔ پاکستان بھر میں فلم سٹوڈیو بھی صرف لاہور ہی میں ہیں۔

الغرض حضرت قائداعظمؒ نے جو پنجاب کو پاکستان کا دل کہا تھا۔ تو ان کا یہ خطاب بہترین وجوہ اور استحقاق سے خالی نہ تھا۔

آب و ہوا:۔ پنجاب کے شمال مغرب میں کوہستان نمک کا سلسلہ سطح کے لحاظ سے سندھ اور راجپوتانہ کے گرد و نواح کے سلسلۂ کوہ سے بہت چھوٹا ہے۔ ہمالیہ کی شاندار برفانی چوٹیوں سے شروع ہو کر اس کی سبزی قدرتی طور پر پنجاب کے زرخیز میدانوں تک بلکہ اس کے آس پاس کی خشک جھاڑ یدار زمین تک بدل جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس سلسلۂ کوہ پر مختلف قسم کی آب و ہوا پائی جاتی ہے۔

درے :۔ درہ خیبر اور درہ بولان پنجاب کے شمال مغرب میں سابقہ ہندوستان کو برِاعظم ایشیا سے کلی طور پر الگ نہیں رہنے دیتے۔ یہ دونوں درے سابقہ ہندوستان کی تاریخ پر بھاری اثر پذیر ہیں۔ اگر یہ راستے نہ ہوتے تو سابقہ ہندوستان کا ملک گرداگرد کے سمندر سے محفوظ رہتے ہوئے کم از کم جہاز رانی کے زمانہ سے پیشتر تک غیر ممالک کے حملوں سے ہمیشہ بچا رہتا۔ یہ دونوں درے قدیم زمانہ سے سابقہ ہندوستان کے اندر داخل ہونے والوں کے واسطے بہت بڑا ذریعہ بنے رہے ہیں۔ کہتے ہیں کہ کسی زمانہ میں پنجاب کے لوگ شکل و صورت میں آسٹریلیا کے قدیم لوگوں کے مشابہ تھے۔ لیکن ابھی تک اس بات کا پتہ نہیں چلتا کہ ان پر غالب آنے والے کون لوگ تھے اور وہ کب سابقہ ہندوستان میں آئے۔

باشندے :۔ آریہ لوگوں سے صرف ۲۷۵۰ قبل مسیح میں مقام ہڑپا اور موہنجدڑو میں کچھ تہذیب والی زندگی کے حالات ملتے ہیں۔ جو غالباً ڈرویڈین لوگوں ہی کی صنعتی زندگی سے تعلق رکھتے ہیں۔ جبکہ ڈرویڈین لوگ پنجاب کے میدانوں پر قابض تھے۔ منگول نسل کے لوگوں نے شمال مشرقی دروں کے ذریعے سابقہ ہندوستان میں داخل ہو کر آہستہ آہستہ کوہ ہمالیہ کے دامن میں تسلط قائم کرنا شروع کر دیا۔ حتیٰ کہ وہ پنجاب اور کشمیر کے علاقوں میں گھر بنا کر رہنے سہنے لگ گئے۔ مذکورہ بالا نسلیں یہاں آباد تھیں۔ کہ ۱۵۰۰ قبل مسیح میں آریہ لوگوں کے کچھ دستے مشرق کی جانب آوارد ہوئے۔ اور آخر کار موقع پا کر دروں کے ذریعے سابقہ ہندوستان میں داخل ہو کر انہوں نے ڈرویڈین کو بھگا دیا۔ مگر انہیں ملک سے نہ نکال سکے۔ اس کے بعد ان کے کھلے میل جول رکھنے سے ہندو دھرم پیدا ہوا جس کی تفصیل ملنی محال ہے۔ اسی وجہ سے ہی گنگا کی وادی کے

Marfat.com

آریاؤں نے پنجاب کے آریاؤں سے جنہوں نے غیر آریہ لوگوں سے مصالحت پیدا کر لی تھی۔ نفرت کرنی شروع کر دی۔ اس ہندو دھرم سے کئی چھوٹی چھوٹی راجدھانیاں قائم ہو گئیں۔ مگر سلطنت بنانے کا کسی کو خیال نہ آیا۔

ہندو درویش:۔ یونانی مؤرخوں نے ہندو درویشوں کی زندگی کا کئی جگہ تذکرہ کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ یہ درویش لوگ جنگلوں میں رہتے تھے۔ درختوں کے پتے کھاتے تھے۔ اور ان کے چھلکے سے اپنے آپ کو ڈھانپتے تھے۔ دنیا کے عیش و نشاط سے پرہیز کرتے تھے۔ اور بعض اوقات متواتر کئی کئی روز بحیس و حرکت ایک ہی جگہ پڑے رہتے تھے۔ یہاں تک کہ اپنے جوڑ بھی کھو بیٹھتے تھے۔ اور باوشاہان وقت عقیدتِ دلی سے سلطنت کے بارے میں دعا کروانے اور ذاتی شفاعت کے واسطے ان کے پاس حاضر ہوتے تھے۔

فریدوں کی سلطنت:۔ شاہ فریدوں کی سلطنت کے اندر ہندوستانی مقبوضات کا پختہ پتہ نہیں ملتا لیکن پنجاب اس کے اندر ضرور شامل تھا۔ کیونکہ مہابھارت سے پتہ چلتا ہے۔ کہ پانچویں صدی قبل مسیح میں فارس کے حملہ سے پنجاب کا شمال مغربی حصہ اور سندھ کے دامن کا کچھ حصہ سلطنت فارس سے ملحق کیا گیا تھا۔ مزے کی بات یہ ہے کہ اس وقت بھی یہ سابقہ ہندوستانی علاقہ فارس والوں کے نزدیک سب سے زیادہ زرخیز شمار کیا جاتا تھا۔ اور اس کی نمایاں حیثیت سے جلد ہی ٹیکسلا کا قصبہ مشرق کے مشہور شہروں میں شمار ہو گیا۔

سکندر اعظم:۔ چوتھی صدی قبل مسیح میں فارس کی سلطنت کو زوال آیا۔ اور وہ ۳۲۶ قبل مسیح کے موسم بہار میں سکندرِ یونان کے سامنے سرنگوں ہوئی۔ اس وقت سابقہ ہندوستان کے کئی چھوٹے چھوٹے راجے آپس کی پھوٹ سے ایک دوسرے کی جان کے درپے تھے۔ ٹیکسلا کی سلطنت بغیر جنگ و جدال کے اس کے حوالے کر دی گئی۔ دارالسلطنت خوب آباد تھا۔ مال و دولت کی افراط تھی۔ اور حکومت اچھی تھی۔ متعدد ازدواج اور رسم ستی کا عام رواج تھا۔ سکندر اعظم کی زندگی نے وفا نہ کی۔ اور وہ ۳۲۳ قبل مسیح میں راہی ملک عدم ہوا۔ اس لئے پنجاب کے تمام مقبوضات بھی یونان کے ماتحت زیادہ دیر تک نہ رہ سکے۔ اور جب اس حادثہ کے تقریباً پانچ سال بعد مفتوحہ علاقے کا یونانی حاکم یوڈیمس اپنی تمام فوج سے اینٹی گونس کے خلاف یومنے نیز کی حمایت کے لئے دریائے اٹک پر پہنچا تو چندر گپت نے یونانی افواج کو دریا کے پار بھگا کر ٹیکسلا اور پنجاب کی دیگر ریاستوں کو اپنے دارالسلطنت مگدھ میں شامل کر لیا۔

سلجوق:۔ سکندر اعظم کی وفات کے قریباً اٹھارہ سال بعد سلجوق نے یونانی مقبوضات کو دوبارہ حاصل کرنے کی ناکام کوشش کی۔ اور ذلت آمیز صلح سے وہ تمام مقبوضات چندر گپت موریا کے حوالے کر دیئے۔

خاندان موریا:۔ موریا خاندان نے سلطنت پنجاب کی بنیاد ڈالی۔ اور اسے فوجی اصولوں پر چلایا۔ یہ حکومت ابھی آرام دہ ثابت نہ ہوئی۔ نتیجہ یہ ہوا چندر گپت کے بیٹے بندوسار کے تخت نشین ہونے پر ٹیکسلا میں بدامنی پھیل گئی۔ جسے شہزادہ اشوک نے اپنے عہد حکومت میں ٹھیک کیا۔ ۲۳۱ قبل مسیح میں اشوک کی وفات کے بعد اہل موریا کی سلطنت کا شیرازہ بکھرنا

Marfat.com

شروع ہوا۔ جس پر دور دراز کے صوبے خود مختار ہو گئے۔

باختری یونانی :۔ سلطنت موریا کے زوال پر باختر کے اندر سکندر اعظم کے آباد کئے ہوئے یونانیوں میں پھر کچھ تازہ دم پیدا ہوا جنہوں نے ڈی میٹریس کی سرکردگی میں ۱۹۰ء قبل مسیح کے قریب کابل۔ پنجاب اور سندھ کے علاقے لے لئے پندرہ سال کے بعد یوکریٹائیڈز کی فوج غالب آئی۔ جس نے ڈی میٹریس سے باختر اور سابقہ ہندوستان کے مقبوضات جن میں ٹیکسلا بھی شامل تھا چھین لئے۔ آئندہ ان دونوں حریف خاندانوں میں تنازعات ہمیشہ جاری رہے اور دونوں ہر وقت ایک دوسرے سے ملک چھین لینے کے درپے رہے۔ ٹیکسلا کی بعد کی تاریخ سے صرف اتنا پتہ چلتا ہے۔ کہ اینٹی میلس ڈس تو یوکریٹائیڈز کے خاندان سے اور اپالوڈوٹس بظاہری ڈی میٹریس کے خاندان سے معلوم ہوتے ہیں۔ پنجاب کے اندر یونانی بادشاہوں کی تاریخ بڑی دھندلی سی ہے۔ جس کے متعلق ہماری معلومات بہت قلیل ہے۔

شاکا اور پہلوی :۔ تحقیقات سے یہی پتہ چلتا ہے۔ کہ اپالونیس ۱۴۰ء قبل مسیح میں مغربی سمت سے ٹیکسلا میں داخل ہوا۔ نیز یہ بھی خیال کیا جاتا ہے کہ وہ شہر میں داخل ہونے سے پیشتر اس مندر میں قیام پذیر ہوا جو اس وقت تک موضع جنڈیال کے قریب پایا جاتا ہے۔ اس نے اپنے بیان میں ٹیکسلا کے شہر کو یونانی شہر کی طرح نامور بتایا ہے۔ جس کے گلی کوچے تنگ اور بے ترتیب ہیں۔ اور جس کے عام مکانات یک منزلہ مگر تہ خانوں والے بتائے ہیں۔ نیز یہ بھی بتایا ہے کہ شہر کے عین بیچ میں سورج دیوتا کا مندر اور شاہی محل واقع ہے۔ اور شہر کی ظاہری نمائش بڑی ہے ٹیکسلا کے متعلق اس کے لکھے ہوئے حالات کی تصدیق ابھی تک ہو سکتی ہے۔

اہل کشاں :۔ چینی مؤرخوں نے انہیں یوئے چی لکھا ہے یہ لوگ کبھی چین کے شمال مغربی حصہ سے نکالے جانے پر وادی کابل میں تسلط جمانے پر کامیاب ہوئے۔ اور شمالی ہند کے میدانوں تک چھا گئے کجول کیڈفائیسس نے پہلویوں سے ٹیکسلا چھینا۔ اور ولیم کیڈفائیس نے ۷۸ء میں اس کا جانشین بننے پر اپنی سلطنت کو وسعت دی۔ اور سکے جاری کئے۔ ہوشک اور واسدیو بھی بڑے مشہور بادشاہ گذرے ہیں۔ پنجاب کے اندر اہل کشاں کی حکومت اگرچہ پانچویں صدی عیسوی تک رہی۔ مگر حقیقت یہ ہے۔ کہ تیسری صدی کے پہلے نصف حصہ میں واسدیو کی وفات پر اہل کشاں کی سلطنت کو زوال آنا شروع ہوا جنہیں سفید ہنسہ نے پانچویں صدی میں پنجاب سے بھی نکال دیا۔

عہد راجپوت :۔ یونان میں سکاتھین کے حملوں سے تنگ آ کر کچھ ہیکٹرین یونانی (BACTRIAN GREEKS) بلخ۔ کابل اور ٹیکسلا کے پایہ تخت پر حکمران تھے۔ سکاتھین۔ پراتھین۔ ٹرکش اور کوشنز کے حملوں سے کچھ عرصہ تک محض بے آرامی رہی۔ آخرش ان چپقلشوں کے بعد چوتھی صدی عیسوی میں ایک مذہب ظہور پذیر ہوا جو نئے ہندو دھرم یا مہایانہ بدھ مذہب کے نام سے موسوم کیا گیا۔ اور جسے برہمنوں نے ہنسہ اور راجپوتوں کی مدد سے اپنے اثر میں لے لیا۔ برہمنوں نے اپنے آپ کو دیوتا کہلانا شروع کر دیا۔ اور ذات پات کی پابندی عائد کر دی۔ جاٹوں کے ذمے جو

Marfat.com

اکثر باہر کے مقامات سے آئے ہوئے تھے کھیتی باڑی کا کام لگا دیا۔ راجپوتوں کے ذمے لڑائی اور سلطنت کا کام سپرد کیا گیا۔ یہ حالات ۱۲۰۰ء سے ۱۷۰۰ء تک رہے۔ یہ زمانہ عام طور پر عہد راجپوت کہلاتا ہے۔

مذہب اسلام: ۔ ایک وقت جبکہ تمام مغرب میں اندھیر گردی مچی ہوئی تھی۔ جبکہ ایشیا۔ مصر اور سیریا کی مشرقی اقوام سے شجاعت جاتی رہی۔ اور جبکہ وہاں پر بے آئینی۔ بدکرداری ظلم اور بداخلاقی کا خوب دور دورہ چل رہا تھا جبکہ رومانی سلطنت اپنی انتہازی شان کھو بیٹھی تھی۔ اور جبکہ ایران کے پایۂ تخت کو زوال آچکا تھا۔ القصہ جب اس وقت کی تمام دنیا میں اندھیرا چھایا ہوا تھا۔ مذہب اسلام ظہور پذیر ہوا۔ اور جس تیز رفتاری سے اس نے عالمگیر اثر دکھلایا اس کی مثال کہیں نہیں ملتی۔

مغل: ۔ راجپوتی دور کے اندر ہی مذہب اسلام ایشیا کے کئی ملکوں میں داخل ہو چکا تھا۔ افغانستان کے اندر پھیل جانے کے بعد کافی مسلمان سابقہ ہندوستان میں داخل ہو گئے جنہوں نے رفتہ رفتہ زور پکڑ کر گیارھویں صدی مسیحی میں سلطنت دہلی قائم کر دی۔ تعداد کی نسبتاً کمی اور سابقہ ہندوستانی حالات کی ناواقفیت سے انتظامیہ معاملات میں سابقہ دستور سے تبدیلیاں نہ کی گئیں۔ حاکم اور محکوم کے باہمی میل جول سے ان کی عام روزانہ زندگی میں نمایاں فرق تو پیدا ہو گیا مگر اس وقت کے غیر تسلی بخش حالات میں اتحاد قائم نہ ہو سکا۔ تیرھویں صدی مسیحی کے اخیر سے پنجاب کی کمزوری بھانپ کر مغل حملہ آور ہوئے۔ حتیٰ کہ ۱۵۲۶ء میں بابر بادشاہ نے دہلی کے پایۂ تخت پر مغل خاندان کی بنیاد ڈالی۔ جلال اکبر اعظم کے زمانہ بلکہ ۱۵۸۰ء تک مرزا حکیم کے انتقال تک مضبوط ہو سکی۔ مغلوں نے اپنی حکمت عملی سے سرحد پر نہ صرف امن ہی قائم رکھا بلکہ پنجاب کی سرحد سے پرے افغانستان میں اپنے سیاسی تعلقات برقرار رکھے۔ جب مغلوں کی سلطنت کو زوال آیا۔ تو یہ ملک اتنا کمزور ہو چکا تھا۔ کہ اٹھارھویں صدی مسیحی کے درمیان نادر شاہ اور احمد شاہ ابدالی کے حملے اس کی رہتی سہتی جان لے گئے۔

سکھ: ۔ مغلوں کی حکومت کے زوال پر یہاں کی کشمکش میں انیسویں صدی کے پہلے نصف حصہ کے اندر سکھوں نے زور پکڑ کر پنجاب میں سکھ سلطنت بنالی۔ سکھ سرداروں نے پہلے پہل چھوٹے چھوٹے مقبوضات اپنے ماتحت کئے۔ اور آخر کار دسویں گورو کی فوجی تعلیم اور مہاراجہ رنجیت سنگھ کی اپنی قابلیت نے ان سب کو اپنی اطاعت میں لے لیا۔ تیس سال کے اندر اندر ہی مہاراجہ رنجیت سنگھ تقریباً تمام پنجاب۔ سرحد ستلج کے شمالی علاقہ تک خود مختار حکمران تھا۔ مہاراجہ کے انتقال کے دس برس بعد تک سکھوں میں کوئی اور قابل جانشین نظر نہ آیا۔ اور پنجاب ۱۸۴۹ء میں انگریزوں کے ہاتھ لگا۔ تب سے پنجاب کے سنٹرل ایشیا کے ساتھ تمام تعلقات منقطع سمجھے جانے لگے۔ اور پنجاب سلطنت ہند کا ایک نمایاں جزو سمجھا جانے لگا۔

انگریزوں کا زمانہ: ۔ ۱۸۵۷ء کے غدر میں پنجاب نے انگریزوں کے حق میں اپنی وفاداری کا پورا پورا ثبوت

Marfat.com

دیا۔ بعدہٗ سابقہ ہندوستانیوں اور یورپین لوگوں میں کھلا میل جول شروع ہُوا جس کی وجہ سے مغربی طریقۂ تعلیم کا فروغ اور تمدنی تبدیلیوں کی تیز روی سے صوبہ کی زندگی پر ایسا زبردست اثر دکھائی دیتا ہے جس کی پہلے کسی صدی میں مثال نہیں ملتی۔ پنجاب اپنی مختلف حالتوں سے نکل جانے کے لئے بڑی تیز گامی سے کام لے رہا ہے۔ اور بے تابی سے ایسی شاہراہ ترقی کا منتظر ہے۔ جس میں اس کے لوگوں کی ذہنی اور قوائی ہمتوں کو پوری طرح کام میں لایا جا سکے۔ لیکن ابھی تک اس کی مشکلات ملکی تقسیم اور ثالثی فیصلہ جات کی الجھنوں میں پھنسی ہوئی ہیں۔ اس چیز کے باوجود بھی پنجاب کو اس زمانہ تک جو ترقی نصیب ہوئی ہے۔ وہ محتاج بیان نہیں۔

مسلم لیگ:۔ بلیسویں صدی کے پہلے پینتیس برس تک یورپ کی انتہائی تقلید کے باوجود برادران وطن اپنے سیاسی حریفوں کے ساتھ منصفانہ سلوک کرنے کا طریق نہ سیکھ سکے۔ اس کا بین ثبوت کانگریس کا وہ حد درجہ تنگ نظر۔ غیر دانشمندانہ سلوک تھا۔ جو اس نے سابقہ ہندوستان کی دوسری بڑی قوم یعنی مسلمانوں کے ساتھ روا رکھا۔ اس وقت قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں مسلم لیگ کا وجود ظہور میں آیا۔

پلیٹ فارم اور پریس شروع سے آخر تک مسلم لیگ اور اس کے محترم قائد کے ہر اقدام کو پبلک کے سامنے دیدہ و دانستہ غلط رنگ میں پیش کر کے ان کو بدنام کرنے کی کوشش کرتے چلے گئے۔ اور کانگرس کے مختار مطلق (گاندھی جی) اور ان کے تمام حواری مسلمان قوم کے منصفانہ مطالبہ پاکستان کو تسلیم کرنا ایک سیاسی غلطی بلکہ مہاپاپ خیال کرتے تھے۔ مختلف ہتھکنڈے برتے گئے۔ نان پارٹی کانفرنسیں منعقد ہوئیں۔ وائسرے سے ملاقاتیں ہوئیں۔ دھواں دار تقریریں ہوئیں۔ اور کئی حیلوں سے کانگرس کی ناکامی کی خفت کو مٹانے کی کوشش کی گئی۔

مسلم قوم قطعاً مایوس ہو چکی تھی۔ اور منافرت کی خلیج زیادہ وسیع ہوتی جا رہی تھی۔ جبکہ اس مرد مجاہد قائداعظم محمد علی جناح نے (جس کی سوئی ہوئی کروٹ رہتی دنیا تک اغیار کو لرزا براندام کر دے) اپنی حکمت عملی سے لیگ کے اس نصب العین کو کہ جس سے دوسری سیاسی جماعتیں پاکستان کے متعلق مسلم صوبوں کی آبادی استصواب رائے عامہ کے نتیجے پر کاربند ہوں۔ کو منوا کر پاکستان کا وجود قائم کر دکھلایا۔

ہجرت عظیم:۔ اپنے پہلے اثاثوں کے لئے پنجاب کو بھاری قیمت ادا کرنی پڑی۔ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان کی آزاد ریاست میں اس کے شمول سے ایک تند و تیز نزاع کا تو خاتمہ ہو گیا۔ مگر اس کے ساتھ ہی یہاں کے لوگوں کے لئے آگ اور خون کی کڑی آزمائش کا دور شروع ہو گیا۔ تقسیم کے وقت ہمارے نئے پنجاب کی سرحد کے اس پار وسیع پیمانے پر مسلمانوں کے جان و مال کی غارت گری کی بہیمانہ مہم شروع ہو گئی۔ اس سے ایسے نتائج پیدا ہوئے۔ جن سے پاکستان کا "دل" پاکستان کی پیدائش کے ساتھ ہی مجروح ہو گیا۔ اس مہم نے ہندو پاکستان کے تعلقات کے ابتدائی باب کو ایسا سیاہ کر دیا۔ کہ ان پر دونوں ملکوں کے ہوشمند عناصر آج رہ رہ کر کف افسوس مل رہے ہیں۔

Marfat.com

اس مہم کا فوری نتیجہ یہ تھا۔ کہ اس کے بدنصیب شکار ہزاروں کی تعداد میں پنجاب کی طرف بھاگنے لگے اور ایک ناگزیر ردِ عمل کے تحت یہاں کے ہندو اور سکھ ہندوستان کی طرف کوچ کرنے لگے۔ اس وسیع آمد و رفت نے جلد ہی صوبے میں انتظامی اور معاشی افراتفری کا عالم پیدا کر دیا۔

تقسیم سے پہلے اس صوبے میں تجارت، بنکنگ اور صنعتوں پر زیادہ تر ہندوؤں اور سکھوں کا قبضہ تھا۔ اعلیٰ ملازمتوں میں بھی زیادہ حصہ انہی کا تھا۔ ٹیکنیکل ملازمتوں میں بھی غیر مسلموں کی تعداد ۷۰ سے ۸۰ فی صدی تک تھی۔ ان سب کے رخصت ہو جانے سے یہاں کی انتظامیہ مشینری اور معاشی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی۔ بنک، کاروباری ادارے اور کارخانے یکلخت بند ہو گئے۔ تجارت کے عام وسائل مسدود ہو گئے۔ زرعی پیداوار کو کھیتوں سے منڈیوں یا کارخانوں تک پہنچانے کے لئے مالی امداد دینے والے ادارے ختم ہو گئے۔ صنعت کے پہیے رک گئے۔ انتظامیہ مشینری میں بڑے بڑے خلا پیدا ہو گئے۔ ہسپتالوں میں ڈاکٹر اور کمپونڈر نہ رہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ صوبائی زراعت کو آبِ حیات بہم پہنچانے والی نہریں چلانے کا کام محال نظر آنے لگا۔

یہ تھے وہ حالات جن میں پنجاب کو ان مسلمان مہاجرین کو پناہ دینے کی عظیم ذمہ داری کا بوجھ اٹھانا پڑا جو سرحد پار سے پچاس ہزار فی یوم کی تعداد میں آ رہے تھے۔ سرحد کے دونوں طرف انتقامی کارروائیوں کے مذموم چکر نے فرقہ وارانہ صورتِ حال کو بد سے بدتر بنا دیا۔ آخر بھارت اور پاکستان کی نئی حکومتوں نے ایک طرف سے پچاس ساٹھ لاکھ کے قریب مسلمانوں اور دوسری طرف سے پینتیس لاکھ کے قریب ہندوؤں اور سکھوں کو جلد از جلد سرکاری انتظامات کے تحت نکالنے کے مشترکہ منصوبے تیار کئے۔ دونوں طرف انخلاء کے لئے فوجی نظام قائم کئے گئے۔ جنہوں نے اس عظیم کام کو سنبھالا۔ اس وقت پاکستانی فوج کا حال صوبائی نظم و نسق سے بھی گیا گذرا تھا۔ نئی تنظیم کا یہ ابتدائی دور تھا۔ عملے اور ساز و سامان کی قلت تھی۔ بہر حال جو عملہ موجود تھا۔ اس نے پاکستان کے ریلوے ملازمین، صوبائی افسروں اور دیگر امدادی عناصر کو ساتھ لے کر شجاعانہ انداز میں اس کام کا بیڑہ اٹھایا۔ اور متحدہ مساعی سے شاندار نتائج پیدا کئے۔ صرف چار ماہ کے عرصہ میں مشرقی پنجاب اور بعض دیگر ملحقہ رقبوں سے ۵۵ لاکھ کے قریب مسلمانوں کو ریل اور لاریوں سے یا پیدل قافلوں کی صورت میں جس طرح بھی بن پڑا۔ پاکستان پہنچایا گیا۔ اس مدت میں تقریباً ۳۵ لاکھ ہندو اور سکھ ادھر سے رخصت ہوئے۔ آمد و رفت کے ذرائع مسدود ہو رہے تھے۔ اور سیلاب پورے زوروں پر تھے۔ مگر ان سب مشکلات کے باوجود انخلاء کا کام زور شور سے جاری رہا۔

حکومت پاکستان: ۔ تباہ حال مہاجرین کے اس لامتناہی ہجوم کی امداد اور بحالی کا بوجھ زیادہ تر صوبائی حکومت کو ہی اٹھانا پڑا۔ چنانچہ ایک لمحہ ضائع کئے بغیر پناہ گزینوں کے کیمپ قائم کئے گئے۔ اور فٹافٹ صوبائی حکومت کے سرکاری ملازمین کی قیادت میں عارضی کمیٹیاں اور رضاکاروں کی جماعتیں قائم کی گئیں۔ جن کا کام پناہ گزینوں کا استقبال کرنا۔ ان کے لئے

Marfat.com

عارضی قیام، خوراک اور طبی امداد کا انتظام کرنا اور پھر انہیں صوبے کے اندر جلد از جلد جذب کرنا تھا۔ تاکہ دوسرے پناہ گزینوں کے لئے ساتھ ساتھ جگہ نظر آتی رہے۔

اکتوبر ۱۹۴۷ء میں ان ہنگامی اداروں نے مہاجرین اور بحالیات کے محکمے کی صورت اختیار کر لی۔ جو مرکزی اور صوبائی حکومتوں کی مشترکہ ریفیوجی کونسل کی ہدایات کے تحت کام کرنے لگا۔ صوبائی حکومت کو اس کے ساتھ کئی اور اہم مسائل سے عہدہ برآ ہونا تھا۔ جن کا تعلق صوبے کی معاشی زندگی کی بحالی اور ضروری ملازمتوں کو صحیح طور پر جاری رکھنے سے تھا۔ چند نہایت اہم مسائل یہ تھے۔

(۱) غیر مسلم کسانوں اور کاشتکاروں کے چلے جانے سے زرعی کاروبار کی فوری تلافی۔

متروکہ اراضی:۔ پنجاب میں گندم کی فصل اکتوبر نومبر میں بوئی جاتی ہے۔ اس فصل کے حسب معمول کاشت کے لئے ہندوؤں سکھوں کی متروکہ زرعی اراضی کو کمال سرعت کے ساتھ زراعت پیشہ یا زراعت پیشہ ہونے کے مدعی مہاجروں کو الاٹ کرنا پڑا۔ زمینوں کی الاٹمنٹ کے تو سبھی خواہاں تھے۔ بلکہ اس کے لئے بیتاب نظر آتے تھے۔ مگر بیل، ہل اور دیگر آلات کشاورزی ہر ایک کے پاس نہیں تھے۔ یہ سب کچھ وہ پیچھے چھوڑ آئے تھے۔ محکمہ زراعت اور محکمہ پرورش حیوانات نے ان کی ہر ممکن مدد کی۔ اول الذکر محکمے نے کثیر مقدار میں اعلیٰ اقسم کے بیج مہیا کئے۔ اور مؤخر الذکر نے کم و بیش ۱۵ ہزار متروکہ مویشیوں کو جمع کر کے مہاجرین کے حوالے کیا۔

(ب) نہری آبپاشی کی خامی کو پورا رکھنا نئے صوبے کے حصے میں اگرچہ متحدہ پنجاب کے نہری نظام کا دو تہائی حصہ آیا تھا۔ مگر ان نہروں کو چلانے کے لئے جس قدر عملے کی ضرورت تھی۔ اس کا صرف ایک چوتھائی حصہ موجود تھا۔

فصلوں کی کاشت اور پختگی کے لئے نہروں کے وسیع نظام کو رواں رکھنا ازبس ضروری تھا۔ ہندو سکھ انجینروں اور ماتحت عملہ کی روانگی کے بعد بہت تھوڑا سٹاف باقی رہ گیا تھا۔ نہریں جاری رکھنا ان کے بس کا روگ نظر نہیں آتا تھا۔ آبپاشی کے کئی سیکشنوں کو آپس میں ملا دیا گیا تاکہ ایک ایک انجینر زیادہ سے زیادہ کام چلا دی ہو سکے۔ ریٹائرڈ شدہ آدمیوں کو دوبارہ بلا لیا گیا۔ اور کئی جگہ عارضی طور پر غیر تربیت یافتہ عملے کو مامور کر دیا گیا۔ ہزاروں میکنیکل اور نیم میکنیکل آسامیوں کو پر کرنے کے لئے امیدواروں کو تربیت دینے کی کلاسیں جاری کی گئیں۔ پاکستان سے نکلتے وقت ہندو اور سکھ تارکین وطن کے قافلوں نے نہروں کے تار اور ٹیلیفون کے سلسلوں کو کافی نقصان پہنچایا۔ ان کی مرمت کے لئے خاص دستے مقرر کئے گئے۔ جو موٹر ٹرکوں میں جلد جلد مختلف مقامات تک پہنچ کر ضروری مرمت کا کام کرتے تھے۔ نہروں کے ہیڈ ورکس کو بھی نقصان پہنچنے کا خطرہ تھا۔ ایک کے نزدیک تو ایک کارآمد بم بھی پایا گیا۔ کسی ایک ہیڈ ورکس کو اگر نقصان پہنچتا۔ تو اس سے لاکھوں ایکڑ فصلیں تباہ ہو جاتیں۔ چنانچہ اس خطرے

Marfat.com

کے پیش نظر تمام اہم مقامات پر خاص فوجی پارٹیوں اور پولیس کو متعین کیا گیا۔ پہلے پانچ چھ مہینوں کے دوران میں نہروں کو جاری رکھنے کی جدوجہد انتہائی کٹھن اور دشوار تھی۔ مگر اس کے باوجود اس میں پوری پوری کامیابی حاصل ہوئی جہاں بھی کسی نقصان کی خبر آئی۔ اس کی فی الفور مرمت کی گئی۔ اور اس طرح صوبے کی معاشی زندگی کی رگیں محفوظ رہ کر بے روک ٹوک جاری رہیں۔

(ج) زرعی پیداوار کے نرخوں کو معمول پر لانے کے لئے ایسی ایجنسیوں کے اجرا کے لئے کوشش شروع ہوئی جو زمیندار سے پیداوار خرید کر استعمال کنندگان کے ہاتھ بیچیں۔

(د) ہر لحظہ بڑھتے ہوئے پناہ گزینوں کے کیمپوں میں خوراک، ایندھن اور دیگر ضروریات زندگی کی بہم رسانی۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ بیماروں اور زخمیوں کی طبی امداد کا انتظام کرنا۔

پناہ گزینوں کے لئے خوراک۔ ایندھن۔ صاف پانی اور دیگر ضروریات زندگی مہیا کرنا ایک کٹھن کام تھا۔ مگر اس سے زیادہ مشکل کام بیماروں اور زخمیوں کی طبی امداد کا تھا۔ ہزاروں لوگ کٹے پھٹے اعضا کے ساتھ پاکستان میں وارد ہو رہے تھے۔ یہ زخموں سے چور انسان فوری طبی امداد کے محتاج تھے۔ پھر لاکھوں افراد ایسے تھے جو راستے کی صعوبتوں کی وجہ سے جی ہار رہے تھے۔ راستے میں کھانے پینے کا کوئی انتظام نہ ہونے کی وجہ سے بے شمار لوگ فاقوں پر فاقے کرتے یہاں پہنچ رہے تھے "مرے کو مارے شاہ مدار" یہی مصائب کیا کم تھے۔ کہ مشرقی پنجاب سے مہاجرین کے ساتھ ہیضے کی وبا بھی کیمپوں میں پہنچ گئی۔ اور پھر وہاں سے ان کے ساتھ ساتھ صوبے کے طول و عرض میں پھیل گئی۔

میڈیکل اور صحت عامہ کے محکموں نے بھاری مشکلات پر قابو پانے کے لئے انتہائی جدوجہد سے کام لیا۔ متحدہ پنجاب کا قریباً ۷۵ فی صد طبی عملہ (ڈاکٹرز نرسیں وغیرہ) یہاں سے رخصت ہو چکا تھا۔ چنانچہ ڈاکٹروں اور ادویہ کی سخت قلت تھی۔ اس کے باوجود جس مہاجر کو بھی ہسپتال میں داخل ہو کر علاج کرانے کی ضرورت تھی۔ اس کی ضرورت پوری ہو کر رہی۔ دیگر مریضوں کا علاج ہسپتالوں سے باہر ہی کیا گیا۔ تمام میڈیکل طلبہ نے اپنی خدمات رضاکارانہ طور پر پیش کر دیں۔ اسی طرح کئی دوسرے افراد نے بھی ہر ممکن تعاون پیش کیا۔ بڑے بڑے گھرانوں کی مسلم خواتین پہلی بار سینکڑوں کی تعداد میں بیماروں اور زخمیوں کی تیمارداری کے لئے میدان میں آگئیں۔ اگرچہ انہیں اس کام کی مہارت نہیں تھی۔ مگر ان کی ہمدردی اور جوشِ خدمت نے یہ کمی پوری کر دی۔

ہیضے کی وبا کا مقابلہ غیر معمولی کامیابی سے کیا گیا۔ بیمار ہونے والوں کے مقابلے میں مرنے والوں کا تناسب اس موقع پر اتنا کم رہا۔ کہ متحدہ پنجاب کی تاریخ اس کی مثال نہیں پیش کر سکتی تھی۔ سردیوں میں چیچک نمودار ہو گئی۔ مگر اس پر بھی ہیضے کی طرح کامیابی سے قابو پا لیا گیا۔ اس میں شک نہیں کہ ان دو وباؤں کی وجہ سے شدید سردی

Marfat.com

کی بدولت پریشان حال آبادی میں سے بہت سی جانوں کا اتلاف ہوا۔ مگر صوبے کو وباؤں کی اس وسیع تباہی سے بچا لیا گیا۔ جس کا خطرہ پیدا ہو چکا تھا۔ محکمہ میڈیکل اور صحت عامہ نے اپنے عملے کی انتھک جانفشانی اور دوسروں کے سرگرم تعاون سے جو کامیابی حاصل کی۔ اس پر بین الاقوامی شہرت کے طبّی ماہرین نے بھی شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ جنہیں ان دنوں یہاں کے انتظامات دیکھنے کا موقع ملا۔ ان کی رائے یہ تھی۔ کہ موجودہ حالات میں دنیا کی کوئی قوم اس سے بہتر نتائج پیدا نہ کر سکتی تھی۔

(۷) مہاجرین کو کیمپوں سے صوبے کے اندر جلد از جلد پھیلانا۔ تاکہ ایک تو کیمپوں میں مقررہ حدود سے زیادہ اژدحام نہ ہو۔ دوسرے زرعی زمینوں پر تاخیر کے بغیر کام شروع ہو سکے۔ اس آخری مسئلہ کی اہمیت دوسرے مسائل سے کسی طرح کم نہ تھی۔

اپنی اپنی جگہ ہر مسئلہ ایسا تھا۔ کہ اگر اسے بروقت کسی نہ کسی طرح حل نہ کیا جاتا۔ تو اس کا نتیجہ صوبے میں وسیع قحط اور فاقہ زدگی یا بیماری اور وبائی صورت میں رونما ہونا تھا۔ پنجاب نے نہ صرف اپنے آپ کو بلکہ پاکستان کو بچانے کے لئے بے حد مشکلات اور رکاوٹوں کا جان توڑ کر مقابلہ کیا۔

صوبائی نظم و نسق کے تمام مرکزی اور اضلاعی صیغے ان چھوٹے بڑے مسائل کو سلجھانے کے لئے اپنے وسائل سے انتہائی حد تک کام لیتے رہے۔ کچھ وقت تک تو کام کی محکمانہ تقسیم اور تفریق بھی باقی نہیں رہی تھی۔ جس شخص سے جو کچھ بن پڑتا تھا۔ کئے جاتا تھا۔ جسے جس کام پر لگا دیا گیا۔ وہ اس میں سرگرداں ہو گیا۔ اگر مجسٹریٹ مستریوں کی مدد سے بجلی کے پاور ہاؤس چلا رہے تھے۔ تو مزدور انجینئروں کی ذمہ داری نباہ رہے تھے کہیں سکول ماسٹر مشترکہ باورچی خانوں میں کھانا پکانے کی نگرانی پر مامور تھے۔ عجیب افراتفری کا عالم تھا۔ تقریباً ہر محکمے نے پناہ گزینوں کے کیمپ چلانے کے لئے عملہ دیا۔ ان متحدہ کوششوں سے یہ عظیم گتھی آہستہ آہستہ سلجھنی گئی۔ سلجھاؤ کے چند پہلو ملاحظہ ہوں۔

صوبے میں تجارت۔ بنکنگ اور صنعت کے احیا میں محکمہ امداد باہمی نے بہت امداد دی۔ محکمہ کے مسلمان افسروں اور ملازمین نے محکمہ کے ۲۸ سنٹرل کوآپریٹو بنکوں ان کی چار شاخوں اور متعدد انجمن ہائے امداد باہمی کے ذریعے کام شروع کر دیا۔ سنٹرل بنکوں نے فی الفور اہم منڈیوں میں ۳۱ نئی شاخیں کھول دیں۔ اور اس نظام کے ذریعے محکمہ نے دیہات میں دھان۔ کپاس اور گندم کی خرید کا آغاز کر دیا۔ اس محکمے نے بہت سی دھان چھڑنے کی ملیں۔ کپاس اوٹنے کے کارخانے اور آٹا پیسنے کی مشینیں بھی عارضی الاٹمنٹ کے ماتحت سنبھال لیں۔ اضلاع میں سنٹرل بنک اس قسم کا کام سنبھالنے والے افراد کو مالی امداد بہم پہنچانے لگے۔ ان سرکاری اور غیر سرکاری سرگرمیوں کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ زرعی پیداوار کی قیمتیں بہت جلد مستحکم ہو گئیں۔ جس سے کاشتکار تباہ حالی سے اور عوام فاقہ کشی سے

Marfat.com

بچ گئے۔ پنجاب سے کروڑوں روپے کی فاضل کپاس خرید نے اس کو اوٹنے اور گٹھوں کی صورت میں باندھنے اور جہازوں تک پہنچانے کے لئے کوا پریٹو بنکوں کے کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لئے مرکزی حکومت، صوبائی حکومت اور دو پرائیویٹ بنکوں کے اشتراک سے ایک خاص مالی کارپوریشن کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس طرح کپاس کی فصل کو جو تقسیم کے وقت کھڑی تھی۔ خاطر خواہ طریق پر سنبھالنے کے لئے کافی روپیہ جمع کر لیا گیا۔

وقت کے مقابلے کی اس دوڑ میں کئی کوتاہیاں بھی ہوئیں کچھ الجھنیں بھی ناگزیر تھیں۔ صوبے کا نظم و نسق کم و بیش مفلوج ہو رہا تھا۔ بحالیات کے کام میں باقاعدگی کے مقابلے میں تیز رفتاری کا زیادہ خیال رکھا گیا۔ الاٹمنٹوں میں غیر معمولی حالات کی وجہ سے ملازموں اور ان کے معاونوں نے زیادہ تر اپنی مرضی اور صوابدید کے مطابق کام کیا۔ درخواست کنندگان کے دعاوی کی جانچ پڑتال کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں تھا۔ اس لئے دیانتداری سے کام کرتے ہوئے بھی کئی غلطیاں ہو لیں۔ بددیانتی اور خویش پروری کے مظاہرے بھی ہوئے۔ فریب دہی کی مثالیں بھی سننے میں آتی رہیں۔ مگر مجموعی طور پر دیکھا جائے۔ تو یہ ایک عظیم جنگ بھی جو صوبے کے منتظمین اور عوام نے لڑی اور بے اندازہ دقتوں کے باوجود جیت کر دکھائی۔ پنجاب اور پاکستان کے مستقبل کے متعلق کہنے والوں نے بہت کچھ کہہ رکھا تھا۔ مگر اس جدوجہد کی کامیابی نے پنجاب اور پاکستان دونوں کی لاج رکھ لی۔

آبادکاری: — اپریل ۱۹۴۸ء کے اواخر تک حالات کا رخ پلٹ چکا تھا۔ پچاس لاکھ سے زیادہ مہاجرین کو عارضی طور پر آباد کیا جا چکا تھا۔ اور پناہ گزینوں کے کیمپوں میں صرف چار لاکھ کے قریب نفوس باقی رہ گئے تھے۔ اب اس مسئلہ کو حل کرنا نسبتاً آسان ہو چکا تھا۔ تمام صوبے میں افراتفری کی بجائے امن و امان قائم ہو چکا تھا۔ تجارت اور آمد و رفت کی بحالی سے منڈیوں میں عام استعمال کی اشیاء وافر مقدار میں پہنچنے لگی تھیں۔ گندم کی ایک نئی فصل کاٹی جا رہی تھی۔ ایک دو ماہ قبل خوراک کی جو صورت حال حد درجہ نازک تھی۔ اب بہتر ہو رہی تھی۔ صوبائی نظم و نسق کے مختلف محکمے جو اب تک عام انتظامات قائم رکھنے کی جدوجہد میں مصروف رہے تھے۔ اب تقسیم کے بعد پیدا ہونے والی تبدیلیوں اور پاکستان کی آزادی سے پیدا ہونے والے مسائل کی روشنی میں تعمیر و ترقی کی طرف توجہ دینے لگے۔

کیمپوں سے پناہ گزینوں کے آخری گروہ اکتوبر ۱۹۴۸ء تک رخصت ہو گئے۔ مگر آبادکاری کا مسئلہ حل نہیں ہو گیا تھا۔ نہ ہی اس کا یہ مطلب تھا۔ کہ سو فی صدی مہاجر بحال ہو کر روزگار پر لگ چکے تھے۔ مگر اس کا یہ مطلب ضرور تھا۔ کہ مہاجرین کی اکثریت معاشی طور پر اپنے پاؤں پر کھڑی ہو چکی تھی۔ اور یہ لوگ نئی ریاست کے خود کفیل شہری بن چکے تھے۔ اس کا یہ بھی مطلب تھا۔ کہ ہندوؤں اور سکھوں کے چلے جانے سے یہاں کی معاشی زندگی میں جو خلا پیدا ہو گیا تھا۔ وہ بُرا بھلا سہی مگر کافی حد تک پُر ہو چکا تھا۔ بحالیات کا جو عام ڈھانچہ اس وقت قائم ہو چکا تھا۔ اس میں بعد ازاں کوئی بنیادی تبدیلی نہ ہوئی۔ بلکہ یہی کوشش رہی ہے۔ کہ ان عارضی انتظامات کو مستقل کیا جائے۔ اور ناجائز طور پر یا دھوکے سے حاصل کی ہوئی الاٹمنٹوں پر

Marfat.com

نظر ثانی ہوتی رہے۔ سرحد کے دونوں طرف شہری اور صنعتی جائداد کے سوال پر دونوں حکومتوں نے فیصلہ کیا۔ کہ اس جائداد کو لوگوں میں ان کے نقصان کی تلافی کے لئے تقسیم کیا جائے۔ جو دوسری طرف ویسی ہی جائداد کے مالک تھے۔

اس طے شدہ اصول کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پاکستان اور پنجاب کی مشترکہ ریفیوجی کونسل کی نگرانی میں ایک مفصل سکیم تیار کی گئی ہے۔ اس سکیم کے تحت مشرقی پنجاب اور بھارت کے دوسرے "متروکہ علاقوں" میں زرعی اراضی رکھنے والے مالک یا موروثی مہاجرین کو یہاں کی متروکہ اراضی میں سے اتنی ہی مالیت پیداوار کی زمین ۱۲۵۰ ایکڑ تک دے دی جائے گی۔ اس سے زیادہ رقبے کے حقداروں کو ان کے مزید حق کا نصف دیا جائے گا۔ زیادہ سے زیادہ ۵۰۰ ایکڑ زمین اس طرح معاوضے میں مل سکے گی۔

تقسیم ملک کے قریباً تین سال بعد پورے اعتماد سے یہ دعوے کیا جانے لگا۔ کہ جو مہاجرین لاکھوں کی تعداد میں ہندوؤں اور سکھوں سے بقدر بیس لاکھ زیادہ بے گھر ہو کر انتہائی بے سروسامانی اور سراسیمگی کے عالم میں پنجاب پہنچے تھے۔ ان میں سے ۸۰ سے ۹۰ فی صدی صوبے کی معاشی زندگی میں کھپایا جا چکا ہے۔ نئے ماحول میں ان کا معیار زیست پہلے کی بہ نسبت پست نہیں ہے (بلکہ اکثر صورتوں میں بہتر ہی ہے۔)

وکلاء کا سیاسی امتیاز:۔ عہد کہن سے اب تک قانون کا مدار اصطلاحات کی بجائے کاغذی کارروائی کے بنتے ہوئے حالات پر چلا آرہا ہے۔ ہندوؤں کے اندر ہمیشہ ذات پات کی قید رہی۔ اور وہ برہمنوں کے بنائے ہوئے قوانین پر چلتے رہے۔ چندر گپتا موریا کے خوشحال زمانہ میں لوگوں کے اندر لکھے قوانین موجود نہ تھے۔ بایں ہمہ ان کے درمیان مقدمات کم چلتے تھے۔ ان کے جھگڑوں کا فیصلہ پنچائتیں کر دیتی تھیں۔ مغل بادشاہوں کے وقت فوجداری اور دیوانی کے تمام دیہاتی معاملات افسران محکمہ مال کے ذریعے اور شہری معاملات انتظامیہ افسران کے ذریعے طے ہوتے تھے۔ سکھ بھی اپنے عہد حکومت میں مغلوں کے نقش قدم پر چلتے تھے۔

انگریزوں کی آمد پر ۱۸۶۱ء سے پیشتر تک وضع قوانین کا تمام کام پنجاب گورنمنٹ نے اپنے ہاتھ میں رکھا۔ ازاں بعد کمشنر صاحبان انتظامیہ بورڈ کے ماتحت محکمہ مال اور محکمہ پولیس کے سپرنٹنڈنٹ کے فرائض سرانجام دیتے تھے۔ دیوانی مقدمات میں داد رسی انہیں سے حاصل ہوتی تھی۔ انہیں سیشن ججوں کے پورے اختیارات حاصل تھے۔ فوجداری کے وہ اختیارات جو ماتحت عدالتوں کو حاصل ہیں اس وقت ڈپٹی کمشنروں کو ملے ہوئے تھے۔ نیز انہیں خزانہ کے متعلق اختیارات حاصل تھے۔ انڈین کونسل ایکٹ کے ماتحت دیوانی اور فوجداری مقدمات کی داد رسی کے لئے ۱۸۶۶ء میں پنجاب چیف کورٹ کھول دی گئی۔ اور وکلاء کو وکالت کی اجازت مل گئی۔ اس وقت سے ہندوستانی حالات سے ناواقف انگریز ججوں کے سامنے موقع محل کے مطابق قوانین بنائے جانے لگے۔

مقدمات کی پیروی کرتے وقت ممتاز ترین وکلاء مقدمات کو استفساری معاملات کی بجائے اپنے درمیان معرکہ

Marfat.com

ہائے عظیم سمجھتے تھے۔ اور مقدمات کو طوالت دے کر دولت کماتے تھے۔ ماتحت عدالتیں انگلستان کی وِگ پارٹی کی طرح سیاسی تدابیر سے فیصلہ دیتی تھیں اس لئے عدالتی فیصلہ جات میں قبائلی رواجوں نے جڑ پکڑ لی تھی۔ حالانکہ وقت اور ماحول کے لحاظ سے ان چیزوں کو جلد تبدیل کر دینے میں مصلحت ہے۔ کیونکہ عدالتوں میں رواجی قانون کا کوئی دخل نہیں ہوتا۔

اب پاکستان کے اندر افسرانِ محکمہ مال مقامی رواجوں کو اور قبائلی رواجوں کو دور کرنے میں کسی حد تک کامیاب ہو سکے ہیں۔ کاشتکاری کے طریق، زمینوں کی ملکیت اور دیگر زرعی باتوں کی طرف لوگوں کو خیال دلایا گیا ہے۔ قبائلی رواجوں کی اور صحیح قواعد کی یادداشتیں تیار کی گئی ہیں۔ ایسی تدابیر سے قانونی عدالتوں کو بہت سہولت ہو جاوے گی۔ اور عدالتیں نئے قوانین کو رواج دے سکیں گی۔ مگر بدقسمتی سے ابھی تک یہ باتیں پنجاب کے رواجی قوانین میں اثر پذیر نہیں ہو سکیں۔

لاہور شہر: ۔ یہ مختصر سا بیان لاہور کا ذکر کئے بغیر مکمل نہیں سمجھا جا سکتا۔ جو پنجاب کا دارالسلطنت اور صوبہ بھر کی تمام ترقی کا مرکز ہے۔ یہ شہر دریائے راوی کے بائیں کنارے واقع ہے۔ اور دنیا کے سب سے قدیم شہروں میں شمار کیا جاتا ہے عرصہ ہوا کہ دریا شہر اور قلعہ کے قریب گزرتا تھا۔ اور دونوں کے لئے خطرے کا موجب تھا۔ سترھویں صدی عیسوی کے درمیان میں اس کا رخ بدل دیا گیا۔ اور اس وقت سے خطرہ جاتا رہا ہے۔ اس وقت لاہور ریلوے کا مقدم ترین جنکشن سٹیشن ہے۔ مشہور صحت افزا مقامات۔ چھاؤنیوں اور شمال مغربی سرحدی دروں کے نزدیک ہے۔ تعلیم۔ پریس۔ تجارت اور گورنمنٹ کا مرکزی مقام ہے۔ اور صوبہ بھر کی ترقی کے میدان میں مثال پیش کرتا ہے۔

پہلی صدی عیسوی سے پیشتر کی تاریخ شہر لاہور کے بارے میں کوئی پتہ نہیں دیتی۔ سکندر اعظم کے تاریخ دان اس شہر کا کوئی حوالہ نہیں دیتے۔ البتہ ہیون سانگ ساتویں صدی کے شروع شروع میں پنجاب سے گزرتے ہوئے لاہور کو رام چندر جی کے لڑکے لوح کے نام سے منسوب کرتے ہوئے سانگلہ اور جالندھر کے درمیان برہمنوں کا ایک بھاری شہر بتلاتا ہے۔

سنہ ۱۱۸۶ء میں غزنویوں نے پنجاب کو فتح کر کے اچھرہ کے نزدیک ہندوؤں کے بنائے ہوئے لاہور کی شمالی جانب علیحدہ طور پر لاہور شہر کی بنیاد ڈالی۔ جو اٹھارہویں صدی عیسوی کے اخیر تک مسلمانوں کے ہاں صوبہ کا مشہور پایہ تخت بنا رہا۔ مغلوں کے زمانے میں شمال مغربی گزرگاہوں اور پنجاب کی وسطی شاہراہوں کے یہاں مل جانے سے لاہور نے بڑی شان حاصل کی۔ اور ان کے زوال پر یہ شہر بھی عالم بے چارگی میں جا پڑا۔ سکھ اپنی طاقت کو مستحکم بنانے کے دھندے میں مشغول رہے۔ اور عمارتی کاموں کی طرف توجہ نہ دے سکے۔ پھر بھی اس وقت کے امیر زادوں اور افسروں نے بڑی بڑی حویلیاں تیار کیں۔ جو عمارتی نفاست کی بجائے گراں ڈیل ہونے کی وجہ سے امتیازی حیثیت رکھتی تھیں۔ حکومت برطانیہ کے آجانے سے اس

Marfat.com

شہر نے اس طرف بتدریج ترقی شروع کی حتیٰ کہ اب مغربی پاکستان میں لاہور ایک نفیس ترین شہر ہے۔

لاہور کے اندر کی یادگاریں یا تو مغل بادشاہوں کی یادگاریں ہیں۔ اور یا بعد کی تعمیر کردہ ہیں۔ موچی دروازہ۔ رنگ محل کی گنجان آبادی میں سلطان محمود غزنوی کے منظور نظر ملک ایاز کی تربت بطور ایک خانقاہ مانی جاتی ہے۔ عوام کے لئے یہ بھی ایک زیارت گاہ ہے۔ بازار انارکلی کے قریب ایک تنگ سی گلی میں خاندانِ غلاماں کے بانی شاہ قطب الدین ایبک کا مزار ہے جس پر سراپا حسرت برستی ہے۔ شاہدرہ میں جہانگیر بادشاہ اعداس کی ملکہ نورجہاں کا مقبرہ ہے۔ اور ملکہ کے بھائی آصف جاہ کا مقبرہ۔ لاہور کا قلعہ۔ شالامار باغ۔ مرزا کامران کی بارہ دری۔ بادشاہی مسجد۔ وزیر خاں کی مسجد اور چوبرجی جو کہ زیب النساء دختر عالمگیر اورنگ زیب کے اجڑے ہوئے باغ کا دروازہ کہا جاتا ہے۔ سترھویں صدی عیسوی کی مشہور یادگاریں ہیں۔ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سمادھ اس جلیل القدر سکھ حکمران کی عظمت کے لحاظ سے کوئی حقیقت نہیں رکھتی۔ دریائے راوی کا پل۔ منٹو پارک کا کھلا میدان۔ ریلوے سٹیشن۔ میو ہسپتال۔ لارنس گارڈن۔ گورنمنٹ ہاؤس۔ چیف کالج۔ اسمبلی ہال۔ ریڈیو کا سٹیشن نیز لاہور کے اندر ڈیڑھ میل میں ٹھنڈی سڑک۔ (یعنی مال روڈ) پر تعمیر کردہ عمارتوں کا سلسلہ پنجاب میں حکومت کی کارگزاریوں کا نمونہ پیش کرتا ہے۔

جہانگیر کا مقبرہ: شہنشاہ جہانگیر سنہ ۱۵۶۹ء میں پیدا ہوا۔ اور سنہ ۱۶۰۵ء میں تخت نشین ہوا۔ اس نے ۲۲ سال حکومت کی سنہ ۱۶۲۷ء میں وہ کشمیر سے لاہور واپس آ رہا تھا۔ مگر راستے ہی میں راجوری کے مقام پر فوت ہو گیا۔ اس کی وصیت کے مطابق اسے لاہور میں دلکشا باغ میں دفن کیا گیا۔ یہ باغ اس کی پیاری ملکہ نورجہاں کا اپنا تھا۔

شاہ جہاں نامہ میں شیخ محمد صالح لکھتا ہے۔ کہ یہ مقبرہ اس کے بیٹے اور جانشین شاہجہاں نے بنوایا تھا۔ اس پر دس لاکھ روپیہ صرف ہوا۔ اور دس سال کے عرصہ میں سنہ ۱۶۳۷ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔ سکھ حکمرانوں کے ظالم ہاتھوں سے یہ عمارت بھی محفوظ نہ رہ سکی۔ لہنا سنگھ اور مہاراجہ رنجیت سنگھ نے خاص طور پر اسے سخت نقصان پہنچایا۔ وہ بیش قیمت اور چیدہ چیدہ پتھر اتروا کر چلتے بنے۔ جو آج کل امرتسر کے خالصہ مندر کی زیب و زینت ہیں۔ لہنا سنگھ ان تین سکھ سرداروں میں سے تھا جنہوں نے سنہ ۱۷۶۷ء سے سنہ ۱۷۹۷ء تک لاہور میں سکھا شاہی کی۔

مہاراجہ رنجیت سنگھ کے عہد میں اس کی فوج کا ایک فرانسیسی افسر جنرل ایسی اس عمارت کو بطور رہائشی مکان استعمال کرتا رہا۔ اس افسر کے مرنے کے بعد سلطان محمد کے حوالہ ہوئی۔ سلطان محمد امیر دوست محمد خاں والئے افغانستان کا بھائی تھا۔ اس کے افغان سائیسوں نے اسے خراب کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

یہ مربع شکل ہے۔ جس کا ضلع ۳۲۵ فٹ ہے۔ لال پتھر کی بنی ہوئی ہے۔ جس پر سنگ مرمر سے نہایت نفیس اور فریب نظر مصوّری کی ہوئی ہے۔ اور یہ ایک عریض و بسیط باغ میں واقع ہے۔ جسے پٹڑیوں اور پانی کی نالیوں نے ۱۶ قطعوں میں تقسیم کر رکھا ہے۔ اس پر دیدہ زیب مختلف النوع رنگین زینت و آرائش نقاشی کا انوکھا شاہکار ہے

Marfat.com

اس پر لطیف رنگ برنگ کی پھولدار قلمی تصویر کشی بغایت نفیس ہے۔ جو اپنی طرز میں قدیم طرز سے یکسر جدا ہے۔ صرف یہی نہیں۔ بلکہ اس کی ٹائلوں پر گلکاری اور منقش چوبی کام میں بھی جدت ہے۔ قطع نظر اس کے کہ یہ نسبتاً کم بلند ہے۔ اور یہ ایک فنی خامی ہے۔ اس کے چار حسین مینار ہیں۔ جن کے سروں پر سفید سنگ مرمر کے گنبد ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ مینار تاج پہنے ہوئے ہیں۔ اس کی بلندی ۱۰۰ فٹ کے لگ بھگ ہے۔ اور ان پر پانچ چبوترے ہیں۔ جہاں ناظرین ٹھہر کر قدرت کے مناظر سے دل بہلاتے ہیں۔ اس میں کیا شک ہے کہ اپنی طرز کے یہ مینار بعد کے بہشت پہل میناروں کے پیش رو تصور کئے جاتے ہیں۔ اس کا تعویز سنگ مرمر کی صناعی کا ایک نفیس نمونہ ہے۔ اس پر غضب کی نفیس خوشخطی سے آیات قرآنی۔ بادشاہ کا نام اور اس کی تاریخ وفات کندہ ہیں۔ اس کے علاوہ چند حیا دینے والی رنگ برنگی زینت باعثِ صد توصیف ہے۔

نورجہاں کا مقبرہ: ۔ نورجہاں کا اصلی نام مہرالنسا بیگم تھا۔ اس کا باپ مرزا غیاث بیگ ملقب بہ اعتماد الدولہ تھا۔ وہ جہانگیر کا وزیر اعظم تھا۔ نورجہاں کی شادی پہلے تو علی قلی خاں ملقب بہ شیر افگن خاں سے ہوئی لیکن بعد میں سنہ ۱۶۱۱ء میں اس کا عقد ثانی جہانگیر کے ساتھ ہوا۔ چنانچہ

ملکہ نورجہاں حکومت کے نظم و نسق میں شریک کار ہوئی۔ اور اسے نورجہاں کا لقب عطا ہوا۔ بادشاہ اور ملکہ کے مشترک نام کی سنہری مہر لگائی جاتی تھی۔ اس کا مقصد یہ تھا۔ کہ رعایا آگاہ رہے۔ کہ ملکہ سلطنت کے انصرام میں برابر کی حصہ دار ہے۔ جہانگیر کی وفات کے بعد وہ اٹھارہ سال تک زندہ رہی۔ اس کا انتقال سنہ ۱۶۴۵ء میں ہوا۔ ملکہ جس مقبرے میں مدفون ہے۔ کہتے ہیں کہ اس مقبرہ کو اس نے خود ہی تعمیر کرایا تھا۔

افسوس کہ یہ عمارت بھی سکھوں کے ظالم ہاتھوں سے نہ بچ سکی۔ وہ اس کے دیدہ زیب سنگ مرمر اکھیڑ پکھیڑ کر لے گئے۔ جن سے انہوں نے اپنی عمارتوں کو سجایا۔

یہ یک منزلہ مقبرہ اب سادہ اور بے آرائش ہے۔ اس کا ایوان خاصا کھلا ہے۔

اس کے پہلو میں ہی اس کی دختر لاڈلی بیگم کی قبر ہے۔ ان دونوں قبروں کے اصلی تعویز تو اب غائب ہیں۔ ایک تعویز بہت پرانا ہے۔ مگر دوسرا بہت دیر بعد کا بنا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

آصف خاں کا مقبرہ: ۔ مرزا ابوالحسن آصف خاں ملکہ نورجہاں کا بھائی اور ارجمند بانو بیگم ملقب بہ ملکہ تاج کا باپ تھا۔ آصف خاں نے سنہ ۱۶۴۱ء میں وفات پائی۔ اس کا مقبرہ اس کے داماد شاہجہان نے تعمیر کرایا تھا۔ یہ چار سال کے عرصے میں مکمل ہوا۔ اور اس پر تین لاکھ روپے اٹھے۔

یہ بہشت اپہل ہے۔ اور اس کا گنبد پیازہ نما ہے یہ عمارت ایک وسیع و عریض باغ کے وسط میں واقع ہے۔ اس باغ میں جابجا خوبصورت حوض اور فوارے پائے جاتے تھے۔ اور وہاں پیدل چلنے کے لئے پٹریاں نہایت

Marfat.com

دیدہ زیب تھیں۔ ان کے حصے اب بھی وہاں کے بچے کھچے موجود ہیں۔ اس عمارت کو رنجیت سنگھ (سنہ ۱۷۹۹ء۔ سنہ ۱۸۳۹ء) کے عہد میں سخت نقصان پہنچا۔ اس وقت سکھوں نے گنبد کے خوبصورت سنگ مرمر کا بے دردی سے صفایا کر ڈالا۔ یہی نہیں بلکہ اس کی دیگر زینت و آرائش کے سامان کو بھی برباد کر دیا۔ گویا کہ اس کے جسم سے کھال اتار کر اسے بالکل ننگا کر دیا۔

اس کی ٹائیلوں پر آبخ سے مومی رنگ چڑھانے کا کام نہایت ہی دیدہ زیب تھا۔ اس نے عمارت کے اندرونی حصے کو خاص طور پر حسین بنا رکھا تھا۔ اس کے آثار اب بھی وہاں پائے جاتے ہیں۔

لاہور کا قلعہ: ۔ یہ قلعہ شہر کی شمال مغربی جانب واقع ہے۔ اس کی عمارت کا نقشہ بے ڈھنگا سا ہے۔ اس کی سب سے بڑی طرف مشرق سے مغرب کو ۵۰۰ فٹ لمبی جاتی ہے۔ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا۔ کہ یہ قلعہ کب تعمیر ہوا۔ البتہ شہاب الدین محمد غوری کے لاہور پر حملوں کے ضمن میں ایک قلعہ کا ذکر آتا ہے۔ یہ حملے لاہور پر سنہ ۱۱۸۰ء اور سنہ ۱۱۸۶ء کے درمیانی عرصے میں ہوئے۔ غالباً یہ وہی قلعہ ہے۔ جو سنہ ۱۲۴۱ء میں مغلوں کے ہاتھوں اجڑا۔ اور جسے سنہ ۱۲۶۶ء میں غیاث الدین بلبن نے دوبارہ بنایا۔ پھر سنہ ۱۳۹۸ء میں تیمور کی فوجوں نے اسے تباہ کیا۔ اور سنہ ۱۴۲۱ء میں سلطان مبارک شاہ سید نے اسے مٹی گارے سے بنایا۔ لیکن ۵ ماہ کے اندر ہی اندر شنجا گھگھڑ نے اس پر حملہ کیا اور اسے سخت نقصان پہنچایا سنہ ۱۴۳۲ء میں شیخ علی نے اس پر قبضہ کر کے مرمت کرایا۔

ہمایوں کی بادشاہت کے سال اول میں جب مرزا کامران کابل سے یہاں آیا۔ تو اس سلسلے میں اس کے دروازوں کا ذکر آتا ہے۔ ہمایوں کے جانشین اکبر نے پرانے قلعے کو مسمار کرا دیا۔ اور سنہ ۱۵۶۸ء میں اینٹ پتھروں سے مضبوط تعمیر کرایا۔ جہانگیر کے علاوہ شاہجہان اور اورنگ زیب نے بھی اپنے اپنے زمانے میں مناسب تبدیلی کی۔ باہر کی شمالی فصیل اور خندق کو رنجیت سنگھ نے بنایا تھا۔ سنہ ۱۸۴۶ء میں انگریزوں نے اس پر قبضہ کر لیا۔ اور سنہ ۱۹۲۷ء تک فوج کی تحویل میں رہا۔ اس کے بعد اس کی جنوبی فصیل کو گرا کر محکمہ آثار قدیمہ کے حوالہ کر دیا گیا۔

اس قلعہ میں ذیل کی قابل ذکر عمارات ہیں۔

(۱) **دیوان عام:** ۔ اسے اکبر نے بنایا۔ اور شاہجہان نے سنہ ۱۶۳۱ء میں اس میں اضافہ کیا۔

(۲) **مسجدی دروازہ:** ۔ یہ دروازہ اکبر نے قلعہ کے مشرقی جانب بنایا تھا۔

(۳) **جہانگیر کا چوگوشہ قطعہ:** ۔ اس کی بنیاد اکبر نے رکھی۔ اور جہانگیر نے مکمل کیا تھا۔

(۴) **مکتب خانہ:** ۔ اسے سنہ ۱۶۱۷ء میں جہانگیر نے تعمیر کرایا۔

(۵) **شاہ برج:** ۔ (شیش محل)، اسے شاہجہان نے سنہ ۱۶۳۱ء میں بنوایا تھا۔ یہ بیگمات کی رہائش گاہ تھی۔

(۶) **موتی مسجد:** ۔ یہ سنگ مرمر کی بنی ہوئی مسجد ہے۔ اور اسے شاہجہان نے بنوایا تھا۔

Marfat.com

(۷) دیوان خاص :۔ یہ عمارت سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے۔ اور اسے ۱۶۳۳ء میں شاہجہان نے بنوایا تھا۔

(۸) نولکھا :۔ یہ خوبصورت عمارت چھوٹے چھوٹے سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے۔ اور گلکاری کی وجہ سے قابل دید ہے ۱۶۳۳ء میں شاہجہان نے بنوایا تھا۔

(۹) حضوری باغ :۔ غالباً بادشاہی مسجد کی تعمیر کے ساتھ ساتھ اورنگ زیب نے اسے بنوایا تھا۔

لاہور کا شالامار باغ :۔ اس قلعہ دار باغ میں دریچے اور شہ نشین ہیں۔ اور اس کے عین وسط میں نہر بہتی ہے۔ فن تعمیر کی رو سے مغربی پاکستان میں ایک مخصوص جدت ہے۔ جو شاہجہان کے دور میں ظہور پذیر ہوئی۔ یہ باغ شالامار کے نام سے مشہور ہے۔ جو سنسکرت کا ایک لفظ ہے۔ جس کے معنی محبت کا گھر ہے۔

شاید ہی ایشیا بھر میں کوئی اور باغ ہو۔ جسے قدرت اور انسان نے مل کر ایسا خوبصورت بنا دیا ہو۔ جس کے ساتھ طرح طرح کے افسانے اور روایات منسوب کئے گئے ہوں۔

اس نام کے تین باغ ہیں۔

(۱) سری نگر میں :۔ اسے شاہجہان نے اپنے باپ جہانگیر کے فرمان کے مطابق ۱۶۱۸-۱۹ء میں بنایا تھا۔

(۲) لاہور میں۔

(۳) دہلی میں :۔ یہ ۱۶۵۳ء میں بنا تھا۔ لیکن یہ باغ نیست و نابود ہو چکا ہے۔

یہاں ہم لاہور کے شالامار باغ کا ذکر کرتے ہیں۔ شاہجہان کے احکام کے مطابق یہ باغ کشمیر کے شاہی باغات کے نمونہ پر بنایا گیا تھا۔ اور ۱۶۳۷ء میں خلیل اللہ خاں کی نگرانی میں ۱۷ ماہ ۱۰ دن کے عرصے میں مکمل ہوا۔ اور اس پر چھ لاکھ روپیہ صرف ہوا۔ باغ کو سیراب کرنے کی غرض سے مادھوپور سے نہر لائی گئی۔ یہ مقام سو میل سے اوپر دور ہے۔ مشہور انجینئر علی مردان خاں اور ملا علاؤ الملک توانی نے مل کر یہ نہر بنوائی تھی۔

ملا عبدالحمید لاہوری نے شاہجہان کے حکم کے مطابق بادشاہ نامہ لکھا۔ اور اورنگ زیب کے جانشین شاہ عالم کے زمانہ میں محمد ساقی نے سیر عالمگیری لکھی۔ ان ہر دو حوالوں سے پتہ چلتا ہے۔ کہ اس باغ کا نام فرح بخش تھا۔ موجودہ مقبول عام نام پہلی دفعہ ان کتابوں میں پایا گیا۔ جو نادر شاہ کے دور میں تاریخ دانوں نے لکھیں۔ جو ۱۷۳۸ء میں نادر شاہ کے ساتھ اس قلعہ میں فروکش تھے۔ لیکن قطعی طور پر یہ نہیں بتایا جا سکتا۔ کہ نام میں تبدیلی کب اور کس طرح ظہور میں آئی۔

احمد شاہ ابدالی کے افراتفری کے زمانہ میں اس باغ کو شدید نقصان پہنچا۔ اس کے علاوہ سکھوں نے یہاں سے قیمتی پتھر اور زینت کے سامان کو لے جا کر اپنی عمارتوں میں برتا۔ لطیف اپنی تاریخ لاہور میں لکھتا ہے۔ کہ لہنا سنگھ نے بڑے دروازے کا شہ نشین اتارا۔ اور شہر میں جو بیس ہزار روپیہ کے عوض ایک سنگ ساز کے ہاتھ فروخت کر ڈالا۔ باغ کا

Marfat.com

حلقہ ۴۴ ایکڑ ہے۔ اور زمین قطعوں میں تقسیم ہے۔ پہلے دو میں سطح کا فرق ½ ۱۰ فٹ ہے۔ اور آخری دو میں ½ ۹ فٹ۔

پہلے قطعے کی حد پر ایک بڑا چھتے دار شہ نشین ہے۔ جو سنگ مرمر سے نفیس طور پر آراستہ تھا۔ درمیانی نہر اس کے نیچے سے گزرتی ہے۔ اور سنگ مرمر پر خوبصورت آبشار بناتی ہے۔ جس کا پانی ہلکی ہلکی لہروں کے ساتھ ایک مرکزی تالاب میں بہتا ہے۔ اس تالاب میں بے شمار سنگ مرمر کے فوارے ہیں۔ جہاں سے پانی باغ کے آخری تالاب میں جا پہنچتا ہے۔ مرکزی تالاب اور آبشار کے درمیان ایک شاہی تخت اب بھی موجود ہے۔ باغ کے احاطہ میں چھ خوبصورت سرخ پتھر کے بنے ہوئے گنبد اور بہت سے شہ نشین ہیں۔ ان کے علاوہ ترکی کے نمونے کے شاہی حمام اور دوسری کئی عمارتیں مناسب جگہوں پر تفریح کا سامان ہیں۔

حضوری باغ اور سنگ مرمر کی بارہ دری: - (۱) یہ چوگوشہ قطعہ حضوری باغ کہلاتا ہے۔ اس کے وسط میں سنگ مرمر کی بارہ دری ہے۔ شروع میں یہ سرائے تھی۔ جسے اورنگ زیب نے تعمیر کرایا تھا۔ مغلیہ دور میں یہاں سواروں کے دستے اور مسلح فوج جمع رہتی تھی۔

(۲) جنوبی بڑے دروازے کے ساتھ دو منزلہ عمارت بھی اورنگ زیب کے عہد میں بنی تھی۔ یہ ایسے طالبعلموں کی قیام گاہ تھی۔ جو شاہی مسجد میں پڑھا کرتے تھے۔ لیکن بعد میں آبدار خانہ کے طور پر استعمال ہوتی رہی۔ جہاں فرحت بخش باغ مشروبات کا گودام ہوتا تھا۔ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں اس کو گلاب خانہ کہنے لگے۔

(۳) سنگ مرمر کی بارہ دری مہاراجہ رنجیت سنگھ نے سنہ ۱۸۱۸ء میں تعمیر کرائی تھی۔ اس نے لاہور میں مغلیہ عمارات کو تباہ کیا۔ ان کے سامان کو اس بارہ دری کی تعمیر پر لگایا۔ یہی وہ مقام ہے۔ جہاں مہاراجہ اپنا دربار لگایا کرتا۔ اور حکومت کے امور طے کرتا تھا۔ بعد میں اسی بارہ دری میں شیر سنگھ نے انگریزی سفیر کو شرف باریابی بخشا۔ اس سفیر کو لارڈ ایلن برو نے سنہ ۱۸۴۳ء میں بھیجا تھا۔

(۴) یہ دو منزلہ ہے۔ اور ½ ۴۴ فٹ × ۵۰ فٹ لمبی چوڑی ہے۔ اس میں تہ خانے ہیں۔ اور تمام تر سنگ مرمر کی بنی ہوئی ہے۔ اس کی اصلی چھت پر گچ سے پتھر کے کٹاؤ سے آرائش کی ہوئی تھی۔ اور ان میں محدب آئینے جڑے ہوئے تھے۔ جو اس کی خوبصورتی کو دوبالا کرتے تھے۔ اس کے بچے ہوئے حصے اب بھی وہاں پائے جاتے ہیں۔ کمال یہ ہے کہ اگرچہ یہ عمارت ایسے سامان اور مسالہ سے تیار ہوئی۔ جو برباد کی ہوئی عمارتوں سے اکٹھا کیا گیا تھا۔ تاہم دیدہ زیب اور فریب نظر ہے۔ اس پر ۱۹ جولائی سنہ ۱۹۳۱ء کو بجلی گری - جس کی وجہ سے اس کی دوسری منزل دفعتاً گر گئی۔ اس کے بائیں طرف کچھ فاصلے پر مہاراجہ رنجیت سنگھ کی سمادھ ہے۔ یہ سمادھ سنہ ۱۸۳۹-۴۰ء میں تعمیر ہوئی۔

بادشاہی مسجد: - (۱) بڑے دروازے پر کا منقوش کتبہ پتہ دیتا ہے۔ کہ یہ مسجد شہنشاہ اورنگ زیب کے

Marfat.com

دودھ بھائی مظفر حسین المعروف فدائے خاں نے ۱۶۷۳ء میں تعمیر کرائی تھی۔ جسے اورنگ زیب نے ۱۶۷۶ء میں لاہور کا حاکم مقرر کیا تھا۔ فدائے خاں شاہی جنگی سامان اور رسد کا ناظم بھی تھا۔ خلاصۃ التواریخ مؤلفہ سبحان رائے کے مطابق اس پر چھ لاکھ روپے سے اوپر اخراجات اُٹھے تھے۔

۲۔ ۱۸۴۱ء میں شدید زلزلہ آیا جس نے کونوں والے چاروں بڑے میناروں کے اصلی گنبدوں کو سخت نقصان پہنچایا جس کی وجہ سے انہیں اتروانا ہی پڑا۔ لیکن حالیہ مرمت کے دوران میں جو ۱۹۳۹ء میں وسیع پیمانہ پر شروع ہوئی تھی۔ ان گنبدوں کو از سرِ نو تعمیر کیا گیا ہے۔ ۱۸۳۹ء میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کی موت کے بعد اس کے وارث آپس کی خانہ جنگی میں لگ گئے۔ (مصروف) اس افراتفری کے عالم میں قلعے کے سامنے والے بلند میناروں پر ہلکی ہلکی توپیں چڑھائی گئیں۔ اور وہاں توڑے دار بندوق استعمال کرنے والے سپاہی کھڑے کئے گئے تاکہ وہ قلعہ کے اندر محصور فوج پر گولے برسا سکیں۔ خالصہ راج کے دور میں یہ مسجد سامانِ جنگ و رسد کے گودام کے طور پر استعمال ہوتی رہی۔ لیکن فوجی اہمیت کے پیشِ نظر مشرقی دالانوں کو منہدم (گرا کر) کر کے انگریزی حکومت نے اسے ۱۸۶۵ء میں مسلمانوں کے حوالے کر دیا۔

۳۔ اس کا روپ پُر جمال اور رعب دار ہے۔ اپنی نرالی طرز۔ استواری اور وسعت کے لحاظ سے ممتاز ہے۔ بلاشبہ اس کا شمار مشرقی دنیا کی عظیم ترین مساجد میں ہوتا ہے۔ اس کا کھلا صحن ۲/۳ ۵۲۸ × ۱/۳ ۵۲۸ فٹ لمبا چوڑا ہے۔ اس کے کونے والے میناروں کا باہر کا محیط ۱۶۷ فٹ ہے۔ اور وہ اپنی کرسیوں سے ۳/۴ ۱۷۳ فٹ اونچے ہیں۔ اس کی عمارت زیادہ تر لال پتھروں سے بنی ہوئی ہے۔ یہ پتھر وضعدار گلکاری سے مرصع ہیں۔ ان کے نقوش ایوانِ عبادت میں خاص طور پر نمایاں ہیں۔ جو اندھیرے اور اجالے میں فرق پیدا کر کے اس کے وسیع اور متناسب سائے کو زیادہ جاذبِ نظر بنا دیتے ہیں۔

۴۔ ایوانِ عبادت کے چاروں کونے والے چھوٹے مگر دیدہ زیب مینار فنی حیثیت سے مغلیہ طرز کی ایک جدت سنبھالے ہوئے ہیں۔ ان کے گنبد گردنی حصّے پر کھنچے ہوئے ہیں۔ اور ان کی گولائی نہایت نفیس ہے۔

یہ سب مل کر اس شہرہ آفاق عمارت کے فنی کمال کو چار چاند لگا رہے ہیں۔

مسجد وزیر خاں: ۔ (۱) جیسا کہ کتبوں میں مذکور ہے علم الدین انصاری متقلب۔ نواب وزیر خاں نے اس مسجد کی بنیاد ۱۰۴۱ ہجری یعنی ۱۶۳۱ء میں رکھی۔ نواب وزیر خاں چنیوٹ ضلع جھنگ کا رہنے والا حکیم تھا۔ جو شاہجہان کے عہد میں پنجاب کا نائب السلطنت تھا۔

۲۔ یہ عمارت عہدِ مغلیہ کے فنِ تعمیر کی بے مثال ہنرمندی کو بدرجۂ کمال واضح کرتی ہے۔ اور یہ اس کا ایک اور زینت بخش پہلو ہے۔ اس سے مراد یہ ہے۔ کہ چکنی مٹی کے کھپرے پر مختلف النوع شیشے جڑنا اور پکے رنگی مرقع سے پیراستہ کرنے کا ہنر ہے۔ ظاہری طور پر سولھویں صدی میں ٹھٹھا واقع سندھ سے ملک کے اس حصّے میں یہ فن رائج ہوا لیکن سترھویں صدی کے اوائل میں ہی لاہور میں بے حد مقبول ہو چکا تھا۔

Marfat.com

بلاشبہ یہ مسجد بذاتِ خود فنِ تعمیر کے مختلف طرزوں کی ایک درسگاہ ہے۔ پچی کاری پر نہایت نفیس خطاطی اور شاندار ہشت پہل مینار بھی اس کے لئے مخصوص زینت کا باعث ہیں۔

یہ کہنا بجا ہے۔ کہ یہ مسجد زینت و آرائش کی وجہ سے لاہور شہر کا زیور ہے۔

چوبرجی: ۔ دراصل یہ عمارت ایک باغ کا دروازہ تھی۔ جو اب نابود ہو چکا ہے۔ اس کے محرابی دروازہ پر کے منقوش کتبے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ سنہ ۱۰۵۶ھ یعنی سنہ ۱۶۴۶ء میں زبیدہ بیگم نے اس کی تعمیر شروع کرائی۔ اور بعد میں میاں بی بی کو عطا کر دیا۔ جن بیگمات کا ان کتبوں میں ذکر ہے۔ ان کے متعلق تاریخ بالکل خاموش ہے۔ البتہ مقامی روایت یوں ہے۔ کہ زبیدہ بیگم کا نام زیب النساء بیگم سے مختص ہے۔ جو شہنشاہ اورنگ زیب کی دختر باکمال تھی۔ میاں بی بی اس کی خادمہ تھی۔ لیکن روایت درست معلوم نہیں ہوتی کیونکہ زیب النساء سنہ ۱۶۳۹ء میں پیدا ہوئی تھی۔ اور اس باغ کی بنیاد کے وقت وہ ابھی کم سن تھی۔

ایک کہانی بیان کی جاتی ہے۔ کہ جب باغ بنایا جا رہا تھا۔ ان دنوں زبیدہ بیگم نے اتفاق سے سن پایا۔ کہ لوگ اسے میاں بی بی کی طرف منسوب کر رہے ہیں۔ اس بات پر اس نے یہ باغ میاں بی بی کو عطا کر دیا۔ اور یہ عطیہ کتبے میں قلم کرا دیا۔ اس عمارت کا سب سے نمایاں فنی پہلو اس کا لطیف گونا گوں زینت بخش مرقع ہے۔

Marfat.com

باب دوم

جنگلات

تقسیم :- پاکستان کے معرض وجود میں آتے وقت پنجاب کی تقسیم میں صرف ۲۸ فی صدی جنگلاتی رقبہ پاک پنجاب میں آیا۔ اور ۲، فی صدی ہندوستان کے حوالے کر دیا گیا۔ اس طرح پاک پنجاب کے جنگلوں کا رقبہ کل اراضی کے بالمقابل ۵ء۴ فی صدی ہوتا ہے۔ یہ تناسب بہت حقیر ہے یعنی اہل الرائے کے نزدیک کسی ملک کی اقتصادی ضروریات کا نظام صحیح رکھنے کے لئے اس کے کم از کم چوتھائی رقبہ (۲۵ فیصدی) پر جنگلات کا ہونا ضروری ہے ان اعداد کی روشنی میں پاک پنجاب میں جنگلات کی از حد کمی ظاہر ہوتی ہے۔

عمارتی کاموں میں لکڑی کے کثیر خرچ کے علاوہ ایندھن کے لئے بیحد لکڑی درکار ہوتی ہے۔ خاص کر جن ملکوں کی معدنیات میں کوئلہ شامل نہیں۔ ان میں جلانے کی لکڑی کا تمام تر بار ملک کے جنگلوں ہی پر ہوتا ہے یہی حال پاک پنجاب بلکہ کل مغربی پاکستان کا ہے۔ بدیں وجہ اس صوبہ میں جنگلات کو خاص اہمیت دینے کی ضرورت ہے۔ اور عوام کا فرض ہے۔ کہ وہ درختوں کو ملک کی خاص دولت سمجھیں۔ انہیں بے وقت کاٹنے اور بلاوجہ نقصان

58924

Marfat.com

پہنچانے سے باز رہیں ۔ تاکہ ہر درخت بڑھت حاصل کر کے زیادہ سے زیادہ لکڑی اور اپنی زیادہ سے زیادہ قیمت ملک کو دے سکے ۔ ساتھ ہی نئے درخت لگانے کا خیال رکھنا ضروری ہے ۔ تاکہ درخت جو پہلے ہی کم ہیں ۔ اور زیادہ کم نہ ہوتے جائیں ۔ اس کے لئے محکمہ ہر سال "یوم درختاں" مناتا ہے ۔ اور لوگوں کو درخت لگانے کے لئے مفت قلمیں ۔ پودے تقسیم کرتا ہے ۔

محکمہ جنگلات صوبہ میں جنگلوں کی کمی کو دور کرنے کی پوری کوشش کر رہا ہے ۔ تقسیم ملک سے تا ایں دم رقبے فارسٹ ایکٹ کی دفعہ ۳۸ کے ماتحت تجدید جنگلات کے لئے سرکاری حفاظت میں آ چکے ہیں ۔ پہاڑی ڈھلوانوں اور تھل پروجیکٹ کے متعلق بھی بہت کام کیا جا رہا ہے ۔ تاکہ صوبہ میں سیلاب اور زمین کے گھٹاؤ کی روک تھام ہو سکے ۔

اقسام :۔ جنگلات پاک پنجاب کے اضلاع ہمالیہ کے دامن سے سندھ اور راجپوتانہ کے صحرائی حصہ تک پھیلے ہوئے ہیں ۔ یہ خطہ سمندر سے کافی دور واقع ہے ۔ جس سے مون سون ہوائیں اس پر براہ راست اثر انداز نہیں ہو سکتیں ۔ محل وقوع کی خصوصیت کے بلحاظ یہاں مختلف قسم کی آب و ہوا پائی جاتی ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس صوبہ کے جنگلات مندرجہ مختلف اقسام پر مشتمل ہیں ۔

۱۔ سلسلہ کوہ کی بلندیوں پر واقع گھنے جنگلات ۔

۲۔ ۷۰۰۰ فٹ سے کم بلندی پر واقع جنگلات جن میں چیل کے درخت اور بانس بھی شامل ہیں ۔

۳۔ بنجر علاقوں کے چھدرے جنگل ۔

۴۔ میدانی علاقوں کے کاشتہ جنگل ۔

ہمالیہ کے جنگلات :۔ اقتصادی لحاظ سے مخروطی شکل کے جنگلات سب سے زیادہ مفید سمجھے جاتے ہیں ۔ کیونکہ ان سے دیودار، کیل، چیل اور رائی چھال وغیرہ کی عمارتی لکڑی دستیاب ہوتی ہے ۔ ہمالیہ کے جنگلات سطح سمندر سے گیارہ بارہ ہزار فٹ کی اونچائی تک مختلف قسم کے درختوں کے علیحدہ علیحدہ خطے یا پٹیاں (BELTS) واقع ہیں ۔ بارش کی کمی بیشی اور زمین کی موافقت سے کہیں کہیں ایک خطے کے دوسرے خطے میں بھی پیدا ہو جاتے ہیں ۔ جن کے ساتھ فی الحقیقت ان کا کوئی تعلق نہیں ہوتا ۔ یہ خطے متوازی قطاروں (BELTS) کی صورت میں نہایت جاذب نظر معلوم ہوتے ہیں ۔

چیل کے درخت :۔ چیل کے جنگلات تین ہزار فٹ سے چھ ہزار فٹ کی بلندی تک ملتے ہیں ۔ یہ جنگلات بالعموم ریتلی اور خشک زمینوں میں پائے جاتے ہیں ۔ ماہرین جنگلات کا قول ہے ۔ کہ چیل کے جنگلوں میں اور کوئی چیز پیدا نہیں ہوتی ۔ چیل کی لکڑی عمارتی کاموں کے لئے کم اہمیت رکھتی ہے ۔ اسے زیادہ تر ہلکے عمارتی کاموں ریلوے

Marfat.com

لائنوں کے سلیپروں اور پیکنگ بکسوں وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں۔ نیز کافی مقدار میں ایندھن کے طور پر جلائی بھی جاتی ہے۔

چیل کی قدر و قیمت اس کی لکڑی پر ہی موقوف نہیں۔ بلکہ یہ درخت رال کا بھی منبع ہے۔ اور اس کی فراہمی راولپنڈی۔ مری اور جہلم کے صدہا دیہاتیوں کو باکار بنائے رکھتی ہے۔

جلّو فیکٹری: ۔ اس رال کو لاہور سے بارہ میل کے فاصلہ پر جلّو کی فیکٹری میں صاف کر کے پروزہ اور تارپین کا تیل نکالتے ہیں۔ سنہ ۱۹۳۷ء میں راجہ سردیا کشن کول کی شرکت اس فیکٹری سے ہٹا کر اسے گورنمنٹ کے حوالے کیا گیا۔

آلوچے کے درخت: ۔ چیل کے خطّہ سے اوپر چھ ہزار سے آٹھ ہزار فٹ کی بلندی تک آلوچوں کا خطّہ آجاتا ہے۔ اس خطّہ میں سفید بلوط کے درخت بھی پائے جاتے ہیں۔ جو اس بلندی سے زیادہ اوپر نہیں ملتے بعض علاقوں میں آلوچہ کے ساتھ ہی دیودار کے درخت بھی پائے جاتے ہیں۔ آلوچہ کی لکڑی ہندوستان بھر کے آلوچہ کی لکڑی سے عمدہ ہوتی ہے۔ اور بالعموم فرنیچر میں استعمال ہوتی ہے۔ اس کے سلیپر بھی عمدہ ہوتے ہیں۔ اس درخت سے ہلکی قسم کا رال بھی حاصل ہوتا ہے۔ مگر بوجہ موسم گرما کے مختصر ہونے کے اس کو اکٹھا کرنا مشکل کام ہے۔

دیودار: ۔ چھ ہزار سے ساڑھے آٹھ ہزار فٹ کی بلندی تک دیودار کے جنگل پائے جاتے ہیں۔ بعض مقامات پر دیودار کے ساتھ آلوچے کے درخت مخلوط ملتے ہیں۔ مگر یہ بات قابل ذکر ہے۔ کہ اپنے خطّہ کے وسط سے خالص دیودار کا جنگل ملتا ہے۔ اس جنگل کے اوپر کی جانب چھال دار درختوں کی اور نچلی جانب چیل کے درختوں کی آمیزش ہو جاتی ہے۔

دیودار کا پورا درخت بالعموم ۱۵۰ فٹ اونچا ہوتا ہے۔ اور اس کا قطر چھتیس انچ ہوتا ہے لیکن زیادہ تر کم موٹے درختوں کو ہی کاٹ لیا جاتا ہے۔ بعض حالات میں کئی درخت اس سے بھی زیادہ اونچے اور موٹے ہو جاتے ہیں۔ جو درخت کسی مندر کے قریب کسی وجہ سے نہیں کاٹے جاتے تیس چالیس فٹ بھی موٹے ہو جاتے ہیں۔

دیودار کی لکڑی بہت مضبوط اور پائیدار ہوتی ہے۔ عمارتی اغراض پلوں کی تعمیرات اور ریلوے کے سلیپروں میں اس کی کافی مانگ ہے۔ پنجاب میں عمارتی کاموں میں اس لکڑی کا پچاس فی صدی اور پہاڑوں پر اس کا استعمال نوّے فیصدی تک جا پہنچتا ہے۔

نو ہزار سے بارہ ہزار فٹ کی بلندی تک چھالدار درخت پائے جاتے ہیں۔ اس خطّے کے جنوب میں دیودار اور اوپر کے حصوں میں بلوط کے بھورے رنگ کے درخت پیدا ہوتے ہیں۔

آگ کی وارداتیں: ۔ جنگلات کے اندر سرکاری طور پر چیل اور دیودار کی لکڑی کی نگرانی کی وجہ سے آگ لگنے کی

Marfat.com

واردات کم سنائی دینے لگی ہے۔ راولپنڈی ڈویژن میں ایسی آگ کی واردات کم کرنے کے لئے اونچے ڈھلوانوں اور پہاڑوں کے اوپر ذرائع آمدورفت میں سہولت پیدا کر دینے کی تدابیر عمل میں لائی جارہی ہیں۔ اور آگ کی واردات کم کرنے کی خاطر دیہاتی لوگوں سے ہر طرح اتفاق و یک جہتی پیدا کی جاتی ہے۔

چوڑے پتوں والے درخت: ۔ پہاڑی جنگلات میں سوئی نما پتی والے درختوں کے علاوہ کچھ چوڑے پتوں والے درخت بھی پیدا ہوتے ہیں۔ جن سے سخت قسم کی لکڑی حاصل کی جاسکتی ہے۔ مگر چونکہ ان کی شاخوں کو مویشی کے چارے کے لئے کاٹتے رہتے ہیں۔ اس لئے ان کی افزائش کم ہوتی جارہی ہے۔ ایسے درخت مری کے علاقہ میں پائے جاتے ہیں ان کی محافظت کے لئے اگر وہاں کے مقامی لوگوں کو تلقین نہ کی گئی۔ تو تھوڑے ہی عرصہ بعد ایسے درخت ناپید ہو جاویں گے۔

جھاڑیدار جنگل: ۔ یہ جنگلات کوہ ہمالیہ کی چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں پر جہلم کی مشرقی جانب پائے جاتے ہیں۔ اور پانچ چھ ہزار فٹ کی بلندی تک واقع ہیں۔ یہ کسی قدر ڈیرہ دون کے جنگلوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔

ان جنگلات میں تین ہزار فٹ سے کم بلندی پر محض جھاڑیاں دکھائی دیتی ہیں۔ جو ایندھن کے سوا اور کسی کام نہیں آسکتیں۔ اگرچہ ان میں بہت سے درخت موافق حالات میں بڑھ کر عمارتی کاموں کے لئے بھی مفید ہو سکتے ہیں۔ مگر یہ عموماً ہلکی قسم کی زمینوں میں اگتے ہیں۔ اس لئے اونچے نہیں ہو سکتے۔ اچھی قسم کی زمینوں میں کاشت کی جاتی ہے۔ دوسرے چھوٹے چھوٹے درختوں میں کاؤ۔ پھلائی اور کیکر شامل ہیں۔ یہ درخت باڑ لگانے۔ جلانے اور جھانگ کر مویشیوں کو چرانے کے کام میں لائے جاتے ہیں۔

انہیں جنگلات میں کہیں کہیں بانس بھی ہوتا ہے۔ بانس بعض ضروریات میں بے بدل چیز ہے۔ اس سے عمدہ کاغذ بھی تیار کیا جاتا ہے۔ جس سے بانس کی پیداوار کو اقتصادیات میں خاص درجہ حاصل ہے۔

جھاڑیدار ڈھلوانوں والے علاقوں میں کاشتکاری ایک مشکل امر ہے۔ کیونکہ کافی محنت کے باوجود وہاں پر لوگوں کو زمین سے گزران نہیں مل سکتی۔ نیز ڈھلوانوں پر کنوٹر بند کھیت بنائے بغیر جس سے کہ برساتی پانی کی نکاسی کا انتظام ٹھیک رہے۔ کاشتکاری خود ڈھلوانوں کے لئے خطرناک ہے۔

بنجر علاقوں کے جنگلات: ۔ خشک آب و ہوا والے ریتلے علاقوں میں خاردار جھاڑیوں کے جنگل پائے جاتے ہیں۔ ان میں جنڈ۔ کیکر۔ پھلائی ون اور کریر کی خاردار جھاڑیاں شامل ہیں۔ لیکن صوبہ میں نہری آبپاشی کے ساتھ ساتھ زرعی رقبوں میں توسیع ہو رہی ہے۔ اور ایسے جنگلوں کا حلقہ کم ہوتا جاتا ہے۔

کاشتہ جنگل یا (PLANTATION) انیسویں صدی عیسوی میں نارتھ ویسٹرن ریلوے اور دریائے سندھ کے اندر جہاز رانی کے لئے ایندھن کی سخت قلت پیش آئی۔ اس وقت پنجاب کے جنگلات سے ان کی ضروریات کے مطابق لکڑی دستیاب

Marfat.com

نہ ہو سکتی تھی۔ اس لئے ۱۸۶۶ء میں نہری آبپاشی سے مدد لے کر رکھوں میں درخت لگانے کی سکیم پاس کی گئی۔ اور اسی سال رکھ چھانگا مانگا میں کام شروع کر دیا گیا۔ اس رکھ کے پودے ۱۸۸۲ء تک پختہ ہو کر کچھ ضرورت پوری کرنے لگے۔ اور بعد ازاں کئی برس تک چھانگا مانگا رکھ کی لکڑی سے بہت مدد لی گئی۔ ۱۹۰۵ء میں ریلوے انجنوں میں لکڑی کی بجائے کوئلہ کا استعمال ہونے لگا۔ اور ادھر لکڑی کی ضرورت ختم ہو گئی۔ لیکن صوبہ میں معاشرتی ترقی کے ساتھ نہری نوآبادیوں میں لکڑی کا خرچ بتدریج بڑھتا گیا۔ اس لئے پنجاب گورنمنٹ کو مزید رکھوں میں چھانگا مانگا کی طرح جنگل کاشت کرنے کی ضرورت کا احساس ہوا۔ چنانچہ اس وقت ایسی آٹھ رکھیں اکاسی ہزار (۸۱۰۰۰) ایکڑ زمین میں بڑی کامیابی سے لکڑی کی ضرورت کو پورا کر رہی ہیں۔ ان رکھوں سے ایندھن اور عمارتی لکڑی دستیاب ہوتی ہے۔ ان سے ایندھن کی سالانہ پیداوار دو لاکھ اسی ہزار (۲۸۰۰۰۰) مکعب فٹ کے شمار کی جاتی ہے۔ ذیل کے نقشہ سے اس پیداوار کی تقسیم کا اندازہ ہو گا۔

نام رکھ	رقبہ	جس سال جاری کیا گیا
چھانگا مانگا	۱۲٫۵۱۶	۱۸۶۶
چیچاوطنی	۹٫۰۸۵	۱۹۱۳
خانیوال	۱٫۵۰۹	۱۹۱۶
تیرہ	۸۳۷	۱۹۱۷
واہر	۶۵۹۸	۱۹۱۹
میراں پور	۱۰٫۰۰۶	۱۹۲۹
عارف والہ	۹٫۸۳۹	۱۹۲۹
دیپالپور	۹٫۵۳۷	۱۹۲۹

رکھوں کے درخت: ۔ مذکورہ بالا رکھوں میں ایندھن کی لکڑی کے لئے چار قسم کے درخت پیدا ہوتے ہیں۔ جنڈ۔ کریر۔ ون اور فراش یہ چاروں قسم کے درخت قدرتی طور پر الگ الگ خطوں کی پیداوار ہیں۔

جنڈ: ۔ ایندھن کے لئے جنڈ کی لکڑی سب لکڑیوں پر فوقیت رکھتی ہے۔ اس لئے جنڈ کے درخت رکھوں میں بڑی خصوصیت سے پالے جاتے ہیں۔ شیشم کی طرح اس کے درخت بھی دریا برد زمینوں میں اچھی طرح نشوونما پاتے ہیں۔

کریر: ۔ کریر کا درخت عام طور پر اپنی قسم کے کئی اور درختوں کے ساتھ ریتلی وزنی مٹی کی زمینوں میں پیدا ہوتا ہے۔ اس قسم کی زمین میں کھاد کے عناصر نہیں پائے جاتے۔

Marfat.com

ون :۔ ون کے پودے بیج ڈالے بغیر بھی کلر والی زمینوں سے ازخود اگ آتے ہیں۔ اس درخت کی لکڑی سے اگرچہ ہلکی قسم کا ایندھن حاصل ہوتا ہے۔ مگر یہ درخت اونٹوں کے لئے چارہ مہیا کرتے ہیں۔

فراش :۔ فراش کے درختوں کے جھنڈ اکثر برساتی پانی کے گڑھوں۔ نہروں کے کنارے اور ندی نالوں کے قریب پائے جاتے ہیں۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے۔ کہ ون اور فراش کے درختوں والی زمین زرعی اعتبار سے ہلکی شمار ہوتی ہے۔ فراش ناقص زمینوں کا ایک نہایت مفید درخت ہے۔ اس کے سائے میں کئی ایسے پودے لگائے جا سکتے ہیں جن کی پرورش سایہ کے بغیر محال ہے۔ پہلے اس کی لکڑی کا کوئی خاص مصرف نہیں سمجھا جاتا تھا۔ مگر اب اس کی ضرورت محسوس کی جانے لگی ہے۔

رکھوں کے دیگر درخت :۔ مذکورہ بالا درختوں کے علاوہ کئی اور قسم کے مفید درخت بھی رکھوں میں اگائے جاتے ہیں۔ جن میں شیشم خاص طور پر مشہور ہے۔ اس کی لکڑی عمارتی کاموں کے لئے اور فرنیچر بنانے کے واسطے ازبس مفید ہے۔ شہتوت کی لکڑی سیالکوٹ کی کھیل کا سامان بنانے والی فیکٹریوں کے کام آتی ہے۔ دھریک یا بکائن ایک اور مضبوط درخت ہے۔ یہ پانی کی کمی کو پہلے دونوں درختوں کی بہ نسبت زیادہ برداشت کرتا ہے۔

رکھوں کی عام حالت :۔ ان کاشتہ درختوں والی رکھوں کا خرچ ان کی اپنی آمدنی سے چلایا جاتا ہے۔ ان میں مذکورہ درخت تھوڑے تھوڑے فاصلہ پر پندرہ فٹ سے تیس فٹ تک اونچے پائے جاتے ہیں۔ رکھوں کے اندر یکہ گاڑی باآسانی چلائی جا سکتی ہے۔ چونکہ میلوں تک یہ درخت قطار در قطار لکڑوں کی شکل میں لگائے گئے ہیں۔ جن میں راستہ بھول جانے کا امکان ہے۔

پہاڑوں پر جنگلات کی ضرورت :۔ دریاؤں کے تمام پانی کا استعمال میں آنا نہایت مشکل بلکہ ناممکن بات ہے۔ راستوں کے ہیر پھیر اور نشیب و فراز میں کچھ پانی ضرور ضائع جائے گا۔ لیکن اگر پہاڑی ڈھلانوں کے جنگلات اور وہاں کی تمام رکاوٹیں ہٹا دی جاویں۔ تو بارش کا سب پانی بہہ کر فوراً دریاؤں میں چلا جائے گا۔ اور ان میں طغیانی کا باعث ہوگا۔ علاوہ ازیں ایسے حالات میں سب کا سب پانی جلد دریا برد ہو کر بستیوں کو نقصان پہنچاتا ہوا سمندر میں چلا جائے گا۔ اور دریا آہستہ آہستہ بہہ کر خشک موسم میں آبپاشی کا فائدہ نہ پہنچا سکیں گے۔ چونکہ اس وقت تک وہ خود ہی خشک ہو جایا کریں گے۔ علاج اس کا یہی ہے۔ کہ پہاڑوں اور ڈھلوانوں پر جنگلات کو برقرار رکھا جائے۔ جو دریاؤں کو تمام سال آہستہ آہستہ پانی دیتے رہیں۔

پانی جمع کرنے کی ضرورت :۔ نہری آبیاری روئیدگی کے لئے بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ خاص کر ہری ہری گھاس جو گرمی کی شدت سے اور کہیں دکھائی نہیں دیتی۔ اور جس کی ملڑی فارموں میں بے حد ضرورت رہتی ہے۔ مذکورہ رکھوں میں اور نہری سبزہ زاروں میں کاشت کی جاتی ہے۔ لیکن اب وقت آ رہا ہے جبکہ شاید شہری آبادی کی بڑھتی ہوئی رفتار

Marfat.com

سے ان رکھوں کی جائے وقوع تبدیل کرنے کی ضرورت لاحق ہو گی۔

پنجاب کے دریاؤں کا پانی آبپاشی کی غرض سے چھوٹی چھوٹی نہروں میں بانٹ دیا جاتا ہے۔ تالابوں وغیرہ میں اکٹھا نہیں کیا جاتا۔ اصل میں نہروں کی سکیم سے تمام سال آبپاشی لینا مقصود تھا۔ مگر اس وقت حالت یہ ہے۔ کہ ان سے صرف خریف کو ہی ضرورت کے مطابق پانی مل سکتا ہے۔ وجہ یہ ہے۔ کہ ماہ جون میں بڑے پہاڑوں کی برف سے پگھلا ہوا پانی دامن کوہ میں بارش کے ساتھ مل کر سرما میں دریاؤں کے پانی کی مقدار سے قریب سو گنا ہو جاتا ہے۔ جاڑوں میں یہ دریا فصل ربیع کے لئے پانی نہیں دے سکتے۔ موسم سرما میں نہروں کے پانی سے زمینداروں کی بہت کم ضرورت پوری ہو سکتی ہے۔

نہری آبادیوں کی ترقی میں سب سے بڑی رکاوٹ پانی کی قلت مانی جا چکی ہے۔ اس مشکل کشائی کے لئے بھاکڑہ ڈیم سکیم گورنمنٹ کے پیش نظر ہے۔ جس میں ابھی کچھ سیاسی تدابیر اور انتظامی مشکلات درپیش ہیں۔ مگر امید کی جاتی ہے۔ کہ پنجاب کے روشن دماغ انجینئر اس کا کوئی حل پیدا کر لیں گے۔

جنگلی جانور:۔ مذکورہ بالا جنگلات کے اندر کئی قسم کے جانور پائے جاتے ہیں۔ جن میں چیتے۔ بھیڑیئے۔ ریچھ۔ نیل گائے۔ سؤر۔ گیدڑ۔ ہرن۔ پہاڑی بکرے اور خارپشت شمار میں لائے جا سکتے ہیں یہ جانور سبزہ زاروں میں اکثر نقصان کرتے رہتے ہیں۔ نیز وہاں کے گدی لوگ ہر سال پالتو بھیڑوں اور بکریوں کی چرائی کر کے بیچارے پہاڑی کسانوں کی کھیتی باڑی کا نقصان کرتے رہتے ہیں۔

جنگلاتی کمیٹی:۔ ستمبر ۱۹۳۷ء میں پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے ایک جنگلاتی کمیٹی مقرر کی گئی۔ اور مسٹر جی۔ گاربٹ۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ ایم۔ جی۔ سی۔ آئی۔ ای۔ ایف۔ آر۔ جی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ ایس اس کمیٹی کے صدر منتخب ہوئے۔ پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے چار ممبر اس کی اعانت میں دیئے گئے۔ اس کمیٹی میں محکمہ جنگلات سے کسی افسر کا تقرر عمل میں نہ لایا گیا صرف مسٹر اے۔ ایف۔ پی۔ سیملٹن اور بی اے۔ ایم۔ سی۔ آئی۔ ایف۔ ایس نے سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔

اس کمیٹی نے ضلع اٹک۔ راولپنڈی۔ جہلم اور کانگڑہ میں دورہ کر کے وہاں کے جنگلات اور ان کے قرب وجوار میں رہنے والے لوگوں کی شکایات سنیں۔ اور ان کے تدابیری طریقوں پر غور کیا۔ اسی سلسلہ میں جون ۱۹۳۸ء کے اندر شملہ میں زیر صدارت آنریبل وزیر مالیہ ایک کمیٹی منعقد کی گئی جس میں پنجاب کے فنانشل کمشنر بہادر۔ سیکرٹری فنانشل ڈیپارٹمنٹ اور محکمہ جنگلات کے چار افسر شرکت فرما ہوئے۔ ان ہر دو کمیٹیوں کی رپورٹ پر پنجاب گورنمنٹ نے کچھ سفارشات عمل میں لائے جانے کے لئے منظور فرمالیں۔ اور ایسی چند ایک اور سفارشات پر مزید تحقیقات کے لئے احکام جاری ہوئے۔

چارہ مویشیاں:۔ زراعت کے باب میں بیان کیا جا چکا ہے۔ کہ پنجاب کی آبادی زیادہ تر غریب کسانوں پر مشتمل ہے اور چونکہ ان کم مایہ لوگوں کو کھیتی سے اپنی ہی گزران بمشکل میسر آتی ہے۔ لہٰذا وہ مویشیوں کے لئے چارہ کی کاشت کرنے کی طرف زیادہ توجہ نہیں دے سکتے۔

Marfat.com

کسانوں کے افلاس اور مویشیوں کی بتدریج نسلی کمزوری کو دیکھ کر ۱۹۳۷-۳۸ء میں گورنمنٹ کی طرف سے ایک کمیٹی مویشیوں کی خوراک کے مسئلہ پر غور کرنے کے لئے مقرر کی گئی۔ اس کمیٹی نے اپنے کئی اجلاس میں متعدد تجاویز پیش کیں۔ ان تجاویز پر گھاس اور چارہ کی اقسام کو بہتر بنانے کی پوری کوشش کی جارہی ہے۔

پہاڑی علاقوں میں چارہ کی عام قلت دیکھنے آتی ہے۔ یہاں تک کہ بعض اوقات اور کسی قسم کا چارہ میسّر نہ ہونے سے چادلوں کی فصل کے چھلکے ہی ہل چلانے والے بیلوں اور کثیر دودھ دینے والے جانوروں کو کھلائے جاتے ہیں یہی وجہ ہے۔ کہ عام پہاڑی علاقوں میں بہت کمزور مویشی پائے جاتے ہیں۔ اچھی قسم کے مویشی صرف انہیں علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔ جہاں چراگاہیں مشترکہ نہیں ہوتیں۔

عام طور پر پہاڑوں کے دامن میں گھاس کی افراط ہونی چاہیئے۔ کیونکہ میدانی علاقوں میں اول تو گھاس پیدا ہی کم ہوتی ہے۔ اور جو گھاس پیدا ہوتی ہے۔ اس پر تمام سال کثرت سے مویشی چرتے ہیں۔ لیکن اس کا جواب صرف یہی ہے۔ کہ دامن کوہ کے ٹکڑوں کی روئیدگی کی حالت خراب ہو چکی ہے۔ انہیں پھر سے اس قابل بنانے کی ضرورت ہے

سالانہ مال گزاری: ۔ کوہستانی علاقوں میں بعض مقامات پر نقل و حرکت دشوار اور انسانی گزر تقریباً ناممکن ہے۔ اگرچہ ایسے علاقوں میں تجارتی نقطۂ نگاہ سے ریلوں اور سڑکوں کو بتدریج وسعت دی جارہی ہے۔ لیکن لکڑی کے لئے دریاؤں کی راہ بہالانے کا طریق زیادہ کامیاب رہا ہے۔ پنجاب کے مذکورہ بالا جنگلات کی پیداوار سے ۲۲ لاکھ روپے سالانہ مالگزاری حاصل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جنگلات کی اس پیداوار کی قیمت جو عطیات کے طور پر تقسیم کر دی جاتی ہے۔ قریب ۲۵ لاکھ روپے سمجھی جاتی ہے لیکن میزانیہ تیار کرتے وقت یہ اعداد و شمار سرکاری طور پر نظر انداز کر دیئے جاتے ہیں۔

سرکاری ملازمین: ۔ جنگلات کے اندر ایک مہتمم کے سپرد صرف ایک مزرعہ کا انتظام دیا جاتا ہے۔ ایک افسر ایک بلاک کا نگران شمار ہوتا ہے۔ اور ایک بلاک ۲۵۰۰ (پچیس سو) ایکڑ زمین پر مشتمل ہوتا ہے یعنی دس ہزار ایکڑ زمین پر نگرانی کے لئے چار عدد بلاک افسروں کی ضرورت ہوتی ہے۔ دیگر ملازمین میں سے گارڈ اور بیلدار وغیرہ شامل ہیں۔

ملازمین جنگلات اگرچہ پہلے بھی عوام کی شاملات اور دیگر چراگاہوں کے متعلق رائے زنی کرتے رہے ہیں۔ مگر اب دیہات سدھار سکیم کے رائج کئے جانے پر انہیں اس معاملہ میں کھلی کھلی اظہار رائے کا موقع دیا گیا ہے۔ حال ہی میں محکمۂ جنگلات نے مویشیوں کے لئے باڑ لگا کر بند رقبوں میں چارہ پیدا کرنے کی سفارش کی ہے۔

عوام میں یہ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ محکمۂ جنگلات صوبہ بھر کے پہاڑی علاقوں اور تمام بنجر زمینوں پر اختیار رکھتا ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ محکمہ جنگلات کے اختیارات ابھی تک بہت محدود ہیں۔ اور زمینوں کی حالت درست کرنے کے لئے عوام کے تعاون کی ازحد ضرورت ہے۔

Marfat.com

باب سوم

آثارِ قدیمہ

مختلف آرا: ۔ آثارِ قدیمہ کی زنجیر ماہرین و مؤرخین کی متفقہ کوشش سے بنتی ہے ۔ اور حال کو ماضی سے ملا کر خواب ہستی کے منتشر اجزا میں ربط پیدا کرتی ہے ۔ بعض مؤرخین کہتے ہیں ۔ کہ پنجاب کی تاریخ کا شمار اس وقت سے کرنا مناسب ہے ۔ جبکہ ہمالیہ کی چوٹیوں سے برف کے تودے گر کر اس سرزمین کی روئیدگی کو ناپید کرتے تھے ۔ اس وقت کے حالات کا پتہ لگانا محال ہے ۔

موجودہ تحقیق کے لحاظ سے یہ کہا جا سکتا ہے ۔ کہ کئی ہزار برس قبل مسیح دراوڑی نسل کے لوگ جن کا اصل وطن بحیرہ روم کے کنارے خیال کیا جاتا ہے ۔ سندھ کے راستے یہاں داخل ہوئے تھے ۔ کیونکہ بلوچستان میں ایک زبان براہوی نامی اب تک بولی جاتی ہے ۔ جو دراوڑی زبان سے ملتی جلتی ہے ۔

سندھ کے تمدن کے بعد آریائی تہذیب کی جھلک ملتی ہے ۔ اس نسل کے لوگ یہاں کوئی دو ہزار سال قبل از مسیح سے پندرہ سو سال قبل از مسیح تک یا اس کے بعد بھی آتے رہے ۔ اور پہلے لوگوں کی نسبت ذہین ۔ مذہبی اور علمی میلان رکھنے والے ، مویشی رکھنے والے ، کھیتی باڑی کرنے والے ۔ گھاس پھوس یا مٹی کے مکانات میں رہنے والے معلوم ہوتے ہیں ۔

Marfat.com

پنجاب کا ذکر ہندوؤں کی متبرک کتابوں میں اکثر ملتا ہے۔ ایسی تصانیف سے یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ یہ خطہ زمین تیسری صدی قبل مسیح میں مہاراجہ اشوک کی سلطنت کا ایک جزو رہا ہے۔ آثار قدیمہ کی معلومات سے اکثر تاریخ دان اسی عہد ہی سے اپنی واقفیت کا حوالہ دیتے ہیں۔ ایسے تاریخدانوں نے عام خیال کر رکھا ہے۔ کہ زمانہ قدیم کے آریہ لوگ فن تعمیرات میں کوئی قابلیت نہیں رکھتے تھے۔ نیز یہ کہ پرانے لوگوں کے بادشاہوں کے محلات اور قلعہ جات بھی محض مٹی۔ گارے۔ بانس اور چٹائیوں سے اور معماری کے کام کے بغیر ہی بنے ہوئے ہوتے تھے۔

مسٹر فرگسن جن کی رائے فنِ تعمیرات میں سب سے زیادہ مستند مانی جاتی ہے۔ مذکورہ بالا معلومات سے اختلاف رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا خیال ہے۔ کہ پتھر کی پرانی تعمیرات کو صرف سنہ ۲۵۰ قبل مسیح یعنی مہاراجہ اشوک کے زمانہ ہی سے شمار نہیں کیا جا سکتا۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ کئی مقامات پر کھنڈرات سے محض یونانیوں کی کاریگری ظاہر ہوتی ہے۔

محترمہ مینینگ صاحبہ اسی چیز کو بڑے وثوق سے بیان فرماتی ہیں۔ وہ اپنی تصانیف میں لکھتی ہیں۔ کہ سنہ ۳۲۶ قبل مسیح میں یونان کے کاریگر سکندر اعظم کے ہمراہ آئے۔ انہوں نے خطہ کشمیر میں سنگ تراشی کا کام شروع کیا۔ اور دریائے سندھ کے قریب روپیہ پیسہ کی ٹکسالیں قائم کیں۔ ان واقعات سے یونانیوں کا اثر صاف عیاں ہے۔ نیز یہ کہ بدھ مذہب کی یادگاریں سنہ ۲۷۷ قبل مسیح کے پیشتر کی کہیں نہیں ملتیں۔

ریسرچ :- یہ قرین قیاس نہیں۔ کہ پنجاب جیسے زرخیز خطہ میں لوگ نسل بعد نسل صدیوں سے زندگی گزار دیں۔ اور اپنی ہستی کا کبھی کوئی نشان نہ چھوڑیں۔ اس کیفیت سے عہدِ سلف کی حالت کو ریسرچ کے کام سے ہمارے زمانے تک نظر انداز دیکھ کر محض تاسف ہوتا ہے۔ اور اگر اب اس کام کو شروع کیا جا چکا ہے۔ تو یہ واضح کر دینا از بس ضروری ہے۔ کہ اس عنوان سے ہمیں پنجاب کی قدیمی یادگاروں کی گنتی مقصود نہیں۔ مسلمان بادشاہوں کی سینکڑوں خوبصورت یادگاریں موجود ہیں۔ جس احتیاط سے ان کی نگرانی کی جاتی ہے۔ اس کا اندازہ دیکھنے والوں کو جہانگیر بادشاہ کے مقبرہ اور لاہور کے پرانے قلعہ سے ہو سکتا ہے۔ اور یہ ہو سکتا ہے۔ کہ پنجاب کے اندر کی یادگاریں سابقہ ہندوستان کے کسی حصے کی یادگاروں سے کم حیثیت نہ رکھتی ہوں۔ یا یہ کہ شاید تعداد میں بھی کچھ زیادہ ہوں۔ لیکن ہمارے صوبہ میں آثار قدیمہ کا ابھی تک بہت تھوڑا پتہ چل سکا ہے۔

پنجاب میں عہدِ سلف کے نشانات و اثرات زمین کی کھودائی سے معلوم کئے جا رہے ہیں۔ کئی ایک مقامات پر کھودائی کا کام کیا جا چکا ہے۔ جس میں کچھ نہ کچھ کامیابی ضرور ہوئی ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے۔ کہ سالہا سال کی کھودائی کے کام سے جو تسلی بخش نتائج ہمیں ٹیکسلا کے مقام پر میسر ہو چکے ہیں۔ وہ اور کہیں نہیں ملتے۔ ہڑپا ضلع منٹگمری میں سنہ ۱۹۲۱ء سے کھودائی کا کام قریب ہر سال کیا جا رہا ہے۔ وہاں کی معلومات نے بھی ہمارے علم میں کچھ اضافہ کیا ہے۔ ان دو مقامات کے علاوہ اور کوئی جگہ ایسی نہیں دکھائی دیتی۔ جو اس شاندار صوبہ کے عام انسانی تمدن اور خاص کر سابقہ ہندوستان کی

Marfat.com

تاریخ میں اصلاحات پیش کر سکے۔

طریقۂ معلومات: ۔ دنیا کے تمام ممالک میں آثارِ قدیمہ کے کام میں بڑی بڑی معلومات ہمیشہ پرائیویٹ مہمات اور رؤسا کے عطیات سے کی جاتی ہیں۔ برخلاف اس کے پاکستان کے اندر ایسا تمام مصرف سرکاری روپے پیسہ سے کیا جاتا ہے اور چونکہ یہ کام ابھی تک کئی قسم کی مصروفیتیں رکھنے والے افسروں کی نگرانی میں چلتا رہا ہے۔ اس لئے عوام الناس اس علم سے اچھی طرح مستفیض نہیں ہو سکے۔ لیکن اب پنجاب کے اندر چندہ جمع کرنے کی سکیم اور علم دوست ڈائریکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ کی دلچسپی سے ایسی تحریک کے رنگ پکڑ لینے کی امید بندھ گئی ہے۔

ہڑپا: ۔ یہ مقام ۱۸۲۶ء میں پہلی مرتبہ مسٹر سی میسن نے دیکھا تھا۔ اس کے بعد ۱۸۵۳ء اور ۱۸۵۶ء میں جنرل الیگزینڈر کننگھم نے یہاں پر کھدائی کی۔ ان کو کچھ ایسی تعویز نما مہریں اور دیگر اشیاء دستیاب ہوئیں جن سے ان آثار کی قدامت کا پورا یقین ہو گیا۔ ۱۹۲۰ء میں گورنمنٹ نے ان کو آثارِ محفوظ قرار دے دیا۔ اس کے بعد ۱۹۲۰ء سے لے کر ۱۹۳۴ء تک اور پھر ۱۹۴۶ء میں یہاں محکمہ آثارِ قدیمہ نے باقاعدہ کھدائی کی۔ جس سے مکانوں کے آثار دلچسپ پرانی اشیاء اور قدیم انسانوں کے ڈھیچر وغیرہ برآمد ہوئے۔

تمدّن: ۔ ان کھدائیوں سے پاکستان کی قدیم تہذیب کے متعلق جو اہم انکشافات ہوئے۔ انہوں نے زمانہ قبل از تاریخ کے متعلق ہماری معلومات میں انقلاب پیدا کر دیا۔ اور پہلی مرتبہ پورے وثوق سے یہ معلوم ہوا۔ کہ اب سے تقریباً پانچ ہزار سال قبل بھی یہ ملک متمدن لوگوں سے آباد تھا۔ جن کی تہذیب ۳۵۰۰ء سے لے کر ۱۵۰۰ء قبل مسیح یعنی ایک ہزار سال تک پورے شباب پر تھی۔ اور دریائے سندھ اور اس کے معاون دریاؤں کی وادیوں پر چھائی ہوئی تھی۔ یہ لوگ قلعہ بند شہروں میں رہتے اور اونچے معیار کی شہری زندگی یعنی میونسپل انتظام صفائی تمام اور شہری دفاع کے طریقوں سے پوری واقفیت رکھتے تھے۔ مشرقِ وسطیٰ کے قدیم ایشیائی ممالک۔ ایران۔ عراق اور مصر وغیرہ سے اپنے تجارتی تعلقات رکھتے تھے۔ علاوہ ازیں دھات سے گھریلو اور دیگر تمدنی ضروریات کے لئے مختلف چیزیں جیسے برتن اوزار اور اسلحہ وغیرہ بناتے تھے۔ مگر ایک بات خصوصیت سے یاد رکھنے کی ہے۔ کہ یہ لوگ لوہے سے قطعاً ناواقف تھے۔ اور جو گھریلو اشیاء آج کل لوہے کی بنتی ہیں۔ وہ تانبے یا کانسی سے بناتے تھے۔ اس وجہ سے ان شہروں کی تہذیبی عہد کو تانبہ کا عہد کہا جاتا ہے۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ وادی، شہر یا اس کے کسی قریب تانبہ کی کانیں ان قدیم لوگوں کو معلوم تھیں۔ سونے، چاندی اور دوسری دھاتوں ہاتھی دانت گھونگا۔ نرم قسم کے سنگ مرمر اور عقیق وغیرہ کی بنائی ہوئی آرائشی اشیاء اور زیورات استعمال کرتے تھے۔ مٹی کے برتنوں کی صنعت کے اچھے ماہر تھے۔ گھریلو کھیل کھیلتے۔ کھیلوں کے تختوں اور پانسوں سے واقف تھے۔ ناچ و رنگ کا بھی رواج تھا۔ کم از کم ایک برتن پر رنگ آمیزی کے نشانات ملے ہیں۔ جن میں سبز و سرخ رنگ کو سلیقے اور ترتیب سے استعمال کیا گیا ہے۔ برتنوں پر انسانی۔ حیوانی۔ نباتاتی

Marfat.com

اور پرندوں وغیرہ کی تصاویر بنائی گئی ہیں۔ کپڑے کا استعمال جانتے تھے۔ اور اس پر کشیدہ کاری بھی کرتے تھے۔ مُردوں کو مسلمانوں کی طرح شمالاً جنوباً قبروں میں دفن کرتے تھے۔ یا ان کی سب یا کچھ ہڈیوں کو برتن میں رکھ کر دفن کرتے تھے۔ تدفین کے یہ مختلف طریقے مختلف اعتقاد کے لوگوں کے معلوم ہوتے ہیں۔ مُردوں کے ساتھ دو دو سے لے کر چالیس برتن تک دفن کرتے اور بعض دفعہ متوفیوں کا آرائشی سامان اور زیورات مثلاً تانبے کے شیشے اور انگوٹھیاں وغیرہ بھی دفن کرتے تھے۔ ۱۹۲۶ء کی کھدائی میں ایک ایسا ڈھانچہ بھی برآمد ہوا۔ جس کو لکڑی کے صندوق میں کفن دے کر دفن کیا گیا تھا۔ غالباً قدیم مصریوں کی طرح وہ اس بات کے بھی قائل تھے۔ کہ انسانی روح مرنے کے بعد دنیاوی چیزوں کی ضرورت محسوس کرتی ہے۔ اس لئے وہ برتن وغیرہ مردے کے ساتھ دفن کرتے تھے۔ کھدائی سے یہ بات واضح ہوتی ہے۔ کہ ہڑپہ کا قدیم شہر دو مختلف حصوں میں آباد تھا۔ بالائی اور زیریں۔ بالائی حصہ دوسرے حصہ سے سطح میں اونچا ہے۔ اور مغربی جانب ہے۔ یہ شکل میں تقریباً مستطیل ہے۔ شمالاً جنوباً ۱۱۰۰ گز اور شرقاً غرباً ۶۰۰ گز لمبا ہے۔ بھاری اور مضبوط شہر پناہ ہے محصور ہے۔ شہر کی تعمیر اور حفاظت میں جو احتیاط برتی گئی ہے۔ ان سے دو باتیں صاف ظاہر ہو جاتی ہیں۔ اول یہ لوگ سیلاب کی تباہ کاری سے آگاہ تھے۔ دوم یہ کہ ان کو دشمنوں کا خطرہ تھا۔ جس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے۔ کہ حملہ آوروں کا وجود ملک میں موجود تھا۔ اور یہ کہ ہڑپائی لوگ کچھ نہ کچھ جنگجو بھی ضرور تھے۔

عمارتیں عام طور پر مستطیل ہیں۔ پختہ اینٹوں کی بنی ہوئی ہیں۔ اور ایک سے زیادہ منزل کی بھی ہیں۔ اینٹوں کی عام جسامت گیارہ انچ لمبی اور ساڑھے پانچ انچ چوڑی ڈھائی انچ سے دو انچ موٹی ہے۔ یہ ایسا سائز ہے۔ جو موجودہ گھان یعنی انگریزی اینٹ کے مقابلہ میں بھی بہتر کہا جا سکتا ہے۔ غسل خانے چھوٹی بڑی نالیاں۔ کھڑی اینٹ کے بنے ہوئے چبوترے۔ چھ بچے اور کوڑے دان عام ہیں۔ کنوئیں عام طور پر گاؤدم اینٹوں کے بنے ہوئے ہیں۔ اور ان کے قطر ایک فٹ دس انچ سے لے کر سات فٹ تک ہیں۔ کنوؤں کی تعمیر میں گاؤدم اینٹوں کا استعمال کرنا ہڑپائی لوگوں کے فن تعمیر کے تجربہ کی ایک بیّن دلیل ہے۔ عمارتیں دو حصّوں میں تقسیم کی جا سکتی ہیں۔ رہنے کے مکان اور پبلک عمارتیں۔ شہر عام طور سے محلوں میں تقسیم ہے۔ عمارتیں اور گلیاں قرینے سے تجویز شدہ ہیں۔ جن سے منصوبہ بندی کا بھی کچھ نہ کچھ پتہ چلتا ہے خاص عمارتوں میں (GREAT GRANARY) یعنی غلہ کے بڑے گوداموں کا ذکر کیا جا سکتا ہے۔ یہ ہڑپہ کی موجودہ عمارتوں میں سب سے بڑی ہے۔ قدیم ہڑپہ کے وسطی زمانہ کی عمارت ہے۔ اور دو قطعوں پر مشتمل ہے۔ جو آمنے سامنے ہیں۔ دونوں کے درمیان ۲۲ فٹ کی فصیل ہے۔ ہر ایک قطعے میں چھ بڑے کمرے تقریباً ۱۵ فٹ لمبے اور ۱۷ فٹ چوڑے ہیں۔ ہر ایک کمرے کو درمیانی دیواروں کے ذریعہ چار حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ دوسری قابل ذکر عمارت مزدوروں کے مکانوں کے نام سے موسوم ہے یہ گوداموں کے نزدیک ہے۔ یہ مکان اگرچہ نہایت خستہ حالت میں ہیں۔ اور کہیں کہیں سے ان کے آثار غائب ہو چکے ہیں۔ تاہم اصل خاکہ کا پتہ چلتا ہے۔ یہ تعداد میں چودہ ہیں۔ اور دو قطاروں میں آمنے سامنے بالترتیب بنائے

Marfat.com

گئے ہیں۔ چونکہ ان میں بہت سی بھٹیاں ملی ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ یہ مزدوروں کے رہنے کے مکان تھے۔ ان مکانوں کے نزدیک پختہ اینٹ کے بنے ہوئے تقریباً بیس گول چبوترے برآمد کئے گئے ہیں۔ جو غلہ بھرنے کے گودام اور مزدوروں کے مکانوں کے درمیان واقع ہیں۔ ان کا قطر ۱/۲ ۸ فٹ سے لے کر ۱۱ فٹ تک ہے۔ اور ان میں سے ہر ایک کے بیچ میں ایک گول گڑھا ہے۔ جو اب مٹی سے پر ہے۔ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ قدیم زمانہ میں اس میں لکڑی کی اوکھلیاں لگی ہوں گی۔ یہ خیال اس لئے ہوا کہ کھدائی کرتے وقت ایک گڑھے سے جلے ہوئے جَو اور بھوسی برآمد ہوئی تھی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ مکانات غلے کے گوداموں کے ایک کارخانہ کی حیثیت رکھتے تھے۔ مزدور غلہ کو ان چبوتروں پر کوٹ کر صاف کرتے اور گوداموں میں بھر دیتے تھے۔

نسل: ہڑپائی لوگ پتلے اور میانہ قد کے ہوتے تھے۔ خدوخال باریک تھے۔ مگر بعض مورتوں میں ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ ناک قدرے چھوٹی اور چپٹی ہوتی تھی۔ یہ لوگ بلاشبہ غیر آئرین نسل کے تھے۔ ممکن ہے کہ سامی نسل کے ہوں۔ کم از کم مہانجودارو سے جو بت برآمد ہوئے ہیں۔ ان کے خدوخال سر کے بال اور ڈاڑھی کے رکھنے کے طریقے سے اس خیال کو تقویت پہنچتی ہے۔ ہڑپہ میں تقریباً ہر گھر سے عورت کی چھوٹی چھوٹی مورتیاں ملی ہیں۔ یہ مٹی کی بنا کر پکائی ہوئی ہیں۔ اور ایک خاص شکل کی ہیں۔ خیال کیا جاتا ہے۔ کہ ان کی پرستش ہوتی تھی۔ اور یہ دیوی ماتا کی مورتیاں ہیں۔ دیوی ماتا اولاد اور فصل دینے والی دیوی کا نام ہے۔ اس کی پرستش قدیم زمانے کے بہت سے ممالک میں ہوتی تھی۔ اور ہندوستان کے پست طبقہ میں آج کل بھی کسی نہ کسی شکل میں مثلاً "سیتلا ماتا" رائج ہے۔ اس دیوی کے لئے غالباً قربانی بھی کرتے تھے۔ ہڑپہ سے نکلی ہوئی مہروں پر شیر۔ ہاتھی۔ گینڈا۔ بھینس۔ مگرمچھ اور دیگر جنگلی جانوروں کی تصویریں ہیں۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہڑپائی لوگ خونخوار اور خفیہ جانوروں کی پرستش کرتے تھے۔ شاید ان کی خونخواری سے بچنے اور ان سے فائدہ اٹھانے کے لئے اس سلسلے میں ایک دلچسپ بات یہ ہے۔ کہ ہڑپائی لوگ غالباً گھوڑے سے واقف نہ تھے۔ کیونکہ اس جانور کی تصویر ان کی مہروں یا نقش و نگار میں نہیں ملتی۔ مہریں بطور تعویز کے بھی استعمال ہوتی تھیں۔ چونکہ ان میں سے بعض میں دھاگے ڈالنے کے لئے سوراخ ہیں۔ اس لئے معلوم ہوا۔ کہ اندلس کے یہ قدیم لوگ تعویز اور طلسم کے بھی قائل تھے۔ برآمدہ مہروں سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ کہ یہ لوگ ایک ایسے دیوتا کی بھی پوجا کرتے تھے۔ جس کو ہندوؤں کے دیوتا شیو جی کا پیشرو کہا جا سکتا ہے۔ غالباً اس کی پرستش افزائش نسل۔ درندوں اور چارپایوں کے دیوتا کی حیثیت سے کی جاتی تھی۔ پیپل کے درخت کو دیوتا سمجھتے تھے۔ اکثر مہروں پر ایک خاص قسم کے بجار کی بھی تصویر ہے۔ جو اب اندلس بل کے نام سے مشہور ہو گیا ہے۔ یہ توانا اور تندرست جانور بڑا دیدہ زیب ہے۔ کوتاہ گردن۔ لٹکی ہوئی بٹول والی گردن کی کھال۔ اونچے لمبے قوس نما سینگ۔ اونچی ٹانٹ۔ لمبی دم۔ اور مُتان۔ یہ اس کا حلیہ ہے۔ اس قسم کے بجار کی ایک تصویر عراق کے مقام تُل اغراب سے بھی ملی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ بجار کا یہ تقدس اندلس کے اور مشرقِ وسطیٰ کے قدیم لوگوں میں مشترک تھا۔ مختصر یہ کہ وہ لوگ اپنی ضرورت

Marfat.com

کے پیشِ نظر نہ کہ روحانیت کی خاطر۔ دیوتاؤں۔ جانوروں۔ اور درختوں کی پرستش کرتے تھے۔ یہ لوگ کہاں سے آئے۔ اور کس طرح ختم ہوئے۔ ابھی تک نہیں معلوم ہو سکا۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ سنہ ۱۵۰۰ قبل مسیح کے نزدیک ان لوگوں پر کوئی افتاد پڑی۔ آب و ہوا۔ معاش اور سیاسی حالات نے ان کو کمزور کر دیا ہو گا۔ مگر ان کے نابود ہونے کا سبب غالباً ایک بڑے پیمانے پر قتل عام اور تباہی ہے۔ روایتی طور پر آریہ لوگوں کو اس تباہی کا ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے۔ رگ وید کے کچھ منتروں میں آریہ لوگوں نے اندر دیوتا سے دعا مانگی ہے۔ کہ وہ ان کے دشمنوں کو تباہ کر دے۔ جو پتھر وغیرہ کے بنے ہوئے بڑے بڑے شہروں کے مالک تھے۔ غالباً اشارہ ایسے ہی بڑے شہروں کے لئے ہے۔ جیسے ہڑپہ اور مہانجو ڈارو۔

ہڑپہ کے شہر کی کھدائی میں بود و باش کے آٹھ مختلف طبقات اوپر نیچے برآمد ہوئے ہیں۔ ان طبقات کا مجموعی زمانہ سنہ ۳۵۰۰ سے سنہ ۱۵۰۰ قبل مسیح یعنی دو ہزار سال کے قریب ہے۔ اور یہی انتہائی مدت ہڑپہ کی تہذیب کی ہے۔

ٹیکسلا: ۔ یہ شہر چندر گپت موریا کے وقت سے اب تک بھر۔ سرکاپ اور سرسکھ کے ناموں سے تین مرتبہ آباد ہوا۔ اور اس وقت ٹیکسلا کے شہران تینوں کی وسعت کے برابر ۲۰ میل میں مانا جاتا ہے۔ جس کے اندر کہیں کہیں بدھ مذہب کی خانقاہوں کی صاف علامتیں دکھائی دیتی ہیں۔ چھٹی یا ساتویں صدی قبل مسیح سے اس کے متعلق کچھ معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ کہیں کہیں قلعہ بندی کے نشانات پائے جاتے ہیں۔ جو کبھی غالباً سفید ہن وحشیوں کے گروہوں کے تعاقب کے لئے بنائے گئے تھے۔ جو کہ آبادی کو تہ تیغ اور عمارات کو جلا کر تودہ خاک بنا دیتے تھے۔ اور جنہوں نے سلطنت کشاں کو اپنے قبضہ و تصرف میں لانے کے بعد خاندان گپتا کی عظیم الشان سلطنت کا شیرازہ بکھیر دیا تھا۔

ٹیکسلا کی تاریخ کے متعلق ہماری معلومات اب تک نہایت ہی قلیل ہیں۔ اس کا اصلی نام تکھ شلا تھا۔ یعنی "ترشے ہوئے پتھروں کا شہر" تھا۔ جس کو رومی اور یونانی مصنفین نے ٹیکسلا کر دیا۔

مقام بھر ان سب مقامات سے پرانا ہے۔ وہاں سے سکندر اعظم کے زمانہ کے سکے ملے ہیں۔ ان دنوں ٹیکسلا میں دینیات کے اور طبی سکول چلتے تھے۔ جو یونیورسٹی کے نام سے موسوم ہوتے تھے۔ آس پاس کے مقامات پر بدھ مذہب کی درس گاہوں میں ایسے قابل ترین اساتذہ قیام پزیر تھے۔ جن کی خدمات میں ہندوستان کے تمام علاقوں سے لوگ جوق در جوق جمع ہوتے تھے۔ بلکہ لنکا۔ سیام۔ انڈو چائنا۔ جاوا۔ اور چین تک کے لوگ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے۔ قریب ایک ہزار برس تک یہ مقام سیاحوں۔ تاجروں۔ درویشوں۔ مسافروں اور جنگجو بہادروں کی زندگی کا مرکز بنا رہا تھا۔ ان میں ہندوستانی۔ ایرانی۔ ہنز اور پرانتھین۔ یونانی اور بیکٹرین اور دیگر کئی قسم کے لوگ رہتے تھے۔ جن میں سے اکثر نے بدھ مذہب قبول کر لیا تھا۔ اگرچہ دیگر مذہب کی علامات بھی پائی جاتی ہیں۔ مگر بدھ عنصر کے مقابلہ میں کوئی حقیقت نہ رکھتی تھیں۔ متلاشیانِ خزانہ عرصہ دراز تک اس شہر پر لوٹ گھسوٹ کا ہاتھ صاف کرتے رہے۔ آخر یہ شہر بیچارگی میں

Marfat.com

جا پڑا۔

جنرل کننگھم سنہ ۱۸۶۳ء کے اندر اس کے جغرافیائی نشانات سے متاثر ہوئے۔ موضع شاہ پور کے نزدیک ایک اسٹوپے سے ایک پتھر کا برتن منقش "یہ اسٹوپہ ٹیکسلا میں تعمیر کیا گیا ہے"۔ کے مل جانے پر ان کے تاثرات مضبوط ہوئے۔ سنہ ۱۸۶۲-۶۳ء اور سنہ ۱۸۷۲-۷۳ء کے اندر انہوں نے مختلف مقامات میں کھدائی کرائی۔ لیکن جو قدیم چیزیں اس وقت ملیں۔ ان کی تفصیل نہیں ملتی۔ قریب چالیس برس بعد تک سرکار انگریزی کی غفلت سے یہ جگہ دیہاتیوں کے مظالم کا تختۂ مشق بنی رہی۔ آخر سر جان مارشل ڈائرکٹر جنرل محکمہ آثار قدیمہ سابقہ ہند نے اس عہدہ جلیلہ پر ہوتے ہوئے سابقہ ہندوستان کے باقی حصوں کی نسبت ٹیکسلا کے مقام کے پورے اور صحیح حالات دریافت کرنے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ ان کی بیس پچیس سالہ خدمات قابل ستائش ہیں۔ جن کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ پنشن کے وقت سے اپنی ٹیکسلا کی محنت پر ایک کتاب بنام ( ) نکالنے والے تھے۔ جس کی تمام قدامت پسند اصحاب بڑی بے صبری سے اب تک انتظار کرتے رہے ہیں۔ ایسی بے شمار اشیاء کی آئندہ مستقبل میں حفاظت کے لئے جو کھدائی کے دوران ملی ہیں۔ اور جن کی مدد سے ٹیکسلا کی تاریخ کی تشکیل کی گئی ہے ایک خوبصورت عجائب خانہ یہاں ہی قائم کر دیا گیا ہے۔

عجائب خانہ کی تعمیر میں ایک خاصہ بڑا گول کمرہ درمیان میں رکھا گیا ہے۔ اور اس کی بغلوں میں ایک ایک گیلری دستیاب شدہ اشیاء جن میں پتھر کے بت۔ چونے کی مورتیاں۔ مٹی کے برتن۔ سونے چاندی کے زیورات قیمتی مہریں یا نگینے وغیرہ بھی شامل ہیں۔ شیشے کی میزوں یا الماریوں میں رکھ دی گئی ہیں۔

یہاں پر ٹیکسلا کے حالات تفصیلاً ذکر کرنا مقصود نہیں۔ یہ حالات مذکورہ کتاب بنام رہنمائے ٹیکسلا سے بآسانی پڑھے جا سکتے ہیں۔ لیکن یہ بات کہے بغیر بھی نہیں رہا جا سکتا۔ کہ ٹیکسلا اور اس کے قرب وجوار خانقاہوں کی تعمیرات میں اعلیٰ درجے کی کاریگری دکھلائی گئی ہوئی ہے۔ ایسی تعمیرات کی مینا کاریاں بالعموم یونانی اور بدھ مذہب کے زمانہ کے کتبات کے مشابہ ہیں۔ اس قسم کی مینا کاری کے بہترین نمونے نہایت وثوق کے ساتھ اس زمانہ کے شاہکار کہے جا سکتے ہیں۔ جس میں کہ تمام سابقہ ہندوستان اپنی مینا کاری کے شاہکاروں پر ناز کرتا رہا تھا۔ یہ نقش ونگار کے دلکش کام پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ نقش ونگار سنگ تراشی اور سنگ مرمر کے چونا سے بنے ہوئے ہیں۔ اور شگفتہ خاطر نگوں سے تیار ہیں۔ بعض تو ان میں سے اصل اشیاء کے بالکل مشابہ ہیں۔ اس دور کے آخری وقت میں ماہر کاریگر نقش میں ایک طرح کا رومان پیدا کرنے لگ گئے تھے۔ ان کی اس چیز نے ایک عجوبہ پیش کر دیا تھا۔ القصہ یہ کہ یہاں کے ماہرین فن اور سنگ تراش اپنے وقت میں ہنر کے اعتبار سے یکتائے روزگار تھے۔ اور دنیا کے ہر اطراف سے آنے والے خریداروں کے نزدیک باعث جمعیت خاطر تھے۔

یونانی صنعت کا اثر:۔ یونانی صنعت کے اثر نے نہ صرف اصطلاحی مشکلات کو صاف کر دیا۔ بلکہ نئے اور جاندار

Marfat.com

خیالات سے اس کی نشوونما میں بھی نئی روح پھونک دی۔ اس صنعت نے صدہا سال تک یہاں پر اپنا سکہ جمائے رکھا۔ اور یہاں کی صنعتی روایات کو بالکل پسِ پشت ڈال دیا۔ اگرچہ اس میں شک نہیں۔ کہ جو صنعتی نمونے اس نے آپ پیش کئے وہ بجائے خود بڑی خوبی کے نہیں۔ اور یونانی ذکاوت کے سمجھنے میں قابل قدر امداد دیتے ہیں لیکن باوجود اس عالمگیری کے یونانی صنعت یہاں پر حقیقی طور پر کبھی اس طرح پاؤں نہ جما سکی۔ جس طرح اٹلی یا مغربی ایشیا میں اس نے اپنا تسلط بٹھا لیا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی۔ کہ یونانی اور اس دیس کے لوگ بلحاظ انسانی معیار حسن اور فہم و ذکا بالکل اختلاف رکھتے تھے۔ کچھ عرصہ بعد بلند تخیلات اور روحانی جذبات کو صورت اور رنگ کی عبارت میں وضاحت کے ساتھ بیان کرنے کی کوشش کرنی شروع کی گئی لیکن یہ کوشش خاندان گپتا کے وسیع عہدِ حکومت ہی میں اس وقت شروع ہوئی۔ جبکہ صنعت اور تخیل میں بہت قریبی اتصال قائم ہو چکا تھا۔ اور دونوں کو نئی تقویت حاصل ہو چکی تھی۔ حقیقت یہ ہے۔ کہ تصویر سازی کی صنعت میں یہاں لوگوں کو سادہ اور عالمگیر الفاظ میں اپنی مذہبی روایات و تواریخ کے اظہار کا اچھا موقعہ نظر آیا۔ اور چونکہ یونانی صنعت میں یہ امور نہایت وضاحت کے ساتھ دلکش طریق پر ادا کئے جاتے تھے۔ اس لئے یہاں کے لوگوں نے اپنے مقصد کی تکمیل کے لئے بڑی خوشی سے اس کا خیر مقدم کیا۔ اور نہایت ذوق و شوق سے اس کو سیکھا۔ اس کے سوائے اور مقصد ان کے مدِ نظر نہ تھا۔ یعنی نہ تو اپنی یونانی نصب العین ہی سے ہمدردی تھی۔ اور نہ وہ اس صنعت کو اپنے روحانی نصب العین کے اظہار کا ذریعہ ہی سمجھتے تھے۔

باوجود اس شوکت و ثروت کے جو ٹیکسلا کو ایامِ قدیم سے حاصل تھی۔ اس کی تاریخ کے متعلق ہماری معلومات نہایت قلیل اور زیادہ تر یا تو یونانی اور چینی مصنفین کی تحریروں پر مبنی ہیں۔ یا سکوں اور چند نایاب کتبوں اور برآمدہ اشیا کی مدد سے نہایت عرق ریزی کے ساتھ کھدوائی کے ذریعے فراہم کی گئی ہیں۔ پانچویں صدی قبل مسیح کے آغاز کے قریب ٹیکسلا کا صوبہ ایران کی ہمنشین سلطنت میں شامل تھا۔ کیونکہ دارا بادشاہِ ایران کے جو کتبے اصطخر کی عمارت پر اور نقش رستم میں دارا کی قبر پر کندہ ہیں۔ ان میں ایک نئے ہندی صوبے کا ذکر ملتا ہے۔ جس کو سلطنت کے تمام صوبوں سے زیادہ آباد اور زر خیز کہا گیا ہے۔ اور جس سے خیال ہوتا ہے۔ کہ اس صوبے میں غالباً پنجاب کے علاقے کا اکثر حصہ جو دریائے اٹک کے مشرق میں واقع ہے۔ شامل ہے۔ ٹیکسلا میں ایرانی اثر کی دلچسپ یادگار ایک آرمائی کتبے کی صورت میں ملی ہے۔ جو تیسری صدی قبل مسیح میں غالباً کسی بڑے سرکاری عہدہ دار کی یادگار کے طور پر قائم کیا گیا تھا۔ بدھ مذہب کی کتاب جاتکا سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ٹیکسلا اس وقت ایک یونیورسٹی تھی۔ جو علوم و فنون مروجہ کی تعلیم میں چند صدیوں تک شہرہ آفاق رہی۔ اور یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے۔ کہ چندر گپتا موریا کا مشہور برہمن وزیر چانکیا ٹیکسلا میں پیدا ہوا تھا۔ اگر ان چند امور سے قطع نظر کی جاوے۔ تو یونانی حملے سے قبل ٹیکسلا کی تاریخ کے متعلق ہمیں کچھ معلوم نہیں۔

مہاتما بدھ کا پیتل کا بنا ہوا بت لاہور کے عجائب خانہ کے اندر ایک بہترین چیز ہے۔ اس بت کے ساتھ کچھ

Marfat.com

عبارت کندہ ہے۔ جو کہ چھٹی صدی عیسوی کے مشابہ ہے۔ یہ بُت تحصیل نورپور سے مقام فتح پور کی دھرم سالہ سے خریدا گیا تھا۔ کانسی کا بنا ہُوا وشنو کا بُت بھی جو کہ مہاتما بدھ کے بُت سے کم پرانا ہے۔ اسی گردونواح سے لایا گیا ہُوا ہے۔

تاریخی واقعات :-

قبل مسیح سنہ ۵۶۲ پیدائش سدھارتھ شاکی منی گوتم بدھ کی۔

" " سنہ ۵۲۷ مہاویر بانی جین مذہب کا انتقال۔

" " سنہ ۵۱۸ دارائے گشتاسپ کیانی بادشاہ ایران کا ٹیکسلا کو فتح کرنا۔

" " سنہ ۴۸۳ بدھ کی وفات۔

" " سنہ ۳۲۶ ٹیکسلا سکندر کے حوالے کیا گیا۔

" " سنہ ۳۲۳ سکندر کا انتقال۔

" " سنہ ۳۱۷ پنجاب و ٹیکسلا سے یونانیوں کا چندر گپت موریا کے ڈر سے بھاگنا۔

" " سنہ ۲۳۲ آشوک کی وفات اور ٹیکسلا کی خودمختاری۔

" " سنہ ۱۹۰ پنجاب و ٹیکسلا کی فتح از ڈی میٹریس شاہِ باختر۔

" " سنہ ۱۷۰ ڈی میٹریس سے یوکریٹائیڈس کا پنجاب و ٹیکسلا چھین لینا۔

" " سنہ ۱۳۰ اپالوڈوٹس کا اینٹی السی ڈس کی جگہ جانشین بننا۔

" " سنہ ۸۰-۸۵ سیتھی بادشاہ کا ٹیکسلا فتح کرنا۔

" " سنہ ۵۸ عزیز اول معز بادشاہ کی جگہ تخت نشین ہُوا اور بکرمی کا اجرا ہُوا۔

" " سنہ عزیز ثانی کی تخت نشین بعد انداز کی سیمز

عیسوی سنہ ۲۰-۳۰ قندوفریس۔ پارتھی شاہ قندھار کا ٹیکسلا کو فتح کرنا۔

" سنہ خامس حواری کا قندوفریس کے دربار میں آنا۔

" سنہ قندوفریس کا انتقال۔

" سنہ کشانی سلطنت کا ٹیکسلا میں قیام اور شاکا سمت کا اجرا۔

" سنہ ۱۲۵ شہر سرسکھ کی بنیاد۔ کشانی بادشاہ کشک کی تخت نشینی پر۔

" سنہ ہوشک بادشاہ کی تخت نشینی۔

" سنہ ۱۸۷ تخت نشینی واسدیو۔

" سنہ ۲۲۵ واسدیو کا انتقال اور سلطنت کشاں کا زوال۔

Marfat.com

عیسوی سنہ ۲۲۶ء اردشیر بابکان کا ایران میں ساسانی حکومت قائم کرنا۔

" سنہ ۳۰۹ء خاندان گپتا کے بانی یعنی چندر گپت کی تخت نشینی اور گپتا سمت کا اجرا۔

" سنہ ۴ء چینی سیاح بنام فاہیان کا ٹیکسلا کو دیکھنے آنا۔

" سنہ ۳۰ء کشان خورد کی سلطنت کا کدار شاہی کے ذریعہ قائم ہونا۔

" سنہ ۴۵۰ء سے سنہ ۵۰۰ء تک ہنسہ لوگوں کا حملہ آور ہونا۔ ٹیکسلا کا برباد ہونا اور کشان خورد کا پشاور وغیرہ کے علاقہ سے نکل جانا۔

" سنہ ۵۱۰ء تورمان کا انتقال اور مہرگل کا تخت نشین ہوا۔

" سنہ ۶۲۹ء سے سنہ ۶۴۵ء ہیون چوانگ چینی سیاح کی ہمارے ملک کے اندر سیر و سیاحت۔

دیگر مقامات: - ملتان - یہ شہر اس صوبہ کے شمال مغرب میں قدیم زمانہ سے چلا آتا ہے۔ ابھی تک اس کی تاریخ آبادی معلوم نہیں ہوئی۔ اغلباً طور پر کہا جاتا ہے۔ کہ یہ شہر کبھی مالی لوگوں سے آباد تھا۔ جہاں پر سکندر اعظم نے فتح ہندوستان کے وقت چڑھائی کی۔ اور خود مجروح ہوا۔ ساتویں صدی عیسوی میں سندھ کا چچ خاندان اس پر قابض ہوا۔ اوسی وقت سے ہی یہ شہر تاریخی طور پر ظہور میں آیا۔

موقع بموقع کئی یورپین لوگ اس شہر کو دیکھنے آتے رہے ہیں۔ چنانچہ سر الیگزنڈر کننگھم اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے یوں لکھتے ہیں۔ کہ آٹھویں صدی عیسوی کے مٹی کے تودے اس شہر کو سنہ ۷۱۲ء عیسوی میں محمد بن قاسم کا مفتوحہ شہر ظاہر کرتے ہیں۔ اور چھٹی صدی قبل مسیح کے مٹی کے ڈھیر سنہ ۳۲۶ء قبل مسیح میں سکندر اعظم کی فتح سے منسوب کرتے ہیں۔

زمانہ قبل مسیح کے سکے اس شہر کے اندر اور اس کی گرد و نواح میں اب تک ملتے ہیں۔ ہیون چوانگ نے ایک وقت اس شہر کا ملاحظہ کیا۔ جس کا اس نے اپنی تحریر میں یوں ذکر کیا ہے۔ شہر تو لمبا کے قریب ایک بھاری مٹی کا پشتہ ماموں شہر کے نام سے منسوب ہے۔ غالباً یہ وہی جگہ ہے۔ جو اس سے قدیم زمانہ میں بریکھمنن کے نام سے مشہور رہ چکی ہے۔ کننگھم نے لکھا ہے۔ کہ وہاں کی عمارات میں بڑے سائز کی اینٹیں استعمال کی گئی ہیں۔ جو حجم میں ۱۲ × ۸ × ۲½ انچ ہیں۔ اور یہ سائز یقینی طور پر پرانے وقت کی علامت ہے۔

مقام نندانہ: - سلسلہ ہائے کوہ نمک میں نندانہ کا مقام بدھ مت کے ابتدائی دور کی یاد دلاتا ہے۔ وہاں پر مشاہدات سے کچھ ایسا ظاہر ہوتا ہے۔ کہ جیسے وہاں کے قلعہ کی کھودائی کرنے سے شاندار نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ پاس ہی ملوٹ اور کٹاس کے مقامات کے مندروں کی بناوٹ کشمیر کے فن تعمیرات کا نقشہ پیش کرتی ہے۔ نیز کٹاس کے مقامات پر کچھ جگہیں اپنی نادر حیثیت سے کھودائی کے قابل سمجھی جاتی ہیں۔ اور اس جگہ کے چینی مندروں کے باقیات جن کا ہیون چوانگ نے بھی اپنی تحریرات میں ذکر کر رکھا ہے۔ مرکزی عجائب خانہ میں قرینہ سے رکھے جا چکے ہیں۔

Marfat.com

جہلم :- شہر جہلم سے زمانہ قدیم کی کئی نادر چیزیں دستیاب ہوئی ہیں۔ چنانچہ لاہور کے عجائب خانہ میں گپتا خاندان کے وقت کا اکا گھا سولینکا کا پتھر جہلم کی ریلوے لائن نکالتے وقت برآمد ہوا تھا۔ تحقیقات سے جب یہ معلوم ہو جائے گا کہ گپتا خاندان کی سنگ تراشی کا یہ نمونہ ممکن طور پر کہاں سے آیا ہوگا۔ تو مزید انکشافات کا امکان پیدا ہو سکے گا۔ نیز بعض اندراجات سے ظاہر ہوتا ہے۔ کہ جہلم ریلوے سٹیشن کے سٹاف کے بنگلے قدیم زمانہ کے ایک پشتے پر آباد ہیں۔

جلال پور :- یہ قصبہ قدیم شہر بوکیپھلا کی جگہ پر آباد ہے۔ اور نہایت پرانے ٹیلے پر واقع ہے۔ یہاں یونانی اور باختری سکے ملتے ہیں۔

بھیرہ :- اس شہر کے آباد ہونے کی تاریخ کا صحیح صحیح پتہ نہیں۔ ہم صرف یہی جانتے ہیں۔ کہ بھیرہ ۴۰۰ء میں چینی سیاح فاہیان کے یہاں سے گزرتے وقت موجود تھا۔ یہ شہر بھی ایک قدیمی یادگار ہے۔ جو کھدائی کئے جانے کے قابل سمجھا جا چکا ہے۔ اس میں پانچ ٹیلوں کے مقام پر ۱۹۳۷ء سے کھدائی کا کام شروع کیا جا چکا ہے۔

جائزہ :- آثار قدیمہ کا جائزہ لینے کے لئے ایک بہت بڑے کام کو ہاتھ میں لینے کے برابر ہے۔ جسے انفرادی طور پر سرانجام دینا ناممکن ہے۔ لہٰذا تعلیمی اداروں اور عوام کی امداد کی ہر وقت ضرورت ہے۔ پنجاب ایکسپلوریشن فنڈ کی کامیابی ظاہر کرتی ہے۔ کہ کچھ برگزیدہ اصحاب کی ایک جماعت اس کام میں کافی دلچسپی لیتی ہے۔ اور موقع پڑنے پر ہر طرح اعانت کرتی ہے! اب اس جماعت میں مزید دلچسپی پیدا کرتے جانا آثارات قدیمہ کی معلومات پر عملی کام کرنے والے اصحاب کی اپنی حکمت عملی پر موقوف ہے۔ ورنہ ان کی کسی وقت کی بے توجہی آثارات قدیمہ کی معلومات میں سست رفتاری کا موجب بن جاویگی۔

Marfat.com

باب چہارم

نہریں

زمین: ۔ پہلے باب کے شروع ہی میں پنجاب کی وسعت کا بالتفصیل ذکر کیا جا چکا ہے۔ یہ زمین عموماً ہموار ہے۔ جو ماسوائے کچھ ٹکڑہ جات کے باقی کی تمام پھلوں اور فصلوں کی کاشت کے حق میں اچھی مانی جا چکی ہے۔

آبپاشی: ۔ کوہ ہمالیہ کے دامنی اضلاع سے سندھ کے صحرائی حصہ تک بارش کا سالانہ درجہ پنتیس چالیس انچ سے پانچ سات انچ تک رہ جاتا ہے۔ بحیرۂ عرب کی مون سون ہوائیں خلیج بنگال کے مون سون دھارا سے مل کر جولائی کے شروع ہفتہ سے ستمبر کے دوسرے ہفتہ تک بارش برساتی ہیں لیکن اول تو علاقہ کے بیشتر حصہ پر سالانہ بارش بارہ پندرہ انچ ہے۔ جو گراں قیمت فصل کے لئے بالکل ناکافی ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ معمولی سی بارش بھی فصل کے بیجنے یا فصل کے پکنے کے موقع پر نصیب نہیں ہوتی۔ اور جن حصّوں میں بارش کی کمی ہے۔ وہاں پر کنوئیں کافی گہرے ہیں۔ یہاں تک کہ بعض مرتبہ ۷۰-۸۰ فٹ تک کھدائی کا کام کرنا پڑتا ہے۔ جس کا خرچ چھوٹے چھوٹے زمینداروں کی بساط سے زیادہ ہے۔ بنابریں نہری آبپاشی کے لئے حالات پاکستان کے دوسرے صوبوں کی نسبت زیادہ موزوں ہیں۔

آبپاشی کے لحاظ سے پنجاب دنیا کا دولتمند ترین علاقہ ہے۔ ستلج، راوی، چناب اور جہلم پنجاب میں آبپاشی

Marfat.com

کے سب سے بڑے ذرائع ہیں۔ یہ چاروں دریا دو ہزار میل کا طویل سفر کرتے ہوئے مٹھن کوٹ کے مقام پر دریائے سندھ میں مل جاتے ہیں۔ جو سندھ کو سیراب کرتا ہوا بحیرۂ عرب میں گر جاتا ہے۔

مسلمان بادشاہ: ۔ پیاسی زمینوں کو فصل کے بیجنے اور اس کے پختہ ہوتے وقت با افراط پانی کا میسر ہو جانا معاشرتی ترقی میں بیش بہا نعمت ہے۔ مذکورہ بالا حالات اگرچہ صوبہ میں صدیوں سے موجود تھے جنہیں مسلمان بادشاہوں نے اپنے عہدِ حکومت میں محسوس کر کے کچھ نہریں کھدوائیں۔ جو کہنہ مشق طریق سے چلتی تھیں۔ چونکہ ان کے پانی کی روک تھام کا تسلی بخش انتظام نہ تھا۔ اس لئے نہری آبپاشی بڑے تردد کا کام اور فصلوں کا ہو جانا غیر یقینی معاملہ تھا مغلوں کی حکومت ختم ہوتے وقت پنجاب میں مندرجہ ذیل نہریں موجود تھیں۔

۱۔ شہنشاہ اکبر اور شاہ جہان کی ہسلی نہر جو کہ اس زمانہ کے شہرہ آفاق علی مردان خان انجینئر نے دریائے راوی کا پانی لاہور کے شالامار باغ میں لانے کے لئے کھدوائی تھی۔

۲۔ چند ایک سیلابی نہریں جو چناب، ستلج اور سندھ سے آبپاشی کرنے والوں کی اپنی متفقہ کوشش سے بنائی گئیں۔ تاکہ وہ دریاؤں کی آس پاس کی نیچان والی زمین میں آبپاشی کر سکیں۔

برطانوی حکومت: ۔ سلطنت مغلیہ کے زوال اور زاں بعد یہاں کے ابتر حالات کی نسبت تاریخ کی عام کتابوں میں بہت کچھ مندرج ہے۔ انیسویں صدی کے پہلے نصف میں تجارت۔ کاروبار اور کاشتکاری کی بدحالی اس صوبہ میں غیر یقینی گزارے کا موجب بن گئی۔ عام قحط پڑنے لگے۔ اس وقت زمین کے بڑے بڑے ٹکڑہ جات صرف گلہ بانوں کو ہی گزارہ دے سکتے تھے۔

اس وقت یہ توقع کی گئی تھی۔ کہ لوگ نجی سرمایہ سے نہریں بنانے میں دل کھول کر حصہ لیں گے۔ اور اس طرح پنجاب کے وہ علاقے آباد ہو سکیں گے۔ جو صرف ذرائع آبپاشی نہ ہونے کی وجہ سے ویران پڑے تھے۔ لیکن ممکن ایسا نہ ہو سکا۔ معدودے چند بڑے بڑے زمینداروں کے سوا اور کوئی بھی اس کے لئے رضامند نہ ہوا۔ اور بالآخر ۱۸۶۶ء میں خود حکومت کو آبپاشی کی تعمیر میں دلچسپی کا کام کرنا پڑا۔ اس وقت کی برطانوی حکومت کو آبپاشی کے پروجیکٹوں کی تعمیر میں دلچسپی یوں بھی تھی۔ کہ بنجر اور غیر آباد علاقوں میں نہروں کا جال پھیلا کر قبائلیوں کو یہ ترغیب دی جائے۔ کہ وہ حکومت کے لئے موجب پریشانی بننے کی بجائے ان نہروں سے سیراب ہونے والی زمینوں پر آباد ہو کر امن و چین کی زندگی بسر کریں۔

نہروں کی قسمیں: ۔ صوبہ میں دو قسم کی نہریں ہیں۔ (۱) سیلابی۔ (۲) دوامی۔

سیلابی نہریں: ۔ ایسی نہریں کاشتکاروں کی باہمی اغراض سے بغیر کسی کاریگر یا انجینئر کی مدد کے عام عقل کے مطابق کھودی ہوئی ہیں۔ ان کا بہاؤ دریاؤں کی طغیانی سے وابستہ ہوتا ہے۔ یہ نہریں زمینداروں کو کافی فائدہ پہنچاتی رہی ہیں۔

Marfat.com

اب دوامی نہروں کے بن جانے سے تعداد میں بہت کم رہ گئی ہیں۔ انہیں تین طریقوں سے چلایا جا رہا ہے۔ اور وہ عہد سلف کی یادگاریں ہیں۔

دوامی نہریں : ۔ اس قسم کی نہریں زمانہ جدید کی حکمت عملی کا نتیجہ ہیں۔ دریاؤں سے ایسی نہروں کے اندر رکوں کے ذریعے روک تھام کر کے پانی چھوڑنے کا مکمل انتظام کیا ہوتا ہے۔

مختلف طریقے : ۔ موجودہ پنجاب میں یہاں کی نہریں مختلف طریقوں کے ماتحت چل رہی ہیں۔ اوردو اور ایسے طریقے حویلی پراجیکٹ اور تھل پراجیکٹ کے نام سے دوراہ کار ہیں۔ ان نہروں کے مختلف اور مستقل طریقوں کے نام حسب ذیل ہیں۔

۱۔ اپر جہلم۔
۲۔ لوئر جہلم۔
۳۔ اپر چناب۔
۴۔ لوئر چناب۔
۵۔ اپر باری دوآب۔
۶۔ لوئر باری دوآب۔
۷۔ دیپالپور۔ فیروزپور (مشرقی پنجاب)
۸۔ حویلی پراجیکٹ۔
۹۔ تھل پراجیکٹ۔
۱۰۔ پاک پٹن میلسی۔

نہر اپر جہلم : ۔ دریائے جہلم کے ہیڈورکس مانگلا سے ۵۸۳ میل لمبی نکالی ہوئی ہے۔ اور ضلع گجرات اور جہلم کے ۱۲۸۷۵۰ ایکڑ رقبہ کو سیراب کرتی ہے۔

نہر لوئر جہلم : ۔ یہ نہر شہر جہلم سے تیس میل نچلی جانب رسول کے مقام پر دریائے جہلم سے نکالی گئی ہے۔ اگرچہ نقشے اور تصور کے اعتبار سے نہر لوئر چناب کے مشابہ پڑتی ہے۔ مگر اس سے کافی چھوٹی ہے۔ اس میں صرف ۳۹۷۰ کیوسک پانی چھوڑ دیئے جانے کی گنجائش ہے۔ یہ نہر لمبائی میں ۱۰۰ میل لمبی ہے۔ اور ۱۹۵۰۰۰ ایکڑ زمین کی آبپاشی کرتی ہوئی سرگودھا۔ گجرات اور جھنگ کے اضلاع کو سیراب کرتی ہے۔

نہر اپر چناب : ۔ اسے دریائے چناب کے ہیڈورکس مرالہ سے ۱۲۹ میل لمبا نکال کر اضلاع سیالکوٹ۔ گوجرانوالہ اور شیخوپورہ کے ۲۹۹۳۱۲ ایکڑ زمین کو سیراب کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

نہر لوئر چناب :۔ یہ نئی قسم کی نہر ۱۹۰۹-۱۸۷۲ء یعنی اٹھارہ سال کے تجسس اور سکیم کے منظور ہو جانے پر دریائے چناب سے وزیر آباد کے تلے کی جانب آٹھ میل کے فاصلے پر مقام خانکی سے ۴۴۷ میل لمبی نکالی گئی تھی۔ جس سے خانہ بدوش اور شتر بانوں کے صدیوں کے ایک وسیع بنجر علاقے کو آباد کر دینا مقصود تھا۔ اس کی وسعت کے مطابق اس میں ۱۱۲۳۰ کیوسک پانی اس وقت چھوڑ دینے کی گنجائش ہے۔ یہ نہر چوبیس لاکھ ایکڑ زمین کو سیراب کرتی ہے۔ اور دنیا کی بڑی بڑی نہروں میں شمار ہوتی ہے۔

یہ پہلی نہر ہے۔ جس میں کہ حکمت عملی کے ماہرین یعنی انجینئروں کو نہر کے مکمل طریقے اور آبپاشی کی سکیم کو تیار کرنے کی پوری آزادی حاصل تھی۔ اس کی تیاری میں ۴۴ لاکھ روپے خرچ کیا گیا تھا۔ بنجر زمین کا تمام علاقہ ۱۰۰ فٹ کی لمبائی سے مربع کھیتوں میں اور ۲۸ ایکڑ زمین کے ٹکڑہ جات میں تقسیم کیا گیا تھا۔ اس تقسیم نے انتظامیہ معاملات اور لگان کے بارے میں کافی سہولت پیدا کر رکھی ہے۔ دیہات کی حدود حصہ رسدی پانی کے لحاظ سے قائم کی گئی۔ اور دیہات بناتے وقت ایسی مناسب جگہوں کا انتخاب کیا گیا۔ جو سیلاب کے پانی سے محفوظ ہوں اور آپس میں قریب تر ہوں۔ ان کی تعمیر کے وقت روشنی اور صفائی کا خاص لحاظ رکھا گیا۔

تمام نوآباد علاقوں کی نہروں پر کھیتوں کو پانی تقسیم کرنے میں رائج کردہ راجباہوں کا طریق دنیا میں بہترین مانا جا چکا ہے۔ یہ تمام راجباہ کھیتوں کی حدود کے ساتھ ساتھ بہتے ہیں۔ اور ہر ایک کھیت کو نہایت مناسب جگہ پر اس کی اونچی اور ڈھلان والی زمین پر پانی چھوڑتے ہیں۔ پانی کی افراط اور ان راجباہوں کے اعلیٰ انتظام سے نہر لوئر چناب کا سیراب کردہ علاقہ زرخیزی کے اعتبار سے صوبہ بھر میں سب سے زیادہ متمول ثابت ہوا ہے۔ اس علاقہ میں آبپاشی شروع ہونے سے پیشتر جہاں ایک مربع میل میں صرف سات افراد پائے جاتے تھے۔ اب وہاں ۲۵۰ سے زیادہ شمار میں آتے ہیں۔ اعلیٰ تجارتی مرکز قائم ہو گئے ہیں۔ جن میں سے شہر لائل پور صوبہ بھر میں نہ صرف خوشحال اور خوشنما شہر ہے بلکہ زراعتی پیداوار کی تجارت کو وسیع پیمانے پر چلاتے ہوئے رفتہ رفتہ طرح طرح کے کارخانہ جات سے مالا مال ہوتا دکھائی دے رہا ہے۔

نہر اپر باری دوآب :۔ یہ نہر اصل میں شہنشاہ اکبر کے وقت میں انجینئر علی مردان خان کی بنائی ہوئی نہر سہلی کی اصلاحات سے تیار کردہ کہی جاتی ہے۔ برطانوی حکومت کی آمد پر اس نہر کی نو تعمیر نے سکھ سرداروں کو کاشتکاری کی طرف متوجہ کر کے پنجاب میں آرام قائم کرنے میں بہت مدد پہنچائی تھی۔ یہ نہر دریائے راوی سے پٹھانکوٹ کے قریب مادھوپور کے مقام سے ۵۰۹ میل لمبی نکالی گئی ہوئی ہے۔ موجودہ شکل میں ۱۸۶۰ء کی تعمیر کردہ ہے۔ یہ نہر اس وقت لاہور کے اضلاع میں ۱۲۶۶۶۷۱ ایکڑ زمین کو سیراب کرتی ہے۔

نہر لوئر باری دوآب :۔ یہ نہر دریائے راوی کے ہیڈ ورکس بلّوکی سے ۲۴۳ میل لمبی نکالی گئی ہوئی ہے منٹگمری

Marfat.com

اور ملتان کے کچھ علاقہ کے ۱۲۲۵۲۶ء ایکڑ رقبہ زمین کو جسے گنجی بار کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ سیراب کرتی ہے۔

حویلی پراجیکٹ : ۔ اس پراجیکٹ سے ضلع ملتان میں سیلابی نہر کی نعم البدل ایک نہر جاری کی گئی ہے۔ یہ نہر دریائے جہلم اور چناب کے سنگھم ترموگھاٹ سے دس میل نیچے حویلی بہادر شاہ کے قریب سے نکل کر ضلع جھنگ کے دیہات سے ۵۴ میل گزرتی ہے۔ اور بچت کا پانی مقام سدھنائی پر دریائے راوی میں ڈال دیتی ہے۔ سدھنائی سے تین نہریں نکالی گئی ہیں۔ یہ نہریں ان سیلابی نہروں کی نعم البدل ہیں جو کہ طغیانی کے ایام میں دریائے راوی اور چناب سے پانی حاصل کرتی ہیں۔ ان سے ۱۵ لاکھ ایکڑ علاقہ سیراب ہوتا ہے۔ اس سکیم سے موجودہ آبپاشی کو بہتر بنانا اور بنجر علاقے کو آباد کر دینا مقصود ہے۔ حویلی سکیم سے نہر پاکپٹن کو بھی پانی پہنچتا ہے۔

تھل پراجیکٹ : ۔ تھل ایک وسیع ریگزار ہے۔ جو قریباً پچاس لاکھ ایکڑ تک پھیلا ہوا ہے۔ اس علاقے کے قریب ہی بسنے والے دریائے سندھ سے آبپاشی کرنے کا خیال پنجاب کے نہری انجینئروں کو اب سے اسّی سال پہلے سوجھا تھا۔ تھل پراجیکٹ کی تعمیر کا کام ۱۹۳۹ء میں شروع ہوا۔ اس تمام علاقے کی آبپاشی کے لئے کم از کم سولہ ہزار کیوسک پانی درکار ہے۔ مگر ہر دست پنجاب گورنمنٹ کو چھ ہزار کیوسک پانی پر اکتفا کرنا پڑا ہے۔ اس نئی سکیم کے مطابق ایک عظیم الشان بند تیار کیا گیا ہے۔ وہ "جناح بیرج" کہلاتا ہے۔ اس پراجیکٹ کی بڑی نہر اور اس کی شاخیں قریب ۱۸۰ میل مکمل ہو چکی ہیں۔ یہ بڑی نہر کالا باغ کے مقام سے ۱۱۸۲ میل لمبی نکالی جا رہی ہے۔ سلیم کی روک تھام کے لئے اینٹوں اور سیمنٹ سے پلستر کیا جا رہا ہے۔ اس سکیم پر کل ۱۵ کروڑ ۵۰ لاکھ روپے خرچ ہوتا ہے۔

حکومت نے ایک تھل ڈویلپمنٹ اتھارٹی مقرر کی ہے۔ وہ تھل میں نجی زمین بھی حاصل کر کے علاقے کی مجموعی ترقی کے لئے پلان تیار کرنے کی مجاز ہے۔ زمین کے بڑے بڑے ٹکڑے لئے جاتے ہیں۔ ان پر چکوں کے نشان قائم کئے جاتے ہیں۔ پھر ٹریکٹروں اور جدید مشینوں کے ذریعے زمین کاشت کے لئے تیار کی جاتی ہے۔ جب ایک بلاک اس طرح تیار ہو جائے تو آبادکاروں کا ایک دستہ وہاں پہنچا دیا جاتا ہے۔ وہاں جاتے ہی ہر شخص کو ۱۵ ایکڑ زمین مل جاتی ہے جس کی فی الفور کاشت شروع ہو جاتی ہے۔ آلات کشاورزی، بیل، بیج اور دیگر ضروریات زندگی آبادکاروں کے لئے پہلے سے تیار رکھی جاتی ہیں۔ اتھارٹی نے وہاں معیاری قسم کے مکانوں کی تعمیر بھی شروع کر رکھی ہے۔

تھل کے پہلے پہلے آبادکاروں نے گندم اور چنوں کی چند فصلیں کاٹ چکے ہیں۔ آبادکاری کی رفتار رفتہ رفتہ تیز ہوتی جا رہی ہے۔ فوج کے مہاجر سپاہیوں کے کنبوں کے لئے بھی وسیع رقبہ جات مخصوص کئے گئے ہیں۔ ان کے نام الاٹ کی ہوئی زمینوں کی کاشت ان کے بھائی بھتیجے اور دوسرے رشتہ دار کرتے ہیں۔ محکمہ جنگلات کی طرف سے کثرت سے درخت لگائے جا رہے ہیں۔ محکمہ تعمیراتِ عامہ سڑکیں بنانے میں مصروف ہے۔ سرکاری زراعتی کاموں دیہات منڈیوں اور صنعتی شہروں کے لئے بھی رقبے مخصوص کئے گئے ہیں۔

Marfat.com

جناح بیرج کے ذریعے دریائے سندھ کا پانی صرف تھل کی آبپاشی کے لئے ہی نہیں لیا جائے گا۔ بلکہ اس پانی سے دو مرحلوں میں بجلی بھی حاصل کی جائے گی۔ پہلے مرحلے میں تقریباً ۲۰ ہزار کلوواٹ پیدا کی جائے گی۔ اور دوسرے میں قریباً ۴۵ ہزار کلوواٹ۔ اندازہ کیا جاتا ہے۔ کہ یہ محنت آئندہ دس سال تک رنگ دکھلائے گی۔ اور تھل کے ریگزار جنگل میں منگل کے لفاظ پیش کرے گی۔ وہاں تجارت اور صنعت کی گہما گہمی نظر آئے گی۔ اور جہاں آج گھاس کا تنکا تک نہیں وہاں حد نگاہ تک ہرے بھرے کھیت پھیلے ہوں گے۔

نہر پاکپٹن میلسی :۔ یہ نہر اضلاع ملتان اور منٹگمری کے اس علاقہ کو جسے نیلی بار کہتے ہیں۔ سیراب کرتی ہے۔

نہر جلّو :۔ ایک نہر جلّو نزد لاہور کے مقام سے دریائے راوی سے نکالی گئی ہے۔ جو باری دوآب کے زیریں علاقے کو سیراب کرتی ہے۔

انہار ثلاثہ :۔ یہ سکیم محض منٹگمری اور ملتان کے اضلاع کی بنجر زمینوں میں آبپاشی کرنے کی خاطر تیار کی گئی تھی۔ وجہ یہ تھی۔ کہ نہر اپر باری دوآب میں سے پانی کے زیادہ نکاس سے دریائے راوی کا پانی دستیاب نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے دریائے جہلم کا وافر پانی دریائے چناب میں لے جانے کے لئے نہر اپر جہلم کو مقام منگلا سے نہر لوئر چناب کے ہیڈ مقام خانکی تک کھودا گیا۔ دریائے چناب کی اوپر کی جانب مقام مریلا سے برابر کا پانی نکال کر نہر اپر چناب کے ذریعے دریائے راوی میں بلّو کی کے مقام پر گرا دیا گیا۔ اور دریائے راوی کے بائیں کنارے سے نہر لوئر باری دوآب منٹگمری اور ملتان کے اضلاع کی بنجر زمینوں کی آبپاشی کے لئے نکالی گئی۔ یہ سکیم انہار ثلاثہ کے نام سے موسوم کی جاتی ہے۔

ضمناً یہ ذکر کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ کہ نہر اپر جہلم اور اپر چناب دونوں ہی ایک دریا سے دوسرے دریا میں پانی لے جاتے وقت راہ افتادہ علاقہ کی کافی آبپاشی کرتی ہیں۔

نہروں کا انتظام :۔ ایک نہر کے انتظامات میں کئی پیچیدہ مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ جن کا فوری حل کر دینا آبیاری کاروبار کو کامیاب طریق پر چلانے کے لئے اشد ضروری ہے۔ نہروں کے اس بہت بھاری سلسلے کی صحیح نگرانی۔ انتظامات اور ہدایات کے واسطے تین چیف انجینئر۔ بارہ تیرہ سپرنٹنڈنگ انجینئر۔ پچاس پچپن ایگزیکٹو انجینئر اور کثیر التعداد امدادی اور ماتحت انجینئر بمعہ افسران شعبہ مال کے کام چلاتے ہیں۔ عام طور پر ہر ایک نہر کو علیحدہ طور پر ایک سپرنٹنڈنگ انجینئر کے سپرد کیا جاتا ہے۔ جو اس کے مؤثر کام لگان اور اخراجات کے ہر طرح ذمہ دار ہوتے ہیں۔

ہر نہر پر کھیتوں کی پیمائش اور اجناس کے اندراجات الگ الگ تیار کئے جاتے ہیں۔ جن کے مطابق آبیانہ وصول کیا جاتا ہے۔ آبیانہ وصول کرنے کا یہ طریقہ بڑا ناقص ہے۔ اس کے متعلق انجینئر لوگوں نے کئی موقعہ پر تجویز پیش کی ہے۔ کہ ہر ایک کاشتکار سے حاصل کردہ پانی کے حجم کے مطابق آبیانہ وصول کیا جایا کرے۔ لیکن اس مطلوبہ تبدیلی کی راہ میں رکاوٹیں حائل ہوتی رہی ہیں۔ جن میں کاشتکاروں کی ناموافقت سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اعلیٰ افسروں کی

Marfat.com

سخت نگرانی کے باوجود مال کا کام جاننے والے بعض چھوٹے چھوٹے ملازم آبیانہ وصول کرتے وقت زمینداروں پر ستم ظریفی کر لیتے ہیں۔

ریسرچ کا کام :۔ نہری آبپاشی کے سلسلہ میں تھوڑی دیر سے لاہور کے اندر ایک ریسرچ سٹیشن مقرر کیا جا چکا ہے جس میں ڈائرکٹر صاحب کے ساتھ قریب آدھ درجن ریسرچ اسسٹنٹ کام کرتے ہیں۔ جو مختلف شعبہ جات کے انچارج ہیں۔ آبیاری کی اس سکیم کو کافی بڑھا دیا جا چکا ہے۔ خاص طور پر ہائیڈرالک کی لیبارٹری نے اور ملک پور کے مقام پر دریاؤں کے متعلقہ ریسرچ کے سٹیشن نے اس کام میں بڑا اضافہ کر دیا ہوا ہے۔ اگرچہ ایسے بھاری سلسلہ کے باوجود بڑھتی ہوئی ضروریات پوری نہیں ہو رہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ آبیاری کی اتنی بھاری سکیم ہندوستان کے کسی حصہ میں دکھائی نہیں دیتی۔ حضور وائسرائے اور گورنر بہادر صوبہ پنجاب بھی اس کا ملاحظہ فرما چکے ہیں۔

نہری بستیاں :۔ نہری آبادی سے پیشتر موجودہ پنجاب کی شاندار بستیوں کی جگہ ہر طرف ویران اور بنجر علاقے دکھائی دیتے تھے۔ وہاں پر شتر بانوں کے بچے گھواروں میں پرورش پاتے تھے۔ وہ اونٹنی کے دودھ اور بارانی پانی کی کاشت پر گزران کرتے تھے۔ مگر اب انہیں علاقوں میں آبپاشی۔ زراعت اور عام کاروبار کے اعتبار سے نو بستیاں مشہور ترین شمار ہوتی ہیں۔ جن میں لائلپور۔ منٹگمری۔ پاکپٹن اور سرگودھا کی بستیاں مقدم حیثیت رکھتی ہیں۔ لیکن ان سب بستیوں میں لائلپور کی بستی زیادہ خوشحال سمجھی جاتی ہے۔ اس ضلع کے اندر ابھی تک قریب ڈیڑھ لاکھ ایکڑ ہلکی قسم کی زمین پڑی ہوئی ہے۔ جس کی دیکھ بھال کی جا رہی ہے۔ وہاں پر کاشت شروع ہو جانے سے اس بستی کی خوشحالی میں مزید اضافہ ہو جائے گا۔

متذکرہ بالا بستیوں میں سے لائلپور کی بستی وسعت میں چار ہزار مربع میل کے اندر ہے۔ منٹگمری ساڑھے بائیس سو مربع میل میں۔ پاکپٹن کی بستی پندرہ سو مربع میل اور سرگودھا کی بستی سات سو مربع میل میں آباد ہے۔ اور باقی پانچوں بستیوں میں سے ہر ایک سوا سو مربع میل سے کوئی چار سو مربع میل میں آباد ہیں۔ مسٹر کیلورٹ نے پنجاب کے حالات قلم بند کرتے ہوئے یوں لکھا ہے "اس نہری جال سے ایسی شاندار بستیوں کا ظہور دنیا کے مایۂ ناز انجینئر۔ روشن دماغ منتظمین اور پنجاب کے سخت جان اور محنتی کسانوں کی متواتر چالیس سالہ کوششوں کا نتیجہ ہے۔ پرانے آباد شدہ ضلعے ان بستیوں کی خوشحالی کے ساتھ کوئی مقابلہ نہیں رکھتے"۔ اس کیفیت کو بیان کرتے ہوئے لارڈ کرزن نے یوں ارشاد فرمایا ہے

"ان بستیوں نے صوبہ کو سرحدی معرکہ آرا میدانوں سے دہقانوں کا ایک آسودہ اور تسکین دہ گھر بنا دیا ہے"

Marfat.com

باب پنجم

تحریک دیہات سدھار

تحریک کی اہمیت :- دیہات کی ازسرنو تعمیر و تنظیم کے پروگرام میں اصلاح دیہات کی تحریک کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ جو دراصل اس اہمیت کی مستحق بھی سمجھی گئی ہے۔ دنیا بھر میں جہاں جہاں دیہات کی تنظیم کا کام جاری ہوتا ہے۔ وہاں ایک ایسے مبسوط دیہاتی پروگرام کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے۔ جو دیہاتی زندگی کے تمام شعبوں پر حاوی ہو۔ ڈنمارک۔ آئرلینڈ اور دوسرے تمام ملکوں میں جہاں اول اول دیہاتی اصلاح کا کام چھوٹے پیمانے پر شروع کیا گیا۔ وہاں اسے ناکامی ہوئی۔ جب تک یورپ میں سر ہوریس پلنکٹ جیسے دیہاتی کارکن نے دیہاتی زندگی کی سہ گانہ تجاویز یعنی بہتر زراعت۔ بہتر کاروبار اور بہتر طرز زندگی کے طریقوں کی ترویج نہ کی۔ اس وقت تک یورپ کا کسان بھی نئی زندگی سے آشنا نہ ہو سکا۔ پاکستان کے دیہاتی کارکنوں نے بھی انہی تجاویز کو مدنظر رکھا ہے۔

دیہات کی موجودہ حالت :- ہمارا اقتصادی مستقبل کسان کی فلاح و بہبود پر موقوف ہے۔ جس کی مصیبت اور خوشی کا اثر ہمارے صوبائی بجٹوں میں ہر سال نمایاں ہوتا ہے۔ اور جس کا پاکستان کی تجارت میں بھی بہت حد تک دخل ہے۔ اس لئے کسان کو ہمیں معاشرتی اور اقتصادی نظام کا مدار و محور سمجھنا چاہیئے۔

Marfat.com

پنجاب کی دیہات سدھار تحریک بدقسمتی سے ابھی تک بہت پیچھے ہے۔ جن لوگوں کو دیہاتی زندگی کا نمونہ بننا چاہیئے وہ شہروں میں رہتے ہیں۔ زمین سے اجناس پرانے طریقے سے کاشت کئے جاتے ہیں۔ جو چھوٹے چھوٹے کاشتکاروں کے اپنے گزارے کے لئے بمشکل سال بھر پورے ہوتے ہیں۔ بوجہ اپنی معمولی گزران کے مال مویشی کی اچھی طرح پرورش نہیں کر سکتے۔ اور نہ ہی احتمالِ اراضی کا صحیح بندوبست کر سکتے ہیں۔ اکثر دیہاتی مٹی کی دیواروں والے مکانوں میں رہتے ہیں۔ ان کے سکول ابھی تک بہت زیادہ کامیاب نہیں ہوئے۔ ان کی پوشش اور گھروں کی زیبائش معمولی ہے۔ ان میں اخبار بینی کا شوق بہت تھوڑے لوگوں تک محدود ہے۔ ڈرامے۔ گیت۔ ریڈیو اور زندگی کو شاداب و لطیف بنانے والے سامان انہیں میسّر نہیں ہیں۔

اساسی بنیاد:- کرنل۔ ایف۔ ایل۔ برین تحریک سدھار کے پیش امام سمجھے جاتے ہیں۔ وہ اس خیال میں حق بجانب ہیں۔ کہ دیہات کے مردوں۔ عورتوں اور بچوں میں محض ایک سچی تڑپ پیدا کرنا اصلاح دیہات کے کام کی اساس و بنیاد ہے۔ بڑے اور متوسط درجے کے زمینداروں کو جو دیہاتی علاقوں کے قدرتی رہنما شمار ہوتے ہیں۔ چاہیئے کہ وہ عملی مثال قائم کر کے اصلاح دیہات کی تحریک کو اپنے حلقہ اثر کے اندر اور گرد و نواح کے علاقوں میں پھیلائیں۔ یہ ایک ایسا فرض ہے۔ جسے کسی حالت میں بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ دیہات میں نیابت کے حلقوں کی وسعت نے ان لوگوں کے لئے جو تعمیری کام کے ذریعہ دیہاتیوں کے دلوں میں اپنا اعتبار جمانا چاہتے ہیں۔ نئے مواقع پیدا کر دیئے ہیں۔ چونکہ آئندہ دور میں روسا اور ارباب منصب سے متاثر خائف رہنے کے خیالات غائب ہوتے جا رہے ہیں۔ اس لئے اگر بڑے بڑے زمیندار اپنے درماندہ اور غریب بھائیوں کی حقیقی خدمت کر کے خود کو ان کے اعتماد اور امانت کا اہل ثابت نہ کریں۔ تو وہ خود اپنی تباہی کے ذمہ دار ہوں گے۔

تنہائی کے وقت غور و فکر ہی کو ایک قوت تخلیقی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اور ہر تعمیری کام کا پہلا مرحلہ یہ ہے۔ کہ صحیح طور پر اس کے متعلق تجاویز سوچی جائیں۔ اس لئے دیہاتی کارکنوں کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ ایک ایسے شخص سے جس نے اپنی سعی و محنت سے پنجابیوں کے دلوں میں گھر کر لیا ہے۔ اصلاح دیہات کے موٹے موٹے اصولوں کی تعلیم حاصل کریں اور اس کے وسیع تجربہ سے فائدہ اٹھائیں۔

اہم مسئلہ:- دیہات سدھار کی تحریک سے دیہات کے نقائص نکالنے مقصود نہیں۔ بلکہ ہر گاؤں کے اندر ایک خاص جذبہ پیدا کرنا مقصود ہے۔ تاکہ ایک دیہاتی نہ صرف خود اپنی خامیاں جاننے کی کوشش کرے۔ بلکہ حکومت اور دوسرے اہل دیہات کے ساتھ مل کر ان باتوں پر غور و فکر کرے۔ اور انہیں دور کرنے کی کوشش کرے۔ اس سلسلہ میں سب سے پہلی چیز اپنے معیار زندگی کو بلند کرنے کا ولولہ ہے۔ جہاں اس ولولہ کی لہر موجود ہے۔ وہاں لوگ اپنے جھگڑے چھوڑ چھاڑ کر آپس کے میل ملاپ سے رات دن کام میں لگے رہتے ہیں۔ اور اس دھن میں انہیں اویرا اور سویرا کا خیال تک نہیں آتا۔ بس ہر وقت اپنے گھروں کھیتوں

Marfat.com

اور گاؤں کو سنوارنے کی تدبیریں سوچنے کی لگن ہے۔ جب تک یہ پیدا نہ ہو جائے۔ انہیں ہر آسان سے آسان اور مفید سے مفید اصلاحی کام کرنے کے لئے ترغیب دینی پڑے گی۔ مگر جب ترغیب دینے والی کوئی قوت ان کی پشت پر نہیں رہتی تو اس وقت اصلاح کا کام رُک جاتا ہے۔ جب تک ابھرنے اور ترقی کرنے کی ایسی آرزو ہر دیہاتی کے دل میں اپنی جودت نہ جگا دے۔ ہمارا کام بڑا مشکل ہے۔ اور ہم سسی فس[1] کی طرح پتھروں کو دھکیل کر پہاڑ کی چوٹی پر پہنچانے کی کوشش کرتے رہیں گے۔ جونہی ہم یہ غیر طبعی کوشش ترک کر دیتے ہیں حالات زیادہ خراب ہو جاتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ دلوں میں یہ امنگ کیونکر پیدا کی جائے۔ دراصل اگر دیہاتی یہ جان لیں۔ کہ وہ اس سے بہتر طریقہ پر زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ اور ساتھ ہی انہیں اس بات کا یقین بھی ہو جائے۔ کہ ان کے لئے اپنا معیار زندگی بلند کرنا ضروری ہے۔ تو حالات آسانی سے بہتر ہو سکتے ہیں۔ لیکن یہ احساس نمبرداروں اور چیدہ رہنماؤں تک ہی محدود نہیں رہنا چاہیئے۔ خاص طور پر ہر بچہ اور عورت کے دل میں ابھرنے اور ترقی کرنے کی امنگ پیدا کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ بچوں کی عادتیں پختہ نہیں ہوتیں۔ اور وہ رسم و رواج کی جکڑبندیوں سے آزاد ہوتے ہیں۔ اور یہ مائیں اور گھر والیاں ہی ہیں جن پر ہمارے معیار زندگی کا انحصار ہے۔ شہروں یا گاؤں ہر جگہ ان ہی کے دم سے تہذیب کا قدم آگے بڑھ رہا ہے۔ کوئی ملک جس کی عورتیں اور بچے شائستہ اور مہذب نہ ہوں۔ ترقی یافتہ اور مہذب نہیں کہلا سکتا۔ اس لئے ہمیں ان دو گروہوں کی جانب سے زیادہ توجہ کرنی چاہیئے۔

ہر سرکاری ملازم۔ ہر دیہاتی رہنما۔ ہر رئیس اور زمیندار کے دل میں یہ احساس پیدا کر دینا چاہئے۔ کہ اس کے عہدہ اور رتبہ سے چند ذمہ داریاں اور حقوق بھی وابستہ ہیں۔ اور اس لئے اسے نہ صرف دیہات کے اندر نئی زندگی بسر کرنے کے متعلق معلومات حاصل کرنے میں پہل کرنی چاہیئے۔ بلکہ ان تمام باتوں پر خود عمل کر کے ان خیالات کے پرچار میں پیش پیش رہنا چاہیئے۔ اگر وہ اپنا یہ اہم فرض ادا نہیں کرتا۔ تو اسے یہ توقع نہیں رکھنی چاہئے۔ کہ لوگ اس کی شان اور رتبہ کے مطابق اس کی عزت کریں گے۔

بنیادی اصول: سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ کونسی چیزوں کو اس تحریک میں اساس و بنیاد کی حیثیت حاصل ہے۔ جس کے لئے مندرجہ ذیل امور کو ذہن نشین کر لینا چاہیئے۔

۱۔ اشاعت تعلیم۔

(الف) لڑکیوں کی تعلیم۔

(ب) عورتوں کی انجمن اور بہبودی نسواں سے متعلقہ ہر قسم کا کام

۲۔ نمونہ سے مثال قائم کرنا۔

۳۔ خدمت خلق۔

---

[1] سسی فس۔ یونانی دیوتا کی ایک مشہور روایت ہے۔ کہ کارنتھ کا بادشاہ سسی فس بہت ظالم اور گناہگار شخص تھا۔ دیوتاؤں نے اسے جہنم میں پھینک دیا۔ جہاں وہ پتھروں کو دھکیل کر پہاڑ کی چوٹی پر پہنچانے کی ناکام کوشش کرتا رہا۔

Marfat.com

۱۴۔ دیہات کی تنظیم۔

ان میں سے ہر ایک کا یہاں ذکر نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن مختصر طور پر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا۔ کہ جب تک گاؤں کے اندر کوئی ایسی با اثر قوت، مجلس، سبھا یا انجمن نہ ہو تو تجاویز سوچے۔ لوگوں سے ان پر عمل کرائے اور انہیں کاہل نہ ہونے دے۔ نہ تو دیہات کی مستقل اصلاح ہو سکتی ہے۔ اور نہ لوگوں میں صحیح جذبہ پیدا ہو سکتا ہے۔ گھروں کی اصلاح کی حقیقی خواہش اس وقت تک پیدا نہیں ہو سکتی۔ جب تک گھر والی کو اس بات کا علم نہ ہو۔ کہ گھر اور گاؤں کو خوشحال اور صحت مند بنانے کے لئے کیا کرنا چاہیئے۔ اور کیا کچھ گھر اور کھیتی باڑی کی اصلاح کے طریقے سکھلائے۔ ان کی نمائش اور اچھی تجاویز بنانے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے۔ کہ ہر گاؤں کے اندر بہتر گھروں اور بہتر کھیتوں کے نمونے موجود ہوں علم عامہ ہو۔ وہ صرف چیدہ چیدہ اشخاص کا اجارہ بن کر نہ رہ جائے۔ ہر مرد عورت اور بچے کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ گاؤں کے اندر خرابی یا خامی کیا ہے۔ اور وہ کیسے رفع ہو سکتی ہے۔ علم کا چرچا عام کرنے کے لئے لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے مدرسے قائم کر دینا کافی نہیں۔ بلکہ اپنی بساط کے مطابق ہر قسم کی عام تعلیم اور تعلیم بالغاں کا انتظام کرنا چاہیئے یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے۔ کہ حکومت نے اس غرض کے لئے جو کام شروع کر رکھا ہے۔ اسے جاری رکھا اور پھیلایا جائے۔ اور اس کی نشر و اشاعت کے ذرائع کو ترقی دی جائے۔

نمائشی اثرات: ۔ جرم کا ارتکاب اور شہری زندگی کی ہوس دونوں ہی نمائشی اثرات سے تعلق رکھتے ہیں۔ لہٰذا دیہاتی زندگی کی لطافت، صحت اور اقتصادی کمزوریوں کا ارتکاب ایک ضروری چیز ہے۔ اس سے ظاہر ہے۔ کہ تحریک دیہات سدھار دیہاتی بود و باش کو ہر لحاظ سے مثلاً اقتصادی طور پر حفظانِ صحت کے اصولوں میں۔ طریق خانہ داری میں اور دنیوی اور دینی ترقی میں ہم آغوش کرتی ہے۔

اقتصادی تنگ دستی: ۔ جماعتی ترقی کے موجودہ دور میں اگر شہری لوگ زندگی کے میدانِ عمل میں پیش پیش رہنے کے خواہاں ہیں۔ تو دیہاتی لوگ اپنی ناداری سے کم از کم اس چیز کے متلاشی ضرور کہے جاتے ہیں لیکن جب تک ان میں غربت کا قلع قمع نہ کیا جا سکے۔ اور جب تک نسلِ انسانی کی پرورش کی طرف زیادہ توجہ نہ دی جا سکے۔ اس چیز کا حاصل ہو جانا قریباً ناممکن ہے۔

اقتصادی کشائش ان ہر دو کا علاج ہے۔ نہروں کے باب میں بتلایا جا چکا ہے۔ کہ پنجابی لوگ عموماً کاشت پر گزران کرتے ہیں۔ لیکن پھر بھی کافی زمینیں بنجر پڑی ہیں۔ معاشرتی ترقی کے باب میں بالتفصیل درج کیا جا چکا ہے۔ کہ یہاں سرمایہ کا ناجائز استعمال ہو رہا ہے۔ اور صنعتیں برباد ہو رہی ہیں۔ اب رفتہ رفتہ اصلاحات کے موقعوں پر توجہ دی جانے لگی ہے۔ اور دیہاتی باشندوں میں بیداری سرایت کرنے لگی ہے۔ وہ محسوس کرنے لگے ہیں۔ کہ اپنی عام حالت کو بہتر بنانا ان کا نصب العین ہونا چاہیئے۔ اور اگر بنظر تحقیق دیکھا جائے۔ تو دیہات سدھار کی تحریک دیہاتی زندگی کے

Marfat.com

ہر شعبے پر حاوی ہے۔ جس کا ہر دیہاتی کے ساتھ گہوارہ طفلی سے زندگی کے آخری لمحہ تک تعلق ہے۔

خدمتِ خلق :۔ ملک کو بیدار کرنے کے لئے خدمت خلق کا جذبہ بیحد ضروری ہے۔ اس کی بہترین مثال انگلستان کے شاہی خاندان کے افراد میں ملے گی۔ ایسا دن کوئی نہیں گزرتا۔ کہ شہزادے اور ان کی بیگمات کسی نہ کسی معاشرتی کام میں مصروف نہ ہو۔

قومی ترقی کا مدار حقیقی رہنمائی اور بلا معاوضہ خدمت پر ہے۔ ہر مرد اور عورت پر خواہ وہ سرکاری ملازم ہو۔ یا غیر سرکاری حیثیت رکھتا ہو۔ یہ فرض ہے۔ کہ وہ دوسرے انسانوں اور ملک کی خدمت کرے۔ اور یہ فرض اس صورت میں ادا کیا جا سکتا ہے۔ کہ لوگ کمال خلوص سے اور بلا حیل وحجت اپنا وقت۔ جد وجہد اور روپیہ صرف کر کے اپنے بھائیوں۔ بہنوں اور ملک کو مکمل اور خوش وخرم زندگی حاصل کرنے میں مدد دیں۔ سرکاری ملازم کے لئے قابل ہونا ہی کافی نہیں۔ اس میں انسانی ہمدردی کا مادہ اور خدمت خلق کا جذبہ ہونا چاہیے۔ تاکہ نظم ونسق کی مشین کی خشک ہڈیوں میں زندگی کی روح پھونکی جا سکے۔

جذبۂ تحریک :۔ دیہات سدھار کی نگرانی اور جذبۂ تحریک کو قائم رکھنے کے لئے گورنمنٹ نے علیحدہ محکمہ کھول رکھا تھا۔ لیکن پاکستان کے معرضِ وجود میں آنے پر اس محکمہ کو توڑ دیا گیا۔ اور اس کا بیشتر کام محکمہ انجمن ہائے امداد باہمی کے سپرد کر دیا گیا۔ چونکہ انجمن ہائے امداد باہمی کا مقصد مختلف طریقوں سے عوام کی اقتصادی۔ معاشرتی۔ تمدنی۔ اخلاقی اور تعلیمی بہبودی ہے۔ اور انجمن ہائے امداد باہمی کی تحریک نمایاں حد تک پنجاب میں مضبوطی کے ساتھ جڑ پکڑ چکی ہے۔ اس لئے اس محکمہ کی نگرانی میں دیہات سدھار کی تحریک احسن طریقے پر چل رہی ہے۔ دیگر محکمہ جات مثلاً زراعت۔ انہار۔ جنگلات۔ حفظان صحت۔ تعلیم وغیرہ کا تعاون بھی اس محکمہ کو حاصل ہے۔ پیداوار کی بہتات اور بنجر علاقوں میں تخفیف۔ صحت عامہ میں ترقی۔ پانی۔ ہیضہ اور سیم سے نقصان زدہ علاقوں کی برآمدی ان کا مطمح نظر ہے۔ زراعتی کالج لائلپور اور ریسرچ لیبارٹری محکمہ انہار کے ارادے اس تحدید میں نمایاں کارگزاری دکھلاتے ہیں۔ اثباتی تجربات سے دکھایا جاتا ہے۔ کہ اچھی فصل کی پیداوار کا انحصار اعلیٰ قسم کی کاشت اور اعلیٰ قسم کے جانوروں کی پرورش۔ زمین کی محافظت۔ استعمال اراضی اور بہتر قسم کی صنعت کاری پر ہوتا ہے۔

نشر واشاعت کے طریقے :۔ دیہات سدھار کی تحریک کو چلانے اور فروغ دینے کے کئی طریقے ہیں۔ مثلاً۔

(۱) بے تار برقی (وائرلیس) کے ذریعہ براڈ کاسٹنگ۔

(۲) جادو کی لالٹین اور سینما۔

(۳) ڈرامہ۔

(۴) راگ ورنگ

Marfat.com

(۵) گراموفون ریکارڈ۔

(۶) عام اخبارات۔

(۷) ضلع کے اخبارات۔

(۸) رنگین تصاویر اور پوسٹر۔

(۹) کتابیں۔

(۱۰) دوسری مطبوعہ چیزیں مثلاً اشتہار۔ پوسٹر اور پمفلٹ وغیرہ وغیرہ۔

(۱۱) چھوٹے اور بڑے نمونے۔

(۱۲) نمائش میلے وغیرہ۔

(۱۳) مقابلے۔

(۱۴) پبلک جلسے اور تقریریں۔

(۱۵) نمائشیں۔

(۱۶) نقشہ جات۔

(۱۷) اسکولوں کی طرف سے پراپیگنڈا۔

(۱۸) نمونہ کے گاؤں۔

اعلیٰ کاشت :۔ مالک و مزارع فصل کی پیداوار بڑھانے کی خاطر اچھی قسم کے بیج استعمال کرتے ہیں۔ اور کاشتکاری کے لئے اچھی قسم کے اوزاروں کے علاوہ جدید قسم کے طریقے بکار لاتے ہیں۔ فصل کے کیڑوں اور ان کی بیماریوں کا دھیان رکھا جاتا ہے۔ اور حتی الوسع ان فصلوں کی کاشت کی جاتی ہے۔ جن کی غلہ منڈیوں میں زیادہ کھپت ہو سکے۔

جانور :۔ دیہاتی لوگ کاشتکاری کے لئے مال مویشی کی اعلیٰ نسلیں پالنے کا شوق رکھتے ہیں۔ ان کی رکھوالی۔ خوراک اور صحت کا خاص انتظام رکھتے ہیں۔ زراعتی کالج لائلپور سے اس بارے میں انہیں ہر وقت ہدایات میسّر ہوتی رہتی ہیں۔ صوبہ بھر میں مال مویشی کے تقریباً تین سو میلہ جات منائے جاتے ہیں۔ جہاں پہلے اقسام کے جانوروں کو نقد روپے کے انعامات بھی تقسیم کئے جاتے ہیں۔

زمین کی محافظت :۔ پہاڑوں پر دریاؤں کے پانی کا نقصان غریب پہاڑی لوگوں کو برباد کر دیتا ہے۔ میدانی علاقوں میں نہروں کے اندر پانی کی رصد موسم سرما میں ایک تو کم اور دوسرے وہ بھی ریت اور مٹی سے لدی ہوتی ہے۔ یہ چیز نچلے میدانوں میں کنوؤں کے پانی کی سطح کم کر دیتی ہے۔ دریاؤں کی تہ کو اونچا کر دیتی ہے۔ موسمی ہوا میں غضبناک طوفان پیدا کرتی ہے۔ کھیتوں پر ریت بچھا دیتی ہے۔ عمارات اور نہری تعمیرات کو نقصان پہنچاتی ہے۔ اور قابلِ زراعت زمینوں

Marfat.com

کو تباہ کر دیتی ہے۔ اس لئے زمین کی محافظت میں وہ تمام انسدادی تدابیر شامل ہیں۔ جو جنگلات اور چراگاہوں سے پانی گزارنے وقت یا نہروں کی سطح ہموار رکھنے۔ ان پر چبوترے بنانے اور ان کے کنارے مضبوط رکھنے میں بکار لائی جاتی ہیں۔

استعمالِ اراضی :- زرعی مقبوضات کی استعمال اراضی مدت تک ایک بڑی کٹھن مہم بنی رہی ہے منتشر زرعی ملکیتوں کی موجودہ جمع بندی امداد باہمی کا نتیجہ ہے۔ یہ کام بڑی سرعت سے ترقی کر رہا ہے۔ جس کا زراعت کے باب میں اخیر پر مفصل ذکر کیا جا چکا ہے۔ اب محکمہ مال نے بھی اس کام کو شروع کر دیا ہے۔

تقسیم :- مشاہدات سے ظاہر ہو چکا ہے۔ کہ جن علاقوں میں کھیتی کے لئے ضرورت کے مطابق پانی مل سکتا ہے۔ وہاں جدید طریقوں کے استعمال سے وقت کی گوڈائی اور پشتہ بندی سے فصل کافی زیادہ حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

کھاد :- گوبر کہنے کو تو معمولی چیز ہے۔ مگر کھیتوں کے اندر بطور کھاد ڈالنے کے فصلوں کی جان ہے۔ دیہاتوں میں اُپلوں کی آگ کی بجائے بھوس کی انگیٹھیوں پر دودھ گرم کرنے کا طریق اوّل تو دس فیصدی زیادہ گھی نکال دیتا ہے۔ اور دوم اس طریق سے لاکھوں من گوبر ہر سال کھاد کے لئے بچ سکتا ہے۔

حفظانِ صحت :- دولت بغیر صحت کے کوئی حقیقت نہیں رکھتی۔ مگر ہم دیکھتے ہیں۔ کہ ہمارے دیہاتی بھائی غیر ضروری طور پر تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ ان کے فائدے کی خاطر مندرجہ ذیل تدابیر اختیار کی جاتی ہیں۔

۱۔ خیراتی شفاخانے صوبہ بھر کے قصبوں اور بڑے بڑے دیہاتوں میں قائم ہیں۔ ڈاکٹر چھوٹے دیہاتوں میں دورہ کر کے عوام کی آسائش اور علاج معالجہ میں بہت مدد پہنچاتے ہیں۔ نیز عام وباؤں سے ان کی محافظت کے لئے پانچ چھ برس کے بعد ہر شخص کو جبری ٹیکہ لگاتے ہیں۔ کئی دیہات میں انجمن ہائے امداد باہمی نے طبی ابتدائی امداد کے مراکز اور مویشیوں کے ابتدائی امداد کے مراکز جاری کئے ہوئے ہیں۔ بعض مقامات پر طبی امداد کے انجمن ہائے بھی قائم ہیں۔ جن کا اپنا ڈاکٹر ہوتا ہے۔ اور اپنی ادویات۔ اس طرح پر دور دراز کے علاقے عوام کے جذبۂ مدد ذاتی بذریعہ امداد باہمی سے خاطر خواہ مستفید ہو رہے ہیں۔

۲۔ محکمہ حفظانِ صحت پنجاب نے بیمار مستورات کی صحت افزائی کے لئے نرسوں (دائیوں) کی باقاعدہ تعلیم شروع کر دی ہے۔ صوبہ بھر میں لیڈی ڈاکٹر ابھی تعداد میں بہت کم ہیں۔ جو دیہاتوں میں بالکل نہیں پہنچ سکیں۔

صنعتی اسباب :- عام چھوٹے چھوٹے کاشتکار زمین کی پیداوار سے غیر مطمئن اور صنعتی کاروبار میں قسمت کے متلاشی ہیں۔ حکومت ان کی خاطر سڑکوں کی تعمیر کرواتی ہے۔ تاکہ کاریگر شہری زندگی کا دم بھرتے ہوئے صنعتی کاروبار میں معقول معاوضہ کما سکیں لیکن یہ ماننا پڑے گا۔ کہ امداد باہمی سے کام کرنے والے لوگوں کو بالعموم اور مقامی طور پر اشیائے خام حاصل کر لینے والے دیہاتیوں کو بالخصوص معقول گزران مل جاتی ہے۔ ان لوگوں کو انجمن ہائے امداد باہمی کے ذریعے مقدمہ بازی۔ پرانی رسومات اور دیگر فضول خرچیوں سے پرہیز کروائی جاتی ہے۔ اور امید کی جاتی ہے۔ کہ وہ اندوختہ

Marfat.com

سے آئندہ زندگی میں اپنا معیار قائم کر سکیں۔

ترویج:۔ دیہات سدھار کا مسئلہ غریب دیہاتیوں کے لئے بڑی تگ و دو کا معاملہ ہے۔ اس میں محنت۔ قربانی اور یک جہتی درکار ہے۔ اب سوال یہ ہے۔ کہ اس مرغوب زندگی کی تمنا ایک دیہاتی کے دل و دماغ میں کس طرح ڈالی جا سکتی ہے۔ اور یہ سوال ایک ایسا سوال ہے۔ جو تحریک دیہات سدھار کے محسن۔ ایف۔ ایل۔ برین صاحب کی سالہا سال کی معلومات ہی سے حل ہوتا ہے۔ صاحب موصوف کا قول ہے۔ کہ ہمارے صوبہ میں پنجاب گورنمنٹ کی سکیم کے مطابق دیہاتی تہذیب کا ڈھانچہ مندرجہ ذیل بنیادوں پر قائم کیا جا سکتا ہے۔

۱۔ اشتمالِ اراضی اور اچھے زمینوں کو نقصان کے احتمال سے بچانا۔

۲۔ تعلیم۔ اشاعت اور پراپیگنڈا کے ذریعے ایک کسان۔ اس کی بیوی اور بچوں کے سامنے مطلوبہ زندگی کا نقشہ کھینچنا۔

۳۔ کسانوں کے سامنے شخصی اور ذاتی مثالیں ان لوگوں کی پیش کی جاویں۔ جو جاہ و حشم۔ دولت یا مذہب میں نمایاں حیثیت حاصل کر چکے ہوں۔ ایسی نغمہ سرایوں سے ہر ایک فرد کسی نہ کسی صاحب ثروت کو اپنے تئیں نمونہ سمجھ کر اپنی زندگی کی تعمیر میں مشغول ہو سکے گا۔

۴۔ دیہاتوں میں پنچایتیں اور انجمن ہائے امداد باہمی قائم کی جاویں۔ یہ ایسے ذرائع ہوں گے۔ جن سے آپ کو گردو نواح کے لوگوں کے مطالبات پورا کرتے رہنے کا موقع ملتا رہے گا۔ اور وہ آپ کو اپنے تئیں پیشوا اور علمبردار ماننے کی طرف متوجہ رہیں گے۔

۵۔ امورات خانہ داری میں کفایت شعاری سے کام لے کر نقد روپے پیسے کی بچت نکالنا اور گھروں کے اندر چہل پہل پیدا کرنے کے لئے تعلیم نسواں کی طرف توجہ دینا۔

سکولوں کی تعلیم:۔ مقامی سکولوں کو دیہاتی زندگی کا مرکز بنایا جا رہا ہے۔ ان کا نصاب دیہاتی ضروریات کے مطابق رکھا جا رہا ہے۔ سکول کے متعلقہ کھیلیں اور دیہاتی کھیلیں مقبول عام ہو رہی ہیں۔ لڑکیوں کی تعلیم کی طرف بھی توجہ دی جا رہی ہے۔ لیکن اس چیز کے باوجود ڈسٹرکٹ بورڈوں کے تعلیمی فنڈ کا پانچ فیصدی سے بھی کم سرمایہ اس طرف دیا جا رہا ہے گورنمنٹ کا منشا ہے۔ کہ دیہاتی پرائمری سکولوں میں بچوں اور بچیوں کو اکٹھی تعلیم دی جائے۔ جن مقامات پر سکولوں میں اساتذہ اور استانیاں درس دیتی ہیں۔ وہاں اس خیال کی مخالفت کم ہوتی جاتی ہے۔ اب پرائمری تعلیم کو لازمی کر دیا جا رہا ہے۔ اور عنقریب پنجاب گورنمنٹ کا چھ سالہ پلان ترقی تعلیم پنجاب کی سرزمین سے جہالت کو دور کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔

تعلیم نسواں:۔ گھر کے اندر بیوی سرچشمۂ حیات ہے۔ وہ اپنے گھر کے افراد کو کھانا کھلانے میں صحت کا خیال رکھنے میں اور گھر میں چہل پہل قائم رکھنے میں ہر طرح ذمہ دار سمجھی جاتی ہے۔ گھر کا فیشن اور گھر کی روش وہی قائم کرتی ہے۔ اور بچے اسی کی

Marfat.com

مہربانیوں میں پلتے ہیں۔ اس لئے اس کی مدد کے بغیر گھر کی وضع داری ناممکن ہے لیکن جب کہ اس کو خود اپنی ہی ذمہ داریوں کی تعلیم نہ ہو۔ وہ گھر کی اتنی ذمہ داریوں کو کیسے سرانجام دے سکتی ہے۔

ایک بچے کے اخلاق ماں کی تربیت پر موقوف ہیں۔ سچائی۔ پاکدامنی۔ محنت۔ دستکاری۔ کفایت شعاری۔ احساس خودداری اور جذبۂ حریت جیسی نعمتیں ماں ہی کی بدولت میسر ہوتی ہیں۔ اس لئے گورنمنٹ کے نزدیک مستورات کو ڈاکٹری نرسنگ کی تعلیم دینا اور ان کے لئے درسگاہیں قائم کر دینا پنجاب کے دیہاتوں میں زندگی کی لہر پیدا کرنے اور اس لہر کو کامیابی سے خود اختیاری بنانے کی خاطر نظریہ اولیں بنا لینا چاہیئے۔

سرکاری اتفاقات: ۔ تقسیم پنجاب کے بعد ملک کی تجارت۔ صنعت۔ کاروبار۔ بنک کاری پیداوار اور زرعی اجناس کی تجارتی منڈیوں پر ہندوؤں کے چلے جانے کی وجہ سے ایک ویرانی کا عالم چھا گیا کیونکہ ہر قسم کا کاروبار انہی لوگوں کے ہاتھوں میں تھا۔ منڈیوں میں جنس موجود تھی۔ مگر گاہک موجود نہیں تھا۔ مسلمانوں کو اس کاروبار کی واقفیت نہ تھی۔ کارخانوں کے چلانے کے لئے مکانات اور سرمایہ موجود نہ تھا۔ بنک بند ہو چکے تھے۔ اور مہاجرین کی آمد نے اس ہراسانی میں معتدبہ اضافہ کر دیا تھا۔ اس وقت گورنمنٹ نے اس ابتری کو بھانپ کر انجمن ہائے امداد باہمی کو یہ کام سنبھالنے کا موقع دیا۔ کوآپریٹو بنکوں نے باوجود سخت مالی مشکلات کے بڑی دلیری سے منڈیوں میں اپنی شاخیں کھول دیں۔ کارخانوں کو چلانے کے لئے افسران محکمہ خود موقعوں پر پہنچ گئے۔ منڈیوں اور کارخانوں میں تھوڑے عرصہ میں زندگی کی لہر دوڑ گئی۔ بنکوں نے فراخدلی سے ممبران اور غیر ممبران کو قرضہ جات دیئے تاکہ تجارت کا کاروبار چل نکلے۔ کارخانوں کو چلانے کے لئے انجمنیں معرض وجود میں آگئیں۔ کوآپریٹو کمشن شاپ ہائے نے خرید اجناس کا کام سنبھال لیا۔ اور اس طرح دھان سے چاول۔ کپاس سے روئی کی گانٹھیں۔ سرسوں اور توریا سے تیل۔ گندم سے آٹا نکلنا شروع ہو گیا۔ زرعی اجناس کی قیمتیں معقول حد تک چڑھ گئیں۔ اور ملک کی زرعی آبادی ایک ہولناک خرابی سے بچ گئی۔ شہروں میں کوآپریٹو سٹورز کھول دیئے گئے۔ مہاجرین کی آبادکاری کے لئے صنعتی انجمنیں مثلاً کپڑا بننا۔ لوہاروں اور ترکھانوں کا کام کرنا۔ سوت کاتنا۔ کمبل بنانا۔ جوتیاں بنانا۔ اوزار بنانا وغیرہ وغیرہ۔ زرعی زمین پر آبادکاری کے لئے کوآپریٹو کاشتکاری کی انجمنیں جاری کی گئیں۔ اور اس طرح سے انجمن ہائے امداد باہمی کے ذریعہ سے ملک کی اقتصادی بحالی کا کام بطریق احسن سرانجام پانا شروع ہو گیا۔ پنجاب میں انجمن ہائے امداد باہمی نے اس قدر ترقی کی۔ کہ سنہ ۱۹۵۰ء میں ان کی تعداد میں ایک ہزار کا اضافہ ہو گیا۔ ممبران کی تعداد میں ساڑھے ۳ لاکھ کی بیشی ہو گئی۔ اور سرمایہ زیر کار میں دس کروڑ روپیہ بڑھ گیا۔ انجمن ہائے امداد باہمی کی اس کامیابی نے عوام اور گورنمنٹ پر گہرا اثر کیا۔ اور گورنمنٹ نے دیہات سدھار جو حقیقت میں دیہات کی اقتصادی بحالی ہے۔ کا کام بھی اسی تحریک کے سپرد کر دیا۔ اور آئندہ کے لئے کئی لاکھوں روپے کی سکیمیں اشتمال اراضی۔ کوآپریٹو فارمنگ۔ صنعتی انجمن ہائے۔ فروخت اجناس کی انجمن ہائے۔ کھالوں کی رنگائی اور دباغت کی انجمنیں۔ تیوب ویل لگانے کی انجمنیں۔ دودھ کی فروخت اور بہم رسانی کی انجمنیں۔ گھی کی انجمنیں۔ پھلوں کی کاشت اور پھلوں کی صنعت کی انجمنیں۔ اون کی انجمنیں۔ کپڑے اور اون کے کارخانے

Marfat.com

بیمہ کی انجمنیں۔ تعمیر مکانات کی انجمنیں وغیرہ وغیرہ چلائی جارہی ہیں۔ ان میں سے کئی ایک معرضِ وجود میں آچکی ہیں۔ اور باقیوں کے لئے قریباً تین کروڑ روپیہ کی سکیمیں زیرِ غور ہیں۔ گورنمنٹ کی منشاء ہے۔ کہ مدد ذاتی کے جذبہ کو بروئے کار لاکر امداد باہمی کے ذریعہ سے دیہات کے اندر مزید اقتصادی انقلاب پیدا کیا جائے۔ جو عوام کے اپنے ہاتھوں سے اپنے فائدہ کے لئے ان کی اپنی اپنی مرضی سے ظہور میں آئے۔ تاکہ یہ ایک تحریک کی صورت اختیار کرکے دیرپا اور پائیدار ثابت ہو۔

گورنمنٹ نے چھ سالہ پلان ترقی زراعت۔ صحت عامہ۔ سڑکوں اور ذرائع مواصلات کو بڑھانے تعلیم بچگان اور بالغان کو ترقی دینے۔ تھور اور سیم کو دور کرنے اور صنعتی ترقی کے لئے تیار کیا ہے۔ امید کی جارہی ہے۔ کہ حکومت پاکستان پنجاب گورنمنٹ کو معقول مالی امداد دے کر پنجاب کے اس پلان کو کامیاب بنانے میں پورا پورا تعاون کرے گی۔

Marfat.com

باب ششم

زراعت

نمایاں خصوصیات :- پنجاب کے لوگوں کا سب سے بڑا پیشہ زراعت ہے۔ یہاں کی قریباً ۸۰ فیصدی آبادی ایسے چھوٹے چھوٹے کسانوں پر مشتمل ہے۔ جو اوسطاً ۶ سے ۱۲ ایکڑ رقبہ اراضی کی کاشت کرتے ہیں۔

پنجاب ۲۸ سے ۳۴ عرض بلد شمالی اور ۶۹ سے ۷۵ طول بلد مشرقی کے درمیان واقع ہے۔ اس کا مجموعی رقبہ ۳ کروڑ ۷ لاکھ ایکڑ ہے۔ جس میں سے ۲ کروڑ ایکڑ زیر کاشت ہے۔

طبعی لحاظ سے پنجاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) کوہستان نمک اور سطح مرتفع پوٹھوہار جس میں اٹک اور راولپنڈی کے شمالی اضلاع اور جہلم، میانوالی اور شاہ پور کے کچھ حصے شامل ہیں۔

(۲) زرخیز میدانی علاقہ جسے دریائے سندھ اور اس کے معاون لین ستلج، راوی، چناب اور جہلم سیراب کرتے ہیں۔ یہ لاہور، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، جھنگ، سرگودھا، منٹگمری، لائل پور اور ملتان پر مشتمل ہے۔ اور

Marfat.com

(۳) دریائے سندھ کے پار کا علاقہ یعنی ضلع ڈیرہ غازی خاں - یہ پہاڑی ندی نالوں کی طغیانی سے سیراب ہوتا ہے۔

پنجاب میں زراعت یا تو بارانی ہوتی ہے - یا نہری و چاہی۔ کوہستان نمک، اور سطح مرتفع پوٹھوہار زیادہ تر بارانی علاقہ ہے۔ اور یہاں کی زراعت کا انحصار بارش پر ہے۔ سندھ کے میدان میں دامن کوہ کے علاقے یعنی سیالکوٹ اور گجرات کے اضلاع میں اچھی خاصی بارش ہو جاتی ہے۔ اور چونکہ یہاں پانی کی سطح کافی بلند ہے۔ اس لئے کنوؤں سے آب پاشی کا بڑا وسیع انتظام بھی موجود ہے۔ باقی ماندہ میدانی علاقے میں بارش کم ہوتی ہے۔ اور بارانی زراعت کے لئے ناکافی۔ اس لئے یہاں کے بیشتر زیر کاشت رقبے کی زراعت کا دارومدار زیادہ تر نہروں اور کسی حد تک کنوؤں پر ہے۔ شمال مغرب میں دریائے جہلم، چناب اور سندھ کے درمیان تھل کا علاقہ واقع ہے۔ اسے زراعت کے قابل بنایا جا رہا ہے۔ لیکن اس کے باوجود اس کا بیشتر حصہ ریتلے صحراؤں کی صورت میں باقی رہے گا۔ صوبہ کا یہ حصہ اپنی نہری نوآبادیات کے اعتبار سے دنیا کی بہترین زراعتی نوآبادیوں میں شمار ہوتا ہے۔ سرگودھا، ملتان، منٹگمری اور لائلپور یہاں کی مشہور زراعتی نوآبادیاں ہیں۔ ڈیرہ غازیخاں انتہائی خشک علاقہ ہے۔ اور یہاں زراعت کا زیادہ تر دارومدار پہاڑی ندی نالوں کی طغیانیوں پر ہے۔

یہاں ایک کروڑ بیس لاکھ ایکڑ رقبے کی آب پاشی کی جاتی ہے۔ جس کی تفصیل یوں ہے۔ ۸۲٪ نہروں سے، ۱۶٪ کنوؤں سے، اور ۲٪ دیگر ذرائع سے۔

پنجاب کی آب و ہوا شدید قسم کی ہے۔ یعنی گرمیوں میں سخت گرمی اور سردیوں میں سخت سردی پڑتی ہے۔ سردیوں میں دن کے وقت زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت ۷۵° ف ہوتا ہے۔ لیکن ماہ جون میں یہ خشک علاقوں میں ۱۱۰° سے بھی بڑھ جاتا ہے۔ موسم گرما میں صوبہ بھر خصوصاً خشک علاقوں میں اکثر آندھیاں آتی رہتی ہیں۔ بعض اوقات ان آندھیوں کے بعد ہی ژالہ باری بھی ہو جاتی ہے۔ جس سے ربیع کے آخری حصے کی فصلوں کو نقصان پہنچتا ہے۔ دسمبر اور جنوری میں صوبے کے شمالی علاقوں میں کہر پڑتی ہے۔ جو بعض اوقات فصلوں اور چھوٹے چھوٹے پھلدار پودوں کو سخت نقصان پہنچاتی ہے۔

اس صوبے میں بارش کے بڑے موسم دو ہیں۔ (۱) جون سے ستمبر تک مون سون ہوائیں بارش لاتی ہیں۔ (ب) موسم سرما کی بارش دسمبر سے مارچ تک ہوتی ہے۔ تاہم زیادہ بارش مون سون کے موسم ہی میں ہوتی ہے۔ بارش کی سالانہ اوسط مقدار یہ ہے۔ راولپنڈی ۳۶۳ء۳"، سیالکوٹ ۳۱۸ء۸"، لاہور ۱۹۷ء۲"، لائل پور ۱۲ء۶"، منٹگمری ۷ء۵"، اور ملتان ۷ء۵"۔

پنجاب کی زمینوں میں مجموعی اعتبار سے سیلابی مادے کے علاوہ ریت کی خفیف آمیزش بھی ملتی ہے۔ بھاری چکنی

Marfat.com

مٹی کی زمین ضلع منٹگمری میں اور ریتلی زمین علاقہ تھل میں پائی جاتی ہے۔ پنجاب کی زمین زرخیز ہے۔ اور یہاں آسانی سے کاشت ہو سکتی ہے۔ اگر کافی پانی اور نائٹروجن والی کھاد دی جائے تو پیداوار بہتر ہوتی ہے۔

فصلوں کے بڑے بڑے موسم :- اس صوبے کی بڑی فصلیں دو ہیں۔ خریف (موسم گرما کی فصل) اور ربیع (موسم سرما کی فصل)، ان کی نسبت عموماً علی الترتیب ۳۳٪ اور ۶۶٪ رہتی ہے۔ فصل خریف کی مشہور پیداوار حسب ذیل ہے کپاس، نیشکر، جوار، باجرہ، مکی، چاول، توریا، مونگ پھلی، لوکی، کدو، لنڈا، کڑوا کدو، کھیرا ککڑی، خربوزہ تربوز، مرچ بھنڈی توری، بینگن وغیرہ، اور فصل ربیع کی :- گندم، جو، چنا، سرسوں، جئی، برسیم، گاجر، مٹر، ٹماٹر، آلو، لیموں کی قسم کے پھل یعنی سنگترہ، مالٹا، کھٹا وغیرہ، سیب، ناشپاتی، بیر، جامن، کھجور، انجیر، شہتوت، امرود وغیرہ۔

گندم اور کپاس یہاں کی دو سب سے زیادہ اہم فصلیں ہیں۔ کل زیر کاشت رقبے کا ۲۸٫۴ ٪ حصہ گندم اور ۸٫۶ سے ۱۳٫۶ ٪ کپاس کے لئے مخصوص ہے۔ چارے کی فصلوں کا رقبہ ۱۴٫۳ ٪ ہے۔ جوار، باجرہ، کنگنی وغیرہ کا رقبہ تقریباً ۴٫۹ ٪ ہے۔ یہ بارانی علاقے کی غلہ کی بڑی فصلیں ہیں۔ پنجاب میں جو دوسری فصلیں ہوتی ہیں۔ یعنی چنا، چاول، دالیں، تیل کے بیج، مکی، نیشکر، جو، سبزیاں، پھل وغیرہ ان کا رقبہ زیر کاشت علی الترتیب ۳٫۱۰، ۳٫۹، ۳٫۷، ۲٫۵، ۲٫۳، ۱٫۷، ۱٫۷، ۰٫۸، ۰٫۳، اور ۲٫۱ ٪ ہے۔

محکمہ زراعت :- محکمہ زراعت پنجاب (پاکستان) سنہ ۱۹۰۵ء میں قائم ہوا تھا۔ اس کے مقاصد کام یہ ہیں۔ انتظامی، زراعتی تعلیم، زراعتی تحقیقات، توسیع زراعت، اصلاح شدہ بیجوں کی تقسیم، شکار کی حفاظت، منڈی، زراعتی قانون سازی اور متفرقات۔

انتظامی :- محکمہ زراعت کا صدر دفتر صوبہ کے صدر مقام لاہور کے اندر واقع ہے۔

زراعتی تعلیم :- زراعت کی تعلیم پنجاب زراعتی کالج لائلپور میں دی جاتی ہے۔ جو لاہور سے جنوب مغرب میں ریل کے راستے سے ۹۰ میل اور سڑک کے راستے ۸۷ میل کے فاصلے پر واقع ہے۔

زراعتی کالج کا سنگ بنیاد سنہ ۱۹۰۶ء میں رکھا گیا تھا۔ سنہ ۱۹۰۶ء میں یہاں پہلی بار طلباء کا داخلہ ہوا۔ اور تعلیم کا سلسلہ جاری کر دیا گیا۔ شروع شروع میں یہاں زراعت کا سہ سالہ نصاب تھا۔ اور فارغ التحصیل طلباء کو ایل۔ اے جی کی سند دی جاتی تھی۔

سنہ ۱۹۱۷ء میں کالج کا الحاق پنجاب یونیورسٹی کے ساتھ ہو گیا۔ اور سہ سالہ نصاب کی بجائے بی۔ ایس۔ سی۔ (ایگریکلچر) کا چہار سالہ نصاب مقرر ہو گیا۔ سنہ ۱۹۲۳ء میں کالج کا الحاق پنجاب یونیورسٹی سے ایم۔ ایس۔ سی (ایگریکلچر) کے لئے اور حال ہی میں پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کی ڈگری کے لئے بھی ہو گیا ہے۔

اس کالج میں داخل ہونے کے لئے طلباء صرف پاکستان بھر ہی سے نہیں۔ بلکہ مصر، افغانستان اور ایران سے بھی آتے

Marfat.com

ہیں۔ حکومت سیلون کی درخواست پر اس کے طلباء کو نیشنگی کاشت اور علم کیمیا میں تربیت دینے کے لئے چند نشستوں کی پیش کش کی گئی ہے۔ مرکزی حکومت کی درخواست پر کچھ نشستیں انڈونیشیا کے طالب علموں کے لئے بھی مخصوص کر دی گئی ہیں۔ حکومت مکالکی درخواست پران کے ماہرین فنی زراعت کو زراعتی کالج لائلپور میں تعلیم و تربیت دینے اور حضر موت (جنوبی عرب) میں زراعتی ترقی کے ایک تحقیقاتی ادارے کے قیام کے بارے میں مشورے بھیجے گئے ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے بعض جرمن طلباء کو جو زراعتی کالج میں تعلیم حاصل کرنا چاہتے تھے۔ پنجاب کے موسمی حالات خصوصاً موسم گرما کے متعلق معلومات مہیا کی گئی ہیں۔

پنجاب زراعتی کالج ایک اقامتی ادارہ ہے۔ طلباء کی رہائش کے لئے تین بورڈنگ ہاؤس ہیں۔ اور تین چھوٹی چھوٹی عمارتیں جنہیں چیفیں بلاک کہا جاتا ہے۔ کالج میں کھیل کے وسیع میدانوں کے علاوہ ٹینس کورٹ اور تیرنے کا تالاب بھی ہے۔ فوجی تعلیم اور کھیلیں کالج کے نصاب کا لازمی جزو ہیں۔

جو طلباء امتحانات، کھیلوں، ہل چلانے، فصل کاٹنے اور دیگر مقابلوں میں امتیازی کامیابی حاصل کرتے ہیں انہیں حکومت، یونیورسٹی، ڈسٹرکٹ بورڈ اور نجی اداروں کی طرف سے کئی وظیفے، تمغے، اور انعامات دیئے جاتے ہیں۔ سال کے بہترین کھلاڑی کو خان عبدالرحمٰن خان چیلنج کپ دیا جاتا ہے۔

ڈگری کی باقاعدہ جماعتوں کے علاوہ یہ کالج زراعت کی عملی تعلیم کے لئے ذیل کا نان ڈگری کورس بھی اردو زبان کے اندر پیش کرتا ہے۔

(۱) عملی زراعت کی تعلیم کی یک سالہ جماعت۔

(۲) مالی جماعت۔

(۳) تربیت اساتذہ کی جماعت۔

اس کالج کی ایک اور اہم خصوصیت ہے۔ کہ یہاں عوام میں سے ان افراد کو جو ڈیری، پھل اور سبزیوں کی حفاظت پھلوں کی کاشت، انتظام اراضی، شہد کی مکھیاں پالنے اور لوہاروں کے کام میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان مضامین میں قلیل المیعاد تربیت کا انتظام کیا جاتا ہے۔ اس تربیت کی میعاد مختلف مضامین میں ایک ہفتہ سے دو ماہ تک ہوتی ہے۔ ڈیری، شہد کی مکھیاں پالنے، پھلوں اور سبزیوں کی حفاظت اور کیک، پیسٹری اور پاکستانی مٹھائیاں بنانے کی جماعتوں میں عورتوں کو بھی داخل کیا جاتا ہے۔

زراعتی تحقیقات: ۔ تحقیقات کا زیادہ تر کام زراعتی کالج اور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ (ادارہ تحقیقات) لائلپور میں ہوتا ہے۔ تحقیقاتی اداروں کے ماتحت دفاتر صوبے کے مختلف حصوں میں بھی قائم ہیں۔ تاکہ مقامی تحقیقات میں آسانی رہے۔

Marfat.com

تقسیم ملک سے محکمہ کی تحقیقاتی سرگرمیوں کو بڑا نقصان پہنچا تھا۔ کیونکہ غیر مسلم ملازمین ادارے کی ملازمت سے سبکدوش ہو گئے تھے۔ ان کے بعد جو چند مسلمان باقی رہ گئے وہ کام کی وسعت کو دیکھ کر پریشان ہو گئے۔ بہرحال انہیں اس امر کا احساس تھا۔ کہ پاکستان کی اس نوزائیدہ مملکت کی خوشحالی کا بیشتر انحصار اس کی زراعتی ترقی پر ہے۔ اس احساس نے ان کے دلوں میں اپنے ملک کی خدمت کا بے پناہ جذبہ پیدا کر دیا۔ اور وہ اپنی تمام جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ترقی میں کوشاں ہو گئے۔ لائلپور کے محکمہ تحقیقات کے لوگوں نے اس تن دہی سے کام کیا۔ کہ انہوں نے محض خراج تحسین ہی نہیں۔ بلکہ اپنا پہلا نا مرتبہ پھر حاصل کیا۔ یہاں ان تحقیقاتی اداروں، ان کے تحقیقاتی منصوبوں اور ان کے نتائج کا مختصر سا حال دیا جاتا ہے۔

شعبۂ زراعت: ۔ شعبۂ زراعت محکمہ زراعت پنجاب کا پیش رو تھا۔ اسے مئی سنہ ۱۹۰۱ء میں لائلپور کے مقام پر ایک ۵۰ ایکڑ کی چھوٹی سی تجرباتی فارم کی صورت میں قائم کیا گیا تھا۔ سنہ ۱۹۰۵ء۔ سنہ ۱۹۰۶ء میں پہلے ڈپٹی ڈائرکٹر زراعت، فارم منیجر اور تین ایگریکلچر اسسٹنٹوں نے محکمہ کا کام سنبھالا۔ حصول آزادی کے بعد سے اس شعبہ نے حسب ذیل کام کئے ہیں۔

(۱) دودھ کی پیداوار کا نیا ریکارڈ قائم کیا۔ کنول نامی گائے نے ۱۲ ۱/۲ پونڈ اور بیگم نامی بھینس نے ۶۶ ۱/۲ پونڈ روزانہ دودھ دیا۔

(۲) بارانی علاقے کے لئے ایک کثیر المقاصد پاکستانی ہل اور ایک کے۔آر۔ دو شاخہ ڈرل کی ایجاد۔

یہ شعبہ آج کل حسب ذیل امور پر تحقیقات کر رہا ہے۔

(۱) زراعتی آب پاشی کے فارم رسالہ والا میں یہ تحقیق ہو رہی ہے۔ کہ کھاد اور کاشت کے مختلف حالات کے ماتحت گندم، کپاس، نیلشکر، اور توریا کی فصلوں کے لئے آبپاشی کی ضروریات کیا ہیں۔ (۲) لائلپور زراعتی فارم میں کاشتکاری کے متعدد مسائل مثلاً آلات کشاورزی کی اصلاح پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔

شعبۂ علم نباتات: ۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۰۶ء میں ایک اکنامک بوٹنسٹ (پیداوار نباتات کا ماہر اقتصادیات) کے ماتحت قائم کیا گیا تھا۔ شروع شروع میں یہاں صرف پھلوں کے تیل کے بیجوں، کپاس، سفلہ، فطربات (سانپ کی چھتری والے پودے) وغیرہ کی تحقیقات ہوتی تھی۔ لیکن جوں جوں کام بڑھتا گیا۔ ان فصلوں اور ان کی بیماریوں کی تحقیقات کے لئے علیحدہ علیحدہ نئے شعبے قائم ہوتے چلے گئے۔ البتہ صرف چاروں کی فصلوں کے بارے میں ایک ماہر بدستور سرگودھا میں پروفیسر نباتات کے زیر نگرانی کام کرتا رہا۔

اس شعبے نے حصول آزادی کے بعد فن زراعت کے سلسلے میں حسب ذیل کارناموں سے مستفید کیا ہے۔

(۱) برسیم پنجاب میں ربیع کی ایک عام چارے کی فصل ہے۔ اس کا بیج شمال مغربی سرحدی صوبہ سے درآمد کیا جاتا ہے کیونکہ خیال یہ تھا۔ کہ اس کا بیج پنجاب میں پیدا نہیں ہو سکتا۔ اس شعبے نے عملی تجربے سے یہ ثابت کر دیا ہے۔ کہ نوآبادیات

Marfat.com

کے نہری علاقوں میں اگر اس فصل کو فروری کے وسط تک قائم رہنے دیا جائے۔ تو بہترین بیج حاصل ہو سکتا ہے۔ مزید برآں یہ بھی ثابت ہو گیا ہے۔ کہ اگر زرد رنگ کے بیجوں جس میں ۹۸٪ پیداوار کی اہلیت موجود ہے۔ اگر کسی مرطوب جگہ میں رکھ دیا جائے۔ تو اس کا رنگ بھورا یا سیاہی مائل بھورا ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی قوتِ پیداوار بالخصوص بیجوں کی پھلیوں کی ساخت میں بہت حد تک کمی واقع ہو جاتی ہے۔

(۲) سرگودھا میں چارے کے ماتحت شعبے نے حسب ذیل فصلوں کے کثرت پیداوار والے بیجوں کا ذخیرہ دوبارہ قائم کر لیا ہے۔ جوار، موتھ، گوارا، کھل، دیسی مٹر وغیرہ۔ حال ہی میں اس نے موتھ اور جوار کے میل سے ایک نیا چارہ پیدا کیا ہے۔ جو اب F3 کے درجے میں ہے۔ اس دو نسلے چارے میں جوار کی مٹھاس ہے۔ اور اسے موتھ کی طرح کئی بار کاٹا جا سکتا ہے۔

اس ماتحت شعبہ نے جوار ۲۶۳ پیدا کی۔ جو دو خصوصیات کی بنا پر بہترین جوار شمار ہوتی ہے۔ اس سے ایک ایکڑ زمین میں سے ہزار من چارہ اور ۲۲ من غلہ پیدا ہوتا ہے۔

یہ شعبہ آج کل حسب ذیل امور پر تحقیقات کر رہا ہے۔ گھاس پھوس۔ برسیم کی نشوونما پر نایاب عناصر کا اثر، مشہور پہاڑی گھاسوں کی اصلاح اور صوبے کے بارانی علاقوں میں چارے کے مسئلہ کا حل۔

شعبۂ علم کیمیاء:۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۱۰ء میں قائم ہوا تھا۔ سنہ ۱۹۲۶ء میں اس کے ماتحت ایک شعبۂ جراثیم (Bacteriological Section) کھولا گیا۔ جو ۱۹۲۵ء سے سنہ ۱۹۲۷ء تک خود مختار رہنے کے بعد ایک اسسٹنٹ ماہر جراثیم کی زیر نگرانی پھر شعبۂ کیمیا میں مدغم کر دیا گیا۔

اس شعبے کے نمایاں کارنامے حسب ذیل ہیں۔

(۱) پیداوار اور قوت پیداوار کے اعتبار سے پنجاب کی زمینوں کی تقسیم و ترتیب۔

(۲) اس شعبے نے یہ پتہ چلایا ہے۔ کہ مختلف فصلوں کے لئے کھاد کی کتنی مقدار چاہیئے۔ آلو ۱۵۰، نیشکر ۱۰۰، کپاس ۱۰۰، مکی ۵۰، گندم ۲۵ سے ۳۰، چاول ۲۵ سے ۳۰ پونڈ نائٹروجن فی ایکڑ۔ اس نے یہ بھی تحقیق کیا ہے۔ کہ پنجاب میں کھاد ڈالنے کا بہترین موسم اور طریقہ کیا ہے۔

(۳) اس شعبے نے صوبے کے نیشکر پیدا کرنے والے رقبوں کا مفصل جائزہ لیا ہے۔ اور اس بات کا پتہ چلایا ہے۔ کہ نیشکر کی مختلف اقسام کے پکنے کا کونسا موسم ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ ان کے رسوں کی کیمیاوی ترکیب معلوم کر کے ان سے پیدا شدہ دانہ دار کھانڈ کی مقدار ان پر بیماریوں اور وباؤں کا اثر اور ان کی پوری پیداوار کے حالات دریافت کئے ہیں۔

(۴) اس شعبے نے مختلف اقسام کے بنولوں، کھلی، اور گندم کے دانوں، چنا، جو، جئی، باجرہ اور مکی، چاول اور چنا

Marfat.com

وغیرہ کی قوت خوراک وغیرہ کا اندازہ لگایا گیا ہے۔ پودوں کے ڈنٹھل اور لکی باجرہ جئی کے بھوسوں، گندم اور چاول کا بھوسہ اور چھلکا میں دودھ دینے والے اور دوسرے مویشیوں کی خوراک کے طور پر کیا اہلیت موجود ہے۔

آج کل اس شعبے میں زمینوں، کھاد، جانوروں کی خوراک، کیمیادی چینی اور جراثیم زمین کے متعلق تحقیقات ہو رہی ہے۔ ان اشیاء کو استعمال میں لانے کے لئے جو عام طور پر زراعت میں ضائع ہو جاتی ہے۔ کیمیادی اور خوردبینی مطالعہ جاری ہے۔

شعبۂ حشرات الارض: ۔ محکمہ زراعت میں شعبۂ حشریات سنہ ۱۹۰۹ء تک اکنامک بوٹنسٹ کے ماتحت چلتا رہا۔ اور اس کے بعد ایک خود مختار شعبۂ حشرالارض قائم ہو گیا۔

اس شعبے نے فصلوں کو کھیتوں میں کیڑوں سے بچانے اور ذخائر کو ان کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھنے کے لئے حسب ذیل کام کئے ہیں۔

(۱) کپاس کی نوزائیدہ یا بڑی سفید مکھیوں اور کیڑوں پر قابو پانے کے لئے ۴۰ گیلن پانی اور ۸ پونڈ چونے میں ۴ پونڈ (۵ فیصدی کا) ڈی۔ ڈی۔ ٹی پوڈر چھڑکا جائے۔

(۲) غلے کے ذخیروں میں بیماری کے بچاؤ کے لئے صوبہ بھر میں (تین لاکھ دس ہزار من غلہ) میں ایتھلین ڈائی کلورائیڈ، کاربن اور ٹیٹرا کلورائیڈ کا برک استعمال کیا گیا۔

(۳) آم کے کیڑوں کو ہلاک کرنے کے لئے پانی میں حل ہو جانے والا ایک پونڈ پچاس فیصدی کا ڈی ڈی ٹی پوڈر ۳۰ گیلن پانی میں ملا کر چھڑکا گیا۔

ایلیس انڈیکا ہندوستانی شہد کی مکھی کا نام ہے۔ یہ سطح سمندر سے ۱۵۰۰ فٹ بلند علاقوں میں پائی جاتی ہے۔ اس شعبے نے لائلپور (سطح سمندر سے ۵۰۰ فٹ بلند) میں اس مکھی کو پالنے کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ اور اب اسے صوبے کے سارے میدانوں میں پھیلانے کے منصوبے زیر غور ہیں۔

آج کل یہ شعبہ ان بیماریوں کے علاج تلاش کرنے میں مصروف ہے۔ جن پر تاحال قابو نہیں پایا جا سکا۔ ان کیڑوں کو ہلاک کرنے کے لئے جو دیسی ادویات استعمال کی جاتی ہیں۔ ان کی اصلاح کی بھی کوشش جاری ہے۔ اس کے ماتحت پودوں کی حفاظت کا ایک شعبہ قائم تھا۔ جب محکمہ اس شعبے کے ذریعے سارے صوبے میں وباؤں اور بیماریوں پر قابو پانے میں کامیاب ہو جانے لگا۔ تو اس شعبے کو دوبارہ قائم کر دیا جائے گا۔

شعبۂ تحقیق الامراض: ۔ یہ شعبہ جو پہلے "مائی کولوجی کل سیکشن" کے نام سے مشہور تھا۔ سنہ ۱۹۲۸ء میں علم نباتات کے پروفیسر کی زیر نگرانی جاری کیا گیا۔ اور اپریل سنہ ۱۹۳۷ء میں اس کی جداگانہ حیثیت بنا دی گئی۔

(۱) اس شعبہ نے گرام نمبر ۸۰۶ کو جو کہ گرام نمبر ۸ اور پنجاب ۷ کا پیوند ہے۔ پودوں کی بیماریوں کا مقابلہ کرنے

Marfat.com

والا اور زیادہ پھل دینے والا پایا۔ یہ گرام دوسرے تمام قسم کے چنوں سے ۲ من فی ایکڑ کے حساب سے سبقت لے گیا۔

(ب) اس شعبہ نے لائلپور میں ۱۵ سے آخر ماہ اکتوبر تک کے موسم کو گرام کو بونے اور جھڑ کر ضائع ہونے سے بچانے کے لئے بہترین موسم پایا۔

(ج) اس شعبہ نے تحقیق کی کہ گندم کی بیماری کے جراثیم جو فصل کاٹنے، بھوسے سے گندم جدا کرنے اور پھٹکنے کے وقت کھیت میں گر جاتے ہیں۔ وہ آئندہ جنوری تک بے حس رہتے ہیں۔ پھر بیدار ہو کر (Uredia) کی شکل اختیار کرتے ہیں جو مارچ میں پھولوں کو خراب کرتے ہیں۔

آج کل یہ شعبہ گرام کی بیماریوں کا مقابلہ کرنے۔ گرام کے جھڑ جانے۔ گندم کو بیماری لگنے۔ کپاس کے جڑ سے گلنے۔ گنے۔ سبزیوں اور پھلوں کے پودوں کی مختلف بیماریوں کی تحقیقات کر رہا ہے۔

شعبۂ انجینرنگ :۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۱۲ء میں جاری کیا گیا۔ اس کا کام صوبہ میں پانی نکالنے والے کنوئیں اور ٹیوب ویل لگا کر آب رسانی میں اضافہ کرنا ہے۔ یہ شعبہ زرعی آلات کے بارے میں بھی تحقیقات کرتا ہے۔ اور اب تک اس نے کریم سیپریٹر دودھ سے مکھن نکالنے کی مشین اور سنگل کاٹن ڈرل روئی دھننے کی مشین معلوم کی ہیں۔ صوبہ میں دورہ کر کے اس نے معلوم کیا ہے۔ کہ دو لاکھ ایکڑ زمین کے لئے جسے موجودہ مقدار آب رسانی کافی نہیں۔ مزید ۵ ہزار ٹیوب ویل کی ضرورت ہے۔ یہ شعبہ اس وقت ضلع لائلپور کی سطح زمین میں میٹھے پانی کو تلاش کرنے، پرانے کنوؤں کو بہتر بنانے اور زمین کو بنجر بننے سے روکنے پر مامور ہے۔

شعبۂ میوہ جات :۔ پنجاب میں پھلوں کا کام پہلے پہل معاشی ماہر نباتات کے زیر نگرانی سنہ ۱۹۲۶ء میں شروع ہوا۔ کام بڑھ جانے کی وجہ سے سنہ ۱۹۳۱ء میں پھلوں کے ایک ماہر کی زیر نگرانی ایک علیحدہ فروٹ سیکشن علیحدہ ہونے کے بعد سے اس کی کارگزاری حسب ذیل ہے کہ

(ا) اس نے صوبہ میں پھلوں کی بہتر بنائی ہوئی اقسام رائج کیں۔ (۱) سنگترے کنو منڈارین اور فیوٹر نارنگی منڈارین ہر دو اقسام سورج کی تپش سے محفوظ ہیں۔ (۲) آم زعفرانی اور سمر بہشت آم۔ (۳) کیپ گوزبری اور سٹرابری۔

(ب) شعبہ نے اپنے باغیچہ واقع لائلپور اور فروٹ ڈیولپمنٹ بورڈ کے باغیچوں سے عمدہ اور زیادہ پھل لانے والے ۱۰۹۲ آم کے پودے مہیا کئے۔ اپل ۵۶۰۰ مختلف اقسام کے اعلیٰ آموں کے بیج اور شاخیں صوبہ بھر میں لگائیں۔

(ج) اس شعبہ نے اگست سنہ ۱۹۲۷ء سے ۲۳۷۲ اشخاص کو جن میں ۱۱۲۲ خواتین بھی شامل ہیں۔ پھلوں سے رس، لذیذ مشروبات۔ مربے۔ چاشنی۔ ست۔ کھانڈ اور سرکہ بنانے کی تربیت دی۔

Marfat.com

اب یہ شعبہ مری کی پہاڑیوں میں سڑابری فروٹ کی مختلف اقسام۔ میٹھے نیبو کے پھل نہ لانے کی وجوہات۔ سٹرس اور دوسرے پھلوں کو پیوند لگانے کے نتائج۔ کھجوروں کے حصول۔ گھریلو ضروریات کے لئے پھلوں اور سبزیوں کا رس نکالنے اور زیتون کی مختلف اقسام میں تیل کی موجودگی کا اندازہ کرنے میں مصروف ہے۔

شعبۂ تخم جات:۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۲۹ء میں بوٹینکل سیکشن (شعبہ نباتات) سے جدا کر دیا گیا۔ مابعد کی کارگزاری حسب ذیل ہے۔

(۱) تیل کے بیجوں کی دنیا بھر میں ایک نادر قسم پیدا کر دی۔ یہ بھوری سرسوں کی (colchicine) سے ملاوٹ کا نتیجہ ہے۔ اس میں چند اقسام ایسی ہیں۔ جو پہلے کی نسبت ۱/۲ ۲ گنا زیادہ پھل دینے والی ہیں۔ جب کہ دوسری اقسام چارہ اور کچے چبائے جانے والے پودوں کے طور پر استعمال کئے جانے کے لئے موزوں ہیں۔

(۲) پنجاب میں مونگ پھلی کی فصل لگانے کے

مواقع کا جائزہ لینا:۔ اس شعبہ کے پاس مونگ پھلی کی ۱۵۵ اقسام (۱۸ ہیلدار اور ۲۷ زمین پر پھیلنے والی) موجود ہیں۔ یہ سب تحقیق اور انتخاب سے دریافت ہوئی ہیں۔ چند اقسام نے صوبہ کے مختلف حصوں میں کافی زیادہ فصل دی ہے۔ ایک تجربہ کے ٹکڑہ زمین، کھیت سے زیادہ سے زیادہ ۴۲ من فی ایکڑ کی فصل حاصل کی گئی ہے۔

یہ شعبہ اس وقت سرسوں کے تیل کو گھریلو پیمانہ پر صاف کر کے خوشبودار بنانے کی صنعت کا معیار مقرر کرنے۔ تیل کے پودوں کی بحیثیت چارہ قیمت معلوم کرنے اور ایسے اجزاء کی تحقیق کرنے میں مصروف ہے۔ جو تیل والے بیجوں کی فصل سے حاصل شدہ تیل کی جنس اور مقدار پر اثر انداز ہوتے ہیں۔

شعبۃ الخوشہ جات:۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۲۶ء میں رائج ہوا۔ جس سے پہلے اناج کے پودوں کے متعلق کام معاشی ماہر نباتات کے سپرد تھا۔ فصلوں کی اصلاح یقیناً ایک دیرپا پالیسی ہے۔ تقسیم ملک کے بعد جب غیر مسلم ملازم شعبہ سے چلے گئے۔ تو شعبہ کے حالات امید افزاء نہیں تھے۔ شعبہ کے ذمے سب سے پہلا کام خوراک میں استعمال ہونے والے ان پودوں کو اس ملے جلے ڈھیر سے جدا کرنا تھا۔ جس میں غیر مسلم اسے ہندوستان جاتے چھوڑ گئے تھے۔ اس ملے جلے ڈھیر سے شعبہ نے گندم کی دو نئی قسمیں ۲۷۳-C/۲۷۱-C دریافت کیں۔ جن کے پچھلے تین سالہ تجربات نے ان کو اچھی فصل دینے والی اقسام ثابت کر دیا ہے۔

شعبہ نے (۱) چاول کی نئی قسم جمونہ ۱۶۰ بھی معلوم کی ہے۔ جو مشہور جمونہ ۴۲۹ کی تمام زرعی اوصاف کے باوجود نسبتاً زیادہ فصل دینے والی بھی ہے۔

(۲) چنے کی نئی قسم ۶۱۲-C معلوم کی ہے۔ جو بیماریوں کے مقابلہ کرنے اور گرنے سے محفوظ رہنے کے علاوہ

Marfat.com

۴-۱۲/۳۴-C سے نسبتاً زیادہ فصل دینے والی بھی ہے۔

یہ شعبہ آج کل گندم۔ چاول اور چنے کی زیادہ فصل دینے والی۔ بیماریوں کا مقابلہ کرنے والی اور کم جھڑنے والی اقسام۔ (۲) دو پودوں سے بنائی گئی مکی اور (۳) اعلیٰ قسم کی دالوں کو دریافت کرتا ہے۔ اس شعبہ کے پاس آٹا پیسنے۔ اور روٹی پکانے کی تجربہ گاہ بھی ہے۔ جہاں ان نئے دریافت شدہ اناجوں کا قابلِ خوراک ہونا جانچا جاتا ہے۔

شعبۂ کپاس:۔ یہ شعبہ پنجاب بوٹینیکل سکیم کے تحت پنجاب گورنمنٹ اور مرکزی کاٹن کمیٹی کے مشترکہ خرچ سے ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء میں قائم کیا گیا۔ اور سنہ ۱۹۴۰ء میں پنجاب کے محکمہ زراعت کا ایک حصہ بن گیا۔ اس کی کارگزاری حسب ذیل ہے۔

(۱) F-۲۶۸ کی دریافت۔ یہ لمبے ریشے والی کپاس ہے۔ اور درمیانہ ریشے والی کپاس F-۴ سے زیادہ فصل دیتی ہے۔ ضلع جھنگ اس کی کاشت کے لئے موزوں ہے۔

(۲) L.S.S یہ کپاس تجارتی نقطہ نظر سے بہت اہم ہے۔ لیکن دیر سے پکتی ہے۔ اور جن سالوں میں سردی جلد شروع ہو کر کہر وغیرہ پڑنے لگے۔ ان میں اس کی فصل بہت کم اترتی ہے۔ اس نقص کو دور کرنے کے لئے شعبہ نے L.S.S کی جلد پکنے والی قسم پیدا کی ہے۔ جو پہلی قسم کی نسبت زیادہ فصل اور بیلنے میں بہتر نتائج دیتی ہے۔

(۳) یہ قسم بیلنے میں ہلکے نتائج دیتی ہے۔ اور اسی لئے اس کی قیمت میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ اس کے نئے انتخاب نے F ۲۴۸ کو جنم دیا ہے۔ جس کے بیلنے کے نتائج ۴۳/۴ F ۲۴۸ سے عمدہ ہیں۔

اس شعبہ نے کپاس کی "لاثانی" اقسام بھی پیدا کی ہیں۔ جو عمدہ فصل دینے کے علاوہ ایک ایک انچ لمبا ریشہ رکھتی ہیں۔ اور ہماری موجودہ تجارتی کپاس کی ۳۵ دفعہ کے مقابلے میں ۵۰ سے ۷۰ دفعہ تک کاتی جا سکتی ہیں۔ مگر یہ ریشے ابھی تجرباتی دائرہ میں ہیں۔ شعبہ کی کوششیں صوبہ کے مختلف علاقوں کی پیداوار کے موافق کپاس کے ریشے دریافت کر کے پنجاب کی کپاس کی فصل بڑھانے کے لئے جاری ہیں۔ محکمہ زراعت پنجاب کی تحقیقات کے نتائج کے طور پر کپاس کی مختلف اقسام جو کہ صوبہ کے مختلف حصوں کے لئے موزوں ہیں۔ دریافت کر لی گئی ہیں۔ ان اقسام کی پیداوار کو عملی جامہ پہنانے کے لئے (بالخصوص امریکن کپاس) اس تجویز کو پنجاب کاٹن کنٹرول ایکٹ سنہ ۱۹۴۹ء میں آخری شکل دیدی گئی ہے۔ اس ایکٹ کے اطلاق کے لئے صوبہ دو حصوں میں منقسم ہے۔ اور ہر حصہ ایک چیف کاٹن انسپکٹر کے ماتحت جن کے صدر مقامات لائلپور اور منٹگمری میں ہیں۔ چیف کاٹن انسپکٹرز لائلپور اور منٹگمری کے ماتحت بالترتیب ۳۲ اور ۲۸ کاٹن انسپکٹر ہیں۔ ایک کاٹن انسپکٹر کے حلقہ کا تعین اس علاقے میں بیرونی کام کاج کی نوعیت۔ روئی دھننے۔ گانٹھیں باندھنے اور بیجوں سے تیل نکالنے کی مشینوں کی تعداد پر منحصر ہے۔ کاٹن انسپکٹر کے عام فرائض حسب ذیل ہیں۔ (۱) کہ علاقہ

Marfat.com

ہیں زمیندار صرف تعین شدہ کپاس ہی بوتا ہے یا نہیں (۲) کہ کھیت ۔ منڈی اور کارخانہ میں مطلوبہ قسم کی کپاس کے ساتھ گھٹیا درجہ یا دوسری اقسام کی کپاس تو نہیں ملائی جاتی ۔

شعبۂ قند : ۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۳۲ء میں کھولا گیا ۔ جاری ہونے کے بعد سے اس شعبہ کا اہم کام گنے کی درج ذیل اقسام کی جو کہ زیادہ فصل دینے والی ہیں، دریافت کرتا ہے Col 3, Col 37, Col 33, Col 29, Col. 5

یہ اقسام اس وقت صوبہ کے مختلف تجرباتی کھیتوں میں زیر تجربہ ہیں ۔

یہ شعبہ اس وقت دوسرے مسئلوں کے علاوہ پنجاب میں گنے کے قابلِ کاشت بیج حاصل کرنے کے طریقوں کو دریافت کرنے میں مصروف ہے ۔

شعبۂ سبزیاں : ۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۳۸ء میں جاری کیا گیا ۔ ڈیجٹیبل یوٹلائزیشن کے بعد مئی سنہ ۱۹۵۰ء میں مقرر ہوا سبزیوں کی بہتر بنائی ہوئی اقسام کو دریافت کرنے کا کام میدانوں میں لائلپور اور پہاڑوں کے لئے مری میں کیا جاتا ہے ۔ شعبہ کی کارگزاری حسب ذیل ہے ۔

(ا) غیر مسلموں کے چھوڑے ہوئے مرکب ڈھیر کو دوبارہ کاشت کر کے اور ان کے بیج کاشتکاروں کو تقسیم کر کے مٹر ۔ ٹماٹر وغیرہ کی تقریباً ایک درجن خالص اقسام کی دریافت ۔

(ب) اعلیٰ قسم کی فصل دینے والی پیداوار مثلاً کئی تربوز وغیرہ جو کہ پنجاب کے اہم سبزی پیدا کرنے والے علاقوں سے دوبارہ حاصل کئے گئے تھے ۔

یہ شعبہ اس وقت تحقیقات کے دوسرے اہم حصوں کے علاوہ آلوؤں کے پیوند کی تفصیلات کے مطالعہ میں مصروف ہے ۔ تاکہ موسم بہار اور خزاں میں صوبے کی پہاڑیوں اور میدانوں پر فصل بڑھانے ۔ عمدہ جنس رکھنے اور کاشت کے لئے موزوں اقسام معلوم ہو سکیں ۔

شعبۂ مچھلیاں : ۔ یہ شعبہ سنہ ۱۹۱۲ء میں جاری کیا گیا ۔ اس کا صدر دفتر لاہور اور کارگزاری حسب ذیل ہے ۔

(ا) صوبہ کے مختلف پانیوں میں ۲۰ لاکھ مچھلی کے انڈے اور ۳ لاکھ ۸" ۔ ۶" کے بچے چھوڑے ۔

(ب) صوبہ میں ۵۰ ۷ فرائی فارم اور ۷۰ مچھلی کے فارم کھولے ۔

(ج) ۲۸۰۰ پونڈ فی ایکڑ سالانہ کی ریکارڈ شدہ مقدار اپنے ایک تالاب میں پیدا کی ۔

(د) ۱۶ پونڈ وزن کی "کٹلہ" مچھلی ۱½ سال میں اپنے ایک تالاب میں پرورش کی ۔

یہ شعبہ مچھلی ناموافق اشیاء کی روک تھام ۔ مچھلی کی افزائش نسل ۔ مچھلی کی بیماریوں کے علاج اور مچھلی کی خوراک بڑھانے کی تحقیقات کر رہا ہے ۔

شعبۂ اعداد و شمار : ۔ یہ شعبہ فروری سنہ ۱۹۲۲ء میں کھولا گیا ۔ اس شعبہ کا ناظم جنوری سنہ ۱۹۲۶ء تک لاہور میں کام

Marfat.com

کرتا رہا۔ پھر اس کا صدر مقام لائلپور بنا دیا گیا۔ اس شعبہ کے ذمہ حسب ذیل امور ہیں۔

(ا) محکمہ کے تجرباتی کام کا نقشہ تیار کرنا اور اس کی تجویز مرتب کرنا۔ اس طرح حاصل شدہ اعداد و شمار کے تخمینہ کا تجزیہ کرنا۔

(ب) طلبا کو اس کے امتحان ڈگری کیلئے تیار کرنا۔

یہ شعبہ اس وقت فصل کے تخمینوں کے اندر مصروف کار ہے۔ (مثلاً فصل کاٹنے کے تجربات کے لئے، کوئی سے ٹکڑہ جات زمین کے اندر گندم اور چنے کی فصل بیج کر ان کے آئندہ مشاہدہ جات کو متواتر کامیاب بنائے جانا اس کا اصل مقصد ہے۔

زراعتی توسیع :۔ پاکستان اور دوسرے ایسے ملکوں کے زراعت پیشہ لوگ جن کی ترقی ہنوز زیر غور ہے۔ دیہات میں جدا جدا رہتے ہیں۔ یہ ایسے غیر تعلیم یافتہ اور غریب لوگ ہیں۔ جن کے پاس بہت کم سرمایہ ہوتا ہے۔ لہٰذا اس محکمہ کا کام ایسے ملک میں دور دراز گاؤں کے جھونپڑوں تک جدید طرز کی زراعت کا پیغام پہنچانا ہے اس مطلب کو حل کرنے کے لئے پنجاب کے محکمۂ زراعت نے ضلع وار کام اور پراپیگنڈا کی ایک سکیم تیار کی ہے۔

پنجاب ۱۶ ضلعوں اور ۵۲ تحصیلوں میں تقسیم ہے۔ جن میں ۲۰۵۹۲ گاؤں ہیں۔ محکمہ کے کام کے مطابق پنجاب پھر ۵ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ وہ یوں ہے۔

۱۔ لائلپور کا علاقہ۔ جس میں لائلپور کا ضلع ہے۔

۲۔ گوجرانوالہ کا علاقہ۔ جس میں ضلع گوجرانوالہ، ضلع گجرات، سیالکوٹ اور سرگودھا شامل ہیں۔

۳۔ منٹگمری کا علاقہ۔ اس میں منٹگمری، لاہور اور شیخوپورہ کے ضلعے شامل ہیں۔

۴۔ حلقہ ملتان۔ اس میں ملتان، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازیخاں، اور جھنگ کے ضلعے شامل ہیں۔

۵۔ حلقہ راولپنڈی۔ اس میں جہلم، راولپنڈی، کیمبلپور، اور میانوالی کے اضلاع شامل ہیں۔

ہر حلقہ ایک ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ زراعت کے ماتحت ہوتا ہے۔ ان کے ہیڈ کوارٹرز لائلپور، گوجرانوالہ، منٹگمری اور ملتان ہیں۔ ہر ڈپٹی ڈائریکٹر کے ماتحت محکمۂ زراعت کے ۱۱۶ افسر ہوتے ہیں۔ جنہیں ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر محکمۂ زراعت کہتے ہیں۔ اور مندرجہ بالا ۱۶ حلقوں میں سے ہر ضلع اس کے ماتحت ہوتا ہے۔ ہر ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر کو اوسطاً ۱۳۱۰ دیہات کی دیکھ بھال کرنا ہوتا ہے۔ اس کے ماتحت ۸ تا ۱۵ معاون ہوتے ہیں جن میں سے ہر ایک کو ۱۳۵ تا ۱۶۶ دیہات کا کام دیکھنا ہوتا ہے۔ ہر ایسے معاون کے ساتھ ۲ تا ۴ مقدم ہوتے ہیں۔ جو اسے ۵۰ تا ۸۳ دیہات میں زراعتی اصلاح میں مدد دیتے ہیں۔ ہر مقدم کے ماتحت پھر ایک بیلدار ہوتا ہے۔ اس محکمہ کا اہم مقصد یہ ہوتا ہے۔ کہ ۶۵۵ دیہات کے لئے ایک ایکسٹرا اسسٹنٹ ڈائریکٹر اور پچاس

Marfat.com

گاؤں کے لئے ایک زراعتی معاون اور ۲۵ دیہات کے لئے ایک مقدّم اور ۲ بیلدار ہوں۔

بیلدار ایک تجربہ کار کسان ہوتا ہے۔ اور مقدّم ایک ایسے آدمی سے مراد ہے۔ جس نے زراعتی کالج میں ایک سال تک عملی تعلیم حاصل کی ہو۔ زراعتی معاون اور ایگریکلچرل اسسٹنٹ ڈائریکٹر زکم از کم زراعت کے بی۔ ایس۔ سی ہوتے ہیں۔ جبکہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعتی تعلیم کے ایسے گریجوایٹ ہوتے ہیں۔ جنہوں نے ممالک غیر میں بھی زراعت کی عام تعلیم حاصل کی ہوتی ہے۔

محکمۂ زراعت صوبے کے دور دراز دیہات تک بھی جدید زراعت کے طریقے پہنچانے کے لئے کئی طریقے استعمال میں لاتا ہے۔ سب سے پہلے زراعت کے جدید طریقے دکھانے کے لئے اس محکمہ کے پاس صوبے میں ۶ ضلع وار فارموں کے نمونے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل جگہوں پر ہیں۔

۱۔ سیالکوٹ میں — ۵۰ ایکڑ کی فارم۔

۲۔ شیخوپورہ — ۱۶۶ ایکڑ فارم۔

۳۔ کیمبلپور — ۱۰۶ ایکڑ فارم۔

۴۔ گوجرانوالہ — ۱۰۷ ایکڑ فارم۔

۵۔ میانوالی — ۱۵۱ ایکڑ فارم۔

۶۔ جھنگ — ۱۱۰۰ ایکڑ فارم۔

زراعت کرنے والے زراعت کے عملی اصول معلوم کرنے کے لئے ان فارموں کو دیکھنے آتے ہیں۔ دیہات میں ان فارموں کے اچھے کام کو بہتر فصلوں کے نمائشی قطعے بنا کر اور بھی تقویت دی گئی ہے۔ اور کسانوں کی اپنی زمینوں پر زراعت کے اچھے طریقے استعمال کئے جاتے ہیں۔ تاکہ وہ معلوم کریں۔ کہ ان کی فصل دوسروں کی نسبت زیادہ اچھی ہوتی ہے۔ ایگریکلچرل اسسٹنٹ ایسے مکھیتوں کے نمونے تجویز کرتا ہے مگر اصل مکھیتی باڑی اور فصل کا کام بیلدار سرانجام دیتا ہے۔ اور مقدّم اس کی نگرانی اور رہنمائی کرتا ہے۔

محکمہ نے دیہات میں جدید فارمیں بنا رکھی ہیں۔ تاکہ کسانوں کو یہ بتایا جائے۔ کہ فصلیں زیادہ پیدا کرنے کے لئے زراعت کے جدید اصول پرانے طریقوں پر کیسے فوقیت رکھتے ہیں۔ زراعت پیشہ لوگ ان فارموں کے مالک ہوتے ہیں۔ اور وہ ان کا انتظام محکمہ کی ہدایت کے مطابق بذاتِ خود کرتے رہیں۔ اور صوبے میں ان فارموں کی تعداد ۶۲۷ کے قریب ہے۔

اسی طرح دیہات کو جدید طریق کے گاؤں میں تبدیل کرنے کی تجویزیں کی جا رہی ہیں۔ اور اس کے لئے پہلا قدم ایک گاؤں رام دیوالی میں اٹھایا گیا ہے۔ جو لائلپور، سرگودھا سڑک پر لائلپور سے ۹ میل کے فاصلہ

Marfat.com

پر ہے۔ جہاں کہ محض قابلِ زراعت زمین اس گاؤں کے ساتھ شامل کی گئی ہے۔ اور یہاں محکمہ کے سفارش کردہ اصولوں پر زراعت کی جارہی ہے۔

ضلع دار اور نمائشی فارموں۔ دیہاتی زمینوں کے نمائشی قطعے۔ اور جدید دیہات کے علاوہ محکمۂ زراعت بہت سے اور بھی طریقے استعمال میں لا رہا ہے۔ تاکہ جدید اصولِ زراعت کو کسانوں کے درمیان مقبول عام کیا جائے۔ ان میں سے محدود سے چند کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

(۱) **ذاتی تعلقات** :۔ یعنی گاؤں بہ گاؤں دورہ کرنا۔ جدید فارم پہ ایک دن کے لئے میلہ لگانا۔ زراعتی چیزوں کی نمائش کو گھوڑوں اور مویشیوں کے میلوں پر ترتیب دینا۔ زراعت پیشہ لوگوں کو اکٹھے کرنا اور ان کو ان چیزوں کی نمائش کرانا۔ ہل چلانے اور پیداوار بڑھانے کے مقابلوں کا انتظام کرنا۔

(۲) **عملی سکھلائی کی جماعت** :۔ پنجاب زراعتی کالج جیسا کہ پہلے ذکر کیا گیا ہے۔ طلباء کو ڈگری کورس کی ٹریننگ کے علاوہ جائیداد کا انتظام کرنے۔ پھلوں کی تربیت۔ تیل کے انجن چلانے۔ زراعت کے جدید آلات کی مرمت کرنے۔ مکھن بنانے۔ مرغی خانے۔ بیج کا کام۔ پھلوں اور سبزیوں کو بوتلوں میں بند کرنے اور اس کے علاوہ گھروں میں استعمال کی چیزیں بنانا۔ مثلاً مربّے۔ چاشنیاں۔ نارنگی کے مربّے انگوری سرکہ۔ شربت۔ اچار۔ مربّے۔ چٹنیاں۔ پھلوں کے رس مقوی چیزیں۔ اور شہد کی مکھیوں کا پالنا بھی سکھلاتے ہیں۔

(۳) **اشاعت و چھپائی کا کام** :۔ دیواروں پر زراعتی گیتوں کا لکھنا۔ اشتہار۔ رسالے۔ اشتہاری کتب۔ اخباری مضامین اور دیگر مشہور رسالوں کے لئے اقتباسات تیار کرنا۔ ریڈیو پر پڑھنا۔ کالجوں اور سکولوں۔ دیہاتی مسجدوں۔ مذہبی جلسوں۔ مجلسوں اور اکٹھ میں لیکچر دینا۔

(۴) **ہدایتی امداد** :۔ کاشت۔ باغات اور دیہات کے نمونے تیار کرنا۔ دباؤں اور بیماریوں پر قابو پانا۔

(۵) **اشیاء کی فراہمی** :۔ بیج۔ پھلدار پودوں کا ذخیرہ۔ زراعتی آلات۔ زراعتی آلات کے لئے لوہا زمین کو زرخیز بنانے کے اوزار۔ اور کیڑوں کا مارنا وغیرہ۔

(۶) **توضیحِ آئین و ضوابط** :۔ کپاس کے متعلق قانون۔ اور دوسرے قوانین جن کے متعلق زراعتی آئین کے مطابق بحث ہوتی ہے۔

(۷) **سفری نمائش** :۔ پھلوں کو محفوظ رکھنے کی تعلیم دینے کے لئے ایک جماعت تمام صوبے میں جگہ بہ جگہ جاتی ہے۔ اور جو پھلوں اور سبزیوں کو محفوظ رکھنے کے طریقے سیکھنا چاہتے ہیں۔ ان کو وہ تعلیم

Marfat.com

دیتی ہے۔

(۸) اشد ضرورت کے وقت کلاسیں:۔ یہ کلاسیں جب ضرورت پڑتی ہے۔ تو لوگوں کو گاؤں اور قصبوں میں تباہی لانے والی چیزوں مثلاً ٹکڑی۔ فصل کے ذخیروں کو خراب کرنے والی چیزوں کا مقابلہ کرنا سکھاتی ہیں۔

تحفظ شکار:۔ پنجاب میں شکار کرنے کے جانور اور پرندے عموماً سیاہ ہرن۔ ہندوستانی غزال۔ گورل چھوٹی قسم کے ہرن۔ سُور کے ڈھیل کا ہرن۔ سفید داغوں والا ہرن۔ سُبز۔ یورل۔ شُتر مرغ۔ دراج اور کئی قسم کے دوسرے تلیتر۔ چڑیاں۔ خاص قسم کے چھوٹے پرندے۔ بطخ۔ سبز کبوتر۔ اور دوسرے کبوتر۔ اور چکور۔ کچھ۔ شُتر مرغ کی قسم کے پرند۔ فاختہ۔ کوئل وغیرہ ہوتے ہیں۔ اس محکمہ کا کام شکار کے متعلق یہ ہوتا ہے۔ کہ صوبے میں جنگلی پرندوں اور جانوروں کی افزائش ہو۔ شکار کے قوانین کو برقرار رکھیں۔

پنجاب میں مختلف شکار کے لئے موسم کا جاری اور بند ہونا مقرر ہوتا ہے۔ اور شکار کے محکمہ کے سٹاف کا فرض ہوتا ہے۔ کہ وہ دیکھیں کہ آیا (۱) کوئی بلا اجازت شکار تو نہیں کرتا۔ (۲) اور جن کو شکار کرنے کی اجازت ہو وہ شکار کے جاری کردہ قوانین کے مطابق شکار کریں۔

محکمہ شکار کے سٹاف کا یہ بھی کام ہوتا ہے۔ کہ صوبہ پنجاب میں شکاری پرندوں اور جانوروں کی بقا اور حفاظت کے پراپیگنڈے کو بھی اہمیت دیں۔ ایسے جنگلی جانوروں کی انسان کے ہاتھوں زندگی محفوظ رکھنے کے لئے پنجاب میں ۱۶ حفاظت گاہیں بنائی گئی ہیں۔ جہاں کہ ایسے جانور آرام سے رہتے اور بڑھتے ہیں۔ وہ یہ ہیں۔

نام پناہ گاہ	ضلع	رقبہ
چھنی دھیرو	سیالکوٹ	۱۵۵ ایکڑ
رکھ کٹھیالہ	شیخوپورہ	۱۳۶۳ ½ ایکڑ
موضع ٹبی کسرانی	ڈیرہ غازیخاں	۴۸۰ ایکڑ
رکھ شاملات ڈہ چراغ پنڈی بھٹیاں	گوجرانوالہ	۷۱۹ ایکڑ
سہاوہ کی رکھ بٹالی ڈھیر	جہلم	۱۰۹۲ ایکڑ
رکھ ہرپال	کیمبلپور	۱۵۴۶ ایکڑ
رکھ لدھے کی	لاہور	۱۷۶۵ ایکڑ
بنی شاہ چک ۱۳ اور لاکا کی مشرق جانب	شاہ پور	۲۰۶۳ ایکڑ

Marfat.com

رکھ نور پور	راولپنڈی	۲۱۰۰ ایکڑ
رکھ چھینا ملانا	مظفر گڑھ	۴۱۸۰ ایکڑ
چک شاہانہ	ملتان	۶۵۰۰ ایکڑ
کلیانہ جاگیر	منٹگمری	۷۵۰۰ ایکڑ
دھلانہ اور کوٹ کھیڑہ	جھنگ	۱۹۲۶۵ ایکڑ
رکھ خوشاب	شاہ پور	۱۲۶۲۰ ایکڑ
جنگل بیٹی	ملتان	۱۲۳۸۹۳ ایکڑ
رکھ مانکرا اور حیدر آباد	میانوالی	۱۱۴۱۵۹۲ ایکڑ

نرخ بازاری :۔ یہ شعبہ پنجاب میں مارچ سنہ ۱۹۳۵ء میں جاری ہوا۔ اور اپریل سنہ ۱۹۴۵ء میں اسے منتقل کر دیا گیا۔

اس محکمہ (زراعت) کا نرخ بازاری کے متعلق زیادہ سروکار مندرجہ ذیل چیزوں تک محدود رکھتا ہے۔

(ا) مندرجہ ذیل اسباب کا ملاحظہ کرنا۔ اناج۔ تمباکو۔ پھل۔ ذائقہ دار چیزیں (اچار، چٹنی، مصالحہ۔ رنگ تیل۔ مچھلی۔ مرغی۔ مویشی۔ اون۔ بال۔ کھالیں۔ چمڑا۔ اور انڈے وغیرہ۔

(ب) مندرجہ ذیل زراعتی چیزوں کے بھاؤ۔

گھی۔ آٹا۔ چاول۔ پھل۔ انڈے وغیرہ۔

(ج) منڈی کے بھاؤ کے متعلق خبریں۔

(د) حکومت کو تجارتی حالت کی دو ہفتہ رپورٹ دینا۔

(ہ) تجارتی حساب و کتاب کے متعلق اطلاع دینا۔

(و) پنجاب میں زرعی پیداوار کے مارکیٹ ایکٹ کا بندوبست۔

منڈیوں کی خبریں دینے سے یہ مقصد ہوتا ہے۔ کہ کسان کو منڈی کے روزانہ بھاؤ کے متعلق اطلاع دی جائے اور اس طرح اس کو اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کی اچھی قیمت حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے زرعی چیزوں کے بھاؤ روزانہ ریڈیو پاکستان پر نشر کئے جاتے ہیں۔ اور خبر رساں ایجنسی کے حوالے کئے جاتے ہیں۔ تاکہ انگریزی اور اردو کے روزانہ اخباروں میں شائع ہوتے رہیں۔ مختلف منڈیوں میں چیزوں کے مقامی بھاؤ منتخب دیہات میں مارکٹ کمیٹیوں کے ذریعے پہنچائے جاتے ہیں۔

توضیح قانون :۔ محکمہ زراعت مندرجہ ذیل قوانین کا اہتمام کرتا ہے۔

Marfat.com

(۱) پنجاب فشریز ایکٹ سنہ ۱۹۱۴ء (ایکٹ نمبر ۲ سنہ ۱۹۱۴ء) جس کی ترمیم پنجاب ایکٹ نمبر IV سنہ ۱۹۲۳ء اور پنجاب ایکٹ نمبر II سنہ ۱۹۴۱ء کے مطابق ہوئی۔ اور قواعد وضوابط اس کے ماتحت جون سنہ ۱۹۴۵ء تک درست کئے گئے۔

(۲) پنجاب میں شکاری پرندوں اور جانوروں کی حفاظت کا ایکٹ سنہ ۱۹۲۳ء۔ پنجاب ایکٹ نمبر II سنہ ۱۹۳۳ء اور اس کے قواعد کا اعلان کرنا۔

(۳) پنجاب زرعی پیداوار کی منڈیوں کے ایکٹ سنہ ۱۹۳۹ء (ایکٹ نمبرہ سنہ ۱۹۳۹ء) کا نفاذ ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۴۷ء تک۔

(۴) مغربی پنجاب میں کپاس ایکٹ اور قوانین سنہ ۱۹۴۹ء (IV سنہ ۱۹۴۹ء)

مندرجہ ذیل توضیع قوانین زیر غور ہے:۔

پنجاب کھانڈ کے کارخانوں پر کنٹرول کا بل۔ اور زرعی وبائیں۔ بیماریوں اور گلی سڑی چیزوں پر کنٹرول بل۔

(۱) پنجاب فشریز ایکٹ سنہ ۱۹۱۴ء۔ یہ سنہ ۱۹۱۱ء میں بنایا گیا تھا۔ کہ پنجاب میں مچھلی کی پیداوار محض اس لئے کم ہو رہی ہے۔ کہ (۱) یہ انڈے دینے کے لئے طبعی جگہ تک نہیں پہنچتی۔ (۲) نہروں کے بند جو کہ مچھلی کی بہتات کی تباہی کا باعث ہوتے ہیں۔ (۳) حد سے زیادہ مچھلی کا شکار کرنا اور اس کی نسل کو ذبح کرنا۔ مچھلی کی پیداوار کی تباہی کو روکنے کے لئے اور صوبے میں مچھلی زیادہ پیدا کرنے کے لئے بھی فشریز ایکٹ سنہ ۱۹۱۴ء میں بنایا گیا تھا۔ جس کا مقصد یہ تھا۔ کہ مچھلی زیادہ پیدا کرنے کے لئے ان باتوں پر عمل کیا جاوے۔

(۱) مچھلی کو انڈے دینے والی قدرتی جگہ تک پہنچانے کے لئے راستہ بنایا جائے۔ (۲) موسم کے بند کرنے کے متعلق حکم انتباہی۔ (۳) لائسنس کے ماتحت مچھلی گاہیں بنانا۔ (۴) مچھلی کے دشمنوں کو تباہ کرنا۔ (۵) مچھلیوں کے جال بنانا۔ (۶) نہر کے ہیڈ ورک پر مچھلیوں کے لئے ایک قسم کی سیڑھیاں بنانا۔ (۷) مچھلیوں کی پناہ گاہیں بنانا۔ اس ایکٹ کی رو سے محکمہ مچھلی کے افسران کو اختیار ہے۔ کہ وہ ہر اس شخص کو بغیر وارنٹ کے گرفتار کریں۔ جو اس کی خلاف ورزی کرے۔

اس ایکٹ کے نفاذ کے یہ نتائج ہوئے ہیں۔ کہ (۱) مچھلی کی پیداوار جہاں سنہ ۱۹۲۲ء میں ۱۱۰۰۰ من سالانہ تھی۔ سنہ ۱۹۴۵ء میں ۲۶۰۰۰ من تک سالانہ پہنچ گئی۔ (صوبہ کی تقسیم کی وجہ سے یہ کم ہو کر ۲۰۰۰۰ من تک ہو گئی تھی۔ مگر اب ممکن ہے۔ کہ اگلے دو سالوں میں یہ ۵۰۰۰۰ من تک پہنچ جائے گی۔ (۲) مچھلی کے لائسنس جہاں سنہ ۱۹۲۲ء میں ۱۳۰۰ تھے۔ مگر اب ان کی تعداد سنہ ۱۹۴۹-۵۰ء میں ۴۸۰۰ تک پہنچ گئی ہے۔ اور (۳) مچھلی کی پیداوار سے جو خالص نفع سنہ ۱۹۴۷-۴۸ء

Marfat.com

میں ۲۰۰۰۰ روپیہ تھا۔ وہ اب بڑھ کر سنہ ۱۹۲۹-۳۰ء میں ۹۲۰۰۰ روپیہ تک ہو گیا ہے۔

پنجاب جنگلی پرندوں اور جانوروں کی حفاظت کا ایکٹ سنہ ۱۹۳۳ء۔

اس ایکٹ کی منظوری پنجاب میں جنگلی جانوروں کو زیادہ ذبح کرنے کا نتیجہ ہے۔ جس سے یہ مقصد ہے۔ کہ ایسے جانوروں کی جانوں کی حفاظت اچھی طرح ہو سکے۔ نیز اس قانون کا مقصد پنجاب میں شکار کے لئے مندرجہ ذیل طریقوں سے بہتر شرائط مقرر کرنا ہے۔ (۱) پرندوں اور جانوروں کا شکار صرف موافق موسم میں لائسنس کے ساتھ کیا جائے اور ان کا ناموافق موسم میں شکار کرنا ممنوع ہو۔ (۲) شکار کا لائسنس صرف اچھے شکاری کو دیا جائے۔ اور (۳) جانوروں کے لئے پناہ گاہیں بنائی جائیں۔

پنجاب میں جو شعبہ شکار کی حالت آزادی کے بعد جانوروں کے عام مارنے کی وجہ سے خراب ہو گئی تھی۔ کو بہتر بنانے کے لئے مندرجہ ذیل مزید پابندیاں لگائی گئیں۔

(۱) کہ تمام سال گجرات، سیالکوٹ اور جہلم کے ضلعوں میں تیتر کا شکار ممنوع رہے گا۔ (۲) مرغابی کا شکار تمام پنجاب میں ممنوع ہو۔ (۳) تمام پنجاب تمام قسم کے پرندوں کے شکار کی اجازت نہیں۔ (۴) موسم کے بمطابق ہفتہ میں صرف دو دن بدھ اور اتوار کو تیتر کے شکار کی اجازت ہو گی۔ ماسوائے ان جگہوں کے جن کا ذکر (۱) میں ہوا ہے۔ (۵) میانوالی کے ضلع میں کچے رقبہ میں یکم مارچ سنہ ۱۹۵۱ء تک تیتر کے شکار کی اجازت نہیں ہو گی۔ اگر کوئی شخص اس ایکٹ کے کسی قواعد کی خلاف ورزی کرے۔ تو اسے ۵۰ روپیہ جرمانہ یا اس کے بدلے ایک ماہ کی قید ہو گی۔ اگر کوئی دوبارہ ایسی خلاف ورزی کرے۔ تو اسے ۵۰۰ روپیہ جرمانہ یا اس کے بدلے تین ماہ کی قید ہو گی۔ اور اس کے علاوہ لائسنس کی منسوخی بھی ہو گی۔

اس ایکٹ کے مطابق شعبہ شکار ڈسٹرکٹ فوٹنا کمیٹیوں کی مدد سے عمل کرتا ہے۔ (۳) پنجاب میں زرعی پیداوار کی منڈیوں کا ایکٹ سنہ ۱۹۳۹ء :۔ کسان عموماً ایک ایسا بے علم انسان ہے۔ جو کوئی اسے نقصان پہنچانا چاہیں نہایت آسانی سے ایسا کر سکتے ہیں۔ مارکٹنگ ایکٹ کے نفاذ سے پہلے اسے اپنی پیداوار کا ۱۰ فیصدی حصہ وصول ہوتا تھا باقی حصہ کمشن ایجنٹ رکھ لیتا تھا۔ اور اس حصہ کو مارکٹنگ چارجز کا نام دیتے تھے۔ جس میں دلالی۔ وصول الانس، تولنا۔ نوآموز اور چوکیداروں کی مزدوری دھرماؤ۔ کاؤشالہ۔ کنیا پنجشالہ وغیرہ وغیرہ کے لئے خیرات۔ پھر نہ اسے اور نہ ہی اس کے بیلوں کو سہولت ہوتی تھی۔ اور کمشن ایجنٹ ہمیشہ اس کے سودے سے فائدہ اٹھالیا کرتا تھا۔ ان تمام برائیوں کا خاتمہ کرنے کے لئے اور کسان کو اپنے صحیح کاروبار کا یقین دلانے کے لئے گورنمنٹ نے پنجاب زرعی پیداوار کی منڈیوں کا ایکٹ سنہ ۱۹۳۹ء پاس کیا۔ جس کی اصلاح مارچ سنہ ۱۹۴۷ء میں کی گئی۔ اس ایکٹ کے مطابق جس میں تمام زرعی فصلوں کے متعلق قواعد ہیں۔ (۱) پنجاب کے بڑے بڑے قصبوں کی غلہ منڈیاں

Marfat.com

بالترتیب چل رہی ہیں۔ (ii) منڈیوں کی کمیٹیاں بنائی گئی ہیں تاکہ اس ایکٹ کے قواعد کو برقرار رکھا جائے۔ اس کے ممبروں کی زیادہ تعداد کسان ہوتے ہیں۔ (iii) منڈی کی کمیٹی ایک فنڈ بھی جاری کرتی ہے۔ جو کہ کئی مقاصد کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً (الف) منڈیوں کو بہتر بنانے اور چلانے کے لئے (ب) زراعت پیشہ لوگوں اور ان کے بیلوں کو سہولتیں اور آرام پہنچانے کے لئے اور (ج) وہ لوگ جن کا تعلق منڈی کی پیداوار کے ساتھ ہوتا ہے مثلاً کمشن ایجنٹ اور دلال وغیرہ کو اس مطلب کے لئے لائسنس حاصل کرنا پڑتا ہے۔ اس ایکٹ کے نفاذ کا یہ نتیجہ ہوا ہے۔ کہ وہ کسان جس کا لین دین اب ٹھیک چلتا ہے۔ اسے منڈیوں کے بھاؤ سے آگاہ رکھا جاتا ہے۔ نیز اسے اور اس کے بیلوں کو ہر طرح کی سہولتیں دی جاتی ہیں۔

(۲) مغربی پنجاب میں کاٹن کنٹرول ایکٹ سنہ ۱۹۴۹ء:۔ اگست سنہ ۱۹۴۷ء میں پاکستان بننے سے زبردست انقلاب آیا۔ اور بے شمار انسانوں کو اپنا ملک چھوڑنا پڑا۔ اور یہ انقلاب انسانی ہسٹری میں بے مثال ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا۔ کہ صوبہ کی تقسیم کے بعد کپاس کی پیداوار میں ملاوٹ ہو گئی۔ اور امریکہ کی کئی قسم کی کپاس نے اور پنجاب میں امریکن کپاس کے غیر ممالک والے گاہکوں نے جو کہ اس کپاس کے زیادہ گاہک ہیں۔ اس قسم کی کپاس کے خلاف شکایت کی۔ گورنمنٹ نے یہ محسوس کیا۔ اگر کوئی جلد اور سخت قدم نہ اٹھائے گئے۔ تو کپاس بونے والے لوگوں کو اس کپاس کی قیمتیں گرنے سے جو غیر ممالک کو بھی بھیجی جاتی ہے۔ سخت نقصان اٹھانا پڑے گا۔ اور اس قسم کی گھٹیا کپاس کی وجہ سے قیمتیں گر جائیں گی۔ کئی قسم کی کپاس اور اس کے بیج کی ملاوٹ کو روکنے کے لئے جو کہ کارخانوں میں جاتی تھی۔ اور ایسی کپاس کی ملاوٹ کو جو کہ ملے جلے بیج سے پیدا ہوتی ہے۔ (اور جو کہ امریکن کپاس بالخصوص کلوں کے ذریعے حاصل کی جاتی ہے۔) کو روکنے کے لئے حکومت پنجاب نے پنجاب میں کاٹن کنٹرول ایکٹ سنہ ۱۹۴۹ء مارچ کے آخیر میں شائع کیا۔ اور اس کا نفاذ اپریل سنہ ۱۹۵۰ء سے شروع کر دیا گیا۔

اس ایکٹ کے نفاذیوں ہیں:۔ (i) ہر حالت میں امریکن اور دوسری گھٹیا قسم کی کپاس کی ملاوٹ کو روکنا (ii) مجوزہ امریکن کپاس کی قسمیں خاص خاص علاقوں میں اگانا۔ (iii) کپاس بونے والوں کو کپاس کے خالص بیج مہیا کرنا۔ یہ ایکٹ کپاس کے کارخانوں میں کپاس کے مہیا کرنے اور کپاس کے کارخانوں اور دوسری فیکٹریوں کو لائسنس بھی مہیا کرتا ہے۔ گورنمنٹ نے یہ قدم اس لئے اٹھایا۔ کہ کارخانوں میں امریکن اور دوسری ملاوٹ کی تجارت کو روکا جائے۔

اس کاٹن کنٹرول ایکٹ میں جو اصلاحیں کی گئی ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل ہیں:۔

کھیت میں:۔ کاشتکار کی طرف سے بوجہ علیحدہ برداشت کرنے اور نہایت احتیاط کے ساتھ مزاہم کرنے

Marfat.com

کے مواقعات ملاوٹ بہت زیادہ کم ہو گئے ہیں۔

منڈی میں :۔ (الف) گھٹیا اور سستا درجہ کی کپاس اور دیگر اشیا اصلی درجہ کی کپاس کے ساتھ ملانے کی فاسد حرکت کا انسداد کیا گیا ہے۔

(ب) روزانہ نرخ ہائے منڈی میں کمی بیشی کا تفاوت کم ہو گیا ہے۔

(ج) کاشتکاروں کے مفاد بخلاف زیادہ وزن کرنے اور بے قاعدہ وصولی محفوظ کئے گئے ہیں۔

کارخانہ میں :۔ (الف) کاتنے کے مکانات۔ انجلہ اور کارخانہ کے صحن اب صاف ستھرے رکھے جاتے ہیں۔

(ب) کاتنے والی مشین اب صاف اور بالکل صحیح و درست چلنے کی حالت میں رکھی جاتی ہے

(ج) کاتی ہوئی کپاس کو درجہ بہ درجہ دبایا جاتا ہے۔ اور خوش اسلوبی سے نشان لگائے جاتے ہیں۔

(د) نقشۂ اطلاع نسبت کاتائی و دبائی کپاس و نیز مقدار و مدارج کپاس جو کاتی گئی اور جو دبائی گئی ہو کو مرتب کیا گیا ہے۔

کاٹن کنٹرول ایکٹ کے نفاذ کی وجہ سے ہماری کپاس کی تباہی بوجہ ملاوٹ کا انسداد ہو گیا ہے۔ اور بیرونی ایجنسیاں جن کا بیوپار ہماری کپاس کا ہے۔ اب پورے اعتماد کے ساتھ سودے کرتی ہیں۔

متفرقات :۔ (الف) کوآپریٹو سٹورز بیج، محکمہ دو کوآپریٹو سٹورز بیج اپنے تحت رکھتا ہے۔

(۱) پنجاب کوآپریٹو سٹورز بیج باغبانپورہ لاہور۔

(۲) رائے کوآپریٹو سٹورز بیج سیالکوٹ۔

ان کوآپریٹو سٹورز بیج میں بیجی آلو فی الحال ۹۵۰۰۰ من سالانہ بیجی آلو سارے پنجاب بھر کے لئے درکار ہیں، پیاز۔ مچھل۔ سبزیاں وغیرہ رکھی جاتی ہیں۔ باغبانپورہ سٹورز بیج کی گنجائش تقریباً ۵۰۰۰ من بیجی آلو اور سیالکوٹ سٹورز بیج ۳۰۰۰ من ہے۔ لیکن جب اس کے دو نامکمل حصے تکمیل ہو گئے تو اس کی گنجائش مزید تین ہزار من بڑھ جائے گی۔

سرکاری باغات :۔ لاہور میں سرکاری باغات محکمہ زراعت کے ماتحت ہیں۔ باغات کی دو اقسام ہیں۔ (۱) باغ جناح۔ (۲) تواریخی باغات مشتملہ بہ (۱) راج گھاٹ باغ بہ رقبہ ایک ایکڑ (ب) حضوری باغ بہ رقبہ چار ایکڑ (ج) شالیمار باغ بہ رقبہ ۱۵۰ ایکڑ (د) شاہدرہ باغات بہ رقبہ ۱۶۱ ایکڑ (ر) منٹو پارک بہ رقبہ ۱۱۰ ایکڑ۔ باغ جناح بہ رقبہ ۱۵۹ ایکڑ سب باغات سے بڑا اور لاہور کا بارونق باغ ہے۔ یہ تمام بین الاقوامی ٹینس و کرکٹ کھیل کا سنٹر ہے۔ اس کی پہاڑیاں نہایت آراستہ جھاڑیوں اور موسمی پھولوں سے بوجہ اٹی ہوئی ہونے کے نہایت دلربا منظر پیش کرتی ہیں۔ اس کا ایک حصہ گلستان فاطمہ معہ رنگا رنگ کی جھاڑیاں۔ خوشنما سبزہ زار۔ گلاب کے پھولوں کی

Marfat.com

کیاریاں۔ دلنگار رنگ کے پھولوں کے فخر پاکستان کہلانے کا مستحق ہے۔

ایک پھولوں کا عجائب گھر اسی باغ جناح میں بنایا گیا ہے۔ جو بذاتِ خود باغِ جناح کی ایک چھوٹی سی تصویر ہے۔ کیونکہ تمام پھول جو باغ میں کھلتے ہیں۔ اس میں رکھے گئے ہیں۔ اور خوش اسلوبی سے نام لگائے گئے ہیں۔ جو ان میں سے ہر ایک کی تشریح کرتے ہیں۔

Marfat.com

باب ہفتم

معاشرتی ترقی

اقتصادی حیثیت :۔ بیسویں صدی کے شروع سے پنجاب نے مختلف شعبہ جات میں کما حقہ ترقی حاصل کی ہے۔ جس سے بآسانی کہا جاسکتا ہے۔ کہ یہ صوبہ اقتصادی اعتبار سے بھی کسی صورت میں پیچھے نہیں۔ یہ امر محتاج بیان نہیں کہ کسی علاقہ کی معاشرتی ترقی بلحاظ اس کی زراعت۔ اس کے جنگلات۔ جمادات۔ ضروریات زندگی۔ ذرائع آمدورفت، نسل انسانی اور روپے پیسہ کی افراط کے ہمیشہ پہلو بہ پہلو چلتی ہے۔ جس کا ذکر ذیل میں کیا جاتا ہے۔

زراعت :۔ پنجاب کا صوبہ پیشۂ زراعت میں سب سے زیادہ کارکردگی کا ذریعہ بنا رہا ہے۔ اور موجودہ وقت میں بھی پاکستان بھر میں آب پاشی کے لحاظ سے سب صوبوں سے زیادہ علاقہ رکھتا ہے۔ عام زمینداروں کی چھوٹی چھوٹی ملکیتوں اور ان کے حصولِ فصل کا مفصل ذکر زراعت کے باب میں کیا جا چکا ہے۔

جنگلات :۔ صوبہ کے کل رقبہ کا قریب نصف حصہ جنگلات سے گھرا ہوا ہے۔ جس کا محض پانچواں حصہ ہی تجارتی کاروبار میں صرف ہوتا ہے۔ اور جس کا بیشتر حصہ عمارتی لکڑی اور جلانے والی لکڑی پر مشتمل ہے۔ لائنوں پر بچھانے کے لئے محکمہ ریلوے کی طرف سے لکڑی کی کافی مانگ رہتی ہے۔ فرنیچر کے واسطے اس لکڑی کی زیادہ کھپت لاہور اور گجرات

Marfat.com

میں سمجھی جاتی ہے۔ سیالکوٹ کا تیار کردہ کھیلوں کا سامان دنیا بھر میں مشہور ہے۔ درختوں کی چھال۔ رال۔ گوند۔ ریشے پھل۔ بانس۔ جانور اور جمادات بھی جنگل کی پیداوار میں شامل ہیں۔ رال سے جلّو کے مقام پر بروزہ کی دستکاری بڑی کامیابی سے چل رہی ہے۔

جمادات :۔ اس صوبہ میں سیمنٹ، چونا اور نمک با افراط مل جاتا ہے۔ مغربی پنجاب کی نمک آلود (یعنی کلر والی) زمین سے حاصل کیا جاتا ہے۔ گار۔ سنگ مردہ زیادہ تر کالا باغ میں پایا جاتا ہے۔ کھڑیا مٹی اٹک اور راولپنڈی میں پائی جاتی ہے۔ نیز قدرے پٹرول بھی اٹک، خولہ اور جویا میر (ضلع جہلم) کے مقامات سے دستیاب ہوتا ہے۔ جہلم شاہ پور اور میانوالی کی طرف ہلکی قسم کی کوئلے کی کانیں بھی پائی تو جاتی ہیں۔ مگر وہ ضرورت کے مطابق نہیں ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ محکمہ ہائیڈرو الیکٹرک کے قائم ہونے سے پیشتر مشینی کاروبار کی ترقی کی راہ میں مدت تک بھاری رکاوٹ رہی ہے۔ اور اب لائلپور کاٹن ملز، کوہ نور ٹیکسٹائل ملز لائلپور۔ رے آن ملز لائلپور اور سٹیل اور جنرل ملز مغلپورہ جیسی کئی نئی فیکٹریاں معرض وجود میں آچکی ہیں۔

ذرائع آمد و رفت :۔ قوموں کی معاشرتی ترقی میں ذرائع آمد و رفت جس قدر اہمیت رکھتے ہیں۔ اس کے بیان کی چنداں ضرورت نہیں۔ ریلوں کے پھیلے ہوئے بھاری جال نے اس طرف جو کارگزاری دکھلائی ہے۔ وہ ریلوے کے باب میں واضح طور پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔ حال ہی میں ٹریفک کی بڑھتی ہوئی ضروریات نے مجبور کیا ہے۔ کہ سڑکیں کشادہ کر دی جاویں۔ اس پروگرام کی تکمیل میں تارکول والی پختہ سڑکیں صوبہ میں چار ہزار آٹھ سو میل کے قریب جن پر موٹر لاری چلائی جاسکے تیار ہوتی ہیں۔ جن کی تعمیر کے لئے منظوری کے احکام صادر ہو چکے ہیں۔

سرمایہ داری :۔ کسی قوم یا ملک کی خوشحالی کا انحصار اس کی زراعت اور تجارت پر ہے۔ ان ہر دو کا ذکر زراعت کے باب میں بالتفصیل کیا جا چکا ہے۔ جس سے پنجاب کی عام ناداری کا پتہ چلتا ہے۔ پہلے پہلے محنت مزدوری کمیاب اور روپے پیسے کا حصول ایک دشواری تھی۔ دیگر لوگ بالعموم اور مسلمان بالخصوص جو کہ سود کو روا نہ رکھتے تھے اندوختہ کو زیورات کی شکل میں جمع کرتے تھے۔ اب تجارت کی پستی اور سودی روپے چلانے کے کاروبار میں اسلامی ممانعت سے صورت حالات ظاہر کرتے ہیں۔ کہ اس سرمایہ داری کو شاید دستکاری کے وسیع میدان میں شاہراہ ترقی نصیب ہو سکے۔

بیروزگاری :۔ پاکستان کے دیگر صوبہ جات کی طرح پنجاب میں بیروزگاروں کے اعداد و شمار میسر نہیں۔ نہ ہی ان کی مالی امداد کا کوئی ذریعہ ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ اس تنگ دور کے زمانے میں بڑے بڑے تعلیم یافتہ نوجوانوں کی بیکاری و ناداری ان کی قوت ارادی برباد کرتی جارہی ہے۔ اور کاروبار کی سرد بازاری سے دریوزہ گری بڑھتی جارہی ہے۔ تحقیقات سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کئی لوگ روٹی کمانے کی خاطر یہ ذریعہ اختیار کرنے سے پیشتر چھوٹی چھوٹی دستکاریاں

Marfat.com

چلاتے تھے۔ لیکن زندگی کی کشمکش میں عاجز آکر اور قرضہ جات سے دب کر محض پیٹ پالنے کی خاطر بھیک مانگنے پر مجبور ہوئے ہیں۔ حکومت سرمایہ داروں اور ریفارمروں کو انسانی زندگی کی اس روٹی کی تکلیف کی طرف توجہ دے کر اپنی دلی ہمدردی کا ثبوت دینا چاہیئے۔

چمڑے کا کاروبار پنجاب کا پرانا کاروبار ہے۔ یہاں کا یہ مال ذبح کئے جانوروں سے تیار کردہ ہندوستانی علاقہ کے مردہ جانوروں کے مال سے بدرجہا بہتر ہے۔ بکروں کی کھالوں کا بیشتر حصہ ہم سے امریکہ۔ ہسپانیہ۔ اور اٹلی جاتا ہے۔ ان کھالوں کے خریداروں میں آسٹریلیا۔ آسٹریا۔ بلجیم۔ چین۔ چیکوسلاویکیہ۔ ڈنمارک۔ مصر۔ جرمنی۔ فرانس۔ ہندوستان۔ جاپان۔ پولینڈ۔ ترکی۔ برطانیہ اور بہت سے ممالک شامل ہیں۔ نیز زیر آباد ٹینری وزیر آباد اور انڈیا لیدر ورکس سیالکوٹ کے مال کی سرگودھا۔ میانوالی۔ گجرات۔ جہلم۔ راولپنڈی۔ نوشہرہ اور پشاور کی طرف زیادہ کھپت ہے۔ لاہور میں سگریٹ اور راوی پینٹ ورکس لاہور اعلیٰ اقسام کی اشیا پیش کرتے ہیں۔ ربڑ بنانے، تیزاب اور مختلف قسم کے خوشبودار تیلوں اور کریموں کا عام کام ہو رہا ہے۔ جنیوٹ کا لکڑی کا کام مشہور ہے۔ لاہور اور گجرات میں فرنیچر اچھا تیار ہوتا ہے۔ جنیوٹ۔ ضلع جھنگ اور ضلع مظفر گڑھ کا ہاتھی دانت کا کام مشہور ہے۔ جہاں سے انگلستان اور امریکہ کے ممالک کو بھی بھیجا جاتا ہے۔

صنعت: - جنگ عظیم کے بعد سرمایہ داری کی پختہ زندگی، تجارت کی پستی، سودی روپے چلانے کے کاروبار کی ناکامی اور معمولی داموں پر مزدوروں کی فضلت حاصل ہو جانے کے خیال نے سرمایہ داروں کو اپنے اندوختہ کو بچا کر رکھنے اور نیز اس سے اور روپیہ پیدا کرنے کی خاطر چھوٹی چھوٹی دستکاریوں کی طرف مائل کیا۔ لہٰذا اول اول برطانوی دورِ حکومت میں یہاں تھوڑی بہت صنعتی حرکت عمل میں آئی۔ بڑے بڑے سرمایہ داروں نے صوبے کی زرعی پیداوار سے فائدہ اٹھانے کے لئے کپاس بیلنے، آٹا پیسنے اور دھان کوٹنے کے کارخانے قائم کئے۔ شہروں میں کئی اور اقسام کے چھوٹے چھوٹے کارخانے نظر آنے لگے۔ جن میں چھاپہ خانے۔ برف خانے۔ بجلی بہم پہنچانے کے مرکز وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔ مگر چھوٹی یا بڑی صنعتوں کو کسی خاص پلان کے ماتحت کام کرنے کی کوئی کوشش عمل میں نہ آئی۔ اس وقت صنعت کاری ہندو اور انگلبرز کی ملی بھگت تھی۔ اور سوچی سمجھی سازش تھی۔ کہ سابقہ ہندوستان کے مسلم اکثریت والے علاقوں کو صنعتی ترقی سے محروم رکھا جائے۔ تاکہ ہندو برٹش سامراج انہیں اقتصادی طور پر محکوم رکھ سکے۔

کھیوڑہ (ضلع جہلم) میں سوڈے کی ایک بہت بڑی فیکٹری ہے۔ اس فیکٹری نے تقسیم کے بعد اپنا کام بند کر دیا تھا لیکن دسمبر ۱۹۵۸ء سے پھر شروع کر دیا ہے۔ یہ کارخانہ ۷۰ ہزار ٹن سالانہ سوڈا پیدا کرتا ہے۔ اس کے علاوہ حکومت نے دس ہزار ٹن یومیہ کاسٹک سوڈا پیدا کرنے والا ایک کارخانہ قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔

تقسیم کے بعد پنجاب کے حصہ میں قریب آٹھ سو رجسٹرڈ فیکٹریاں آئیں۔ جن میں سے ۹۰ فیصدی سے زیادہ

Marfat.com

اس وقت بند ہوگئیں۔ کیونکہ ان کے مالک غیر مسلم تھے۔ اور یہاں سے رخصت ہو چکے تھے۔ باقی فیکٹریوں کا حال بھی ابتر تھا۔ کیونکہ کاروبار بینکنگ اور عملے کا تمام نظام درہم برہم ہو چکا تھا۔ کئی متروکہ کارخانے لوٹ لئے گئے تھے۔ اور اکثر کو نقصان پہنچایا گیا تھا۔

متروکہ کارخانوں کو از سر نو جاری کرنا ایک بڑا مسئلہ تھا۔ جو محکمہ صنعت و حرفت کو درپیش تھا۔ ان کارخانوں کو چلانے کے لئے موزوں افراد کا انتخاب الاٹمنٹ بورڈوں کے ذمے تھا۔ جو پاکستان اور پنجاب کی مشترکہ ریفوجی کونسل نے قائم کئے تھے۔ مگر الاٹمنٹ سے تمام مسئلہ حل نہیں ہوتا تھا۔ ان کارخانوں کو چلانے کے لئے خام مال اور مشینری کے ضروری سامان کی ضرورت تھی۔ جس کے حصول کے لئے خاص کوشش کی گئی۔ اکثر اوقات یہ سامان بیرونی ملکوں سے منگوایا گیا۔ اب تک قریباً سات رجسٹرڈ فیکٹریاں معمول کے مطابق کام کر رہی ہیں۔ ان میں قریباً ۷۳ ہزار آدمی کام کر رہے ہیں۔ جن میں سے بارہ ہزار آدمی موسمی فیکٹریوں میں ملازم ہیں۔ ان کے علاوہ صوبے میں ساڑھے تین لاکھ کے قریب آدمی ایسے ہیں۔ جو دیگر چھوٹے چھوٹے صنعتی کارخانوں میں کام کرتے ہیں۔

ریشم کے کیڑے: ۔ زمینداروں کو فالتو وقت میں مشغول رکھنے کی ایک اور گھریلو صنعت ریشم کے کیڑے پالنے کی ہے۔ حکومت اس کی طرف بھی توجہ دے رہی ہے۔ ریشم کے بیج پیدا کرنے کی رفتار بہت حد تک کم ہو کر اب پھر تقسیم سے پہلے کی سطح پر آچکی ہے۔ اس کچے مال کو استعمال کرنے کے لئے ریشم جمع کرنے کا ایک کارخانہ بھی قائم کیا جا رہا ہے۔

صنعتی عجائب خانہ: ۔ لاہور میں ایک تجارتی اور صنعتی عجائب گھر قائم کیا جا رہا ہے۔ جس میں صوبے کی چھوٹے اور بڑے پیمانے کی تمام صنعتوں کی پیداوار کے نمونے عوام کے لئے رکھے جائیں گے۔ پاکستانی اور غیر ملکی کاروباری لوگوں اور صنعت کاروں کے لئے یہ عجائب گھر بہت مفید ثابت ہوگا۔

مٹی کے برتن: ۔ یوں تو مٹی کے برتن بہت جگہوں پر بنتے ہیں۔ مگر ان سب میں ملتان کی پھولدار صنعت کاری بڑی مشہور ہے۔ یہ صنعت کاری بھی کچھ عرصہ سے جاپان اور چیکوسلوویکیا کے چمکیلے مال کے مقابلہ میں گر چکی ہے۔ اور اس وقت ملتان اور جھنگ لگھیانہ کے چند آبائی پیشہ کاریگروں تک محدود ہے۔ لاہور کے کچھ کارخانہ جات کو قبروں کے پتھر اور خوش رنگ پھولدار ٹائل بنانے میں کامیابی حاصل ہو چکی ہے۔ جن کا مال درآمد کے مال سے مقابلہ کرتا ہے۔ نیز ناردرن ٹائل فیکٹری لاہور باغات کے لئے سیمنٹ کی نشست گاہیں اور نقش و نگار والے ستون بنانے میں شہرت حاصل کر چکی ہے۔

کھیلوں کا سامان: ۔ شہر سیالکوٹ کو کھیلوں کے سامان کی سب سے بڑی اور اہم گھریلو صنعت کی وجہ سے

Marfat.com

اس چیز کا مرکز مانا جاچکا ہے۔ ملکی تقسیم سے قبل یہ سامان ہندوستانی کہلاتا تھا۔ تقسیم کے بعد ہندوستانی تاجر غیر ملکوں میں پراپیگنڈا کرتے رہے۔ کہ سیالکوٹ ہندوستان میں ہے۔ انہوں نے صرف پراپیگنڈا پر ہی اکتفا نہ کیا۔ بلکہ مشرقی پنجاب میں باقاعدہ ایک نیا سیالکوٹ آباد کرلیا۔ اور اس طرح دنیا کی آنکھوں میں خاک ڈالنے کی ناپاک سعی کی۔ لیکن پاکستان کی بروقت احتجاج اور دنیا کے پاکستان سے واقف ہوجانے کے بعد اس فریب کا پردہ چاک ہوگیا۔

اس شہر کو بوجہ عالمگیر شہرت کے ساری دنیا کی مارکیٹ نصیب ہے۔ دسادر سے عموماً سستے مال کی مانگ رہتی ہے۔ یہاں سے کرکٹ اور ہاکی کے بال ٹینس اور بیڈمنٹن کے چھکے اور فٹ بال کے کورز COVERS کی غیر ممالک میں عام مانگ ہے۔ کرکٹ کے بلّے اور ہاکی کی چھڑیوں کا مال جنوبی افریقہ۔ نیوزی لینڈ۔ آسٹریلیا۔ رومانیہ۔ کلمرد ئے انگلشیہ اور کچھ دیگر ممالک کو بھی بھیجا جاتا ہے۔ گورنمنٹ کی رپورٹ کے مطابق بیڈمنٹن کے چھکوں۔ چھڑیوں اور بیڈمنٹن کے جالوں کا کافی مال وسط امریکہ شرقی ممالک اور یورپ میں بھیجا جاتا ہے۔ کچھ عرصہ پیشتر اس صنعت کاری میں کافی فائدہ میسر تھا۔ لیکن اب آپس کے مقابلوں نے اس مال میں منافع بہت کم کردیا ہے۔

کھڈی کا کام:۔ یہ دستکاری ہمارے ملک میں بہت دیرینہ ہے۔ اور مقبول عام رہی ہے۔ لیکن موجودہ اصلاحات کے زمانہ میں مشینی کاروبار سے اس صنعت کی کافی زبوں حالی ہوگئی ہے۔ لیکن اس نئے مال کی غیر پائیداری سے اسے اب کم خریدا جانے لگا ہے۔ اور پبلک کی طرف سے سودیشی مال کی تحریک سے خیال کیا جانے لگا ہے۔ کہ شاید کھڈی کے کام کی پھر کسی وقت قسمت جاگ اٹھے۔

ہوزری:۔ لوگوں کی بڑھتی ہوئی ضرورتوں اور علم کی روشنی سے ہوزری کے کام میں بھی کافی ترقی حاصل ہوچکی ہے۔ یہاں تک کہ لاہور اور لائلپور جیسے مقامات کی اعلیٰ مشینوں کا مال ہمارے ملک میں باہر کے مال کے مقابلے پر بکتا ہے اور مستقبل قریب میں وسیع مارکٹ سنبھال لینے کی امید دلاتا ہے۔

قالین:۔ شہری زندگی کے شوق سے عوام کا معیارِ بود و باش پہلے کی نسبت بہت اونچا ہوچکا ہے۔ اعلیٰ پوشش۔ مہمان خانوں کی اور گھروں کی زیبائش کا خیال ان میں زیادہ سرایت کرچکا ہے۔ قالین جو گھر کی زیبائش کے لئے بہترین اشیاء میں شمار ہوتے ہیں۔ گورنمنٹ کی طرف سے اب بعض بعض جیلوں میں بننے شروع ہوچکے ہیں۔ ملتان کی یہ دستکاری سستے اقسام کے قالین مہیا کرتی ہے۔ پاکستانی تیار کردہ قالینوں کو برطانوی مارکٹ مل جانے سے پنجاب نے بھی حصہ رسدی کا کافی فائدہ حاصل کیا ہے۔

مختلف کارخانہ:۔ تیجی ٹیبل آئل ملز کا ایک کارخانہ لائلپور میں ہے۔ اور دوسرا ماغبانپورہ (لاہور) میں بجلی کا سامان تیار کرنے کے کارخانے لاہور اور راولپنڈی میں ہیں۔ اس کے علاوہ لاہور میں سینے کی مشین تیار کرنے کے

Marfat.com

دو کارخانے بھی ہیں۔ این۔ ڈبلیو۔ آر۔ کے دو بہت بڑے کارخانے لاہور میں ہیں۔ جن میں بارہ ہزار سے زیادہ مزدور دن رات کام کرتے ہیں۔

ان صنعتوں کے علاوہ پنجاب کی بعض گھریلو صنعتیں بھی کافی ترقی یافتہ ہیں۔ جن میں گوجرانوالہ میں آہنی صندوقوں کی تیاری کی صنعت۔ اور وزیر آباد اور نظام آباد میں لوہے کی صنعت وغیرہ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ لاہور اور سیالکوٹ میں سائیکلوں کے پرزے بنانے کا کام بھی کیا جاتا ہے۔ مختلف اقسام کی مشینوں کی صنعت کا مرکز لاہور ہے چمڑے کے کارخانے وزیر آباد اور سیالکوٹ میں ہیں۔ لاہور کے قریب باٹا پور میں جوتے بنانے کا ایک بہت بڑا کارخانہ ہے۔ جو پاکستان کے شہریوں اور فوجیوں کے لئے جوتوں کی کثیر تعداد تیار کرتا ہے۔

اس صوبے میں دباغت کی صنعت کو بھی خاص اہمیت حاصل ہے۔ دباغت کے تین کارخانے قائم کئے گئے ہیں۔ اور تین اور کارخانوں کے نقشے وغیرہ تیار ہو رہے ہیں۔ دیہات میں دباغت کے کام کو چھوٹے پیمانے پر چلانے کے لئے عملی مظاہرہ کرنے والی پارٹیاں تیار کی گئی ہیں۔ جو گاؤں گاؤں پھر کر متعلقہ فن کے لوگوں کو نئے طریقوں سے آشنا کر رہی ہیں۔ صوبائی حکومت نے گوجرانوالہ میں دباغت اور چمڑے کی ایک انسٹی ٹیوٹ قائم کرنے کی بھی منظوری دی ہے۔

لوہے اور دھات کا مال:۔ لاہور میں تانبے اور سلور کا مال اچھا بنتا ہے۔ سیالکوٹ اور گوجرانوالہ میں لوہے کے ٹرنک۔ نقدی رکھنے کے صندوقچے مقبول عام ہیں۔ وہاں کی لوہے کی تیار کردہ پیٹیوں کی مانگ دفتروں میں اکثر رہتی ہے۔ لائلپور سے نہری علاقوں کے لئے ہل۔ گنوں سے رس نکالنے والی مشینیں اور بیلنے اعلیٰ قسم کے مہیا ہوتے ہیں۔ لوہے اور فونڈری کے کام کے لئے نکل اور سلور پلیٹنگ میں لاہور شاہراہِ ترقی پر ہیں۔

چاقو چھریاں:۔ اوزار ہائے جراحی:۔ چاقو چھریوں کی دستکاری پنجاب کی بڑی پرانی دستکاریوں میں شمار ہوتی ہے۔ جو کئی مدارج طے کر کے اس وقت کامیابی سے چل رہی ہے۔ مقام کوٹلی لوہاراں (سیالکوٹ)، وزیر آباد اور نظام آباد اس بارے میں مدت سے شہرت حاصل کر چکے ہیں۔ حال ہی میں سیالکوٹ اور لاہور میں اوزار ہائے جراحی اور سیفٹی ریزر بلیڈوں کا کاروبار شروع کیا جا چکا ہے۔ جو نہ صرف بلحاظ ساخت اور قدر و قیمت کے بہتر شمار ہوتا ہے۔ بلکہ مغربی ممالک کے مال کے ہم پلہ سمجھا جاتا ہے۔

واہ ڈنڈوت اور جلّو کی فیکٹریاں:۔ پنڈی راولپنڈی کے علاقہ میں واہ اور ڈنڈوت کے مقامات پر سیمنٹ کا کاروبار چل رہا ہے۔ ان میں سے مقام واہ کی فیکٹری سردار شوکت حیات خاں کی ملکیت ہے۔ اور زیادہ کامیاب ہے۔ جلّو کی فیکٹری میں اعلیٰ قسم کے بوٹ پالش۔ والنش۔ موم اور چھاپہ خانہ کی ہر قسم کی سیاہی کا کام ہوتا ہے۔ یہ کارخانے بلحاظ ساخت اور اپنے طریقہ کارکردگی کے عوام کے لئے باعث تقلید ہیں یہی وجہ ہے۔ کہ بعض انجینئر انہیں دیکھنے جاتے

Marfat.com

رہتے ہیں۔ نیز یونیورسٹی کے طلبار اپنے پروفیسروں کی نگرانی انہیں دیکھنے کے لئے سال میں تقریباً ایک مرتبہ ضرور جایا کرتے ہیں۔

چینی:۔ پنجاب کے اندر گنے کی کاشت کا پندرہ فیصدی مال مویشی کے چارے کے کام آتا ہے۔ اور تقریباً اتنا ہی لوگ چوس لیتے ہیں۔ اور باقی گڑ اور چینی تیار کرنے میں صرف ہوتا ہے۔ بعض اصحاب کو یہ پڑھ کر تعجب ہوگا۔ کہ پنجاب میں چینی کا کاروبار کامیاب نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ ایک تو اس پر ڈیوٹی زیادہ ہے۔ اور دوسرے پنجاب کی کلر والی زمین اس گنے سے چینی نکالنے کے حق میں مفید نہیں۔

اشتراکی کاروبار:۔ اشتراکی کاروبار ایک قوم یا ملک کی فلاح و بہبود کی علامت ہے۔ اس وقت ایک ہزار سے زیادہ اشتراکی کاروبار جاری ہیں۔ جن کا سرمایہ دس کروڑ روپیہ سے زیادہ بتلایا جاتا ہے۔

روئی کے کارخانے:۔ پنجابی کسان کے کپاس کی فصل کے اندر دلچسپی لینے کا ذکر زراعت کے باب میں کیا جا چکا ہے۔ روئی کی متعلقہ صنعتیں بھی پیش پیش رہتی ہیں۔ لاہور۔ لائلپور۔ منٹگمری۔ اوکاڑہ۔ ملتان۔ میاں چنوں کے اعلیٰ مرکز شمار ہوتے ہیں۔ لیکن بوجہ جاپانی مال اور موجودہ غیر یقینی حالات کے یہ کاروبار بھی اعلیٰ معیار پر نہیں چل رہا۔

پارچہ بافی:۔ تقسیم کے بعد کپڑے کی دو تین ملیں صوبے میں قائم ہو چکی ہیں۔ دو لائلپور کے اندر اور تیسری ملتان کے اندر۔ اور ایک اور مل جس میں زیادہ تر تولیئے تیار ہوا کریں گے۔ راولپنڈی میں تکمیل کی گئی ہے۔ کئی اور کے متعلق سکیمیں تیار ہو رہی ہیں۔ سوتی کپڑے کی دو متروکہ فیکٹریوں کا انتظام حکومت خود سنبھال چکی ہے۔ کیونکہ الاٹی ابھی تسلی بخش طور پر جاری نہیں رکھ سکے تھے۔

تقسیم کے بعد اب تک کپڑے کی ملوں میں کل ۵۰۶۰۰ نئے تکلے اور ۲۵۰۰ نئی مشینی کھڈیاں لگائی جا رہی ہیں۔ اسی ہزار مزید تکلے مستقبل قریب میں لگ جائیں گے۔ حکومت پنجاب اس رفتار ترقی سے مطمئن نہیں۔ مگر اس رفتار کا انحصار زیادہ تر غیر سرکاری افراد کی اہمیت پر ہے۔

تقسیم کے بعد پنجاب میں دستی کھڈیوں پر کام کرنے والوں کی تین اہم نو آبادیاں قائم ہو چکی ہیں۔ ایک لائلپور میں۔ دوسری ملتان میں۔ اور تیسری جھنگ میں۔ بھارت سے آئے ہوئے مہاجر بافندوں کی ایک بہت بڑی تعداد کو یہاں بسایا گیا۔ یہاں رہائشی انتظامات کو مکمل کرنے کی سکیم زیر غور ہے۔ ان لوگوں کے تیار کردہ کپڑے کو پریس کرنے اور فنش کرنے کی مشینیں بھی لگائی جا رہی ہیں۔ کچھ لگ بھی گئی ہیں۔ اس وقت تمام صوبے میں بارہ کیلنڈرنگ مشینیں اور تین اونی کپڑا فنش کرنے کی مشینیں کام کر رہی ہیں۔ اونی کپڑا مکمل کرنے کی ایک اور مشین جھنگ میں لگائی گئی ہے۔ جہاں پر کمبل تیار کئے جاتے ہیں۔

Marfat.com

کل سازی :- مشینری کے اس زمانہ میں پنجاب کا صوبہ اس دیس کے کسی صوبہ سے کم فوقیت نہیں رکھتا۔ میسرز محمد دین اینڈ سنز اد۔ کے فین کمپنی پنجاب کے۔ سی۔ فین کمپنی اور ایلفا فین کمپنی لاہور کے تیار کردہ بجلی کے پنکھے مقبول عام ہو چکے ہیں۔ آٹو ویلڈنگ کمپنی لاہور نارتھ ویسٹرن ریلوے کی ضروریات کے مطابق مال مہیا کرتی ہے بیاگو گوجرانوالہ اور لاہور کی تیار کردہ بچوں کی گاڑیوں اور ٹرائی سائیکلوں نے کاروبار میں جاپان کے سستے مال کے مقابلے میں ثابت قدم رہ کر کافی مارکیٹ سنبھال لی ہے۔ اپر انڈیا ٹیلر ورکس چھ برٹہ والے لاہور ہی مال مویشی کے لئے زنجیر تیار ہوتے ہیں۔ جو دور دور تک بھیجے جاتے ہیں۔ اور متروکہ آرافی متعلقہ راگھو رام تلسی رام لاہور نے اپنے بادامی باغ والے کارخانہ میں سٹیل کی سلاخوں اور پتروں کے بنانے کے کام نے ہر طرح کامیابی دکھائی ہے۔

گورنمنٹ کی توجہ :- آمد و رفت کے بڑھتے ہوئے وسائل اور جنگ عظیم کے اثرات سے دستکاری کی ضرورت لاحق ہوئی۔ جس کے متعلق سنہ ۱۹۱۹ء سے پیشتر تک پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے بہت تھوڑی دلچسپی ظاہر ہوئی۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں دستکاری کا ایک علیحدہ محکمہ قائم کیا گیا۔ جس پر اگلے سال ساڑھے تین لاکھ روپے سے کچھ زیادہ ہی خرچ کیا گیا۔ جس میں سے ۱۹۸۰۰۰ روپے محض میکلیگن انجینرنگ کالج کی عمارت پر ہی صرف ہو گیا تھا۔

اس وقت پنجاب میں کوئی تین درجن گورنمنٹ انڈسٹریل سکول چل رہے ہیں۔ اور کوئی دو درجن پرائیویٹ سکولوں کی گورنمنٹ مالی امداد سے تجدید کرتی جا رہی ہے۔ ایسے دستکاری سکولوں کو بعض بعض جگہ خاص خاص کاموں میں کماحقہ دسترس حاصل کروائی جا رہی ہے۔ مثال کے طور پر گورنمنٹ ٹیکنیکل سکول لاہور میں الیکٹرو میکینک اور دھات کی چادروں کو رنگ روغن چڑھانا سکھایا جاتا ہے۔ انڈسٹریل سکول قصور میں چمڑے کے کام کی تعلیم دی جاتی ہے۔ انڈسٹریل سکول گوجرانوالہ جدید طرز کے اوزار بنانے کی تعلیم دیتا ہے۔ جہلم کے انڈسٹریل سکول نے لکڑی کے کام اور فولڈنگ فرنیچر بنانے کا ذمہ لیا ہوا ہے۔ انڈسٹریل سکول راولپنڈی میں طرح طرح کی ٹوکریاں بنانی سکھائی جاتی ہیں۔ جھنگ مگھیانہ میں نئے نمونوں کے تالے بنانے کی تعلیم دی جاتی ہے۔ اور لائلپور کا انڈسٹریل سکول زراعت کے اوزار بنانے میں خصوصیت رکھتا ہے۔

زنانہ مدارس :- نسوانی تعلیم صنعت کاری رائج کرنے کی غرض سے سنہ ۱۹۲۷ء میں ایک شعبہ کھول دیا گیا جس کا انتظام ایک انسپکٹریس صاحبہ کے سپرد کیا گیا۔ اور طالبات کے نصاب میں سلائی جالی۔ چکن دوزی، سلمے، ستارے، لانڈری اور امورات خانہ داری کی تعلیم جاری کر دی گئی ہے۔ شہری زندگی سے دور رہنے والوں کی خاطر مجوزہ تعلیم کا پرچار پارٹیوں کے ذریعے جاری رکھنا منظور ہوا ہے۔ چنانچہ مظفر گڑھ۔ لیہ اور کالا باغ میں ایسی پارٹیاں روئی اور اون کاتنے۔ قالین بنانے نوار اور دریوں کے تیار کرنے اور ساڑھیوں کو کنارے لگانے کی تعلیم سے عام لوگوں کی خدمت کر رہی ہے۔

Marfat.com

انڈسٹریل لیبارٹری شاہدرہ :۔ پنجاب گورنمنٹ کی طرف سے یہ لیبارٹری ۱۹۳۱ء کی قائم شدہ ہے۔ جو اشیائے خام کی ریسرچ کرتی ہے۔ اس کے ماہرین فن مثلاً انسپکٹر اشیائے بافتہ۔ ماہرین ہوزری چمڑے اور رنگ سازی کے تجربہ کار استاد اور کپڑا بننے کے سپرنٹنڈنٹ اپنے تجربات سے عام پبلک کو ہدایات سے مستفید کرتے رہتے ہیں۔ جن کے اثرات نے راوی پینٹ اینڈ وارنش ورکس شاہدرہ۔ پنجاب پاٹری ورکس لمیٹڈ جہلم اور یونیورسل سینڈ پیپر ملز راولپنڈی۔ اور پنجاب سیلولائڈ ورکس اچھرہ جیسے چھوٹے چھوٹے کاروبار کھلنے میں کلید کا کام کیا ہے۔

سرکاری امداد :۔ جس جگہ پر کوئی صنعت شکل پذیر نہ ہو سکے۔ وہاں پر گورنمنٹ مالی امداد پہنچاتی ہے۔ مشینوں کے پرزے۔ زراعت کے اوزار۔ پینٹ۔ وارنش۔ ہوزری۔ پیتل کے تالے۔ لوہے کی چادروں کا کام۔ ربڑ کا مال۔ جراحی کے آلات۔ بجلی کے پنکھوں کا کاروبار۔ اور کھیلوں کے سامان کے کارخانے لاکھوں روپے کی امداد حاصل کر چکے ہیں۔

مردانِ پنجاب :۔ دیگر ممالک اپنے باشندوں کی ہمت۔ جرأت اور اولوالعزمی کے باعث بڑا نام اور دولت حاصل کئے ہوئے ہیں۔ لیکن پاکستان بیچارہ کاریگروں کی کمیابی سے دولت کی گود میں غریب پڑا رہا ہے۔ مگر اب حالات بدلتے دکھائی دے رہے ہیں۔ پنجابی لوگ پاک و ہند کے باقی باشندوں سے محنت کے اعتبار سے عام طور پر قوی ہیں۔ رسم و رواج کی قید سے آزاد رہ کر اپنی دستکاری سے روزگار کمانے کے راز کو سمجھ چکے ہیں۔ انہوں نے ریلوے اور موٹر ورکشاپوں میں کارہائے نمایاں کر دکھلائے ہیں۔ یہ لوگ بڑے پیمانے پر دستکاریوں کی طرف توجہ دے رہے ہیں۔ جن میں سے رولنگ مشین۔ سٹیل۔ لوہے۔ کیمیکل ورکس اور ردی جیسے کام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ دستکاری کے وسیع میدان میں اگر ان کے موجودہ مشاہدات اور شوق کو ان کی ناکام آرزوؤں کا رہنما مان لیا جائے۔ تو کہا جا سکتا ہے۔ کہ پنجابی اپنی جرأت اور کارسازی کے اعتبار سے اس ملکی دستکاری کے وسیع میدان میں بیش از بیش قدم رکھتے جائیں گے۔

Marfat.com

باب ہشتم

نارتھ ویسٹرن ریلوے

ریل کی آمد:- پاک پنجاب کے اندر ریلوے کے زمانہ کی تاریخ ہندی پنجاب کی ریلوے کی تاریخ کے مشابہ ہے۔ اور وہ تاریخ غدر سے دو سال پہلے یعنی ۱۸۵۵ء شمار کی جاتی ہے۔ اس ریلوے کی تعمیر کے اندر غیر ملکی روپے کے مصرف کی شرم ایک عجب خاصیت تھی۔ اور ریلوے کی توسیع گورنمنٹ کی اپنی کوشش پر مبنی تھی۔ غیر ملکی مصرف کو آہستہ آہستہ خرید لیا گیا ہے۔ اور یہ ریلوے اس وقت مملکت کی اپنی ملکیت ہے۔ اور مملکت کے اپنے نظام میں چل رہی ہے۔

۱۸۵۵ء میں سندھ۔ پنجاب۔ اور دہلی گرانڈ ریلوے کمپنی کا اجرا ہوا۔ اس کے چھ سال بعد کراچی شہر اور کوٹری کے درمیان ۱۰۵ میل کے اندر لائن کھول دی گئی۔ اور ۱۸۷۰ء تک لاہور۔ خانیوال اور ملتان چھاؤنی کے درمیان کئی ایک سٹیشن کھول دیئے گئے۔ لاہور سے جہلم تک کا سیکشن ۱۸۷۳ء میں کھولا گیا۔ اور ۱۸۸۳ء میں اس لائن کو پشاور تک پہنچا دیا گیا۔ کوٹری اور ملتان کی لائن براستہ روہڑی تیار کی گئی۔ اور نہر نارا کا پل اور

Marfat.com

لودھراں کا پل تیار کر کے ان سب کو سندھ دہلی سٹیٹ ریلوے کا نام دیا گیا۔ اس ریلوے کا ۱۸۷۸ء میں انکشاف کیا گیا۔ اس وقت سے لے کر ۱۸۸۹ء تک پنجاب اور کراچی کے مابین تمام مال اسباب اور مسافروں کا ٹریفک انہیں پلوں کے ذریعے سکھر کے مقام پر دریائے سندھ کے آر پار لے جایا جانے لگا۔ ملک وال سے شیر شاہ تک کی لائن براستہ بھکھر کا انکشاف ۱۸۹۰ء اور کندیاں اور کیمبل پور کا انکشاف ۱۸۹۹ء سے پہلے تک نہ کیا جا سکا۔ سرحد پر ذرائع آمد و رفت کی دقت محسوس کر کے سندھ کوئٹہ ریلوے کے جنوبی سیکشن کی تعمیر شروع کی گئی۔ جسے افغانوں کی دوسری لڑائی کے فوراً بعد مکمل کر کے کوئٹہ تک پہنچا دیا گیا۔ اور ایک اور لائن ہرنائی سے براستہ بوستان ۱۸۹۲ء میں چمن تک تیار کی گئی۔

بتدریج وسعت: ۔ اس وقت نارتھ ویسٹرن ریلوے پاکستان کے تین صوبوں کے اندر پبلک کی خدمت کر رہی ہے۔ سب سے پہلے صوبہ پنجاب ہی کا ذکر کرنا چاہیئے۔ جس کی نہری آبپاشی دنیا بھر میں بہترین مانی جا چکی ہے۔ اور جس کے وسیع میدانوں کے اندر کئی مشہور شہر اور بڑی بڑی چھاؤنیاں آباد ہیں۔ ازاں بعد شمال مغربی سرحدی صوبہ ہے۔ جہاں پر کہیں تو چوڑی لائن اور کہیں پہاڑی دشواریوں کے باعث چھوٹی لائن سے کام لیا گیا ہے۔ تیسرا صوبہ سندھ کا ہے۔ جس میں کراچی کی بھاری بندرگاہ واقع ہے۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے دنیا کی بڑی بڑی ریلوں کی برابری کرتی ہے۔ اس کی وسعت کوئٹہ کی برفانی پہاڑیوں سے لے کر دریائے سندھ کے گرم میدانوں تک ہے۔ اس لائن کی فن کاریگری کا اندازہ دریائے سندھ اور دریائے ستلج پر تعمیر کردہ پلوں سے کیا جا سکتا ہے۔ جو اٹک۔ سکھر کے مقامات پر تعمیر شدہ ہیں۔ نیز درہ خیبر اور درہ بولان سے گزرنے والی لائن علاوہ ازیں سندھ اور نوشکی جیسے غیر آباد علاقوں سے گزرنے والی لائنیں ریلوے کی تعمیرات میں بہترین نمونہ پیش کرتی ہیں۔

پنجاب میں تعمیر شدہ ریلیں پہلے پانچ علیحدہ علیحدہ نظاموں کے ماتحت چلتی تھیں۔ ۱۸۸۶ء میں ان سب کو ملا کر نارتھ ویسٹرن ریلوے کے نظام کے ماتحت کر دیا گیا۔ اور گورنمنٹ کے ایک محکمہ کی صورت سے انہیں چلایا جانے لگا۔ ۱۹۰۰ء میں خانیوال اور لودھراں کی کارڈ لائن کا چکر مکمل کیا گیا۔ اور اسی سال سکھر اور کوٹری کے درمیان ٹریفک کی بڑھتی ہوئی رفتار سے ڈبل لائن کا افتتاح کر دیا گیا۔ اس تجدید کے زمانہ ہی میں قحط سالی کی انسدادی تدابیر کے لئے نہر لوئر جہلم۔ نہر لوئر چناب اور نہر اپر جہلم کی تعمیر ہو جانے پر فصلوں کی باربرداری کے لئے وزیر آباد۔ سانگلہ ہل۔ شورکوٹ روڈ اور خانیوال کی لائنوں کو پانچ سال کے قلیل عرصہ میں تیار کر کے انیسویں صدی کے آخری سال میں کھول دیا گیا۔ ۱۹۰۳ء سے ۱۹۱۱ء کے اندر اندر ملک وال۔ شورکوٹ روڈ اور چیچہ کی ملیاں کی لائنوں کو مکمل کر دیا گیا۔ اور ٹیکسلا۔ حویلیاں کے سیکشن ۱۹۱۳ء

Marfat.com

میں تکمیل پذیر ہوئے۔

سرحدی مقامات میں سے سنہ ۱۹۰۱ء میں لائن پشاور سے جمرود تک پہنچائی گئی۔ اور سنہ ۱۹۰۵ء میں کوہاٹ سے نوشکی تک کی لائن کھول دی گئی۔ جنگ عظیم کے زمانے میں اس لائن کی (حد فارس پر) دزداب تک کی تعمیر کی گئی۔ اور جس سے چار سو میل آگے یعنی مشہد تک مصاحت کی گئی۔ خوشحال گڑھ۔ کوہاٹ اور ٹھل کے سیکشن میں سنہ ۱۹۰۸ء کے اندر بڑی لائن کر دی گئی۔ دریائے سندھ کے کنارے پر کالا باغ اور میانوں کی لائن سنہ ۱۹۱۳ء میں تعمیر ہوئی۔ اور لاکی مارواٹ سے ٹانک اور مزنی کو توسیعات دے کر بتدریج سنہ ۱۹۱۶ء اور سنہ ۱۹۲۱ء میں تعمیر کیا گیا۔ اور نیز سنہ ۱۹۲۵ء کے خزاں میں جمرود سے آگے درہ خیبر تک لائن اور بڑھا دی گئی۔

ایرانی وسعت:۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں ایران گورنمنٹ نے کسی وجہ سے ایرانی حدود کے اندر ریلوے لائن کی تعمیر پر اعتراض کیا۔ جس پر برٹش گورنمنٹ نے مصاحت کیا ہوا علاقہ چھوڑ دیا۔ اور ایرانی علاقہ میں ریل کی لائن کو بند کر دیا۔ اب اس لائن کا آخری سٹیشن دزداب کی بجائے نوک کنڈی ہے۔ اگر اس لائن کو برقرار رکھا جاتا۔ تو اس نے ابھی اور بھی آگے جانا تھا۔ اور یقین تھا کہ یہ لائن براہِ راست انگلستان تک پہنچ جاتی۔ مگر افسوس کہ یہ سکیم مکمل ہونے سے رہ گئی۔ ورنہ یہ لائن دنیا بھر میں سب سے بڑی لائن مانی جاتی۔ اور انگلستان جانے والوں کے لئے ہمیشہ کے واسطے خشکی کا محفوظ رستہ نصیب ہو جاتا۔

موجودہ وسعت:۔ اس وقت ایک ہزار میل سے زیادہ لمبی لائن لڑائی کی فوری ضرورتوں کے لئے بنائی گئی ہوئی ہے۔ جس پر ٹریفک بہت کم ہے۔ اور جو روپے کی آمدنی کے اعتبار سے مفید نہیں۔ ریلوں کے لمبے چوڑے جالوں میں ایک طرف تو لائن واہگہ سے درہ خیبر تک اور دوسری طرف پشاور سے کراچی تک پھیلی ہوئی ہے۔ اس وقت ان ریلوے لائنوں کی وسعت ۵۳۶۲ میل سے کم نہیں۔ بلکہ اگر چھوٹی چھوٹی شاخوں کو شامل کر لیا جائے۔ تو یہ وسعت کئی ہزار میل تک پہنچ جاتی ہے۔

اصلاحات:۔ پنجاب اور سندھ کے اندر آبپاشی کی توسیع میں نئے نئے ٹکڑہ جات زمین کو بھی زیر کاشت لایا جا رہا ہے۔ رائے ونڈ اور خانیوال کی لائن کی اصلاحات اسی بات کا نتیجہ ہے۔ پہلے پہل یہ علاقہ بالکل بنجر تھا۔ ریل کے وہاں لے جانے پر سٹیشنوں پر مال کی لدائی کا کام بہت بڑھ گیا۔ اور مسافروں کا ٹریفک کھول دینے پر زیادہ ہی زیادہ ہوتا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اس وقت تعمیرات کو ناکافی سمجھ کر کوٹ رادھا کشن۔ پتوکی۔ اوکاڑہ۔ منٹگمری۔ میاں چنوں۔ اور خانیوال ملتان کے سٹیشنوں کی از سر نو تعمیر کی گئی۔ گورنمنٹ آف پاکستان نے حال ہی میں سندھ لائٹ ریلوے کی سکیم منظور کی ہے۔ جس سے لڑکانہ سے جیکب آباد تک کی ۸۰ میل کی لائن بساستہ گڑھی خیرو۔ اوستا اور سولاداد نکالی جا رہی ہے۔ جو سندھ حیدر آباد کی نہروں کے فصلوں کی باربرداری

Marfat.com

کے لئے بہت سی سہولت پیدا کر دے گی۔ حال ہی میں پاکستان گورنمنٹ نے خوشاب اور دریاخاں کی ایک سو میل کی لمبی لائن اور حیدر آباد۔ نواب شاہ براستہ میرپور ریلوے لائن کھولنے کی مصاحات شروع کروادی ہیں۔ علاوہ ازیں مئی ۱۹۳۵ء کے زلزلہ سے کوئٹہ خاص اور کوئٹہ ڈویژن میں ریلوے عمارات کو از سر نو تعمیر کیا جارہا ہے۔ جو بڑا بھاری پروگرام ہے۔ اور جس پر ۸۷ لاکھ روپے خرچ ہونا ہے۔

نمایاں تعمیرات: ۔ دریائے سندھ اور اس کے معاونین چوڑے پاٹ والے دریا ہیں۔ گرمی کے مہینوں میں ان کے اندر عموماً طغیانی رہتی ہے۔ ان دریاؤں پر دیسے تو کئی ایک جگہ پل بنے ہوئے ہیں۔ لیکن چند ایک پل قابلِ دید ہیں۔ جن میں سے دریائے سندھ پر لینن ڈاؤن سکھر کا پل اور خوشال گڑھ کا پل قابلِ ذکر ہیں۔ اور اٹک کا پل اپنی ساخت و نیز اپنی مشہور تاریخی حیثیت سے قابل دید چیز ہے۔ درہ خیبر کے اندر چھبیس میل کی ایک مختصر سی لائن جس میں زمین دوز راستوں اور سرنگوں کی تعداد ۳۴ ہے۔ اور جس لائن پر ۹۲ پل بنانے پڑے ہیں۔ دیکھنے والی چیز ہے۔ لنڈی کوتل سے لنڈی خانہ تک کا ریل کا رستہ جس حکمت عملی سے بنایا گیا ہے۔ وہ قابل ستائش اور سبق آموز ہے۔ کوئٹہ کی طرف سبی سے چمن تک کی لائن گھری ڈھلانوں اور دشوار گزار راستوں سے چکر کاٹتی ہوئی چھپر کی چٹان پر پہنچ کر درہ کھوجک کی حد پر پھر سطح زمین کے اندر چھپتی اور چمن پہنچتی ہوئی عجیب نظارہ پیش کرتی ہے۔

نظام: ۔ پنجاب کے دیگر محکمہ جات کے مرکزیہ دفاتر کی طرح ریلوے کے صدر دفاتر بھی لاہور ہی میں واقع ہیں۔ جن کا سارا اہتمام جنرل منیجر صاحب اور تین ڈپٹی جنرل منیجروں کے ہاتھوں چلتا ہے۔ چیف انجینئر۔ چیف اپریٹنگ سپرنٹنڈنٹ۔ چیف میکنیکل انجینئر۔ چیف کمرشل منیجر۔ فائنینشل ایڈوائزر اینڈ چیف اکاؤنٹس آفیسر۔ کنٹرولر آف سٹورز۔ چیف الیکٹریکل انجینئر اور چیف میڈیکل اینڈ ہیلتھ آفیسر صاحبان کل محکمہ کے افسران اعلیٰ ہیں۔ ان افسران اعلیٰ میں سے ہر ایک کے ساتھ ان کے ڈپٹی اور ماتحت افسر نظام چلاتے ہیں۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے کی لائن پانچ ڈویژنوں پر منقسم ہے۔ جس کے ڈویژنوں کے صدر کے دفاتر مقام لاہور۔ راولپنڈی۔ ملتان۔ کراچی اور کوئٹہ میں واقع ہیں۔ ان شہروں کے اندر ہر ایک میں ایک ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ اپنی اپنی مختلف برانچوں کے انتظامیہ افسروں کے ساتھ قیام پذیر ہیں۔ نیز ہر ڈویژن سے ایک سپیشل آفیسر پرسنل برانچ میں ڈپٹی جنرل منیجر کی سرکار میں رہ کر اپنے ڈویژن کے ملازمین کے تحفظِ حقوق کی نگرانی کرتے ہیں۔ اس ریلوے کے تنخواہ دار ملازمین کی جو تعداد ۱۰۰۵۰۰ سے زائد ہے۔ ٹھیکیداران کا عملہ ان سے بالکل علیحدہ ہے۔

والٹن ٹریننگ سکول: ۔ لاہور چھاؤنی میں والٹن ٹریننگ سکول نارتھ ویسٹرن ریلوے کی طرف سے کھلا ہوا ہے۔ جہاں پر لائن پر کام کرنے والے ہر قسم کے اعلیٰ ملازمین کو تعلیم دی جاتی ہے۔ اس سکول سے ایک

Marfat.com

سو ایکڑ رقبہ زمین کا گھرا ہوا ہے۔ جس میں عمارات سکول اور سکول کے کوارٹر بنے ہوئے ہیں۔ سکول کے ہوسٹلوں میں ۳۵۰ طلبا کے قیام اور طعام کا مکمل انتظام ہے۔ گھروں کی ضرورت اور آبپاشی کے واسطے بجلی کے پمپوں والے ٹیوب ویل اور روشنی اور پاور کے لئے بجلی کے ٹرانس فارمر موجود ہیں۔ پچیس ایکڑ زمین صرف کھیلوں کی گراؤنڈ کے لئے وقف شدہ ہے۔ سکول کی عمارات میں کئی ایک کمرے اساتذہ کے لیکچروں کے لئے اور عملی کام کے لئے علیحدہ علیحدہ مقرر ہیں۔ ایک کشادہ ماڈل روم ساز و سامان سے آراستہ ہے۔ جس میں پچیس طلبا ایک وقت پر بیٹھ کر عملی کام کر سکتے ہیں۔ لاہور کا والٹن ٹریننگ سکول پاکستان و ہندوستان کے برصغیر میں اپنی نوعیت کی واحد درسگاہ ہے۔ کوچنگ اور گڈز یعنی کمرشل سٹاف کو تعلیم دینے کے لئے کچھ کمرہ جات کو بطور ماڈل بکنگ آفس اور گڈز آفس کے آراستہ کیا ہوا ہے۔ تاکہ اس سٹاف کو پڑھائی والے کمرہ جات میں درسی پڑھائی کے ساتھ ساتھ ہی کاروباری سلسلہ میں تاک کیا جا سکے۔ علاوہ ازیں لوکو موٹو۔ کیرج۔ ویگن۔ تار برقی والی جگہیں نمونہ کے طور پر پوری طرح آراستہ ہیں۔ اور جہاں پر کہ ویکیم گیر فٹنگ کے سٹ مختلف قسم کے (ٹوٹے پھوٹے) اور ناکارہ الجن پڑے ہوئے ہیں۔ اور جہاں پر کہ ایک مکمل مگر ٹوٹی پھوٹی ویگن (گاڑی) پڑی ہوئی ہے۔ اس ویگن کی ٹوٹ پھوٹ سے وہ تمام خامیاں ظاہر ہیں۔ جن کی مرمت انڈین ریلوے کانفرنس ایسوسی ایشن کے ماتحت کرنی لازم ہے۔ ریل کے رستے اور ان رستوں پر کام کرنے والے پلیٹیرز اور دیگر متعلقہ عملہ کی ضروریات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے سکول ہذا نے قسم قسم کی ریلیں بنا رکھی ہیں۔ تاکہ طلبا صحیح طریقوں کی عملی تعلیم حاصل کر سکیں۔

ورکشاپیں اور سٹورز:۔ لاہور ریلوے سٹیشن کی مشرقی جانب قریب تین میل کے فاصلے پر مختلف قسم کی ورکشاپیں ہیں۔ اور طرح طرح کے ریلوے کے سٹورز ہیں۔ جن کے متعلق بہت تھوڑے لوگوں کو واقفیت حاصل ہے۔ بیسویں صدی کے شروع شروع میں ریل کے انجنوں اور پیہ دار کلوں کی طلب کی روز افزونی سے جگہ کے لحاظ سے دقت درپیش ہوئی۔ اس لئے سنہ ۱۹۰۸ء اور سنہ ۱۹۱۰ء میں کیرج شاپ اور ویگن شاپ تعمیر ہوئیں۔ سنہ ۱۹۰۹ء میں ریل کے انجنوں اور پیہ دار کلوں کی نئی ورکشاپوں کا کام شروع کیا گیا۔ جو سنہ ۱۹۱۴ء میں پچاس لاکھ روپے کی لاگت سے تکمیل پذیر ہوا۔ لوکو موٹو کی موجودہ ورکشاپوں میں قریب چار ہزار افراد کو ملازمت ملی ہوئی ہے۔ جہاں کہ ہر سال ۸۰ ریلوے انجنوں کی مرمت کی جاتی ہے۔ کیرج اور ویگن شاپوں میں تقریباً اٹھارہ ہزار آدمی کام کرتے ہیں۔ جہاں پر سالانہ قریب چار سو نئی سواری گاڑیاں بنائی جاتی ہیں۔ اور قریب چار ہزار سواری اور دس ہزار مال گاڑیوں کی مرمت کی جاتی ہے۔ ان شاپوں میں پاور ہاؤس کے ذریعے بجلی پہنچائی جاتی ہے۔ جو ان کے نزدیک ہے۔ بجلی کی یہ پاور دسمبر سنہ ۱۹۳۷ء میں پنجاب کے محکمہ ہائیڈرو الیکٹرک سکیم سے خرید کر مذکورہ ورکشاپوں کے نزدیک نصب کی جا چکی ہے۔ جہاں سے کہ حسب ضرورت تقسیم کی جاتی ہے۔ اتفاقیہ بیمار ہو جانے

Marfat.com

والے یا حادثات پیش آجانے والے کاریگروں کی فوری امداد کے لئے ورکشاپوں کے اندر شفاخانے چل رہے ہیں۔ مغل پورہ میں ایک بچوں کے حفظانِ صحت کا سنٹر چل رہا ہے۔ جس کا اہتمام ایک لیڈی ڈاکٹر کے سپرد ہے دوپہر کو کھانا کھانے کی چھٹی میں مغلپورہ ورکشاپوں کے ملازمین کا بذریعہ لاؤڈ سپیکر دل بہلایا جاتا ہے۔

لیبارٹری: ۔ جنرل سٹورز کے احاطہ میں ایک لیبارٹری قائم کی گئی ہوئی ہے۔ جو مختلف دھاتوں کی آمیزش، رقیق اشیاء۔ پتھر۔ لوہے۔ تیل۔ گریز۔ سیمنٹ اور رنگ روغن وغیرہ کے تجربات کے سامان سے آراستہ ہے۔ اس کے انچارج ایک میٹلرجسٹ ہیں۔ جو ریلوے کے کیمسٹوں اور میٹلرجسٹوں کی آل انڈیا سٹینڈنگ کمیٹی کے ممبر ہیں۔ ان کی کمیٹی محکمہ انڈین سٹورز کے میٹلرجیکل انسپکٹر کی زیر صدارت سال میں دو تین مرتبہ ٹیکنیکل مسائل کے حل و عقدہ کے لئے منعقد ہوا کرتی ہے۔ لیبارٹری میں ٹیسٹ کرنے والی تین بڑی مشینیں موجود ہیں۔ جن میں ایک مشین پچاس ٹن کی ہے۔ دوسری بیس ٹن کی۔ اور تیسری مشین ۲۰۰/۲۰۰ پونڈ کی طاقت والی ہے۔ ان کے علاوہ ہوا کے دباؤ اور رطوبت کے ٹیسٹ کرنے کے لئے بھی کئی ایک مشینیں موجود ہیں۔ یہ انچارج (میٹلرجسٹ) اپنے ماتحت عملہ کے کئی ایک سائنس کے گریجوایٹ ماہرین فنیات اور کیمیا دانوں کی مدد سے کامیاب نتائج حاصل کرتے رہتے ہیں۔

جنرل سٹورز: ۔ مغلپورہ کی زمین کا کافی رقبہ جنرل سٹورز ڈپو کے احاطہ سے گھرا ہوا ہے۔ جہاں کہ ڈسٹرکٹ کنٹرولر آف سٹورز کا دفتر ہے۔ افسران بالا کے حکم کے مطابق یہاں پر دو کروڑ روپیہ سے زائد کا مال ہر وقت موجود رہتا ہے۔ اور ویسے عام طور پر یہاں آٹھ کروڑ روپے کے مال کی سالانہ کھپت رہتی ہے۔ اسی احاطہ کے اندر ایک چھاپہ خانہ چار سو ملازمین کی روٹی کا کفیل ہے۔ اس چھاپہ خانہ میں ایک ہزار ٹن کاغذ سالانہ کا خرچ ہے۔ اس میں ہر ایک قسم کی ٹکٹیں اور فارم وغیرہ چھاپے جاتے ہیں۔ تار محکمہ ویسٹرن ریلوے کے تمام ملازمین کی وردیاں تیار کرنے والا کپڑے کا کارخانہ بھی اسی جگہ پر ہے۔ اتوار اور باقی چھٹیوں کے دن چھوڑ کر لاہور اور مغل پورہ ورکشاپوں کے درمیان تین میل کے فاصلہ میں سنٹرل میکنیکل ورکشاپوں چھاپہ خانہ اور جنرل سٹورز کے کاریگروں کے اوقاتِ کام و رخصت کے مطابق کاریگروں کی آمد و رفت کے لئے کئی گاڑیاں روزانہ مفت چلائی جاتی ہیں۔

انجینئرنگ کالج: ۔ سنہ ۱۹۲۳ء میں پنجاب گورنمنٹ اپنے نوجوانوں کی ٹیکنیکل تعلیم کو محسوس کرتے ہوئے میکلیگن انجینئرنگ کالج جاری کر دیا تھا۔ جہاں پر طلباء کو درسی تعلیم دی جا سکے۔ کالج کا اختیار ایک ہا اختیار جماعت کے ہاتھ میں ہے۔ صاحب بہادر چیف انجینئر محکمہ روڈ اینڈ برج آر پی۔ ڈبلیو۔ ڈی، اس جماعت کے صدر کے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔ اس تعلیم کا پانچ سالہ نصاب

Marfat.com

ہر دو شاپوں میں متواتر جاری رہتا ہے۔ اس عرصہ میں طلباء اپنی اپنی ٹریڈ کے مطابق پوری پوری مہارت حاصل کر لیتے ہیں۔ انہیں عملی کام ابھی تک ریلوے ورکشاپوں میں سکھایا جاتا ہے۔ مگر نئی سکیم کے مطابق کالج کے بالکل سامنے گرانڈ ٹرنک روڈ کے پار ایک ورکشاپ کالج خود بنا چکا ہے۔ جس کا مقصد ہے کہ آئندہ طلباء ریلوے ورکشاپوں میں نہ بھیجے جائیں۔

کیرج۔ ویگن اور لوکو شاپ میں عموماً ہر وقت قریباً دو سو امیدوار کام کرتے رہتے ہیں۔ یورپین و اینگلو پاکستانی امیدواروں کی رہائش کا انتظام کالج کے ایک الگ ہوسٹل میں اور پاکستانی امیدواروں کی رہائش کا انتظام کالج کے ایک الگ ہوسٹل میں کیا جاتا ہے۔ نارتھ ویسٹرن ریلوے کی ورکشاپوں میں قریباً چھ سات سو ایسے امیدوار کام کرتے رہتے ہیں۔ جن کی پانچ سالہ تعلیمی زمانہ میں وظیفہ جات سے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ اپنے پانچ سالہ نصاب کی کامیابی سے تکمیل کر لینے کے بعد یہ امیدوار میکنیکل مستری اور جونیئر چارج مین کی نوکریوں کے حقدار سمجھے جاتے ہیں۔

تفریحات :۔ منٹگمری میں تفریحات کے کافی سامان مہیا ہیں۔ کلب گھر اور کھیلوں کے قطعہ جات زمین پاس پاس واقع ہیں۔ جن کے پاس ہی ایک شفاخانہ ہے۔ ورکشاپ بند ہونے کے وقت موٹروں۔ ٹانگوں سائیکلوں اور پیدل سواریوں کا یہاں عجیب نظارہ ہوتا ہے۔

ریلوے سواری :۔ یہ ایک مسلمہ بات ہے۔ کہ بذریعہ ریل آنے جانے والے مسافروں کو کئی سہولتیں میسّر ہیں۔ اور نیز یہ کہ پنجاب اور اس کے ملحقہ صوبجات ان سے استفادہ حاصل کرتے ہیں۔ سنہ ۱۹۰۰ء میں تین چار ہزار میل کی ریلوے لائن میں قریب دو کروڑ مسافروں نے ریل گاڑی کے ذریعہ سفر کیا تھا۔ مگر اس وقت ۵۳۶۲ میل کی ریلوے لائن کے دائرہ میں موٹر لاریوں کے بے حد مقابلہ کے باوجود قریباً ۶۹ کروڑ مسافر ریل گاڑی کے ذریعے سفر کرتے ہیں۔

اپیل :۔ آئے دن ریلوے کی طرف سے ایسوسی ایٹڈ پریس کے ذریعے تیسرے درجہ کے مسافروں کا کرایہ بڑھا دینے کی خبریں غریب لوگوں کو پریشان خاطر کرتی رہتی ہیں۔ علاوہ ازیں تھرڈ کلاس کے مسافروں کو گاڑیوں کے اندر آرام میسّر نہیں۔ اکثر گاڑیوں کے اندر جگہ کی کمی اور مسافروں کی زیادتی سے عام پبلک کو کافی تکلیف برداشت کرنی پڑتی ہے۔ یہاں تک کہ بعض لوگوں کو تو گاڑی کے فرش پر بیٹھنا پڑتا ہے۔ گرمیوں کے موسم میں جگہ کی تنگی اور بجلی کے پنکھوں کی نایابی سے گاڑیوں کے اندر دم گھٹا جاتا ہے۔ ہاتھ منہ دھونے کے وقت نہ کہیں چلمچیاں میسّر ہیں۔ اور نہ کہیں چہرہ دیکھنے کے لئے شیشے۔ سٹیشنوں پر اکثر جگہ روٹی کا تسلی بخش انتظام نہیں۔ نیز اکثر سٹیشنوں پر ٹین کے مسافر خانے عوام کو سردی اور گرمی سے محفوظ نہیں رکھ سکتے لیکن

Marfat.com

سب سے زیادہ تکلیف دینے والی چیز تو کرایہ کی زیادتی ہے۔ جس کی کمی کے لئے پنجاب اسمبلی سے۔ ریلوے کے جنرل منیجر صاحب سے اور ان کے متعلقہ تمام افسران سے پرزور اپیل کرتا ہوں۔ کیونکہ اقتصادی مشکلات میں پھنسے ہوئے نادار لوگوں کے لئے یہ تجدید لابد و لازم معلوم ہوتی ہے۔

Marfat.com

باب نہم

پنجاب یونیورسٹی

موجودہ تعلیم کا آغاز:۔ پنجاب کی موجودہ تعلیم تقریباً سنہ ۱۸۴۹ء میں انگریزوں کے یہاں آنے سے شمار کی جاتی ہے شروع شروع میں انتظامیہ بورڈ نے اس وقت کی گورنمنٹ آف انڈیا سے لاہور کے اندر ایک اعلیٰ تعلیمی درسگاہ قائم کر دینے کی تجویز پیش کی۔ سنہ ۱۸۵۲ء کی تین قراردادوں کے اندر منظور کیا گیا۔ کہ (۱) سابقہ ہندوستان کے ہر صوبہ میں ایک تعلیمی محکمہ کھولا جائے۔ (۲) درسگاہوں کی مالی امداد کی جائے۔ (۳) کلکتہ اور مدراس میں یونیورسٹیاں قائم کی جائیں۔ ان قراردادوں کے بموجب سنہ ۱۸۵۶ء میں پنجاب کے اندر محکمہ سررشتۂ تعلیم قائم ہوا۔ اور جہاں سنہ ۱۸۵۸ء میں غدر کے اثرات کے باوجود ۵۰۰ اقصباتی سکول موجود تھے۔ اس سال ہی اساتذہ کی ٹریننگ کے لئے لاہور اور راولپنڈی میں نارمل سکول کھول دیئے گئے۔ سنہ ۱۸۶۱ء میں سرچارلس ووڈ نے بحیثیت سیکرٹری آف سٹیٹ ہونے سے لاہور میں گورنمنٹ ہائی سکول اور چیف کالج الگ الگ محکموں کے ماتحت قائم کرنے کی اجازت بخشی۔ یہ حکم نامہ اعلیٰ تعلیم کی شاہراہ کا پیش خیمہ ثابت ہوا۔ اور اگلے سال ہی کئی مشنری سکولوں کے علاوہ تین فسٹ گریڈ سکول وجود میں آگئے۔

Marfat.com

لاہور کے کالج :۔ سر چارلس وُوڈ سے پیشتر ۱۸۵۹ء میں لارڈ ایلن برگ نے سیکرٹری آف سٹیٹ ہوتے ہوئے سابقہ ہندوستانی یونیورسٹیوں کی مزید گنجائش منظور فرمادی ہوئی تھی۔ اس چیز سے مستفیض ہونے کے خیال سے پنجاب نے پہلے پہلے کالج کی تعلیم پروفیشنل طریق سے جاری کی۔ میڈیکل کالج لاہور ۱۸۶۰ء میں کھول دیا گیا۔ چار سال بعد گورنمنٹ کالج لاہور اور گورنمنٹ کالج دہلی کھول دیئے گئے۔ ڈاکٹر جی۔ ڈبلیو۔ لٹنر ایم۔ اے پی۔ ایچ۔ ڈی سابق پروفیسر کنگز کالج لندن گورنمنٹ کالج میں اور مسٹر ای۔ ولٹ۔ بی۔ اے۔ کیمبرج۔ گورنمنٹ کالج دہلی میں پرنسپل مقرر ہوئے۔ اور یہ کالج کلکتہ یونیورسٹی کے نقش قدم پر چلتے تھے۔ اور اپنے طلباء کو اسی کے امتحانات کے لئے تیار کرتے تھے ۱۸۶۶ء میں لاہور کے اندر ہی ایک مشن کالج کھولا گیا۔ جو تین سال بعد بند ہو گیا۔ اور پھر ۱۸۸۶ء میں فارمن کرسچین کالج کے نام سے جاری ہوا۔ مگر پنجاب کے طلباء کے لئے کلکتہ یونیورسٹی کے نصاب نامناسب اور اس کے طریقہ ہائے امتحانات ناموافق رہے۔ ڈاکٹر لٹنر صاحب نے اس تکلیف کو محسوس کیا۔ اور اپنے طلباء کے مفاد کے لئے عملی تدابیر سے گورنمنٹ پر واضح کر دیا۔ کہ کلکتہ یونیورسٹی کی تعلیم پنجابی طلباء میں محض تنگ نظری اور بے ثباتی پیدا کرتی ہے۔ اور انہیں اپنی تمدنی روایات سے منقطع کرتی ہے۔ نیز پنجاب میں ایک علیحدہ یونیورسٹی قائم کروانے کی خاطر ڈاکٹر صاحب نے پراپیگنڈا کے لئے ایک جماعت بنام (انجمن پنجاب) پیدا کر دی۔ جس کے زیر اہتمام "اورنٹیل یونیورسٹی آف اپر انڈیا کی سکیم ذی وقار حضرات اور ذوقِ ادب کے نگاہ شناس اصحاب کی شرکت سے پے در پے کی پبلک میٹنگوں میں پاس ہو جانے اور سی۔ یو۔ ایچیسن سرلیپل گرفن اور مسٹر برانڈرتھ گمشنر لاہور جیسے مقتدر انگریزوں کے منظور فرما لینے پر ایک وقت موقع پاکر سر ڈونلڈ میکلوڈ لفٹنٹ گورنر کے سامنے پیش کر دی۔

یونیورسٹی کالج کا قیام :۔ مذکورہ سکیم کو عملی جامہ پہنانے کی غرض سے کچھ فنڈ اکٹھے کر لئے گئے۔ اور کچھ کے وعدے ہو گئے۔ اور قرار پایا کہ تعلیم کے نصاب میں جب تک یورپین لٹریچر اور سائنس کافی حد تک شامل نہ کی جائیں گی۔ تعلیم کا مقصد مفقود رہے گا۔ حتیٰ کہ ۱۸۶۷ء میں یورپین اور سابقہ ہندوستانی کمیٹی کی تجویز کے مطابق لاہور میں یونیورسٹی قائم کرنے کی پرزور سفارش کی گئی۔ جس پر ہز ایکسی لنسی لفٹنٹ گورنر بہادر نے ۲۷ مئی ۱۸۶۸ء کو پنجاب یونیورسٹی کی منظوری کے لئے اس وقت کی گورنمنٹ آف انڈیا کو کاغذات بھیجدیئے۔ حضور وائسرائے نے یہ پیش کش کونسل کے پاس بھیجدی۔ جس میں سر ہنری مین اور سر جان سٹریچی شامل تھے۔ انہوں نے سکیم کو منظور نہ کیا۔ اور تجویز کیا۔ کہ گورنمنٹ کالج لاہور کی تعلیم کو ترقی دینے میں مدد دی جائے۔ گورنر جنرل کی طرف سے چٹھی موصول ہونے پر لفٹنٹ گورنر پنجاب نے سکیم میں نقائص ہونے کی وجہ سے اتفاق رائے کا اظہار نہ کیا۔ اور لکھا کہ واقعی اس پر عمل پیرا نہیں ہوا جا سکتا۔ لیکن اس چیز کے باوجود انہوں نے سابقہ گورنمنٹ آف انڈیا کو گہری ہمدردی

Marfat.com

ظاہر کرتے ہوئے یہ بھی لکھ بھیجا۔ کہ مذکورہ سکیم کو چلا دینے کی صورت میں پنجاب کے اندر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کا گویا مکمل طور پر حوصلہ توڑ دینے والی بات سمجھی جائے گی۔ ان کی پرزور حمایت سے سابقہ گورنمنٹ آف انڈیا نے کچھ تبدیلی کے ساتھ مطالبہ منظور کر لیا۔ اور سیکرٹری آف سٹیٹ نے بھی اس کی منظوری دے دی۔ اور جملہ شرائط کے ماتحت بتاریخ ۸، دسمبر سنہ ۱۸۶۹ء کو نوٹیفکیشن ۶۷۲ کے ذریعے پنجاب یونیورسٹی کالج قائم کر دیا گیا۔

یونیورسٹی کا اجرا :۔ یونیورسٹی کالج کا استحکامت کے لحاظ سے عارضی تقرر تھا۔ جس نے کارگزاری دکھلانے پر آئندہ کے لئے بطور یونیورسٹی قائم کیا جانا تھا۔ یونیورسٹی کالج نے شروع ہی سے بتدریج ترقی دکھلائی اور اس کے بہی خواہان ہر ممکن طریق سے اسے یونیورسٹی کا درجہ دلانے کے لئے ہمہ تن سرگرم کار رہے۔ پہلے تو گورنمنٹ کی طرف سے انہیں بالکل مایوسی ہو گئی۔ مگر سنہ ۱۸۷۶ء میں حضور وائسرائے لارڈ لٹن لاہور میں تشریف فرما ہونے پر امداد کا وعدہ فرما گئے۔ اسی حوصلہ پر پنجاب یونیورسٹی کالج کی سینیٹ نے سنہ ۱۸۷۷ء کے بڑے دربار میں یونیورسٹی کے حق میں ایک میموریل پیش کیا۔ کافی خط و کتابت ہوئی۔ اور دو بل تیار کئے گئے۔ آخر کار ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۸۸۲ء میں پنجاب یونیورسٹی ایکٹ پاس ہو گیا۔ جس کے نو دن بعد اس سلسلہ میں لفٹننٹ گورنر سر چارلس ایچیسن نے نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

افتتاحی رسم :۔ پنجاب یونیورسٹی کی شاندار افتتاحی رسم گورنمنٹ کالج کے ہال میں ۱۸، نومبر سنہ ۱۸۸۲ء کو ادا کی گئی۔ اس افتتاحی رسم میں یونیورسٹی کے سرپرست حضور وائسرائے لارڈ رپن خود بھی بانفس نفیس شرکت فرما تھے۔ ریکارڈ بتلاتے ہیں۔ کہ اس موقع کا رنگ برنگ کا سماں نوخیز تیتری کی مشابہت سے خوب بہار دکھلاتا ہے۔

عطیات :۔ یہ بات خاص قابل ذکر ہے۔ کہ یونیورسٹی کا قیام پنجاب کے حکمران شہزادوں کی حوصلہ افزائی پر عمل میں لایا گیا تھا۔ بالعموم مہاراجہ کشمیر۔ پٹیالہ۔ نواب بہاولپور۔ مہاراجہ کپورتھلہ۔ نابھہ۔ جیند اور نواب ملیر کوٹلہ فنڈ جمع ہونے وقت کافی فیاضی ظاہر فرماتے تھے۔ صرف پبلک کی طرف سے ہی ایک بہت حقیر سی رقم وصول ہو سکی۔

تعلیمی ترقیات :۔ علمی اداروں کی توسیع کے لئے سنہ ۱۸۶۵ء میں (انجمن پنجاب) نے کچھ اور سکول کھول دیئے۔ مگر تھوڑے عرصہ میں یہ بات واضح ہو گئی۔ کہ ان سکولوں کے اخراجات اس فنڈ سے چلائے جا رہے تھے۔ جو کہ یونیورسٹی کی بنیاد رکھنے کے لئے جمع کئے جا رہے تھے۔ اس لئے ایسے سکولوں کو بند کر دیا گیا۔ ان سکولوں کے بند کر دینے کے چند سال بعد ایگزیکٹو کمیٹی اور اس کی سینیٹ نے اورنٹیل ڈیپارٹمنٹ کے لئے عربی اور فارسی کی تعلیم کے ساتھ ورنیکلر میں جدید رنگ سے عام باتوں کی واقفیت ذہن نشین کروانے کے لئے گنجائش سوچ کر

Marfat.com

بجٹ پاس کیا۔ اور ۱۸۷۲ء میں اورنٹیل کالج جاری کر دیا۔ ۱۸۷۳ء میں مختاروں اور پلیڈروں کے واسطے انگریزی اور درنیکلر میں جماعتیں کھول دی گئیں۔ اورلاء کے امتحانات ۱۸۷۵ء سے چیف کورٹ کے قوانین کے مطابق لئے جانے لگے۔ انتظامیہ کمیٹی گورنمنٹ کالج کے کمرہ میں منعقد ہوا کرتی تھی۔ اور ڈاکٹر لٹنر پرنسپل گورنمنٹ کالج اس کے رجسٹرار تھے۔

طلبا کے وظائف اور ڈگریاں: ۔گورنمنٹ کالج لاہور اور گورنمنٹ کالج دہلی کی خاطر یونیورسٹی کالج نے ۱۸۷۱-۷۲ء میں ۸۰۰ روپے کے وظائف طلبا کو امتحانات میں امتیازی حیثیت حاصل کرنے پر دینے منظور کئے۔ ان وظائف کی منظوری نے اضطراب پیدا کر دیا۔ جو یونیورسٹی کو پوری یونیورسٹی کے اختیارات مل جانے سے پہلے تک حل نہ ہو سکا۔ اوپر ذکر ہو چکا ہے۔ کہ گورنمنٹ کالجوں کے طلبا کلکتہ یونیورسٹی کے امتحانات کے لئے تیار کئے جاتے تھے۔ اور گورنمنٹ کے وظائف امیدواروں کو کلکتہ یونیورسٹی کے انٹرینس کے امتحانات میں اعلیٰ نتیجہ جات حاصل کرنے پر دیئے جاتے تھے۔ چونکہ اول اول یونیورسٹی کی اعلیٰ تعلیم کے لئے طلبا کو وظائف ہی کا سہارا تھا۔ اس لئے دونوں گورنمنٹ کالجوں کو مجبور کیا گیا۔ کہ وہ طلبا کو اپنے اپنے کالج کے تمام امتحانات کے لئے خوب تیاری کروائیں۔ اور چونکہ نصابی معیار بلکہ دونوں جگہ کے سلسلۂ امتحانات کی تاریخیں بھی مطابقت نہ رکھتی تھیں۔ اس لئے دونوں گورنمنٹ کالجوں کے درمیان کچھ گڑبڑ سی پیدا ہو گئی۔ حتیٰ کہ ۱۸۷۹ء میں گورنمنٹ نے فیصلہ کر دیا۔ کہ مذکورہ بالا قسم کے وظائف پنجاب یونیورسٹی کالج کے امتحانات انٹرینس کے نتائج پر تقسیم کئے جایا کریں۔ دہلی کالج کو توڑ دیا گیا۔ اور اس کے طلبا بھی لاہور میں لائے گئے۔ لیکن ان گورنمنٹ کالج کے طلبا کو اعلیٰ امتحانات کے لئے ڈگریاں کلکتہ یونیورسٹی سے ہی ملتی تھیں۔ ۱۸۸۲ء میں پنجاب یونیورسٹی کو پورے حقوق مل جانے پر اعلیٰ امتحانات کی ڈگریاں تقسیم کرنے کا اختیار دیا گیا۔

یونیورسٹی کے اختیارات: ۔اختیارات کے اعتبار سے یونیورسٹی کو (۱) امتحانی جماعت (۲) صوبہ بھر کی تعلیمی ایڈوزری بورڈ (۳) عالموں کی لٹریری سوسائٹی اور (۴) ایک ٹیچنگ کارپوریشن سمجھا گیا۔ لیکن جب سے یونیورسٹی کا وجود ظہور پذیر ہوا ہے۔ اسے امتحانی جماعت سمجھے جانے میں زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ ایڈوزری بورڈ کے لحاظ سے یہ مدھم رفتار رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گورنمنٹ کا محکمہ سررشتۂ تعلیم دیر بعد ہی بنایا جا سکا۔ لیکن گورنمنٹ عام تعلیمی مسائل پر یونیورسٹی سے اکثر مشورہ طلب کرتی رہی۔ عالموں کی لٹریری سوسائٹی کے لحاظ سے اس کا معاملہ سر آرنلڈ سٹین کے ۱۸۸۸ء میں اورنٹیل کالج کے پرنسپل بنائے جانے تک مضمحل رہا۔ اور بصورت ٹیچنگ کارپوریشن کے یونیورسٹی وظائف سے امداد کرتی رہی۔ اور سلسلۂ تعلیم بذریعہ گورنمنٹ اور پرائیویٹ کالجوں کے جاری رہا لیکن کہنا پڑے گا۔ کہ شروع شروع میں یونیورسٹی کے اختیارات بڑے محدود تھے۔ یعنی اسے صرف آرٹس فیکلٹی اور

Marfat.com

اورنٹیل فیکلٹی کی ڈگریاں مثلاً بیچلر آف آرٹس یا ماسٹر آف آرٹس۔ ڈاکٹر آف لٹریچر دبیچلر آف اورنٹیل ٹریننگ کی ڈگریاں تقسیم کرنے کا حق حاصل تھا۔ یونیورسٹی کے پہلے پانچسالہ دور بعد ڈاکٹر ڈبلیو۔ ایچ۔ اٹینگن صاحب وائس چانسلر کی توجہ سے یہ خامی پوری ہوسکی۔ جن کی کوشش سے اس وقت کی گورنمنٹ آف انڈیا نے آہستہ آہستہ یونیورسٹی کو تمام ضروری اختیارات بخش دیئے۔

علمی تگ و دو:۔ مختلف نارمل سکولوں کے قیام کے علاوہ گورنمنٹ نے ۱۸۸۱ء میں سنٹرل ٹریننگ کالج قائم کر دیا۔ جو ۱۹۰۳ء میں یونیورسٹی سے ملحق کیا گیا۔ ۱۸۸۲ء میں لاہور کے اندر یونیورسٹی قائم کر دیئے جانے پر پنجاب یونیورسٹی میں تعلیمی ادارہ صرف ایک ہی تھا۔ یعنی گورنمنٹ کالج لاہور۔ لیکن ۱۸۸۶ء سے یونیورسٹی کی عام لحاظ سے از سر نو تنظیم ہونے پر کئی اور کالج کھول دیئے گئے۔ جو طلبا کو امتحانات کے لئے تیار کر سکیں۔ جن میں سے فارمن کرسچین کالج کا نام خاص قابل ذکر ہے۔ صادق ایجرٹن کالج بہاولپور نے ۱۸۸۶ء میں انٹرمیڈیٹ کلاسز کھول دیں۔ اور چھ سال بعد ڈگری کالج کا درجہ حاصل کر لیا۔ سکاٹ لینڈ مشن چرچ نے ۱۸۸۶ء میں ایک ہائی سکول سیالکوٹ میں کھول کر یونیورسٹی کے انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کے لئے طلبا تیار کئے۔ میڈیکل کالج کی تنظیم از سر نو کی گئی۔ یونیورسٹی کو اس کی ڈگریاں عطا کرنے کا اختیار دیا گیا۔ ۱۹۰۲ء میں یونانی طریقہ تعلیم اسلامیہ کالج لاہور میں منتقل کر دیا گیا۔ میڈیکل کالج کا خرچ ہمیشہ گورنمنٹ کے ذمے اور امتحانات کا سامان یونیورسٹی سے مہیا ہوتا رہا ہے۔ لاء کی تعلیم جسے ۱۸۷۸ء میں شروع کیا گیا تھا۔ کچھ عرصہ بعد اسے تین سال کا کورس کر دیا گیا۔ ۱۸۸۷ء میں ایک انگریز بیرسٹر مسٹر بی۔ مارٹن کو لیکچرار بنایا گیا۔ جو ۱۹۰۰ء تک رہے۔ ان کے بعد سر شادی لعل (مرحوم) کا تقرر عمل میں آیا۔ حتیٰ کہ ۱۹۰۱ء میں مسٹر جی سرل۔ ایم اے۔ ایل۔ ایل۔ ڈی (لنڈن) پرنسپل بنائے گئے۔ اور سکول کو ایک کالج تسلیم کیا گیا۔ اسلامیہ کالج لاہور ۱۸۹۲ء میں۔ گارڈن مشن کالج راولپنڈی ۱۸۹۳ء میں کھولے گئے۔ اور چرچ مشن ہائی سکول پشاور جو ۱۸۵۵ء میں قائم ہوا تھا۔ ۱۹۰۰ء میں ایڈورڈ کالج کے نام سے موسوم ہوا۔

کلکتہ یونیورسٹی کمشن کی رپورٹ کی اشاعت نے اس یونیورسٹی پر قدرے اثر دکھلایا۔ جو پنجاب میں دو طرح ظہور پذیر ہوا۔ اس کے اثر سے ایک تو پنجاب گورنمنٹ نے متعدد انٹرمیڈیٹ کالج کھول کر انہیں یونیورسٹی سے ملحق کر دیا۔ جو اختیار کردہ شکل میں یونیورسٹی کی اصلاحات راسخ میں شاید ہی کام آسکے ہوں۔ اور جن کے متعلق غیر یقینی طور پر کہا جاسکتا ہے۔ کہ وہ سکولوں کے اور یونیورسٹی کے معیار کے درمیان سمجھے جاتے ہیں۔ یونیورسٹی کی علمی مجلس کا وجود اس رپورٹ کا دوسرا ثمر ہے۔ جس کے متعلق خیال ہے۔ کہ وہ اپنی ساخت اور ذمہ داریوں کو مکمل طور پر ترتیب دے کر مستقبل میں کسی وقت علم و ادب کی ترقی میں یونیورسٹی کی اصلاحات کے لئے ایک بیش بہا جزو ثابت ہوگی۔

Marfat.com

علمی تگ و دو میں یونیورسٹی کے محکمہ جات کے ساتھ پوسٹ گریجویٹ کی تعلیم انٹرمیڈیٹ کالجوں میں مکمل کرنے کی کوشش اور سائنس کے آنرز کے بمشابہ آرٹس کی طرف آنرز کا شروع ہو جانا یونیورسٹی کی جدید نشوونما کا ایک ضروری پہلو شمار ہوتا ہے۔

فضیلت :۔ اس کی کارگزاریوں سے متاثر ہو کر سات سال کے قلیل عرصہ میں آکسفورڈ یونیورسٹی نے اسے ان یونیورسٹیوں کی فہرست میں داخل کر لیا جن کی ڈگریوں کو وہ تسلیم کرتی تھی۔ اور جس کے گریجویٹ کو وہ قابلِ لحاظ استحقاق بخشتی تھی۔ سنہ ۱۸۹۶ء میں کیمبرج یونیورسٹی نے بھی اس کا استحقاق تسلیم کر لیا۔ اپنا معیار قائم کر کے پنجاب یونیورسٹی نے انتظامی اور امتحانی مشین بن کر لندن یونیورسٹی کے نقشِ قدم پر چلنا شروع کیا۔ اس چیز نے پنجاب یونیورسٹی کی فضیلت میں اور بھی چار چاند لگا دیئے۔

ضروری تجدید :۔ یونیورسٹی کے اجرا پر یونیورسٹی کالج کے زمانہ کے جنرل اور فنانشل انتظامات کی کمزوریاں معلوم ہوئیں۔ کلرکوں کے سٹاف کو بدل دیا گیا۔ سینیٹ کی کمیٹی کو مختارِ عام بنایا گیا۔ جس نے مختلف فیکلٹیز کے مختلف بورڈ مقرر کئے۔ اور سنڈیکیٹ کا از سرِ نو انتخاب کیا۔ سنہ ۱۸۸۸ء میں ڈاکٹر (سر) سٹین صاحب رجسٹرار اور پرنسپل اورینٹل کالج مقرر ہوئے۔ جنہوں نے گیارہ سال اپنے فرائض منصبی ادا کئے۔ جس کے بعد یہ ذمہ داریاں ڈاکٹر اے۔ ڈبلیو سٹرٹین کے سپرد کی گئیں۔ جو صرف دو سال بعد ہی راہیٔ ملکِ بقا ہوئے۔ پھر سنہ ۱۹۰۳ء سے سنہ ۱۹۲۰ء تک ڈاکٹر اے۔ سی۔ وولنر رجسٹرار اور پرنسپل اورینٹل کالج کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔ یہ کہنا پڑے گا کہ یونیورسٹی کے پہلے بائیس برس تک سررشتۂ تعلیم کے لحاظ سے اورینٹل کالج یونیورسٹی کے لئے محض خرچ ہی خرچ کا باعث بنا رہا۔ مشرقی اور مغربی علوم کے لحاظ سے یونیورسٹی کا توازن بدلتا گیا۔ اور اس وقت کے سٹاف میں سے ڈاکٹر سٹین اور علامہ (سر) محمد اقبال نے اورینٹل تعلیم میں قابلِ یادگار اصلاحات پیدا کر دیں۔

تعمیرات :۔ اجرا کے وقت پنجاب یونیورسٹی کے پاس سینیٹ ہال کے سوا اور کوئی عمارت موجود نہ تھی۔ اور یہ سینیٹ ہال کی عمارت بھی سنہ ۱۸۷۶ء میں نواب صاحب والئے ریاست بہاولپور کی کرم فرمائی سے ہی میسر ہو سکی تھی۔ طلبا گورنمنٹ کالج کے گوشوں میں اور کرایہ کے مکانوں میں مارے مارے پھرتے تھے۔ سنہ ۱۸۹۱ء میں اس یونیورسٹی نے اپنے اوپر سے کلکتہ کا دباؤ ہٹا دیا تھا۔ سنہ ۱۹۰۲-۰۳ء میں گورنمنٹ کالج اور فارمن کرسچین کالج نے تجربہ کے طور پر مشترکہ پڑھائی شروع کی۔ سنہ ۱۹۰۴ء میں انڈین یونیورسٹیز ایکٹ سے تعمیرات کے بارے میں پنجاب کی بڑی حوصلہ افزائی ہوئی۔ جب کہ اس وقت کی گورنمنٹ آف انڈیا اور پنجاب گورنمنٹ نے یونیورسٹی ہال۔ لائبریری۔ اور ٹورنمنٹ گراؤنڈ کے لئے روپے کی گرانٹ منظور فرمائی۔ اس ایکٹ نے علمی اتحاد کو آشکارا کر

Marfat.com

دیا ہے۔ اس وقت سے نتیجتہً جو عمارات بن رہی ہیں۔ وہ بیش قیمت ہیں۔

سنہ ۱۹۲۱ء سے سنہ ۱۹۳۰ء تک کا زمانہ یونیورسٹی کی نشوونما کے لحاظ سے مشہور زمانہ سمجھا جاتا ہے۔ اس میں نہ صرف قابلِ تعریف یونیورسٹی سکول آف کیمسٹری اور فارمن کرسچین کالج کے سکول سرکاری امداد یافتہ سکول آف ٹیکنیکل کیمسٹری معرضِ وجود میں آئے۔ بلکہ یونیورسٹی کی نئی اور ضروری عمارات کی کثیر تعداد بھی بہت ہی جلد ظہور پذیر ہو گئی۔ عمارات کے لحاظ سے لا رکالج اور اورنٹیل کالج اچھے تعمیر شدہ ہیں۔ اگرچہ اول الذکر عمارت طلباء کے جمگھٹ سے اب سراسر ناکافی ہو چکی ہے۔ ان کالج کے طلبا کے لئے جو براہِ راست یونیورسٹی کے زیر اہتمام ہیں۔ نہایت اعلیٰ ہوسٹل بنے ہوئے ہیں۔ زیادہ تر سر گنگا رام (مرحوم) کی فیاضی اور گورنمنٹ کی مدد سے ایک نئی پروفیشنل درسگاہ ہیلی کالج آف کامرس قائم کر دی گئی ہوئی ہے۔ جو تعمیر کے لحاظ سے اچھی اور سامان سے آراستہ ہے۔ گورنمنٹ نے زراعتی کالج لائلپور میکلیگن انجینئرنگ کالج جیسے جدید طریقہ کے کالج ٹیکنیکل ٹریننگ اور ریسرچ کے لئے قائم کر دیئے۔ اور وہ یونیورسٹی سے ملحق کر دیئے گئے ہوئے ہیں۔ ٹیبولیشن ہال اور سٹوڈنٹس یونین کا دفتر یعنی وولنر ہال اور سینیٹ کی کمیٹی کے واسطے ہیلی ہال بالکل تازہ تعمیر شدہ عمارات ہیں۔

انسٹیٹیوٹ آف کیمسٹری: یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ آف کیمسٹری جو سنہ ۱۹۲۲ء کے اندر پوسٹ گریجوایٹ طلبا کی اعلیٰ تعلیم کے لئے قائم کی گئی تھی۔ پاکستان بھر میں سائنس کی تعلیم اور ریسرچ کی سب سے پہلی درسگاہ ہے دو اونچے میناروں والی اس کی دوہری منزل کی زمین ۳۷۵۰۰ مربع فٹ کا گھیرا رکھتی ہے۔ اس کی چار بڑی لیبارٹریاں ہیں۔ دس لیبارٹریاں خاص ریسرچ کے لئے انفرادی ریسرچ کرنے والوں کے لئے ۳۵ کمرے اور بارہ اور کمرے ہیں۔ جن کے اندر تین ہال کمرے بھی شامل ہیں۔

اس کے پہلے ڈائریکٹر سر شانتی سروپ بھٹناگر تھے۔ جو اس وقت ہندوستان میں ہیں۔ ان کے بعد متعدد دیگر سائنس دان اس مرتبہ پر فائز رہے۔ ملکی تقسیم پر یونیورسٹی نے اپنے ایک پرانے روشن دماغ ڈاکٹر بشیر احمد کی جنہوں نے اپنے تعلیمی مشاغل کو جان ہاپکن۔ کیمبرج۔ لیورپول۔ زوریچ۔ برلن اور لندن سے پایہ تکمیل کو پہنچایا تھا۔ اور جو اب گاہے گاہے ان ممالک میں بطور ڈیلیگیٹ جاتے رہتے ہیں۔ بطور ڈائریکٹر خدمات حاصل کر لیں۔

اس انسٹیٹیوٹ کے اندر فزیکل کیمسٹری۔ ان آرگینک کیمسٹری اور آرگینک کیمسٹری کے تین بڑے ڈویژن ہیں۔ فارمیسیوٹک کیمسٹری جیسی اہم ترین سائنس کو جسے پہلے نظر انداز رکھا گیا تھا۔ اب تعلیم کے نصاب میں شمار کر لیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں بی۔ ایس۔ سی آنرز، اور ایم۔ ایس۔ سی (پاس کورس)، انڈسٹریل کیمسٹری کی تعلیم بھی دی جانے لگی ہے۔ ایک خاص کام کی لیبارٹری بھی تیار کی جا رہی ہے۔ اجزائے معدنیات معلوم کرنے کے بھی دو شعبے کھولے جا رہے ہیں۔ جن کے تکمیل پذیر ہو جانے پر یہ درسگاہ مملکت پاکستان کی سب سے اچھی درسگاہ ہو گی۔

Marfat.com

ملکی تقسیم پر اس انسٹیٹیوٹ کو سب سے زیادہ نقصان پہنچا۔ سٹاف کے سترہ استادوں اور ساٹھ ائیس ممبران دفتر سے ایک اور سات علی الترتیب یہاں رہے۔ اور اب انگلستان اور امریکہ سے قابلِ ترین اصحاب کو منگوانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

گورنمنٹ کی تازہ ترین دس لاکھ روپے کی گرانٹ سے چار لاکھ روپے کا مصرف انسٹیٹیوٹ کے سامان پر کیا گیا ہے۔ جس سے اس کی مجوزہ خامی بہت حد تک پوری ہو جائے گی۔

سائنس کی ریسرچ جو کہ اس انسٹیٹیوٹ کی نمایاں خصوصیات ہے۔ دو شعبوں پر مشتمل سمجھی جانی چاہیئے۔ اول الائڈ اور دوسری فنڈ مینٹل۔ اول الذکر کو اشیائے خام مثلاً گیاس کے بنولوں جن کی پنجاب کی پیداوار میں آٹھ لاکھ من حاصل ہوتا ہے۔ کے اجزا معلوم کرے اور کوئی نمک کے اجزا معلوم کرنے میں بکار لایا جاتا ہے۔ اور مؤخر الذکر کو معدنیات کی دیگر تحقیقات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

حال ہی میں اس انسٹیٹیوٹ کے پانچ طلباء نے دیگر ممالک کی اعلیٰ تعلیم کے لئے وظائف حاصل کئے ہیں۔

سٹاف کے کچھ ممبر سائنس کی مرکزی اور صوبائی کمیٹیوں کے اندر خدمت سرانجام دیتے ہیں۔ اس ادارہ کے اندر ریسرچ پر کام کرنے والے متعدد افراد یونیورسٹی کے وظائف، صوبائی میڈیکل کونسل۔ امپیریل کیمیکل انڈسٹریز اور پاکستان سائنس ایسوسی ایشن کے وظائف سے ریسرچ کی دھن میں ہمہ تن مصروف رہتے ہیں۔

تحقیقاتی کمیٹی: ۔ پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے فیصلہ کے مطابق سنہ ۱۹۳۲ء میں سر جارج انڈرسن کی زیر صدارت ایک تحقیقاتی کمیٹی قائم کی گئی۔ جو اس کی تعلیم۔ تنظیم اور کارکردگی کا امتحان کر کے اصلاحی تدابیر پیش کرے۔ رپورٹ میں انٹرمیڈیٹ کے منظور شدہ نصاب۔ سکول کے طریقۂ تعلیم کی دوبارہ ترتیب اور غیر ممالک کی یونیورسٹیوں کے انڈر گریجویٹ طریقۂ تعلیم کے مطابق میٹرک کے بعد بی۔ اے کی تین سالہ ڈگری کی تجویز پیش کی۔ طریقۂ تعلیم کے اندر دستکاروں اور کاشتکاروں کو اپنے علم میں طاق بنانے کی ہدایت کی گئی۔ اور بالخصوص انتظامیہ معاملات میں کافی ردّ و بدل کی سفارش کی۔ لیکن اس ردّ و بدل کے زمانہ میں صوبہ بھر کے فرقہ وارانہ جھگڑوں نے یونیورسٹی کی تجدید کو روک رکھا۔ اب پھر سنہ ۱۹۵۱ء سے نو ممبران کی ایک کمیشن یونیورسٹی کے سابقہ وائس چانسلر آنریبل سر عبدالرشید صاحب چیف جسٹس آف پاکستان کی صدارت میں قومی ضرورت پر غور کر رہی ہے۔ جس کے فیصلہ کی بے صبری سے انتظار کی جارہی ہے۔

مال گزاری: ۔ پنجاب کی موجودہ مشکلات میں کفایتی اخراجات اور ان کے صحیح مصارف کی پوری پوری پڑتال ہی محض ضرورت کی چیز نہیں۔ بلکہ قابلِ لحاظ یہ بات ہے۔ کہ آیا یونیورسٹی کے ذرائع آمدنی اس قدر ہیں۔ کہ وہ اس کی ضروریات کو بآسانی چلائے جاویں۔ اور آیا یونیورسٹی کو پبلک کی رقوم اور عطیات سے معقول مدد میسّر

Marfat.com

ہوتی ہے۔ اور آیا یونیورسٹی اور اس کے کالجوں کو مختلف قسم کی فیسوں سے اس قدر رقوم حاصل ہو جاتی ہیں جن سے کہ وہ پنجاب کے اندر مطلوبہ ٹریننگ کا خرچ نکال سکے۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ محض تخفیف ہی کفایت کا مؤثر ذریعہ نہیں سمجھی جا سکتی۔

سینیٹ: یونیورسٹی کے اندر سینیٹ اعلیٰ درجے کی بااختیار جماعت ہے۔ متعلقہ دیگر جماعتیں اس کے ماتحت ہیں۔ موزوں ارکان کے ہاتھوں انتظامات اور ذمہ داریوں کی بہترین تقسیم کر دینے پر بھی یونیورسٹی کے کاروبار کا کامیابی سے چلتا جانا ضروری امر نہیں۔ اس چیز کا انحصار زیادہ تر انتظامیہ افسر کی پڑتال پر موقوف ہے۔ جس کے لئے غیر جانبدار اور باوقار ہستی کا ہونا بڑا ضروری ہے۔

لارڈ کرزن کے عہدِ حکومت میں سنہ ۱۹۰۲ء کے اندر ایک کمشن سکولوں کی عام دیکھ بھال کے لئے مقرر کی گئی۔ اس دور میں دیگر صوبجات کی طرح یہاں کی سینیٹ بھی بے ثباتی سے چلنے لگی۔ اس چیز سے گورنمنٹ کے لئے گنجائش پیدا ہو گئی۔ کہ وہ سنہ ۱۹۰۴ء میں یونیورسٹی ایکٹ کی رو سے نگران جماعتوں میں اور خاص کر سینیٹ میں تقریباً کل اختیارات چلا سکے۔ تمام نئے قوانین کی ساخت اور پرانے قوانین کی ترمیمات گورنمنٹ کی منظوری سے ہونے لگیں۔ کالجوں کا الحاق یا ان کی ناقابلیت کی جانچ پڑتال بذریعہ ڈائریکٹر سررشتۂ تعلیم (جنہیں سنڈیکیٹ کا ممبر بنایا گیا)، گورنمنٹ کی اپنی پرسش اور تسلی تشفی پر سمجھی جانے لگی۔ اس انڈین یونیورسٹیز ایکٹ نے سینیٹ اور فیکلٹیز کی حالت کو بہتر ہی بنایا۔ خلافِ توقع اس کا اثر کوئی اتنا زیادہ نہ ہوا۔ کیونکہ یہ گنجائش محض اتفاقیہ پیدا ہوئی تھی۔ اور کسی خیالی پر مبنی نہ تھی۔ یہ قابلِ ذکر بات ہے۔ کہ یونیورسٹی کو اس ایکٹ سے مستفید ہونے کے لئے کافی محنت کرنی پڑی ہے۔ لیکن ایکٹ نے ایک بڑی قابل قدر تدبیر کا انکشاف کر دیا۔ جسے اگر معقول طریقے سے عمل میں لایا گیا۔ تو وہ یونیورسٹی کو ایک اشتراکی جماعت سے صحیح معنوں میں ایک ٹیچنگ کارپوریشن بنا کر بے حد مفید ہو گا۔

سعیٔ جمیلہ: ملکی تقسیم کے فوری بعد یونیورسٹی کو مختلف اطراف میں بھاری مشکلات سے دوچار ہونا پڑا۔ مگر باوجود ان مشکلات کے یونیورسٹی نے اپنے تعلیمی شعبہ جات کو قائم کر لیا ہے۔ اور سعی کی جا رہی ہے۔ کہ اسے نہ صرف پاک و ہند کے برصغیر بلکہ دنیا کی یونیورسٹیوں کے اندر ممتاز بنا کر دکھایا جائے۔

پچھلے چند برسوں کے اندر یونیورسٹی نے تعلیم کے ان پہلوؤں کو جنہیں عوام کے ذہن سے اتار دیا گیا ہوا تھا۔ اور جن کی مملکت میں اس وقت شد و مد سے ضرورت محسوس کی گئی۔ پھیلا دیا گیا ہے۔ قومی زبان کو مناسب رواج دینے کے لئے اردو اور اسلامی فہم و ذکا کے لئے اسلامیات کے محکمہ جات کھول دیئے گئے ہیں۔ اور پاکستان کی معدنیات کا پورا امتحان حاصل کرنے کے لئے طلبا کی سہولت کے واسطے محکمہ جیولوجی

Marfat.com

جاری کر دیا گیا ہے۔

پنجاب یونیورسٹی اپنی وسیع حدِ فاصل میں فزکس۔ کیمسٹری۔ کیمیکل ٹیکنالوجی۔ اورنٹیل اور موجودہ یورپین زبانوں۔ لاء۔ تاریخ۔ سیاست۔ اقتصادیات۔ اخبار نویسی۔ جغرافیہ۔ علم اعداد و شمار۔ علم سیارگان۔ ملٹری سائنس۔ فائن آرٹ اور کامرس کی تعلیم دیتی ہے۔ پوسٹ گریجوایٹ کی پڑھائی تمام کالجوں کے طلبا اور طالبات میں مخلوط طریقہ پر چلتی ہے۔

پاکستان کی مرکزی حکومت اپنے مملکتی طریقۂ تعلیم کو مکمل طور پر تبدیل کر دینے کے لئے بڑی سنجیدگی سے سوچ رہی ہے۔ کیونکہ موجودہ طرزِ تعلیم سابقہ مختلف سیاسی۔ سماجی اور اقتصادی نصب العین پر چل رہا ہے اور دورِ حاضرہ کے نصب العین کو پورا نہیں کرتا۔

بدقسمتی سے سابقہ طریق کے مطابق طلبا اور طالبات کی اکثریت کو تعلیمی ماحصل ان کی قابلیت یا استطاعت کی بجائے ان کی خاندانی اقتصادیات اور ان کے پیدائشی حالات پر نصیب ہوتا تھا۔ حصول آزادی پر برابر کی تعلیمی سہولتیں بہم پہنچانے کی سعی کی جا رہی ہے۔ اور موروثی اثرات کو توڑنے کے رجحانات پیدا ہو رہے ہیں گذشتہ وقت کے اندر طلبا اور اساتذہ مختلف دنیا میں شمار ہوتے تھے۔ یہ طریقۂ عمل ایک نوجوان کو بڑوں سے تلخی مزاج۔ ناصبور اور خود سے نامحرم رکھتا تھا۔ ایسی نازیبت کو ہمدردانہ طریق سے سلجھانا ہے۔

یہی ہے ایک چیلنج۔ ذمہ داری اور ابھرنے والا موقع جسے یونیورسٹی کے مردوں نے خود پر لے رکھا ہے۔ اور جسے سرانجام دینے کے لئے وہ خود کو معمارانِ نئی قوم ثابت کر رہے ہیں۔

سابقہ ہندوستانی رجسٹرار: ۔ مذکورہ اصحاب کے بعد اس عہدہ پر سابقہ ہندوستانی اصحاب میں سے رائے بہادر پی۔ این۔ دت۔ صاحب بارہ سال تک۔ لالہ بہادر ایشر داس صاحب تیرہ سال تک دیوان بہادر ایس۔ پی سنگھا۔ پانچ برس تک۔ اور سردار بہادر ایم۔ جی۔ سنگھ قریب اڑھائی برس تک کام چلاتے رہے۔

سابقہ ہندوستانی وائس چانسلر: ۔ خان بہادر میاں افضل حسین صاحب اور آنریبل ڈاکٹر سر عبدالرحمٰن صاحب ۱۹۳۸ء سے ۱۹۴۲ء تک دو سنہ ۱۹۴۳ء سے سنہ ۱۹۴۷ء تک یکے بعد دیگرے عادلانہ صفات سے اس یونیورسٹی کے وائس چانسلر رہے۔

پاکستانی رجسٹرار: ۔ کپتان محمد بشیر صاحب جو زندگی کے میدانِ عمل میں اترتے ہوئے اول اول اسی یونیورسٹی کے اندر بطور اسسٹنٹ رجسٹرار تعینات کئے گئے تھے۔ اور بعدہٗ اپنے پیشرو رجسٹراروں کے ساتھ ایک مدت تک ڈپٹی رجسٹرار اور ازاں بعد رجسٹرار لگائے جا چکے تھے۔ ملکی تقسیم پر اس محکمہ کے پہلے پاکستانی رجسٹرار

Marfat.com

شمار ہوئے۔ ان کی انتھک کوششوں نے ملکی تقسیم سے بگڑے ہوئے حالات کو بڑے احسن طریق سے سنبھال لیا اور امتحانات کے نتیجہ جات معین تاریخوں پر نکال دینے کی مہارت قائم کر دی۔

پاکستانی وائس چانسلر: ۔ ہز ایکسی لنسی عمر حیات خاں ملک اور آنریبل جسٹس ایس۔ اے۔ رحمان جیسے ماہرینِ تعلیم قیام پاکستان سے وائس چانسلر ہوئے۔ جن کی قابلیت سے متاثر ہو کر گورنمنٹ نے پنجاب یونیورسٹی جیسے اہم ادارہ کی باگ ڈوران کے سپرد کی۔

مستقبل: ۔ پنجاب یونیورسٹیوں کی ذمہ داریوں کی زیادتی کا اندازہ امتحانی نقشہ جات سے ظاہر ہے۔ باوجود بہت سی مشکلات کے جن میں سے بڑی مشکلات مالی مشکلات رہی ہیں۔ جن میں شاید سب سے زیادہ افضل لاہور کی مرکزیہ مجلس بست وکشا کا متعلق ملحقہ درسگاہوں کے سامنے ترتیب دینے کا جو صرف لاہور کی درسگاہوں کا ہی نہیں۔ بلکہ صوبجات پنجاب اور سرحد اور گردونواحی کی ریاستوں کا بھی ہے۔ جو لاہور کی زندگی کا دم بھرتی رہ سکیں۔ ایسا تعلق تب تک تسلی بخش نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ یہ مرکز آلہ کار بن کر مؤثر طریقہ سے صوبہ کے دیگر اضلاع کی کم فاخرہ درسگاہوں کو اپنی آغوش میں نہ لے لیوے۔

یونیورسٹی کا مستقبل کیپٹن میاں محمد بشیر صاحب جو سالہا سال کے تجربہ سے زرخیز دماغ کے مالک ہیں۔ کی سفارشات پر موقوف ہے۔

آئندہ فلاح وبہبود: ۔ یونیورسٹی کی آئندہ فلاح وبہبود متمول حضرات کی رہین منت سمجھی جا رہی ہے۔ اس کی ملکیت میں ایک پرنٹنگ پریس چلایا گیا ہے۔ جس کی ضروری تجدید سمجھی گئی تھی۔ اس سے نہ صرف جرنلزم کی کلاسز کے طلبا طاق کئے جاتے ہیں۔ بلکہ یونیورسٹی کا چھپائی کا کام اقتصادی طور پر سرانجام پاتا ہے۔ متعدد شعبہ جات میں سے شعبہ دارالتراجم جہاں کہ تمام سائنٹیفک اور ٹیکنیکل امورات ونیز علوم خانہ داری۔ نرسوں کی ٹریننگ کا نصاب۔ صیغہ معاشرتی علوم۔ صیغہ توازنِ مذہبیات۔ صیغہ تنظیمات (فیود رسومات) ایسے شعبہ جات ہیں۔ جن میں یونیورسٹی ہر دست اقدام لے سکتی ہے۔ یہ زبردست توقع کی جا رہی ہے۔ کہ جن حضرات کو گراں قدر دولت جمع کرنے کے مواقع نصیب ہوئے ہیں۔ دل کھول کر یونیورسٹی کے فنڈ میں اضافہ کر کے آئندہ نسلوں کا تشکر وامتنان حاصل کریں۔ یونیورسٹی ہی ایک ایسا وجود ہے۔ جو گورنمنٹ یا اس کے دیگر کامیاب زندگی بسر کرنے والے شہریوں سے سب سے زیادہ مستحق امداد کہا جا سکتا ہے۔ کیونکہ ہر قومی سکیم کی ترقی میں یونیورسٹی کے ٹرینڈ لیڈر ہی پیش پیش رہا کرتے ہیں۔ یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ قومی فلاح وبہبود انفرادی قربانی اور مالی امداد پر موقوف ہے۔

Marfat.com

باب دہم

صُوبجاتی حکومت

(قیام پاکستان سے پہلے)

نظام مملکت برطانوی :۔ صوبجاتی حکومت کے نفاذ یعنی ۱۹۳۷ء سے پیشتر تک سابقہ ہندوستان کی برطانوی مملکت پر تمام سول اور ملٹری اختیارات گورنر جنرل کے اپنے ہاتھ میں تھے ۔ لارڈ میو کی حکومت نے کچھ محکمہ جات کا انتظام صوبائی اختیارات کے حوالے کیا۔ اس پالیسی کو لارڈ لٹن اور لارڈ رپن نے توسیع عطا فرمائی۔ اس بنا پر ہر صوبہ کے ہر پانچسالہ مواہدہ جات لکھوائے جانے لگے ۔ مگر لارڈ کرزن اور لارڈ ہارڈنگ نے ان میں کچھ ترمیمات کر دکھلائیں ۔

مانٹیگو چمسفورڈ سکیم سے اصلاحات نامنظور کرتے وقت سابقہ ہندوستان کے اندر انتظامیہ محکمہ جات تین قسم کے گروہوں میں منقسم کئے جاتے تھے ۔ ایک گروہ کے محکمہ جات کے عنوانات آل انڈیا لوازم پر مشتمل ہوتے تھے مثلاً ڈیفنس ۔ محصول ریلوے ۔ ٹیکسال اور پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف سنٹرل گورنمنٹ کی نگرانی میں چلتے تھے ۔ دوسرے گروہ کے اندر ایسے محکمہ جات شامل تھے ۔ جنہیں صوبائی محکمہ جات کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا ۔ اور جنہیں کچھ شرائط

Marfat.com

کے ماتحت متعلقہ صوبجات کے حوالے کیا گیا۔ تیسرا گروہ ایسے محکمہ جات پر مشتمل تھا جنہیں منقسمہ عنوانات کے نام سے موسوم کیا گیا تھا۔ ان سے حاصل کردہ مالیانہ اور ان پر نظام حکومت مرکزی اور صوبائی طریق کے مابین اشتراکی طور پر سمجھے جاتے تھے۔

مانٹیگو چمسفورڈ ریفارمز: ۔ مانٹیگو چمسفورڈ ریفارمز سے یہ منشا ظاہر ہوئی۔ کہ سنٹرل گورنمنٹ کے اقتدار کو صوبجاتی حکومت سے کمزور کر دیا جائے۔ اس وقت سے صوبائی حکومتوں کے متعلق براہ راست شعبہ جات تعلیم اور حفظان صحت جیسے محکمہ جات سے سمجھا جانے لگا۔ جو کہ قومی ترقی اور فلاح و بہبود کے ذمہ دار ہیں۔ ان کے اختیارات جماعتی زندگی کامیاب بنانے میں بہت وسیع ہیں۔

حضور وائسرائے کا بیان: ۔ جولائی ۱۹۳۷ء وائسرائے صاحب بہادر کے ایک بیان کے مطابق ایک صوبہ کی انتظامیہ حکومت گورنر کے نام پر چلتی ہے۔ لیکن امورات وزارت میں گورنر اپنی خاص ذمہ داریوں کے پیش نظر اپنے انتظامیہ اختیارات کو وزراء کے مشورہ سے استعمال میں لانے پر مجبور ہوئے ہیں۔ اس صورت سے کچھ محدود دائرے کے اندر معاملات کی ذمہ داری افضل طریق سے وزراء کی طرف منسوب کی جاتی ہے۔ گورنر کی ذمہ داری انجام کار پارلیمنٹ تک وضاحت کرنے میں باور کی جاتی ہے۔ وزراء پوری طرح ذمہ دار سمجھے جاتے ہیں۔ اور ان کی جوابدہی صرف صوبائی قوانین تک سمجھی گئی ہے۔

میاں سر فضل حسین صاحب: ۔ مانٹیگو چمسفورڈ سکیم کے مطابق اصلاحات نافذ کرتے ہوئے میاں سر فضل حسین (مرحوم) نے پنجاب لیجسلیٹو کونسل میں نیشنل یونینسٹ پارٹی کے نام سے ایک جماعت قائم کر کے ایک جامع پالیسی ترتیب دی۔ جس سے زراعت پیشہ مقروضوں اور (مرحوم) زراعت پیشہ لوگ سب اس پالیسی کی آغوش میں پناہ گزیں ہوئے۔ کمزوروں کی خاص نگاہ داشت اور پسماندہ جماعتوں کی خاص حمایت اس جماعت کے اصول قرار پائے ساہوکاروں کی کوشش سے قانون انتقال اراضی کے خلاف تمام حملوں کا اس پارٹی نے مقابلہ کرنا شروع کر دیا۔ مقروض کسانوں کی حفاظت کے لئے کئی تجاویز پیش کر دی گئیں۔ اور حکومت کا وہ روپیہ جو شہروں پر خرچ ہوتا تھا۔ دیہات پر صرف کیا جانے لگا۔

نیشنل یونینسٹ پارٹی نے پسماندہ جماعتوں۔ مقروضین اور کاشتکار زراعت پیشہ لوگوں کی ضرورت کا خاص خیال رکھا۔ چونکہ ان جماعتوں میں ہر مذہب کے لوگ شامل تھے۔ اس لئے غیر جانبدار لوگ اس پارٹی کی کارگزاریوں کا اعتراف کرنے لگے۔ لیکن مصیبت یہ ہے۔ کہ ساہوکارہ کا کام زیادہ تر ہندوؤں کے ہاتھ میں ہے۔ جو شہروں میں بستے ہیں۔ یہ لوگ تعلیم میں بھی آگے ہیں۔ اور سرکاری ملازمتوں میں بھی انہیں کا طوطی بول رہا ہے۔ اس لئے یونینسٹ پروگرام کے خلاف یہ اعتراض کیا جانے لگا۔ کہ یہ فرقہ وارانہ ہندوؤں کے خلاف ہے۔ اس اعتراض کے متعلق یہ ذکر

Marfat.com

کرنا دلچسپی سے خالی نہ ہوگا۔ کہ ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے ماتحت جب یونینسٹ گورنمنٹ قائم ہوئی۔ اور اس نے بعض قوانین بنائے۔ تو یہی اعتراض اس پر بھی عائد کیا گیا۔ پرانی لیجسلیٹو کونسل میں بھی جہاں تک ہو سکا نیشنل پارٹی نے اس قسم کے اعتراضات کا مقابلہ کیا۔ اور اگرچہ اس زمانہ میں اس کے حامیوں کی تعداد ہمیشہ گھٹتی بڑھتی رہتی تھی۔ تاہم بھی اس نے بہت سی اہم تجاویز منظور کرا کے چھوڑیں۔

مقروضیت کے خلاف مہم:۔ پنجاب کے زمینداروں کے لئے سب سے بڑی اقتصادی مصیبت قرضے کا وہ بوجھ تھا جس کے نیچے زرعی آبادی کچلی جا رہی تھی۔ قانون انتقال اراضی کی وجہ سے زمینداروں کی زمینیں ساہوکاروں کے نام منتقل ہونے سے کسی حد تک محفوظ تو ہو گئی تھیں۔ لیکن ان زمینوں کی پیداوار سے ساہوکاروں کو بیس کروڑ روپیہ سے پچاس کروڑ روپیہ کے درمیان سود ادا کیا جاتا تھا۔ اور یہ رقم صوبہ کے محصولی مالیہ اراضی کے دوگنا سے بھی زیادہ تھی۔

چند مفید قوانین:۔ رفاہ عام کی خاطر جو قوانین اس پارٹی نے پاس کروائے تھے۔ ان میں سے چند ایک کا ذکر ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

۱۔ قانونِ مال گزاری میں ترمیم کر کے ایک زمیندار کی آمدنی سے نصف حصہ کی بجائے حکومت کو چوتھائی حصہ واجب الادا قرار پایا۔

۲۔ حسابات کا قانون منظور کرایا جس کا منشا یہ ہے۔ کہ ساہوکار سرکار کے مقرر کئے ہوئے طریقہ پر قرض کا حساب کتاب رکھے اور ہر چھ ماہ کے بعد اپنے ہر مقروض کو حساب کی نقل بھیجا کرے۔

۳۔ زراعتی قرضہ بل منظور کرایا جس میں مقروض کسانوں کو دیگر سہولتوں کے علاوہ مندرجہ ذیل سہولتیں مہیا کی گئی ہیں۔

الف۔ قرض ادا نہ کر سکنے پر مقروض کو سزا نہیں دی جا سکتی۔

ب۔ دیوالہ کے طریق عمل میں آسانی۔

ج۔ شرح سود کی ایک حد مقرر کی جس سے زیادہ سود نہیں لیا جا سکتا۔

د۔ قرض کی رقوم میں کمی کرنے کے لئے قرضہ کے مصالحتی بورڈ قائم کئے گئے۔

ہ۔ زراعت پیشہ مقروضوں کی حفاظت کے لئے ایک قانون بنایا گیا جس کی رو سے دیوانی ڈگری کے اجراء میں مقروض کاشتکار کی موروثی یا غیر موروثی جائداد اراضی کے ایک کافی حصہ کو جس سے اس کے بال بچوں کا گزارہ ہو سکے۔ ناقابل ضبطی قرار دیا گیا۔

۵۔ **ایکٹ منڈی ہائے زرعی پیداوار:۔** اس ایکٹ کے ذریعے اجناس کاشت کرنے والے لوگوں

Marfat.com

کو منڈیوں کے آڑھتیوں اور دکانداروں کے ہتھکنڈوں سے محفوظ کیا گیا۔ اس کام کے لئے پنجاب بھر میں مارکیٹ کمیٹیاں قائم کر دی گئیں۔ جو دلالوں۔ تولنے والوں۔ ناپنے والوں۔ پیمائش کرنے والوں اور مال گودام میں ہر کام کرنے والوں کے نام لائسنس جاری کرتی ہیں۔ اور آڑھتی لوگ کاشتکاروں سے کسی قسم کی بے انصافی نہیں کر سکتے۔

۶۔ **ایکٹ پنچایت ہائے** :۔ یہ موجودہ ایکٹ سنہ ۱۹۲۱ء والے ایکٹ سے کہیں زیادہ وسیع، ہمہ گیر اور مؤثر ہوا۔ اور اس لئے پچھلا ایکٹ منسوخ کر دیا گیا۔

اس ایکٹ کی رو سے پنچایتوں کو بہت اختیارات دیئے گئے ہیں۔ وہ معمولی نوعیت کے دیوانی اور فوجداری دونوں قسم کے مقدمے سن سکتی ہیں۔ اور فیصلے صادر کر سکتی ہیں۔ مقامی طور پر ٹیکس وغیرہ عاید کرنے کا اختیار بھی پنچایتوں کو دیا گیا ہے۔ اس طرح فراہم شدہ فنڈ گاؤں کی بہتری کی مختلف سکیموں پر صرف کیا جاتا ہے۔ ہر پنچایت کے تین سے لے کر سات تک ممبر ہوتے ہیں۔ جو سب کے سب منتخب ہوتے ہیں۔ ہر ایک پنچ تین سال کے لئے منتخب ہوتا ہے۔ پنچ اپنے میں سے ایک سرپنچ منتخب کر لیتے ہیں۔ جو پنچایت کا صدر اور چیف ایگزیکٹو افسر ہوتا ہے۔ عام پنچایتیں پچاس روپیہ تک جرمانہ کی سزا عاید کر سکتی ہیں۔ اور حکومت کے خاص اختیارات کی بنا پر یہ سزا دو سو روپیہ تک بھی ہو سکتی ہے۔

۷۔ **قانون متعلقہ ملازمین ادارۂ تجارت** :۔ یہ قانون چودہ سال سے کم عمر لڑکوں کو ملازم رکھ لینے کی ممانعت کرتا ہے۔ اس کے مطابق آٹھویں روز ہر تجارتی ادارہ میں مکمل چھٹی کرنی پڑتی ہے۔ کسی ملازم شخص سے روزانہ گھنٹے فی ہفتہ سے زاید ڈیوٹی نہیں لی جا سکتی۔ فالتو وقت میں کام لینے کی صورت میں ملازم کو اوسط اجرت فی گھنٹہ سے دوچند شرح اجرت وصول کرنے کا حق پہنچتا ہے۔ ہر ایسے شخص کو جو کسی تجارتی ادارہ میں متواتر ایک سال کام کرتا رہے۔ تعطیلات کے علاوہ کم از کم پندرہ دن کی رخصت باتنخواہ کا حق ہے۔ اور چھ ماہ متواتر کام کرتے رہنے سے کم از کم سات دن رخصت باتنخواہ کا حق حاصل ہے۔

یومیہ اجرت پندرہ دن کام کرنے سے ملازم یوم تعطیل کی اجرت کا حق دار ہے۔ ہر پندرہ یوم کے بعد اپنی اجرت حاصل کر سکتا ہے۔ مالکانِ ادارہ جات کے لئے لازم ہے۔ کہ وہ اپنے ملازمین کی کارگزاریوں کے اخراجات کا ہر طرح ریکارڈ رکھیں۔ اور افسرانِ مجاز کو گاہے گاہے اپنے رجسٹر دکھلاتے رہیں۔

۸۔ **قانونِ امداد زچگان پنجاب** :۔ جو عورتیں پنجاب کے کارخانوں میں بطور مزدور کام کرتی ہیں ان کی امداد کے لئے ایک قانون نافذ کیا گیا۔ جس کی رو سے کارخانوں میں کام کرنے والی عورتوں کو زچگی کی حالت میں دو ماہ کی باتنخواہ رخصت دی جاتی ہے۔ کارخانے میں کام کرنے والے مرد عورتوں کی امداد کے سلسلے

Marfat.com

میں یہ پہلا قدم ہے۔ اور اسے مزید قانونی اقدامات کا پیش خیمہ سمجھا جا سکتا ہے۔

یہ تمام قوانین سابقہ ہندوستان کی جدید اقتصادی تاریخ میں اپنی طرز کے پہلے قوانین ہیں۔ اور ان سے اس پالیسی کا پتہ چلتا ہے۔ جو یونینسٹ پارٹی کے نئے آئین کے ماتحت حکومت کی باگ سنبھالنے کے بعد اختیار کی ہے۔ اگرچہ پرانی لیجسلیٹو کونسل میں نیشنل یونینسٹ پارٹی کی سرگرمیوں کے اثر سے مذہبی فرقہ بندی کی بجائے اقتصادی اصولوں پر پارٹیاں بننے لگیں۔ لیکن مذہبی تفرقوں کو پوری طرح نہ مٹایا جا سکا۔ کئی باتوں کے اندر کونسل کے ممبروں میں مذہب کی بنا پر پارٹیاں بنانے کا رجحان قائم رہا۔ تاہم نئے اقتصادی خیالات کا اتنا اثر ضرور ہوا۔ کہ اکثر اوقات مختلف مذہبی پارٹیوں کے نمائندے اقتصادی معاملات میں یونینسٹ پارٹی کی حمایت کرتے تھے۔

نیا دور:۔ سنہ ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کے مطابق نئی اسمبلی میں چند آزاد ممبروں کے علاوہ جو کسی پارٹی سے تعلق نہ رکھتے تھے۔ آٹھ پارٹیوں کے نمائندے چنے گئے۔ ان پارٹیوں میں سے سب سے بڑی پارٹی پرانی یونینسٹ پارٹی تھی۔ جس نے پنجاب یونینسٹ پارٹی کے نام سے انتخاب میں حصہ لیا۔ اور اسمبلی کی ۱۷۵ نشستوں میں سے اس پارٹی نے ایک سو ایک نشستوں پر قبضہ کر لیا۔ اس سے دوسرے درجہ پر کانگرس پارٹی تھی۔ جس کے تقریباً بیس امیدوار اسمبلی میں چنے گئے۔ صرف یہی دو پارٹیاں ایسی تھیں۔ جنہوں نے ووٹ کے لئے ہر مذہب کے لوگوں کے آگے ہاتھ پھیلائے۔ باقی چھ پارٹیوں نے صرف اپنے ہم مذہبوں سے ووٹ مانگے چنانچہ خالصہ نیشنل پارٹی اور اکالی پارٹی نے سکھ حلقوں میں اپنے نمائندے کھڑے کئے۔ ان حلقوں میں خالصہ نیشنل پارٹی نے نصف اور اکالی پارٹی نے تہائی نشستوں پر قبضہ کر لیا۔ غیر زراعت پیشہ ہندوؤں کی نیشنل پراگریسو پارٹی کے ہاتھ پندرہ نشستیں آئیں۔ لیکن بعد میں جو ضمنی انتخابات ہوئے۔ ان میں ان کی چند نشستیں کانگرس نے چھین لیں۔ مسلم لیگ۔ مجلس احرار اور مجلس اتحاد ملت نے اپنی انتخابی سرگرمیوں کو چند مسلم حلقوں تک محدود رکھا۔ اور ان میں ہر پارٹی کے دو یا تین ممبر کامیاب ہوئے۔ اس طرح اسمبلی کی چھوٹی چھوٹی پارٹیوں میں یونینسٹ پارٹی کو قطعی اکثریت حاصل ہے۔

پہلے پہل یونینسٹ پارٹی میں سکھ شامل نہیں ہوئے تھے۔ لیکن حالات نے بہت جلد یہ کمی بھی پوری کر دی ادھر پنجاب میں تو یہ حال تھا۔ ادھر دوسرے چھ صوبوں کی کانگرسی اکثریتیں ابھی اس سوچ میں پڑی تھیں۔ کہ آیا صوبائی خود اختیاری کا آئین قبول کر کے اس پر عمل کیا جائے۔ یا اس کا بائیکاٹ کیا جائے۔ اور سابقہ ہندوستان کے باقی صوبوں میں بڑی شد و مد سے ایسے لوگوں کی تلاش کی جا رہی تھی۔ جنہیں قانون ساز مجلسوں میں اکثریت کی حمایت حاصل ہو۔ خوش قسمتی سے پنجاب اس قسم کی صورتِ حالات سے مبرا تھا۔ چنانچہ دستور کے مطابق گورنر نے یونینسٹ پارٹی کے لیڈر آنریبل خان بہادر نواب سر سکندر حیات خاں کو جو خود دو مرتبہ گورنر بہادر

Marfat.com

کی حیثیت سے صوبہ پنجاب کے لوگوں کی خدمت کر چکے تھے۔ حکمت آموزی اور وزرار کے انتخاب کے واسطے بلا بھیجا۔ گویا یہ شرف بھی پنجاب کی سرزمین کو حاصل ہے۔ کہ سابقہ ہندوستان کی جمہوری ترقی کے نئے دور کا آغاز یہیں ہوا۔ کیونکہ اس سرزمین میں ایک ہندوستانی نے پہلی مرتبہ رائے دہندگان کی حیثیت سے گورنر کو وزیروں کے انتخاب میں مشورہ دینے کا حق استعمال کیا۔

وزارت :- یونینسٹ پارٹی کے لیڈر آنریبل خان بہادر نواب سر سکندر حیات خان نے اپنے رفقاء کار کے انتخاب میں جو طریقہ اختیار کیا۔ اسے ایک دلچسپ سیاسی آئینی تجربہ کہنا چاہیئے۔ چھ وزرار کے کابینہ میں آپ نے اپنے علاوہ تین وزیر اپنی پارٹی سے اور دو دیگر پارٹیوں سے منتخب کئے۔ دوسری پارٹیوں سے جو وزیر لئے گئے۔ ان میں سے ایک تو خالصہ نیشنل پارٹی کے لیڈر سر سندر سنگھ مجیٹھیہ تھے۔ اور دوسرے آنریبل سر منوہر لعل تھے۔ جو انڈی پنڈنٹ ٹکٹ پر منتخب ہونے کے بعد نیشنل پراگریسو پارٹی میں شامل ہو گئے۔ ازاں بعد انہوں نے از خود کمزور اور پسماندہ لوگوں کے لئے یونینسٹ پارٹی کے اس پروگرام کو جس کی وضاحت وہ پرانی لیجسلیٹو کونسل میں اپنے عمل سے کر چکی تھی۔ قبول کر لیا۔ اور پارٹی میں ان کی شرکت کے لئے یہی بات کافی سمجھی گئی۔ یونینسٹ پارٹی کے لیڈر نے اپنے پروگرام کو پورا کرنے کے لئے اور غیر زراعت پیشہ ہندو اور سکھ اقلیتوں کو وزارت میں خاص نمائندگی عطا کرنے کے لئے انہیں اپنے ساتھ ملانا موزوں سمجھا۔

وزارت کے چناؤ نے اقلیتوں کے معاملے میں نئی حکومت کی نیک نیتی نمایاں کر دکھلائی۔ نتیجتہً جن پارٹیوں سے مذکورہ بالا وزیر لئے گئے۔ وہ حکومت کی گرویدہ اور اس کی حمایت پر کمربستہ ہو گئیں۔ خالصہ نیشنل پارٹی کے زیادہ ممبر زراعت پیشہ ہیں۔ اس لئے یہ جماعت جہاں بوجہ موجودہ وزارت کی نمائندہ حیثیت سے اس کی خیر خواہ رہی ہے۔ وہاں وزارت کے پروگرام کے ہر حصہ کی متواتر حمایت کرتی رہی ہے۔ اور اس معاملہ میں کبھی اس کے قدموں کو لغزش نہیں ہوئی۔ نیشنل پراگریسو پارٹی کا یہ حال نہیں۔ البتہ مختلف پارٹیوں کے لوگ جن کے اقتصادی مفاد یکساں نظر آویں۔ ایک ہی صف میں کھڑے نظر آنے لگتے ہیں۔ اس طرح وزارت کو اپنے عقیدتمندوں کی رفاقت کی جانچ پڑتال کا موقع ملتا رہتا ہے۔ مسلمان ممبروں کی اکثریت اور سابقہ ہندوستانی عیسائی۔ یورپین اور اینگلو انڈین ممبر سب کے سب ہمیشہ وزارت کے ساتھ رہتے ہیں۔ بنا بریں یہ بات بڑے وثوق سے کہی جا سکتی ہے۔ کہ پنجاب کی وزارت مختلف مذاہب کی اقلیتوں کا اعتماد حاصل کرنے میں سابقہ ہندوستان کے دوسرے تمام صوبوں کی وزارتوں سے بطور امام سمجھی جا سکتی ہے۔

دو اہم تبدیلیاں :- بعد کے سالوں کے اندر پارٹی پوزیشن میں تبدیلیاں ظہور پذیر ہوئیں۔ ان میں پہلی تبدیلی تو سر سکندر بلدیو سنگھ پیکٹ کا نتیجہ کہنا چاہیئے۔ جس کی رو سے سردار بلدیو سنگھ نے سردار دسوندھا سنگھ صاحب

Marfat.com

جن کی تقرری سر سندر سنگھ مجیٹھیہ کے انتقال پر ہوئی تھی۔ جگہ حاصل کی۔ سردار بلدیو سنگھ کی سرکردگی میں پرانی خالصہ نیشنل پارٹی کے ممبران کے ملنے سے ایک نئی پارٹی سترہ ممبران پر مشتمل ہوتے ہوئے پنجاب سکھ یونائیٹڈ پارٹی کے نام سے موسوم ہوئی۔

دوسری تبدیلی اس بحث و تمحیص کو کہا جائے گا۔ جو ۱۹۴۳ء کے موسم گرما میں فیصلہ پر شروع ہوئی۔ کہ آیا یونینسٹ پارٹی کے مسلم ممبران مسلم لیگ سے بالواسطہ کسی حد تک تعلق رکھتے ہیں۔ یہ بحث و تمحیص سکندر جناح پیکٹ کے اس محور تک سمجھی گئی۔ جس کی بنا پر سر سکندر نے اکتوبر ۱۹۴۱ء کے اندر اپنے مسلم حواریوں کو مسلم لیگ سے منسلک کرنے کی ترغیب دینے کا وعدہ کیا ہوا تھا۔ لیکن یہ قرار پایا۔ کہ وزارت پارٹی بناتے وقت اس وقت کی یونینسٹ پارٹی اپنا نام برقرار رکھے گی۔ پیکٹ کی ترجمانی کا سوال سر سکندر حیات خاں کی وفات اور لفٹننٹ کرنل ملک خضر حیات خاں کے وزیر اعظم پنجاب کے عہدہ پر فائز کئے جانے پر پیش ہوا۔ اس بحث و تمحیص کا آخری نتیجہ کاغذی کارروائی کے وقت تک مکمل طور پر واضح نہ ہو سکا۔

آٹھ سالہ دور کی استحکامت :۔ آٹھ سال کے عرصے میں اسمبلی کی مختلف پارٹیوں میں رد و بدل ہوتی رہی لیکن قابل ذکر بات یہ ہے۔ کہ ان تبدیلیوں کے باوجود پنجاب میں ایک ہی وزارت کو شروع سے آخر تک ایوان کی اکثریت کی حمایت حاصل رہی۔ سابقہ ہندوستان کے ہر دوسرے صوبے میں وزارتیں مستعفی ہوئیں۔ یا وقتاً فوقتاً اسمبلی کے مخالف ووٹ کی وجہ سے بدل گئیں۔ پنجاب پہلے سر سکندر حیات خاں (مرحوم)، اور ناں بعد آنریبل لفٹننٹ کرنل ملک خضر حیات خاں ٹوانہ کی زیر عنان اس شکست و ریخت سے محفوظ رہا۔

عملی تدابیر :۔ وزارت نے اپنے عملی تدابیر میں مفید خلائق سرگرمیوں کی ترقی و توسیع۔ اچھوت بھائیوں اور دوسری پسماندہ اقوام کی اصلاح۔ فرقہ وارانہ اتحاد اور رواداری کے لئے سازگار فضا قائم رکھنے کے علاوہ دو کمیٹیاں مقرر کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ان میں ایک کمیٹی تو بیروزگاری کو دور کرنے کے بہترین طریقوں پر غور کر کے اپنی تجاویز پیش کرے۔ اور دوسری کمیٹی آمدنی کی نئی راہیں تلاش کرنے کے ساتھ بچت اور تخفیف کی قابل عمل تجویزوں پر غور کر کے اس بات کی کوشش کرے۔ کہ غرباء کو نقصان پہنچائے بغیر کسی طرح آمدنی کو بڑھایا جائے۔ تاکہ حکومت کسانوں کے بوجھ کو ہلکا کرنے اور قومی تعمیر کے کاموں کو ترقی دینے کے پروگرام پر عمل کر سکے۔

کسانوں کی فوری امداد :۔ نئی وزارت کو حلف وفاداری اٹھائے پورا ایک گھنٹہ بھی نہیں گزرا تھا۔ کپاس نے جرأت کر کے مختلف اضلاع میں ژالہ باری کے فصل کے نقصان میں کسانوں کی حوصلہ افزائی کے لئے مالیانہ۔ آبیانہ۔ لگان اور مالکانہ میں تقریباً ۳۴ لاکھ روپے کی خاص اور ساڑھے بارہ لاکھ روپیہ بطور زر تقاوی دینے کا فیصلہ دے دیا۔ اور قحط کے امدادی فنڈ میں سے ایک لاکھ پندرہ ہزار روپیہ مصیبت زدگان میں بانٹا گیا۔ امدادی انتظامات

Marfat.com

کی دیکھ بھال کے لئے آنریبل وزیر مال نے خود متعلقہ علاقہ کا مسلسل دورہ کیا۔

ترقیات کا خاص فنڈ: ۔ قریباً دو کروڑ روپے سے مختلف رفاہی محکموں کی ہر سال خاص امداد دی جاتی ہے تاکہ رفاہ عامہ اور ترقیات کی سرگرمیوں کو تیز تر کیا جائے۔

زمینداروں کی بہبود کا فنڈ: ۔ چھوٹے چھوٹے زمینداروں کی امداد کے سلسلے میں حکومت نے وظائف کی ایک سکیم اپریل ۱۹۴۵ء سے منظور کی۔ جس کے ماتحت ہر سال دس لاکھ روپے ۲۵ روپے سالانہ سے کم مالیہ دینے والے زمینداروں کے بچوں کو وظیفے دینے میں صرف ہوں گے۔ وظیفے عام، صنعتی اور پیشہ ورانہ ہر قسم کی تعلیم کے لئے ہوں گے۔ عام تعلیم کے وظائف مالیت، سکولوں اور کالجوں کے لئے آٹھ روپے سے لے کر ایک سو روپیہ ماہوار تک ہو گی۔ صنعتی اور پیشہ ورانہ وظائف کی مالیت (صنعتی سکولوں اور ٹریننگ کالجوں وغیرہ کے لئے) بیس روپے سے پچہتر روپے ماہوار تک ہو گی۔ اور غیر ممالک کی تعلیم کے لئے چار سو روپے ماہوار اور اڑھائی ہزار روپیہ یک مشت روانگی پر دیا جائے گا۔ اندازہ کیا گیا ہے۔ کہ سر دست چار سال گزارنے پر کل ۳۲۶۲ وظیفے عام تعلیم کے لئے ۵۶۹ صنعتی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے لئے اور ۱۵ بیرون ممالک میں تعلیم کے لئے جاری ہوں گے۔ آئندہ سالوں میں وظائف کی تعداد اور بھی بڑھتی جائے گی۔

عام تبصرہ: ۔ حصار۔ رہتک۔ گڑگانواں۔ کرنال۔ شاہ پور اور کانگڑہ کے ملحقہ علاقوں میں قحط سالی اور سیلاب کے موقعوں پر کسانوں کی امداد میں عدیم النظیر ذرائع پنجاب کے لوگوں کے لئے محتاج بیان نہیں۔ کسانوں کی امداد کے عارضی اور مقامی پہلوؤں سے قطع نظر زرعی پیداوار کی قیمتیں گر جانے سے کساد بازاری کے مسئلہ پر غور کیا گیا جس کا حل بآسانی مل سکا یعنی موجودہ اصلاحات کے نفاذ سے پیشتر کبھی سر سکندر حیات خاں نے وزیر مال ہوتے وقت بعض اضلاع میں مالیہ زمین کی تشخیص کے متعلق تدریجی پیمانہ کا طریق نافذ کیا تھا۔ اس طریقہ کے مطابق شرح مالیہ کا کوئی طے شدہ معیار مقرر نہیں کیا گیا تھا۔ بلکہ مالیہ قیمتوں کے ساتھ ساتھ خود بخود گھٹتا بڑھتا رہتا تھا۔ چنانچہ نئی وزارت نے اس اصول کو پورے صوبہ میں رائج کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ اس لئے جس ضلع میں مالیہ کی تشخیص کا موقعہ آیا۔ وہاں یہ اصول رائج کر دیا گیا۔ اور جن ضلعوں میں یہ اصول رائج نہیں ہوا تھا۔ وہاں قیمتوں کی کمی یا فصلوں کی خرابی کے باعث مالیہ میں خاص معافی منظور کی گئی۔

اس سلسلہ میں چھوٹی چھوٹی اراضی کے مالکوں کو جنہیں کھیتی باڑی کے کام سے کوئی خاص فائدہ نہیں ہوتا تھا۔ انسی شرح سے مالیہ ادا کرنا پڑتا تھا۔ جو بڑی بڑی زمینوں کے لئے مقرر ہے۔ انکم ٹیکس کی طرح کوئی ایسا قاعدہ نہیں تھا جس سے مالیہ کے لئے آمدنی کا ایک خاص معیار مقرر کر کے کم آمدنی والے کسانوں کو مالیہ سے مستثنےٰ قرار دیا جائے نئی وزارت کے حکم کے مطابق ماہرین کی ایک کمیٹی نے رپورٹ پیش کر دی۔ کہ مالیہ کے سوال میں انکم ٹیکس کے اصولوں

Marfat.com

سے کیونکر اور کہاں تک کام لیا جاسکتا ہے۔

وزارت کی مشکلات: ۔ وزارت کو حکمرانی کی زمام ہاتھ میں لینے کے فوری بعد حکومت کو الٹ دینے والی سرگرمیوں سے دوچار ہونا پڑا۔ فرقہ وارانہ تعصب کی بنا پر یونینسٹ عہدِ حکومت کے پہلے چار ماہ کے اندر صوبے کے مختلف حصوں میں کم از کم آٹھ فرقہ وارانہ فسادات وقوع میں آئے۔ اس لئے بدامنی کی طاقتوں کو قابو میں رکھنے کی خاطر احتیاط کے ساتھ اختیارات کا استعمال کیا گیا۔ ان میں سے کئی ایک صورتوں میں محض اور جگہ کے لوگوں کو جو پنجاب میں آکر حکومت کے خلاف خرابی پیدا کر رہے تھے۔ یا ان کے پیدا کرنے کی تجویزیں سوچ رہے تھے۔ صوبہ سے اخراج کا حکم دیا گیا۔ چند دوسری حالتوں میں متعلقہ اشخاص کی نقل و حرکت کو خاص رقبوں میں عارضی طور پر محدود کرنے کی کارروائی کی گئی۔

انسدادِ رشوت ستانی: ۔ رشوت ستانی کا قلع قمع کرنے کی خاطر حکومت نے ایک قرارداد منظور کر لی ہے۔ جس کے مطابق سرکاری ملازمین کے ۲۵ سال ختم ہو جانے پر اگر ان کی ناقابلیت یا مشکوک دیانت کی بنا پر ناپسندیدہ حالات بن جاویں۔ تو انہیں مزید تاخیر کے بغیر سرکاری نوکریوں سے جبراً علیحدہ کر دیا جاوے۔ علاوہ ازیں سیکرٹریٹ میں انسداد رشوت خواری کے لئے ایک علیحدہ صیغہ ایک خاص افسر کے ماتحت کھولا جا چکا ہے۔ یہ صیغہ مرکزی حیثیت رکھتے ہوئے مختلف اضلاع کے حکام کے ذریعے رشوت خواری کے مقدمات کی تحقیقات کرتا ہے۔ ایک طریق سے سول سروس ریگولیشن کی دفعہ ۶۵ (۲) الف کی طرح ایک قاعدہ بنایا گیا ہے۔ جو ہر گریڈ کے سرکاری عہدہ داروں پر منطبق ہوتا ہے۔ اس قاعدہ سے حکومت ان افسران کو جن کی دیانت پر شبہ ہو جاوے۔ نوکری سے علیحدہ کر سکتی ہے۔ ایک اور طریقہ کے ماتحت جس سرکاری افسر کی شہرت تسلی بخش نہ ہو۔ اس کی پنشن گھٹا دی جاتی ہے۔ یا بالکل روک دی جاتی ہے۔ اس قسم کے دستور کے باوجود ایک بورڈ خاص طور پر مقرر کیا جاتا ہے۔ جو اضلاع میں سفر کر کے سرکاری افسروں کے چال چلن کے متعلق لوگوں سے حالات دریافت کر کے افسروں کی شہرت کے متعلق رپورٹ کرتا ہے۔

شاہی مسجد کی مرمت: ۔ یہاں پر حکومت پنجاب کے ایک اور مستحسن اقدام کا ذکر ضروری ہے۔ جو تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ حکومت نے لاہور کی شاہی مسجد کی مرمت کا بیڑا اٹھایا۔ اور سنہ ۱۹۳۹ء سنہ ۱۹۴۲ء۔ اور سنہ ۱۹۴۵ء میں تین خاص ایکٹوں کے ذریعے مسلمان زمینداروں سے مالیہ اراضی کے ساتھ ایک قلیل سا چندہ وصول کیا۔ یہ وصولی ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۴۶ء تک جاری رہے گی۔ سنہ ۱۹۳۹ء اور سنہ ۱۹۴۲ء کی شرح مجموعی میزان ۹ لاکھ روپے ہوئی۔ جنگ کی وجہ سے ضروری سامان اور مسالہ بہت مہنگا ہو گیا۔ اس لئے تیسرے سال کے لئے بھی اس قلیل شرح کی وصولی جاری رکھی گئی

مرمت کا کام اب تک نہایت تسلی بخش طور پر جاری ہے۔ اور مرمت کی بدولت مسجد کی شان دوبالا

Marfat.com

ہو رہی ہے۔

فوجی حقوق: حکومت نے فوجی خدمات سرانجام دینے والے نوجوانوں اور ان کے لواحقینوں کے لئے ہر قسم کی رعائتیں روا رکھی ہیں۔ نیلی بار۔ جیلی پراجیکٹ۔ نہر لوئر چناب کی برالاوالاتوسیع کے علاقہ میں اور شاہ پور کے ضلع میں تقریباً ساڑھے نو ہزار ایکڑ آراضی فوجی حقوق میں تقسیم کر دیئے جانے کے لئے مخصوص کی گئی۔ وکٹوریہ کراس اور جارج کراس پانے والوں کے لئے دو مربعے اور باقی اہم اعزازات کے لئے اڑھائی ہزار روپیہ نقد منظور ہو چکا ہے۔

فوجیوں کے گھرانوں کی نگہداشت کے لئے حکومت پنجاب نے راولپنڈی۔ لاہور اور جالندھر کے مقامات پر تین خاص افسر مقرر کئے ہوئے ہیں۔ اور پولیس کے تمام افسروں کو یہ ہدایت کی گئی ہے۔ کہ وہ دورہ کرتے وقت فوجی خاندانوں کی تکالیف کا فوراً ازالہ کر دیا کریں۔ ان کی درخواستوں کا جلد فیصلہ کرنے کے لئے ہر ضلع میں زائد افسر مقرر کئے گئے۔ فوجیوں کے لواحقین کی طبی امداد کا بھی انتظام کیا جا چکا ہے۔ ان کے بچوں کے لئے درجہ مڈل تک مفت تعلیم کا اہتمام اور ان کے لئے متعدد وظیفے بھی منظور کئے جا چکے ہیں۔

سرکاری ملازمتوں کی بھرتی کے سلسلے میں فیصلہ کیا گیا۔ کہ آئندہ جہاں تک ممکن ہو۔ ان افراد کو ترجیح دی جائے جو فوجی خدمات سرانجام دے چکے ہوں۔ اور خاص خاص ملازمتوں یا آسامیوں کے لئے تعلیمی قابلیتوں اور عمر کے متعلق جو قواعد مقرر ہیں۔ انہیں بھی سابق فوجیوں کی صورت میں نرم کر دیا جائے۔ دوران جنگ میں سول کے محکموں میں بھرتی ہونے والے ملازموں کی ملازمت عارضی قرار دی گئی۔ اور جب کوئی جنگی خدمات رکھنے والا شخص کسی اسامی کے لئے مل جائے۔ تو اس عارضی طور پر کام کرنے والے کو ملازمت سے جواب دیا جائے گا۔ جنگی خدمات رکھنے والے امیدواروں کے لئے سنہ ۱۹۴۱ء کے اواخر تک مختلف محکموں میں ۸۳۸۷ اسامیاں ادنیٰ اور اعلیٰ ملازمتوں کے لئے خالی رکھی گئیں۔ پنجاب سول سروس کی بھرتی کو انتخاب اور کھلے مقابلے کے ذریعے دوران جنگ کے لئے اور اس کے تین سال بعد تک کے لئے بند کر دیا گیا۔ اس طرح جو اسامیاں خالی ہوئی ہیں۔ یا آئندہ ہوں گی۔ وہ فوجی خدمات رکھنے والوں کے لئے مخصوص ہیں۔

فوج میں شامل ہونے والے طالب علموں کے لئے بھی پنجاب یونیورسٹی نے بہت سی رعائتیں منظور کی ہیں۔ کسی کورس کے آخری سال میں تعلیم پانے والا جو طالب علم فوج میں چلا گیا ہو۔ اسے واپسی پر آخری امتحان پاس کر لینے کی اجازت مل جائے گی۔ یا آئندہ اعلیٰ کلاس میں داخل کر لیا جائے گا۔ جو امیدوار کسی امتحان کی فیس داخلہ ادا کر چکا ہو۔ اور امتحان سے پہلے فوج میں چلا گیا ہو۔ اسے ادا شدہ فیس واپس دے دی جائے گی۔

حکومت نے یہ فیصلہ بھی کیا ہے۔ کہ فوجی بھرتی کے سلسلے میں خاص امداد دینے والے افراد کی خدمات کا اعتراف

Marfat.com

انعامات اور عطیاتِ اراضی کی صورت میں کیا جائے۔ چنانچہ چار سو مربع زمین اس غرض سے مخصوص کی گئی۔ کہ مختلف ضلعوں میں بھرتی کی مہم میں خاص طور پر نمایاں امداد کرنے والوں میں تقسیم کی جائے۔ یہ مربعے ایسے اشخاص کے لئے ہیں جنہوں نے اپنے خاندان، اپنی برادریوں یا زیر اثر لوگوں کو فوج میں بھرتی ہونے کے لئے آمادہ کیا۔ اور اس سلسلے میں عمدہ نتیجے دکھائے۔

زراعت پیشہ مقروضین کی اعانت:۔ ایسے لوگوں کی بچاؤ کی خاطر قرضہ کے مصالحتی بورڈ۔ ترمیمات قانون انتقال اراضی۔ ترمیم قانون تحفظ مقروضین۔ قانون واگزاری اراضی مرہونہ پنجاب۔ ساہوکاروں کی رجسٹری کا قانون اور منڈیوں میں زرعی پیداوار کی فروختگی کا بل اور ایسے کئی ایک اور قوانین ایسی چیزیں ہیں جن کا بالتفصیل ذکر اس چھوٹے سے باب میں نہیں کیا جا سکتا۔

آبپاشی کی سہولتیں:۔ حویلی پراجیکٹ اور تھل پراجیکٹ کی تعمیر کی گئی ہے۔ پہلے پراجیکٹ سے تقریباً پانچ لاکھ ایکڑ زمین دوامی اور تقریباً ساڑھے چار لاکھ ایکڑ زمین غیر دوامی طور پر سیراب کی جائے گی۔ اور دوسرے پراجیکٹ یعنی تھل پراجیکٹ سے آٹھ لاکھ اکتیس ہزار ایکڑ زمین سیراب ہوا کرے گی۔ تھل پراجیکٹ پر سردست تقریباً ساڑھے پانچ کروڑ روپیہ کی رقم خرچ ہوئی ہے۔ لیکن اگر اس کی بڑی نہر اور اس نہر کی تمام شاخوں کو پختہ کر دیا گیا۔ تو مصارف میں اگرچہ ڈھائی کروڑ روپیہ کا اضافہ ہو جائے گا۔ مگر اس کا فائدہ یہ ہوگا۔ کہ سیراب کردہ زمین سیم سے بچی رہے گی۔ اور دوم یہ پراجیکٹ دو لاکھ ایکڑ مزید زمین کو سیراب کر سکے۔ مزید برآں نہر جمن شرقی اور غربی کے ہیڈ ورکس جو تاجے والا ہیڈ ورکس کے نام سے مشہور ہیں۔ اور از سر نو تعمیر کئے گئے ہیں۔ جن پر اخراجات کا اندازہ پانچ لاکھ ۷۰ ہزار روپیہ لگایا گیا ہے۔

میانوالی کے ضلع میں تھل کی بڑی نہر کے ذریعے چھ ہزار چھ سو کلو وولٹ کی طاقت کی بجلی بھی پیدا کی جائے گی۔ اس میں ۲۸ سو کلو وولٹ طاقت سے پمپ چلائے جائیں گے۔ جو ایک لاکھ ۴۰ ہزار ایکڑ مزید رقبہ کو سیراب کریں گے۔ باقی طاقت صنعتی ترقی پر خرچ ہوگی۔ ان تمام باتوں کے علاوہ بھاکڑہ ڈیم سکیم سے جس کا ذکر نہروں کے باب میں کیا جا چکا ہے۔ ایک ۸۰ فٹ اونچا بند بنانے کی تجویز ہے۔ اس طرح جمع شدہ پانی سے آبپاشی کا کام لیا جائیگا اور حصار، رہتک، اور کرنال کے قحط زدہ علاقے سیراب ہوں گے۔ یہاں پر ایک لاکھ ساٹھ ہزار کلو واٹ طاقت کی بجلی پیدا کی جائے گی۔ جو زراعتی کاموں میں صرف ہوگی۔ اس سکیم کو کامیاب بنانے کی خاطر دربار بلاس پور سے گفت و شنید شروع ہو چکی ہے۔

جنگلاتی کمیٹی:۔ پنجاب کے جنگلات صوبہ کی ایک بیش قیمت متاع ہیں۔ لیکن اس قدرتی دولت کو محفوظ رکھنے کا مسئلہ غور و فکر کا محتاج ہے۔ مسٹر سی۔ سی گاربٹ فنانشل کمشنر کی زیر صدارت ایک کمیٹی مقرر کی گئی تھی۔ جس کا

Marfat.com

ذکر جنگلات کے باب میں کیا جا چکا ہے ۔ مزید برآں یہ کہ اس کمیٹی نے پندرہ سو میل کا دورہ کر کے تقریباً تیس ہزار دیہات کے نمائندوں کی شہادتیں فراہم کی ہیں ۔ اس کمیٹی کا سارا کام عام جلسوں میں ہوتا رہا ہے ۔ جو کھلے میدانوں میں منعقد کئے جاتے رہے ہیں ۔ ان جلسوں میں دیہات کے لوگ جوق در جوق شرکت کرتے رہے ہیں ۔ رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ عام طور پر ایسے ہر جلسہ میں ایک ہزار سے زیادہ دیہاتی شریک ہوتے رہے ہیں ۔

زراعت :۔ محکمہ زراعت کی سرگرمیوں کی وسعت اور اس کی اہم خدمات میں مختلف فصلوں کے لئے خاص بیج کی تقسیم اور اس کی فروختگی کا انتظام کیا جا چکا ہے ۔ یہ کام جس وسیع پیمانہ پر ہو رہا ہے ۔ اسے آج سے چند سال پیشتر ناممکن سمجھا جاتا تھا ۔ اس وقت تقریباً ایک ہزار ایجنسیاں پنجاب کے مختلف اضلاع میں محکمہ زراعت کے بیج فروخت کر رہی ہیں ۔ سرکاری طور پر ہر تحصیل میں ایک ایگریکلچرل اسسٹنٹ اور دو مقدم مقرر کئے جا چکے ہیں ۔ ہمارے صوبہ کی زراعتی ترقی کا علم زراعت کے باب میں پڑھ لینے سے بخوبی ذہن نشین ہو جاتا ہے ۔

ہسپتال اور حفظانِ صحت کا اہتمام :۔ حکومت نے صوبہ کے طول و عرض میں مؤثر طبی امداد بہم پہنچانے کا مصمم ارادہ کر رکھا ہے ۔ چنانچہ رفاہ عام کی خاطر کئی ہسپتال کھولے جا چکے ہیں ۔ ان میں سے بعض ضلعوں اور تحصیلوں کے مرکزی ہسپتالوں کو صوبائی ہسپتال بنا دیا گیا ہے ۔ مستورات کے لئے طبی مدد کی مشکلات کا اندازہ کرتے ہوئے بعض زنانہ ہسپتالوں میں بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ لیڈی ڈاکٹروں اور نرسوں کا سٹاف بڑھا دیا گیا ہے ۔ اس پروگرام کا نصب العین یہی رکھا گیا ہے ۔ کہ جس قدر جلد ہو سکے طبی امداد کو پورے ساز و سامان کے ساتھ ہر گاؤں کے قریب تر بنا دیا جاوے ۔ دیہاتی ڈسپنسریوں کے انچارج ڈاکٹر آس پاس کے دیہات کا باقاعدہ دورہ کر کے اپنے کام کو وسعت دیں ۔ تاکہ عام دیہاتی لوگ اس سے بآسانی مستفید ہو سکیں ۔

جدید طریقہ کی اس قسم کی تنظیم کا کام سول سرجنوں اور حفظانِ صحت کے ڈسٹرکٹ افسروں کے سپرد ہے ۔ ان اصحاب سے بعض اہم طبی مسائل کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کی جا چکی ہے ۔ نیز دیہاتوں کے اندر محض پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کی سکیموں پر گراں قدر رقوم خرچ کی جا رہی ہیں ۔

زچگان اور بچگان کی دیکھ بھال :۔ پنجاب بھر میں زچہ بچہ کی دیکھ بھال کے مرکز قریب سوا سو موجود ہیں ۔ اور ان کے ساتھ قریب سوا سو چھوٹے مرکز بھی ہیں ۔ صوبہ میں اس وقت چھ ہزار سند یافتہ دائیاں کام کرتی ہیں ۔ مرکزوں میں سند یافتہ لیڈی ہیلتھ وزیٹر مقرر ہیں ۔ ایسے مرکزوں کے معائنہ کے لئے انسپکٹریس اور اسسٹنٹ انسپکٹریس مقرر کی جا چکی ہیں ۔ دایہ گری اور لیڈی ہیلتھ وزیٹر کلاسوں کے لئے حکومت نے ساٹھ وظیفے مقرر کئے ہوئے ہیں ۔

جیلوں کا انتظام :۔ دوسرے صوبے جن اصولوں پر جیل کے انتظام کی اصلاح کے مسئلہ پر اب غور کرنے لگے

Marfat.com

ہیں۔ پنجاب انہیں عرصہ سے اختیار کر چکا ہے۔ عام جیلوں میں ابتدائی تعلیم اور فسٹ ایڈ کے طریقے سیکھنے میں قیدیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ ان کی خوراک، صحت اور عام جسمانی تربیت کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔

جیلوں میں صنعت و حرفت کی تنظیم از سر نو کی گئی ہے۔ بہت سے نئے کام رائج کئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص اپنی پسند کے مطابق کام چن سکے۔ اور جیل سے رہا ہونے کے بعد اپنے تئیں ایک مفید شہری ثابت کر سکے۔

بورسٹل انسٹی ٹیوٹ میں نابالغ قیدیوں کو وہ تمام رعائتیں حاصل ہیں۔ جو اول درجہ گورنمنٹ سکول کے طلباء کو حاصل ہوتی ہیں۔ وہاں انہیں ایسی تمام تعلیمی اور تفریحی سرگرمیوں میں شامل کیا جاتا ہے۔ جنہیں جدید طریقۂ تعلیم کا ضروری جزو سمجھا جا چکا ہے۔

ایک جیل سینی ٹوریم قائم کرنے کا مسئلہ بھی زیر غور ہے۔ جس میں دق کے مریض اور دوسرے بیمار قیدی رکھے جاویں۔ علاوہ ازیں ایک جیل ایسے نوعمر بالغ مجرموں کے لئے قائم کرنا مقصود ہے۔ جن سے جرم پہلی مرتبہ سرزد ہو جاوے۔

سابقہ ہندوستان میں حکومت پنجاب پہلی صوبائی حکومت ہے۔ جس نے قیدیوں کو اے کلاس اور بی کلاس کی خاص رعائتیں عطا کیں۔ دوسرے صوبوں نے اس بارے میں پنجاب کی محض تقلید کی ہے۔

پٹواریوں کی تنخواہ میں اضافہ: ۔ پٹواریوں کی تنخواہ میں اضافہ کر کے موجودہ حکومت نے ایک دیرینہ شکایت کو پورا کر دیا ہے۔ (اس اضافہ سے حکومت کے اخراجات میں بیس لاکھ روپے کا اضافہ ہو گیا ہے۔ (مال کے پٹواریوں کے پراویڈنٹ فنڈ میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔)

صوبجاتی حکومت

(قیام پاکستان کے بعد)

پہلے وزیر اعلیٰ: ۔ قیام پاکستان پر یک جہتی ہر مسلمان کا نظریہ تھا۔ پاک پنجاب کی پہلی اسمبلی میں ایوان کے پہلے اجلاس کے اندر مکمل اتفاق رائے سے خان افتخار حسین خاں (یعنی نواب آف ممدوٹ) بطور وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے۔ سود و زیاں کے قطع نظر وزیر اعلیٰ نے سکھ سرداروں کی طرف سے موصول شدہ اپنی بیش قیمت مشرقی پنجاب والی ذاتی جائداد کے تبادلہ کی سکیموں کو ٹھکرا کر اپنے عوام کے لئے ایک بہت بڑی مثال قائم کر دکھلائی۔

وزارت کی مشکلات: ۔ اس وقت بیس لاکھ مسلم مہاجرین کی درآمدگی اور ان کے عوض ساٹھ لاکھ ہندو

Marfat.com

اور سکھ مہاجرین کی بہ آمدگی کا کام بڑا اہم کام تھا۔ پاک پنجاب کے پاس کوئلہ نہ ہونے کی وجہ سے ریل کا چلانا محال تھا۔ محض چار سو سائٹھ لاریاں اس بہت بڑے کام کو سرانجام دینے کے لئے متحمل نہ ہو سکتی تھیں۔ لہٰذا مغربی پنجاب اور مشرقی پنجاب کے باہمی معاہدہ کے مطابق فوجی اہتمام کے تحت ان مہاجرین کا باہمی تبادلہ عمل میں لایا گیا۔

جائداد کا مسئلہ:۔ غیر منقولہ جائدادوں کے معاملہ کی بحث و تمحیص کے اندر حکومت ہند پاکستان کے ساتھ محض سرکاری طور پر لین دین کی شرائط طے کرنے پر بضد تھی۔ اور اس چیز کے لئے پاکستان متحمل نہ تھا۔ لہٰذا اس وقت کے وزیر اعلیٰ خان افتخار حسین خان صاحب (یعنی نواب آف ممدوٹ) یہ بات منوانے کو تلے ہوئے تھے۔ کہ عوام تبادلے بھی خود کریں۔ اور وافر جائدادوں کا لین دین بھی وہ خود ہی نپٹائیں۔ ان کا منشا تھا۔ کہ حکومتوں کا عوام کے اس معاملہ میں کوئی دخل نہیں ہونا چاہیئے۔

اس وقت کے وزیر اعلیٰ نے ہندوؤں۔ سکھوں کی مغربی پنجاب کے اندر چھوڑی ہوئی ۲۰ لاکھ ایکڑ زمین اور مسلم افراد کی مشرقی پنجاب کے اندر ۳۴ لاکھ ایکڑ چھوڑی ہوئی اراضیات کے تبادلوں میں ایک تناسب قائم کر کے تقسیم کی ایک تجویز پیش کی تھی۔ اور یہ اعلان کیا تھا۔ کہ چھوٹے چھوٹے زمیندار ایسے تبادلوں سے پہلے مستفیض ہو سکیں۔ اور بڑے بڑے زمینداروں کے تبادلوں کی باری بعد میں رکھی جائے۔ اور نیز یہ بھی اظہار کیا تھا۔ کہ اگر گورنمنٹ چاہے تو اعلیٰ حیثیت کے زمینداروں سے ان کی اپنی ضرورت کے مطابق زمین چھوڑ کر وافر زمین ایک معینہ قیمت پر حاصل کر کے غیر کاشتکاروں کو بھی کھیتی کے کام سے مانوس کر سکتی ہے۔

ممدوٹ وزارت مستعفی:۔ ہندو اور سکھ مہاجرین نے ہندوستان پہنچنے کے کچھ دیر بعد مغربی پنجاب کے اندر اپنی کھوئی فرموں اور جاگیروں کا بعض یورپین اصحاب کو نام نہاد منیجر نامزد کر کے سر فرانسس مودی۔ گورنر پنجاب کے ذریعہ قبضہ دلانا چاہا۔ تو مقامی وزارت نے ایسے وقتی اقدامات کو جائز قرار نہ دیا۔ اس قسم کے اور کئی انتظامی معاملات کے اندر بھی گورنر اور وزارت میں اختلافات کی خلیج وسیع ہوتی گئی۔

بنگال۔ سندھ اور سرحدی صوبہ کی طرح پنجاب کی حکومت کو بری الذمہ رکھ کر جائدادوں کے فیصلہ جات عوام میں براہِ راست کر لینے کی روک تھام نے اس وزارت میں کچھ بے ثباتی کا خیال پیدا کر دیا۔

نظم و نسق کی گڑبڑیوں کے پیش نظر سر فرانسس مودی کے مستعفی ہو جانے پر وزیر اعلیٰ یعنی خان افتخار حسین خان صاحب (نواب آف ممدوٹ) نے ایک تحریک پیش کی۔ کہ صوبائی حکومتوں کو زیادہ سے زیادہ اختیارات دیئے جائیں۔ اس تحریک کو بوجہ سیاسی تدابیروں کے سنٹرل پاکستان گورنمنٹ نے مسترد کر دیا۔ اور ممدوٹ وزارت مستعفی ہوئی۔

Marfat.com

زمانہ نشتر:۔ سر فرانسس مودی کے مستعفی ہو جانے پر فضیلت مآب سردار عبدالرب نشتر صاحب بطور گورنر پنجاب تشریف لائے۔ آپ کا عملہ خاصہ کامیاب رہا۔ آپ کے عہد کے مشہور معاملات ذیل میں درج ہیں۔

تھل کا کام:۔ تھل کے علاقہ کی سڑکوں کی مجموعی لمبائی ۶۷۰ میل ہے۔ اور اندازاً ان پر تین کروڑ روپیہ صرف ہونا ہے۔ ان سڑکوں میں سے میانوالی سے مظفر گڑھ جانے والی اور دوسری خوشاب سے اٹھارہ ہزاری ہوتی ہوئی مظفر گڑھ جانے والی ہر ایک قریب ۱۸۰ میل لمبی ہیں۔

کچھ تیار کردہ سڑکوں نے غلاماں۔ گنجیال۔ پپلاں۔ کنڈیاں۔ کلرک کوٹ۔ رنگ پور۔ ڈولے والا۔ دریاں۔ خانہ اور جھکر جیسی جگہوں کو ایک دوسرے سے اور میانوالی سے منسلک کر دیا ہے۔ میانوالی سے خوشاب جانے والی سڑک پر شانہ آباد اور جوہر آباد دو شہر آباد کئے جا رہے ہیں۔ جو منڈیاں ہیں۔

سیلاب:۔ پانچ ستمبر ۱۹۵۰ء کے سیلاب پنجاب کی تاریخ کے اندر مثال نہیں رکھتے۔ دریائے راوی کا پانی مضافاتِ لاہور میں یہاں تک پھیلا۔ کہ شاہدرہ۔ بادامی باغ۔ فاروق گنج اور مصری شاہ کے علاقے آناً فاناً پانی کی زد میں آ گئے۔ مرد۔ عورتیں اور بچے افراتفری کے عالم میں اپنے اثاث البیت اور مویشیوں کے ساتھ محفوظ مقامات کی طرف بھاگے۔ سیلاب نے گرداب کی شکل اختیار کی۔ اور چوبرجی۔ کرشن نگر۔ رام نگر۔ سنت نگر۔ دیوار گارڈن۔ یونیورسٹی گراؤنڈ۔ حتیٰ کہ پرانی انارکلی کے حصوں کو اپنے لپیٹ میں لے لیا۔ آب رواں کی مہیب دیوار نے فصلوں۔ سبزیوں۔ ترکاریوں اور جھونپڑیوں کو اپنے ساتھ لے لیا۔ پل۔ نالیاں۔ ریلوے لائن۔ سڑکیں۔ غرض کہ جو چیزیں پانی کے راستے میں آئیں۔ بہ نکلیں۔ اور ان کے تمام آثار حیات مٹ گئے۔

دریائے راوی کے ساتھ ہی دریائے چناب میں بھی طغیانی آئی۔ اور قصور۔ گجرات چنیوٹ اور ملتان کے علاقوں میں تباہی پھیل گئی۔ ان مقامات کے بیشتر مواضعات نیست و نابود ہو گئے۔ مزید برآں طوفانی بارشوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ عوام نے مسلسل ۳۶ گھنٹے تک اس عالم میں کہ چاروں طرف سیلاب انہیں اپنی زد میں لئے ہوئے تھا۔ بارش کا مقابلہ کیا۔ ۲۰ ستمبر کو دریائے راوی کا پانی انتہائی سطح یعنی ساڑھے پندرہ فٹ کی بلندی تک پہنچ گیا۔ اور شیخوپورہ۔ سیالکوٹ۔ گجرات۔ گوجرانوالہ اور وزیر آباد کے اضلاع تہ آب ہو گئے۔

تقریباً ۲۵ لاکھ ایکڑ اراضی سیلاب سے متاثر ہوئی۔ جہاں کے مواضعات چشم زدن میں چھوٹے چھوٹے جزیرے بن گئے تھے۔ ہزارہا گھر غرق ہو گئے۔ اور کثیر تعداد میں مویشی۔ غلہ۔ گھریلو سامان اور زراعتی آلات پانی میں بہ گئے۔ اس موقع پر حکومتِ پنجاب کے جوان انتہائی تیزی۔ جوش اور جانفشانی کے ساتھ سیلاب زدگان کی امداد کے لئے میدان میں اتر آئے۔ انجینئروں اور سفر خیا کے فوجی جوانوں نے بھی انتھک کوششوں سے کام لیا۔ اور رائل پاکستان ایئر فورس کے ہوائی جہازوں نے فوری طور پر پرواز کر کے امداد بہم پہنچائی۔ دور دراز کے

Marfat.com

مواضعات میں اشیائے خورد و نوش اور ادویات ہوائی جہاز سے گرائی گئیں۔

نشتر آباد:۔ مقامی ڈپٹی کمشنر شیخ انوار الحق صاحب کے ایک سپاسنامہ سے ظاہر ہے۔ کہ جو گاؤں پہلے غازی آباد کے نام سے موسوم تھا۔ اور جس کے اندر ترسیٹھ کنبے ایک سو دو گھروں میں رہتے تھے۔ اور ۱۹۴۹ء کے سیلاب میں برباد ہوا۔ اسے نشتر آباد کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ یہاں دس دس مربعہ کے ۱۳۸ پلاٹ بنائے گئے ہیں۔ دورِ جدید کے تقاضوں کے مدِ نظر پاس کیا گیا ہے۔ کہ وہ تمام رقوم جو ضلع سیالکوٹ کو انفرادی طور پر قائد اعظم ریلیف فنڈ سے اور بصورت دیگر قرضہ تقاوی گورنمنٹ سے ملی ہیں مجموعی طور پر کوآپریٹو بنک میں جمع کر کے مشترکہ طور پر اس گاؤں کی تعمیر پر صرف کی جائیں۔ اور ان مکانوں کی تقسیم بذریعہ قرعہ اندازی کی جائے۔ اس تقسیم میں امیر و غریب کی کوئی تمیز نہ ہوگی۔

نشتر میڈیکل کالج:۔ یہ کالج زیر تعمیر ہے۔ اور گورنمنٹ نے اسی لاکھ روپے کی رقم اس کے اخراجات کے لئے منظور کی ہوئی ہے۔

میٹرنٹی بینی فٹ ایکٹ:۔ اس ایکٹ کی ۱۹۵۰ء کی ترمیم سے لازم کر دیا گیا ہے۔ کہ فیکٹریوں کے مالک یا قابض یا مینجر یا ٹھیکیدار اپنے ملازمین کو پوری سہولتیں مہیا کریں۔

مسلم مزارعین کے لئے قانون شریعت:۔ ایکٹ آبادکاری اراضیات سرکار مجریہ ۱۹۱۲ء ایکٹ مزارعین پنجاب مجریہ ۱۸۸۷ء اور پنجاب ایکٹ تنفیح ۱۹۱۳ء میں ترمیمات کر کے صوبہ کی نوآبادیات اور دیگر اراضیات کے مزارعین کے حقوق پر قانون شریعت کا اطلاق کیا گیا۔

فوجی ٹیکسٹائل مل:۔ کالار (ضلع جہلم) کے مقام پر ایک فوجی ٹیکسٹائل مل ۱۱۲۰ ایکڑ زمین کے اندر کھولی جا رہی ہے اس پر ایک کروڑ روپیہ کے اصراف کا اندازہ ہے۔ اس مل میں زیادہ تر سابق فوجی ملازم رکھے جائیں گے۔

یونیورسٹی تحقیقاتی کمیشن:۔ فضیلت مآب سردار عبدالرب نشتر نے پاک پنجاب کے اندر اس کے فکری تغیر جیسے مسئلہ کو ان اصولوں پر ڈھالنے کے لئے کہ جو نئے نصب العین اور مقاصد کے مماثل ہوں۔ اور تعلیمی نظام کی دوبارہ نشوونما والی سعی کی بنیادی طور پر اصلاح کر دینے کے اعتبار سے اور یہاں کے لوگوں کو ذہنی تعمیر کا رستہ دکھانے کی خاطر ممبران کی ایک یونیورسٹی تحقیقاتی کمیشن مقرر کیا۔ جو بلا تاخیر اپنی رپورٹ آئندہ کے صحیح منصوبوں پر مرتب کرے۔ مگر آپ نے ارکان کمیشن کو زیادہ عجلت کو بروئے کار لانے سے بھی محتاط رہنے کو فرمایا۔ تاکہ کہیں اس کام کی کامل طور پر انجام دہی کو زک نہ پہنچنے پائے۔

اس کمیشن نے ایک جامع استفسار یہ جاری کیا۔ جس کا مکمل متن حسب ذیل عنوانات پر مشتمل ہے۔

۱۔ یونیورسٹی تعلیم کے اغراض و مقاصد۔

Marfat.com

۲۔ تحصیل علم کا موجودہ معیار۔

۳۔ قبل از یونیورسٹی درجہ کے ایک واضح یونٹ کی تشکیل۔

۴۔ یونیورسٹی اور صوبہ کی ضروریات۔

۵۔ یونیورسٹی باڈیز اور افسران کے فرائض۔

۶۔ یونیورسٹی کے مابین اور مفصلات کے کالجوں اور لاہور کے کالجوں کے مابین تعلقات۔

۷۔ یونیورسٹی اور کالجوں کے عملہ کے گریڈ۔

۸۔ یونیورسٹی کی عام اور خاص تعلیم برائے۔

(الف) آرٹس اور سائنس کورس۔

(ب) پلیٹیہ ورانہ کورس۔

۹۔ ترقی کی نئی لائنیں برائے۔

پنجاب زراعتی کالج۔

پنجاب کالج آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی۔

ادویات و دندان سازی کے کالج۔

ہیلتھ کالج فار کامرس۔

پنجاب ویٹرنری کالج۔

۱۰۔ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے کالجوں اور اداروں کی تعلیمی اور تحقیقاتی سرگرمیوں کو صوبہ کی صنعتی ترقی کے رجحانات سے کیسے منسلک کیا جائے۔

۱۱۔ اسلامی قانون کا درجہ کیا ہونا چاہیئے۔

۱۲۔ ٹریننگ کالجوں کے سٹاف میں تجربہ کار ٹیچروں کو رکھنے کا مسئلہ۔

۱۳۔ اسلامی تعلیمات کن مضامین پر مشتمل ہونی چاہیئے۔

۱۴۔ امتحانات کے نظام میں اصلاحات۔

۱۵۔ ذریعۂ تعلیم و امتحان

۱۶۔ یونیورسٹی کی آمدنی کے بہترین مصرف پر مطلوبہ آرا۔

نئی وزارت: پنجاب اسمبلی کے دو ٹرڈوں نے پاکستان بنانے والی مسلم لیگ پارٹی کو بڑی بھاری اکثریت سے ووٹ دے کر برسر اقتدار لایا۔ جس کے نتیجہ میں مسلم لیگ پارلیمنٹری پارٹی

Marfat.com

نے سابق وزیر خزانہ و صدر پنجاب مسلم لیگ میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ کی قیادت میں نئی وزارت مرتب کی۔ جو پنجاب کے وزیر اعلیٰ مقرر ہوئے۔ نئی وزارت نے سماجی بہبودی اور ترقی کی قلیل اور طویل میعاد والی سکیموں کی تکمیل کا کام شروع کر دیا۔ لیکن اس وقت پاکستانی سرحدوں پر ہندوستانی فوج کے اجتماع سے ہند و پاکستان کے افق پر جنگ کے بادل نمودار ہونے کے باعث سماجی بہبودی کی ترقیاتی سکیموں کو پس پشت ڈالتے ہوئے شہری دفاع پر توجہ مبذول کر دی گئی۔

مہاجرین کی آبادکاری: ۔ سول سیکرٹریٹ لاہور کے کیبنٹ روم میں نئے وزیر اعلیٰ میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ کی زیر صدارت صوبہ بھر کے تمام کمشنروں اور ڈپٹی کمشنروں کی کانفرنس اس غرض کے لئے منعقد ہوئی۔ کہ ایک سال کے عرصہ میں مہاجرین کو اراضی پر عارضی مستقل بنیادوں پر آباد کرنے کے بارے میں ذرائع و وسائل دریافت کئے جائیں۔ کانفرنس میں حکومت کے وزراء اور فائینشل کمشنروں نے بھی شرکت کی۔

وزیر اعلیٰ میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ نے اپنے مختصر سپاسنامہ میں کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مہاجرین کے مسئلہ کو ختم کرنے سے متعلق جسے آپ نے صوبہ کی مجموعی ترقی و تعالی کی راہ میں زبردست رکاوٹ سے تعبیر کیا۔ اپنی حکومت کے مصمم ارادہ کا اظہار کیا۔ موصوف نے کہا۔ کہ جب تک ستر لاکھ مہاجرین کو جو صوبہ کی تقریباً چالیس فی صدی آبادی پر مشتمل ہیں۔ اطمینان نصیب نہیں ہو جاتا۔ صوبہ پنجاب اقتصادی ترقی والی سکیموں سے حقیقی طور پر متمتع نہیں ہو سکتا۔ جہاں آپ نے اضلاع کے اہلکاروں سے اپیل کی۔ کہ وہ اس کام کو تبلیغی سرگرمی اور مجاہدانہ جوش و خروش سے شروع کریں۔ وہاں آپ نے افسروں کو یقین دلایا۔ کہ اس کام میں اپنی حکومت کا پورا پورا تعاون حاصل ہوگا۔

تحفظ مزارعین: ۔ پنجاب کے ایکٹ تحفظ و بحالی حقوق المتانہ کے تحت جسے مئی ۱۹۵۰ء میں پنجاب کے دفعہ ۱۹۲ (۱) کے گورنر فضیلت مآب سردار عبدالرب نشتر نے وضع فرمایا تھا۔ پنجاب کے بیس ہزار چھوٹے بڑے دیہات میں زرعی زمینوں پر کام کرنے والے مزارعین کے حقوق کے تحفظ کے سلسلے میں موجودہ قوانین پر سختی سے کاربند ہونے کے لئے عمل میں لایا گیا۔ اور یہ صوبائی مسلم لیگ کے اصلاح اراضی کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کے سلسلے میں وزارت کا پہلا ٹھوس اقدام تھا۔

اس قانون سے کئی زرعی مزارع کو زمیندار سوائے چند خاص وجوہ کے زمین سے بے دخل نہیں کر سکتا۔ ان وجوہ میں مزارع کو بٹائی ادا کرنے یا درست طریقے سے کاشت کرنے سے "قاصر رہنا یا بٹائی ادا نہ کرنا" کی مہم میں حصہ لینا یا زمین کی زرخیزی کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا شامل ہے۔ زمیندار اس

Marfat.com

صورت میں بھی مزارع کی بے دخلی کا دعوے کرسکتا ہے۔ جبکہ وہ خود یا اس کے بیٹے اس زمین کی کاشت کرنا چاہیں۔ مگر اس صورت میں زمیندار ۱۲۵ ایکڑ سے زیادہ رقبہ خود کاشت نہیں کرسکتا۔

ڈپٹی کمشنروں کو ہدایات دی گئی ہیں۔ کہ کسی مزارع کو اس وقت تک بے دخل نہیں ہونے دیا جائے۔ جب تک وہ ایکٹ کی مندرجہ وجوہ میں سے کسی ایک کے زمرے میں واضح طور پر نہ آتا ہو اسی طرح زمینداروں کی خود کاشت اراضی کے سلسلے میں اس امر پر زور دیا گیا ہے۔ کہ اس رعایت پر اندھا دھند عمل نہیں ہونا چاہیئے۔

قادر بخش رپورٹ :- میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ وزیر اعلیٰ نے اپنے پارلیمنٹری سیکرٹری ملک قادر بخش کو پنجاب کے ہر ایک ضلع کے نظم و نسق کی حالت کا صحیح اور مفصل جائزہ لے کر اس کے نتائج سے موصوف کے پاس ان کی ذاتی اطلاع کے لئے رپورٹ پیش کرنے پر تعینات کیا تھا۔

یہ اپنی قسم کا پہلا جائزہ تھا۔ جس کے متعلق اس صوبے میں کسی حکومت کی طرف سے کبھی احکام صادر ہوئے ہوں۔ اس سروے کا مقصد یہ تھا۔ کہ اضلاع میں انتظامی مشینری کے کام کی صحیح۔ مفصل اور حتی الوسع اصل کیفیت حاصل کی جائے۔ موصوف کے دستخطوں کے تحت ان کے گشتی مراسلہ میں جو تمام ڈپٹی کمشنروں اور پولیس کے سپرنٹنڈنٹوں کے نام جاری کر دیا گیا تھا۔ آنریبل وزیر اعلیٰ نے جس طریقہ سے جائزہ کو پارلیمنٹری سیکرٹری کے اس منصوبہ کے تحت اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں۔ دوسرے افسروں اور اپنی مرضی سے پبلک افراد سے مل کر پایۂ تکمیل تک پہنچانا مقصود قرار دیا تھا۔ اس کی وضاحت کر دی تھی۔ تاکہ ایسے نقائص کی اصلاح ہو۔ جو نظم و نسق میں موجود نظر آئیں۔

پارلیمنٹری سیکرٹری نے ذیل کے امور پر رپورٹ کرنی تھی۔

(الف) آیا نظم و نسق اور عوام کے درمیان باقاعدہ تعاون اور باہمی ہمدردی کی بحالی کے لئے کوئی موزوں مشینری موجود ہے۔ اور ایسی مشینری سے کس حد تک اس مقصد کی تکمیل ہوتی ہے۔ انفرادی اضلاع میں موجودہ صورت حال کن اقدام کی طلب گار ہے۔

(ب) کام کی عام انجام دہی کے بارے میں کسی اضلاع کی جو خاص طور پر رشوت ستانی کے رسوائے عام ذرائع میں شمار کیا جاتا ہو کیا پوزیشن ہے۔ اور نگران افسر اس مسئلہ کو اگر کبھی پیش آئے۔ تو کس طرح سلجھاتے ہیں۔

(ج) رشوت ستانی کی بدعت کا مقابلہ کرنے کے لئے کیسی دشواریوں سے دوچار ہونا پڑتا ہے اور ان کے انسداد میں ٹھوس۔ اور جلد نتائج حاصل کرنا ممکن ہے۔ اور کس طرح ؟

Marfat.com

(د) کوئی سرکاری ملازم جس نے قابلیت اور دیانتداری سے سرکاری فرائض کی انجام دہی میں ٹھوس شہرت حاصل کرلی ہے۔ وہ اس بات کا حقدار ہے۔ کہ قومی حکومت کی طرف سے اس کی خدمات باقاعدہ طور پر تسلیم ہوں۔ اور اس کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

(ر) ضلع کے ایڈمنسٹریشن کے مختلف شعبوں میں قابلیت کا عام معیار اور اس معیار پر بڑی طرح اثر انداز ہونے والے امور اگر کوئی ہوں تو ان کا اظہار کیا جائے۔

رشوت ستانی کا قلع قمع:۔ سرکاری محکموں میں سے رشوت ستانی کی بیخ کنی کرنے کی تحریک کو تیز کرنے کے لئے حکومت نے کچھ مراسلے تمام محکموں کے افسرانِ اعلیٰ۔ ڈویژنوں کے کمشنروں۔ ڈپٹی کمشنروں ڈسٹرکٹ اور سیشن ججوں اور لاہور کے ہائی کورٹ کے رجسٹرار کو بھیجے ہیں۔ یہ مراسلے محکمہ انسداد رشوت ستانی کی توسیع محکمانہ کارروائی میں تعزیرات کے نامناسب ہونے۔ افسروں کی ترقی ۲۵ برس کی مشروط ملازمت کے بعد سرکاری ملازموں کی ریٹائرمنٹ۔ افسروں کے چال چلن کے متعلق خفیہ رپورٹوں افسروں کی عام پارٹیوں کو ممنوع قرار دینے۔ ریسٹ ہاؤسوں میں ٹھیکیداروں کے تقرر۔ کاریں رکھنے اور سیاسی دباؤ سے تبادلے کرنے کے بارے میں ہیں۔

ان مراسلات سے حکومت بڑے افسروں کو ان کے ماتحت عملے میں بددیانتی موجود ہونے کی صورت میں ذمہ داری سے سبکدوش نہیں سمجھتی۔ جن افسروں کے خلاف بددیانتی کے زوردار الزامات ہوں۔ انہیں محکمہ انسداد رشوت ستانی کی درخواست پر بدل دینا چاہیئے۔ حکومت اس بات پر مزید زور دینا چاہتی ہے۔ کہ رشوت ستانی کے معاملات کو قانونی اور محکمانہ کارروائیوں میں باقی ہر چیز پر سبقت دی جانی چاہیئے۔ اور اگر ممکن ہو تو کارروائیاں روز کی روز ہونی چاہئیں۔ اور تاخیر کے معاملات عزت مآب وزیر اعلیٰ کے سامنے پیش کرنے چاہئیں۔

چھ سو روپے سے کم ماہوار تنخواہ پانے والے افسروں کو موٹر کاریں رکھنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیئے۔ اور کسی ملازم کو مکمل تحقیقات کے بغیر سیاسی وجوہات کی بنا پر نہ تبدیل کیا جائے۔

یوں تو ہر درجے کی ملازمتوں میں بددیانتی کا قلع قمع کرنا ضروری ہے۔ لیکن یہ بھی زیادہ ضروری ہے کہ اسے اعلیٰ درجے کی ملازمتوں میں سے بالکل نابود کر دیا جائے۔ کسی افسر کے فرائض میں یہ نہیں۔ کہ وہ سرکاری فرائض کے طور پر کسی بڑی شخصیت یا کسی دوسرے افسر کی مہمانداری یا خاطر و مدارت کرے۔ جو بڑی شخصیتیں دورہ پر ہوں۔ تو انہیں ان کے اخراجات کے بل دیئے جائیں۔ اگر عوام میں سے خود کوئی اصحاب بڑے لوگوں کو دعوت پر بلانا چاہیں۔ تو ایسی پارٹیوں کے لئے ڈسٹرکٹ افسروں یا محکموں کے اعلیٰ افسروں کو مناسب

Marfat.com

منظوری حاصل کرلینی چاہیئے۔ اور ایسی پارٹیوں کو کامیاب بنانے کے لئے کوئی فنڈ فراہم نہیں کرنے چاہئیں۔

چونتیس لاکھ روپے کی معافی:۔ ستمبر ۱۹۵۰ء کے سیلاب سے اپر چناب۔ حویلی۔ لوئر باری دوآب۔ لوئر چناب اور رنگ پور کی نہروں کے بہت سے علاقوں کو نقصان پہنچ گیا تھا۔ لہٰذا حکومت پنجاب نے اس سال کی فصل خریف کے مطالبۂ آبیانہ و مالیہ میں قریباً ۳۴ لاکھ روپے کی معافی منظور کی۔

صنعتی ترقی:۔ حکومت نے صنعتی ترقی کو تیز رفتاری سے سرانجام دینے کے بارے میں طے کیا ہے۔ کہ اس صوبے میں چھ سوتی کپڑے کے کارخانے۔ دواؤن سازی کے کارخانے۔ دو چینی کے کارخانے اور ایک سیمنٹ کا کارخانہ قائم کیا جائے۔

سوتی کپڑے کے کارخانوں میں سے دو بورے والا میں قائم کئے جائیں گے۔ اور ان کا انتظام حکومت کے ہاتھ میں رہے گا۔ دوسرے دو کارخانے منٹگمری ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام منٹگمری ہی میں قائم کئے جائیں گے۔ ایک کارخانہ اپریٹو کے محکمے کو سونپا گیا ہے۔ یہ کارخانہ خانیوال میں قائم کیا جائے گا۔ پوسٹ واری کنٹرکشن فنڈ کو ضلع جہلم یعنی کالا کے مقام پر۔ چھٹا کارخانہ دیا جائے گا۔ ان کے دو کارخانوں میں سے ایک ضلع کیمبل پور میں لارنسپور کے مقام پر کھولا جائے گا۔ اور دوسرا منٹگمری میں قائم کیا جائے گا۔ یہ دونو کارخانے بالترتیب کوا پریٹو ڈیپارٹمنٹ اور منٹگمری ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام ہوں گے چینی کے دو کارخانوں میں سے ایک ضلع لائلپور میں ہوگا۔ جس کا نظم و نسق حکومت خود کرے گی۔ دوسرا منٹگمری میں منٹگمری ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے ماتحت ہوگا۔ سیمنٹ کا کارخانہ منٹگمری میں منٹگمری ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام ہوگا۔

منٹگمری میں بستیاں:۔ منٹگمری میں نئی بستیاں بسانے اور زمین دینے کا کام تیز رفتاری سے ہو رہا ہے۔ آئندہ قریب میں زمین لینے والوں کو تین سو چک مہیا کر دیئے جائیں گے۔ جن میں سے ۱۳۰ ہندوستان کے متعینہ علاقوں کے شہری مہاجرین کے لئے مخصوص کر دیئے گئے ہیں۔ اور اتنے ہی چھوٹے مقامی زمینداروں کے لئے جن کی زمینیں پانی نے کھا لی ہیں۔ یا خورد و سیم وغیرہ سے خراب ہو گئی ہیں۔ یا دریاؤں کی زد میں آگئی ہیں۔ ۲۰ چک فوجی مہاجر خاندانوں کے لئے مخصوص کر دیئے گئے ہیں۔ ۱۵ ان مزارعوں اور چھوٹے زمینداروں کے لئے مخصوص کر دیئے گئے ہیں۔ جو سرکاری کاموں کے لئے جبراً زمین لینے کی وجہ سے اجڑ گئے ہیں۔ اور ۵ چک عیسائیوں اور شیڈیولڈ کاسٹس کے لئے مخصوص کر دیئے گئے ہیں۔

حکومت پنجاب نے فیصلہ کیا ہے۔ کہ آئندہ آبادکاری کے دوران میں جو عنقریب ہونے والی ہے۔ تمام

Marfat.com

صوبے کے مہاجرین تحصیل میں زمین لینے کے مستحق ہوں گے۔ بشرطیکہ ان کے مطالبات مصدقہ ہوں۔ اور ان کی ملکیت تین سو یونٹ سے تجاوز نہ کرے۔ اور جو لوگ آباد ہونا چاہیں۔ انہیں جسمانی طور پر صحیح سالم ہونا چاہیئے۔ اور پنجاب میں خود کاشت کار ہونا چاہیئے۔ کسی چک کے لئے آباد ہونے والوں کی جو جماعت منتخب ہو گی۔ اس میں ایسے کم سنوں اور بیواؤں کی بھی ۲۵ فی صد تعداد شامل کی جا سکے گی۔ جن کی ملکیت ہندوستان کے متعینہ علاقے میں تین سو یونٹ سے زیادہ نہ ہو۔ اور جماعت کے صحیح و سالم لوگوں میں ان کے رشتہ دار بھی ہوں۔ ہر آباد ہونے والے کو ایک شناختی کارڈ دیا جائے گا۔ صدر آباد ہونے والے مہاجرین میں سے مختلف اضلاع اور پنجاب کی نو آبادیوں میں ایک قسم کے مہاجرین انتخاب کر کے جماعتیں بنائیں گے۔ اور جو لوگ تحصیل میں آباد ہوں گے۔ انہیں ہندوستان کے متعینہ علاقوں میں اپنی چھوڑی ہوئی زمینوں کے مطالبات ترک کرنے ہوں گے۔

شیڈولڈ کاسٹس کے لوگوں کا انتخاب بھی ضلع افسران کے اسمبلی کے منتخبہ نمائندوں یا مشنوں کے منتخبہ نمائندوں کے مشورہ سے کریں گے۔ ان کے لئے زمیندار ہونا ضروری نہیں ہے۔ لیکن ان میں ان اچھوتوں اور سیپیوں کو ترجیح دی جائے گی۔ جو غیر مسلموں کے چلے جانے سے اجڑ گئے ہیں۔

شراب کی ممانعت: ۔ جن لوگوں کے پاس شراب کے پرمٹ ہیں۔ حکومت پنجاب نے ان پر ایک اور پابندی عائد کر دی ہے۔ یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ کہ آئندہ کوئی شخص طبی مقاصد کی بنا پر بھی شراب نہیں لے سکے گا۔ جب تک اس کے پاس کسی سرکاری سول یا فوجی ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ نہیں ہو گا۔ اس سے پہلے یہ سرٹیفکیٹ کوئی بھی رجسٹرڈ ڈاکٹر دے سکتا تھا۔

ادھر دیسی شراب کے ۳۷۳ ٹھیکے مستقل طور پر بند کرنے اور ۷۸ فی صد غیر ملکی شراب کے ٹھیکوں میں تخفیف کرنے کی وجہ سے پنجاب میں شراب کی کھپت بہت حد تک گھٹ گئی ہے۔

محکمہ تعلیم پنجاب نے سماجی خدمت کے مرکزوں کے اجراء کے بارے میں ایک سکیم تیار کی ہے۔ جو تعلیم بالغان کی سکیم کے ایک حصے کے طور پر عمل میں لائی جائے گی۔ اور اس کا مقصد بالغوں کو اپنا معیار زندگی بلند کرنا اور بہتر شہری بننا سکھانا ہے۔

اس سکیم کے مطابق تجویز یہ ہے۔ کہ اس قسم کے سماجی ذریعے اور سہولتیں وجود میں لائی جائیں جیسے لائبریریاں۔ ایڈلٹ ریڈنگ روم سپورٹس کلبیں اور میموزیم ہیں۔ یہ چیزیں گورنمنٹ کے رفاہی محکموں کی مدد سے تعلیم بالغان کے منتخب مرکزوں کے ساتھ جاری کی جائیں گی۔ ان مرکزوں کا مقصد عام اقتصادی اور سماجی سدھار ہے۔

Marfat.com

ان مرکزوں کا مقصد عام بیماریوں کے علاج، زراعت کے بہتر طریقوں، صفائی، مویشیوں کی دیکھ بھال، گھریلو صنعتوں، جنگلات لگانے کی اور دوسرے بہت سے سماجی اور ثقافتی کاموں کی تربیت دینے کا خاص انتظام ہوگا۔

تعلیمی ترقیات:۔ حکومت پنجاب کی مرکز کو بھیجی ہوئی سکیم بہت سے منصوبوں پر مشتمل ہے۔ جن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے آئندہ چھ سال میں ۲۰ کروڑ روپے کی ضرورت ہوگی۔ سکیم میں پرائمری تعلیم کی توسیع پر خاص طور پر زور دیا گیا ہے۔ یہ تجویز پیش کی گئی ہے کہ ہر سال ۱۲۰۰ نئے پرائمری سکول کھولے جائیں۔ ہر سکول کی عمارت کے لئے حکومت کو ۲۵۰۰ روپے خرچ کرنے پڑیں گے۔ ایک ہزار روپے اُس کے ضروری ساز و سامان پر لگے گا۔

مذکورہ سکیم کے مطابق آئندہ چھ سال میں ۳۰۰ نئے مڈل سکول ۷۲ ہائی سکول اور ۲ کالج کھولے جائیں گے۔ ان کے علاوہ یہ تجویز کیا گیا ہے۔ کہ خانہ داری اور فنی تعلیم کے لئے ایک زنانہ کالج لاہور میں۔ لڑکیوں کے لئے ایک ہاسٹل اور جسمانی تعلیم کے لئے ایک کالج بھی کھولا جائے۔

سکیم میں کھیلوں کے لئے ۶ سٹیڈیم۔ ۲ جمنیزیم۔ ۲۴ یونٹ ہاسٹل اور ۶ تکنیکی اور تجارتی سکولوں کے متعلق مفصل تجاویز بھی شامل ہیں۔

موجودہ سکولوں کی عمارتوں کی مرمت اور موجودہ مڈل اور ہائی سکولوں کے لئے سائنس کی تجربہ گاہوں کا سامان فراہم کرنے کے لئے بہت سرمائے کی ضرورت ہوگی۔

صوبے میں ایک نئی یونیورسٹی کے افتتاح کی تجویز ہے جس کی عمارتوں پر اندازاً ۵۹ لاکھ روپے لگیگا۔

صوبے میں فنون جمیلہ اور ثقافت کی ترقی پر بھی مناسب توجہ کی گئی ہے۔ سکیم میں ایک آرٹ گیلری راولپنڈی میں اور تمام ضروری شہروں میں ثقافتی مرکز جاری کرنے کی تجویز بھی شامل ہے مختلف کالجوں اور سکولوں کے سائنس کے طلباء کے استفادے کے لئے لاہور میں ایک اعلیٰ درجے کا سائنس میوزیم قائم کیا جائے گا۔ لاہور کے سوا کسی دوسرے بڑے شہر میں عام لوگوں کے لئے ایک عجائب گھر قائم کیا جائے گا۔

موروثی مزارعین کے لئے مالکانہ حقوق:۔

(۱) تمام ایسے موروثی مزارعین جو زمیندار کو سرکاری مواجبات کی رقوم کے علاوہ کوئی اور لگان نہ دے رہے ہوں۔ مالکان کو کسی قسم کا معاوضہ دیئے بغیر اپنی زمینوں کے مالک بن جائیں گے۔

Marfat.com

(۲) اگر موروثی مزارعین پیداوار کا کوئی حصّہ بطور لگان دے رہے ہوں۔ تو وہ اراضی کے اتنے حصّے کے مالک بن جائیں گے۔ جو ان کے حصّہ پیداوار کے مطابق ہوگا۔ اس کے لئے بھی انہیں کوئی معاوضہ مالک کو نہیں دینا پڑے گا۔

(۳) ایسے موروثی مزارعین جو لگان نقدی کی صورت میں ادا کر رہے ہوں۔ یا کچھ حصّہ نقدی کی صورت میں اور کچھ پیداوار کی صورت میں دے رہے ہوں۔ معاوضہ دے کر مالک بن جائیں گے۔ اس سلسلے میں حکومت معاوضہ کی رقم اور صورت کا تعین کرنے کے لئے قواعد وضع کریگی۔ قانون میں یہ گنجائش رکھی گئی ہے۔ کہ معاوضہ ادا کرنے کے لئے حکومت موروثی مزارع کو رہن پر قرض دیدے۔ اور اسے بعد میں بقایاجات مالیہ اراضی کی شکل میں آسان قسطوں میں وصول کرلے۔

(۴) آئندہ کوئی موروثی مزارعت قایم نہیں ہوگی۔

(ب) مزارعین کے لئے زیادہ اراضی کا انتظام :-

(۱) سوا ایکڑ سے زیادہ اراضی کے مالک کے لئے یہ ضروری ہوگا کہ وہ پچاس ایکڑ نہری زمین خود کاشت کے لئے رکھ کر باقی تمام زمین مزارعین کو کاشت کے لئے دے۔ جس تاریخ کو یہ ایکٹ نافذ ہوگا۔ اس سے تین ماہ کے اندر اندر زمیندار کو اس پر عمل کرنا پڑے گا۔

(۲) اگر سوا ایکڑ سے زیادہ اراضی کا مالک ایکٹ کے نفاذ کے وقت پاکستان کی فوجی ملازمت میں ہو۔ تو اسے ایسی ملازمت سے سبکدوش ہونے سے چھ ماہ کے اندر اندر مقررہ خود کاشت رقبہ سے زائد اراضی مزارعین کو لگان پر دینی پڑے گی۔

(۳) اگر کسی شخص کو جسے مذکورہ بالا ضمن کے تحت مزارعین کو اراضی دینے کا حکم ملا ہو۔ مناسب مزارعین نہ مل سکیں تو اس کے لئے لازم ہوگا کہ وہ اپنے ضلع کے حاکم مال کو درخواست دے۔ حاکم مال اس کے لئے مزارعین تلاش کرے گا۔ جب مزارعین دستیاب ہو جائیں تو مالک کے لئے ضروری ہوگا کہ انہیں فی الفور متعلقہ اراضی کا قبضہ دے دے۔

(۴) اگر کسی شخص کے پاس سوا ایکڑ سے کم اراضی ہو تو وہ تمام زمین خود کاشت کے لئے اپنے پاس رکھ سکتا ہے۔ اور اگر وہ خود کاشت کر رہا ہے تو اسے زمین کا کوئی حصّہ کسی مزارع کو نہیں دینا پڑے گا۔ مگر ۲۵ ایکڑ سے زائد زمین کو خود کاشت بنانے کے لئے وہ کسی موجودہ مزارع کو بے دخل نہیں کر سکے گا۔

(۵) خود کاشت کے لئے جو زمین زمیندار اپنے پاس رکھے وہ کسی باغ یا باغات یا کسی بنجر قدیم کے علاوہ

Marfat.com

ہوگا۔ لیکن اگر زمیندار خود کاشت کے لیے زمین مخصوص کرنے کے بعد اس میں باغ لگا دے تو اس باغ کی زمین کو خود کاشت کی مقررہ حد کے علاوہ شمار نہیں کیا جائے گا۔

(۶) زمینوں کو خود کاشت کیلئے مخصوص کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس زمین کو مالک خود ضرور کاشت کرے۔ ایسی مخصوص زمین مزارعوں کو دی جائے۔ تو ایسے مزارعوں کو مالک جب چاہے بے دخل کر سکے گا۔

(۷) اگر مالکِ زمین ایک دفعہ کسی زمین کو خود کاشت کے لیے چُن لے۔ تو وہ اُسے پھر نہ کسی اور زمین سے بدل سکتا ہے نہ اُس صورت میں مزید زمین حاصل کر سکتا ہے۔ جب وہ کسی اور کے نام منتقل ہو جانے کی وجہ سے اس کے پاس سے چلی جائے۔ لیکن اگر اس طرح مخصوص شدہ زمین یا اُس کا کچھ حصّہ سیم یا تھور کی وجہ سے ناقابلِ کاشت ہو جائے تو وہ اپنی ملکیت میں سے اپنے لیے اُتنی زمین اور لینے کا حقدار ہوگا۔ جتنی ملا لینے سے کل قابلِ کاشت رقبہ پچھ پچاس ایکڑ ہو جائے۔ سیم اور تھور کی زد میں آئی ہوئی جو زمین قابلِ کاشت ہو اُس کی بجائے مزید زمین حاصل نہیں کی جا سکیگی۔

(۸) مویشیوں اور گھوڑوں کی پرورش کے جو فارم حکومت کے تسلیم شدہ ہیں اُن کی اراضی اس پابندی سے آزاد ہوگی اس قسم کے فارموں کی زمین اس سے قطع نظر کہ اس کا رقبہ کتنا ہے۔ مالک کے خود کاشت رقبے ہی میں شمار ہوگی۔ لیکن اس قسم کے فارم کے مالک کو فارم کی زمین کے علاوہ اور زمین رکھنے کا حق نہیں ہوگا خواہ اس فارم کا رقبہ ۵۰ ایکڑ سے کم ہی کیوں نہ ہو۔

(۹) اگر کسی شخص کے پاس ۲۵ ایکڑ یا اس سے زیادہ زمین ہو تو اسے بحیثیت مزارع کوئی زمین نہیں دی جائے گی۔ اور کوئی مزارع ۲۵ ایکڑ سے زیادہ زمین اپنے قبضے میں بحیثیت مزارع نہیں رکھ سکے گا۔ حکومت کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کسی شخص یا اشخاص کے طبقے کو یا کسی زمین یا اراضیات کی قسم کو ان احکام و شرائط سے مستثنیٰ قرار دے سکے۔ مزید یہ اہتمام کیا گیا ہے کہ با قبضہ اراضی کا مرتہن اور پٹہ دار نیز سرکاری اراضی کا مزارع انہیں شرائط کا پابند ہوگا۔ جیسے کہ مالک۔

(۱۰) لگان ادا نہ کرنے کی مہم میں حصّہ لینے کو ایسی جائز وجہ شمار نہیں کیا جائے گا۔ جس کی بنا پر کسی مجاز عدالت میں کسی مزارع کو بے دخل کرانے کی کوشش کی جا سکے۔

(ج) **مزارعوں کے لئے بہتر شرائط** :۔ کوئی مالک اب زمین کی پیداوار کے چالیس فیصد حصّے سے زیادہ لگان وصول نہیں کر سکے گا۔ اگر کوئی مزارع چالیس فیصد سے کم لگان دے رہا ہے۔ تو اُس سے لگان بڑھانے کا مطالبہ نہیں کیا جا سکے گا۔ کسی زمین پر جو بھی سرکاری مواجبات عائد ہوتے ہیں۔

Marfat.com

یعنی مالیہ۔ آبیانہ مقامی شرح اور دیگر محاصل (سوائے اس ٹیکس کے جو شہری جائداد غیر منقولہ پر عائد ہوتا ہے) وہ زمیندار اور مزارع کو اُسی تناسب سے مشترکہ طور پر ادا کرنے ہوں گے۔ جس تناسب سے زمین کی پیداوار اُن میں تقسیم ہو گی۔ اس قاعدے سے کچھ معمولی مستثنیات بھی ہیں۔

اگر اس قانون کے نفاذ کے وقت مزارع سرکاری مواجبات کا کوئی حصّہ ادا نہ کر رہا ہو تو اُسے صرف اُسی تناسب سے سرکاری مواجبات کا حصّہ ادا کرنا ہوگا۔ جتنا اس کے حصّے میں اضافے کی وجہ سے اس پر عائد ہوتا ہے۔ مزارع کو کسی بھی صورت میں سرکاری مواجبات کا ساٹھ فیصدی سے زیادہ حصّہ ادا کرنا نہیں پڑے گا۔ سرکاری مواجبات کا بوجھ وہ صرف اُسی حد تک اُٹھائے گا۔ جس حد تک اُس کے حصّے میں اضافہ ہوا ہو۔ جو وہ پہلے ہی ادا کر رہا تھا۔ مگر شرط یہ ہے کہ یہ حصّہ ساٹھ فیصد سے بڑھنے نہ پائے۔ جہاں مزارع اور مالک کا حصّہ مواجبات سرکار میں پہلے ہی ساٹھ اور چالیس فیصد مقرر تھا۔ اور مزارع ساٹھ فیصد سے زیادہ ادا کرتا تھا۔ وہاں اب ساٹھ فیصد سے زائد ادائیگی کا بوجھ زمیندار کو اٹھانا ہو گا۔ جہاں مزارع اور زمیندار پیداوار کو دو تہائی اور ایک تہائی کی نسبت سے تقسیم کرتے تھے۔ وہاں بالعموم مزارع تمام سرکاری مواجبات کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوتا تھا۔ نئے قانون کے تحت وہ سرکاری مواجبات کی صرف دو تہائی ادا کریگا۔ باقی رقم زمیندار کو ادا کرنی پڑیگی۔

(د) مزارعت کی وراثت:۔ اگر کوئی ایسا مزارع جو زمین پر کسی مقررہ مدت کے لئے قابض نہیں ہے فوت ہو جائے۔ اور وہ زمین اس رقبے میں شامل نہیں ہے۔ جو زمیندار نے خود کاشت کے لئے مخصوص کی ہوئی ہے۔ تو وہ زمین مزارع کے نرینہ بچے کو مل جائے گی۔ جسے اُس نے تحریری طور پر نامزد کر دیا ہو۔ اگر ایسی نامزدگی موجود نہ ہو تو مزارعت متوفی کے سب سے بڑے نرینہ بچے کو ملیگی۔ لیکن اگر متوفی مزارع کے اولادِ نرینہ نہ ہو تو حقوق مزارعت ختم ہو جائیں گے۔

تنسیخِ جاگیرات:۔ مسودہ قانون تنسیخ جاگیرات پنجاب کی رُو سے قانون کے نفاذ کے وقت نقدی کی صورت میں جو جاگیریں دی جا رہی تھیں۔ وہ تمام کی تمام منسوخ ہو جائیں گی۔ لیکن جو جاگیریں فوجی خدمات کے عوض دی گئی ہوں یا مذہبی یا خیراتی اداروں کی خاطر ہونگی انہیں منسوخ نہیں کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ اس قانون کی رُو سے آئندہ جاگیر بخشی ختم کر دی گئی ہے۔

(ترمیم) انہار خورد پنجاب مصدرہ ۱۹۵۲ء:۔ اس قانون کی رُو سے حکومت ضلع شاہپور میں نجی ملکیت کی طغیانی کی نہروں کو بلا معاوضہ اپنی ملکیت میں لے سکیگی اور اُن کی جگہ ایک مستقل نہر بنا سکیگی۔ اس قانون کا اثر قریباً ۵۲۰۰ ایکڑ رقبے پر ہو گا۔

Marfat.com

اوقاف بل :۔ قانون مسلم اوقاف پنجاب مصدرہ ۱۹۵۲ء کے اہم نکات حسب ذیل ہیں :۔

(ا) بغیر کسی استثناء کے تمام املاک اوقاف پر حاوی ہونے والی شرائط اور تفصیلات کی لازمی رجسٹریشن۔

(ب) اوقاف کے صوبائی نگران بورڈ کے تحت متولیوں کے تقرر کی توثیق اور ان کے فرائض کی ادائیگی کی نگرانی۔

(ج) اوقاف کے متعلق تمام مقدمات کا تصفیہ اور متولیوں کی علیحدگی کے مقدموں کا فیصلہ ایک خاص اوقاف ٹریبونل کریگا۔ جس کے فیصلے کی اپیل ہائی کورٹ میں ہو سکے گی۔

(د) شریعت اسلامی کے مطابق فلاح عامہ اور ترقی کے مقاصد کے لئے وقف فنڈ کا استعمال۔

(ہ) اوقاف سے متعلق شریعت کے احکام کی خلاف ورزی کے جرائم کی سزا۔

(۱) **رجسٹریشن** :۔ اوقاف کو منظم کرنے کے لئے سب سے ضروری اقدام یہ ہے کہ صوبے کے طول و عرض میں وقف کی جائداد کا تعین اور اوقاف پر حاوی ہونے والی شرائط سے کماحقہٗ واقفیت حاصل کر لی جائے۔ مسلم اوقاف سروے ایکٹ پنجاب مصدرہ ۱۹۵۰ء اسی مقصد کے پیش نظر منظور کیا گیا تھا اب یہ ایکٹ منسوخ ہو چکا ہے اور مسلم اوقاف ایکٹ پنجاب مصدرہ ۱۹۵۲ء مصدرہ کی دفعہ ۲۹ کے تحت ہر وقف کو اس کی جائداد کی تفصیلات اور انتظام کی شرائط صوبائی اوقاف بورڈ کے پاس درج رجسٹر کرانی ہو گی۔

(۲) **صوبائی اوقاف سپروائزری بورڈ** :۔ جب اوقاف کی املاک اور شرائط وغیرہ کا تعین ہو جائے تو دوسرا مسئلہ یہ ہو گا کہ شریعت کے احکام کے مطابق ان شرائط کی باقاعدہ تعمیل کا اہتمام کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے پنجاب کے مجلس قانون ساز کے مسلم ارکان ہر پانچ سال کے بعد اکثریت کے ووٹ سے پنجاب اوقاف بورڈ کے لئے ۱۲ ممبر منتخب کیا کریں گے۔ اس اکثریت کو اختیار ہو گا کہ وہ کسی وقت بھی ان ممبروں کی علیحدگی کی سفارش کریں۔

ایکٹ کی دفعہ ۱۲ کی رُو سے بورڈ کا اوّلین فرض اس بات کا خیال رکھنا ہو گا کہ وقف کی آمدنی شریعت کے مطابق وقف کی شرائط کے تحت مقررہ مقاصد پر صرف ہو۔ بورڈ متولیوں سے آمدنی اور خرچ کے سالانہ میزانئے تیار کرائے گا اور وقف کی گمشدہ املاک کی بازیابی کے لئے بھی سعی کریگا۔

(۳) **عدالت اوقاف** :۔ جب کبھی بورڈ کسی متولی کو نااہل سمجھے اور اُسے ہٹانا چاہے یا یہ سوال پیدا ہو کہ کوئی جائداد وقف ہے یا نہیں یا وقف کی شرائط کا کوئی خاص مفہوم درست ہے یا نہیں تو ایکٹ کی

Marfat.com

دفعہ ۳۸ کی رُو سے ایک عدالت اوقاف اس مسئلے کا فیصلہ کریگی۔ اس عدالت کا صدر ہائی کورٹ کا کوئی جج ہوگا اور دیگر ارکان تجربہ کار جج یا وکیل ہوں گے۔ اس عدالت کے فیصلوں کے خلاف ہائی کورٹ میں اپیل ہو سکے گی۔

اس ایکٹ کی خلاف ورزی کے لئے جو سزا تجویز کی گئی ہے۔ وہ بھی یہی عدالت صادر کریگی۔

(۴) **اوقاف کی آمدنی کا استعمال**:۔ ایکٹ کی دفعہ ۱۴ کی رُو سے وقف کے تمام فنڈ شریعت کے مطابق وقف کے مقاصد پر صرف ہونگے۔ اگر کچھ روپیہ بچے تو شریعت کے مطابق فلاحِ عامہ پر صرف کیا جا سکے گا۔

۵ **سزائیں**:۔ اس ایکٹ کی شرائط و احکام کی خلاف ورزی پر ایک سال قید یا ایک ہزار روپے جرمانہ یا دونوں سزائیں دی جا سکیں گی۔ اس سزا کی اپیل بھی ہائی کورٹ میں ہو سکے گی۔

Marfat.com

حصّہ دوم

درگاہیں

Marfat.com

مشائخ و درویش

سلاطینِ اسلامیہ کے زیرِ حکومت ہر عہد میں مشائخ عظام کا گروہ موجود رہا ہے۔ یہ لوگ حکومتِ وقت کی امداد سے بے نیاز اور عام سیاسی تحریکوں سے بے تعلق رہ کر محض اصلاحِ خلقِ خدا اور تبلیغِ دینِ مصطفیٰؐ میں مشغول رہا کرتے تھے۔ اگرچہ آج کل بنے ہوئے مشائخ کے افعال و افکار کی وجہ سے تصوف بہت بدنام ہو گیا ہے۔

قدیم زمانے میں بھی جھوٹے درویشوں اور جعلی صوفیوں کی کمی نہ تھی جیسا کہ خود مخدوم علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب کشف المحجوب سے ظاہر ہوتا ہے۔ لیکن جہاں تک مخلص اور باخدا درویشوں کا تعلق ہے وہ ہر زمانے میں موجود رہے ہیں اور ان کی زندگی کے کارنامے اور ان کے افکار اسلامی تمدّن کے ہر طالب علم کی توجہ کے مستحق ہیں۔

میں اس مقام پہ بخوفِ طوالت اس گروہ کی ابتدا اور نشوونما کے متعلق بحث نہیں کرنا چاہتا لیکن اس قدر بیان کر دینا بے جا نہ ہوگا کہ یہ گروہ اصلی اور حقیقی اسلام کا علمبردار تھا اور عرب سے باہر نکلنے کے بعد اسلامی جماعتوں میں سے جس جماعت پہ عجمی اور غیر اسلامی افکار کا سب سے کم اثر ہوا اور جس نے غیر اسلامی تمدن کے اثرات کو بہت کم قبول کیا وہ درویشوں اور صوفیوں کی جماعت تھی اور یہی جماعت لاتعداد مصائب کا ہدف بننے کے باوجود اسلامی تعلیمات کی مبلغ رہی۔

کچھ مشائخ و درویشان کا جو پنجاب میں اپنے اپنے زمانہ کے اندر اپنے مشن کا پرچار کرتے رہے ہیں۔ ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔

Marfat.com

حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا مولد غزنی ہے۔ نسبت کے لحاظ سے آپ حسنی سیّد ہیں۔ کیونکہ ساتویں پُشت میں آپ کا سلسلۂ نسب حضرت امام حسین علیہ السّلام سے ملتا ہے۔ عقائد کے لحاظ سے آپ امام ابو حنیفہؒ کے پیرو ہیں۔ اور اور انہیں امامِ اماماں اور شرفِ نفسہ ہا وغیرہ علما مانتے ہیں۔

جلاب و ہجویر میں تو آپ مدت تک اقامت گزیں رہے۔ لیکن زندگی کا بیشتر حصّہ سیر و سیاحت میں بسر کیا۔ تمام اسلامی ممالک میں پھرے۔ ترکستان سے لے کر شام تک اور بحرِ قزوین سے لے کر سندھ تک سفر کیا۔ ازدواجی زندگی سے پرہیز اور دنیوی عیش و آرام سے کنارہ گیر رہے۔ البتہ "کشف المحجوب" میں ایک مقام پر ایک مجمل سی عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ جوانی کے عالم میں آپ دامِ محبّت میں گرفتار ہو گئے تھے۔ اور ایک سال تک فراق کے درد و کرب میں تڑپتے رہے اور آخر بقولِ آپ کے نزدیک تھا کہ میرا دین تباہ ہو جائے کہ اللہ تعالےٰ نے کمال لطف و کرم سے میری عزّت و آبرو کو بچایا اور میری دستگیری کی۔

داتا صاحب رحمت اللہ حضرت شیخ ابو الفضلؒ بن حسن قتلیؒ کے مرید تھے جو اپنے وقت کے مشہور صوفی بزرگ تھے۔ ان کے علاوہ بھی آپ نے بیشمار صاحب علم و کمال بزرگوں سے فیض حاصل کیا تھا جن کے تذکرے بالتفصیل کشف المحجوب میں پائے جاتے ہیں

کشف المحجوب آپ کے تجربات کا نچوڑ ہے اور شاہد ہے کہ آپ کو علم و ظاہر و باطن پر کس قدر عبور حاصل تھا۔ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء علیہ الرحمۃ کا ارشاد ہے کہ جس کا کوئی مُرشد نہ ہو۔ اُس کو کشف المحجوب کے مطالعہ کی برکت سے گوہرِ مراد مل سکتا ہے

داراشکوہ پسرِ شاہجہان بادشاہ جو ایک شہزادہ کے علاوہ صوفی منش عالم اور حضرت میاں میر صاحب کے خلیفہ بھی تھے اپنی تصنیف "سفینۃ الاولیاء" میں لکھتے ہیں کہ "خواجہ علی ہجویری" نے کئی ایک کتابیں تصنیف کی ہیں۔ مگر کشف المحجوب ان سب میں مشہور و معروف ہے۔ اور بلاشبہ ایک مرشد کامل کی حیثیت رکھتی ہے۔ حق تو یہ ہے کہ علمِ تصوّف پر فارسی زبان میں اس سے بہتر اور کوئی کتاب آج تک تصنیف نہیں ہوئی۔

اس کے علاوہ "نفحات الانس" کے مصنّف مولانا جامی رقمطراز ہیں کہ خواجہ علی ہجویری کی بلند پایہ تصنیف کشف المحجوب ہے۔ جو علم تصوّف میں بے مثال ہے۔ فاضل مصنّف نے بے شمار لطائف و

Marfat.com

حقائق اس کتاب میں جمع کئے ہیں۔

پروفیسر نکلسن نے کشف المحجوب کے گہرے اور عمیق مطالعہ کے بعد حضرت موصوف کی ان آٹھ کتابوں کا کھوج لگایا ہے جو آج بالکل ناپید ہیں۔ اس تحقیقات کی رُو سے کشف المحجوب آپ کی آخری تصنیف ہے۔ جو آپ کی زندگی کے آخری حصّے میں تصنیف ہوئی ہے۔

حضرت خواجہ نظام الدّین اولیاء محبوبِ الٰہی فرماتے ہیں کہ داتا گنج بخشؒ اور شیخ حسن زنجانیؒ دونوں ایک ہی مرشد سے بیعت رکھتے تھے۔ جب کہ شیخ حسن زنجانیؒ لاہور میں تھے۔ ایک دن مرشد نے آپ کو حکم دیا۔ کہ لاہور چلے جاؤ۔ آپ نے عرض کی وہاں حسن زنجانیؒ موجود ہیں۔ مگر مرشد سے جب دوبارہ وہی حکم صادر ہوا تو آپ لاہور چلے آئے اور جس رات آپ لاہور پہنچے اُسی رات شیخ موصوف نے وفات پائی۔

داتا صاحبؒ نے لاہور میں قریباً ۲۸ برس مقیم رہنے کے بعد ۴۶۵ھ میں وفات پائی اور لاہور ہی میں مدفون ہوئے۔ بھاٹی دروازہ کے باہر ایک بارونق بازار کے اختتام پر مزار مبارک ہے اس کے قریب ترین آپ کی تعمیر کردہ مسجد ہے۔ جو کہ اس میں شامل کر دی گئی ہے۔ مزار اور مسجد دونوں پر زائرین اور معتقدین کا ہجوم لگا رہتا ہے۔ جمعہ اور جمعرات کو مجمع بہت زیادہ ہوتا ہے۔ ہزاروں کی تعداد میں عقیدتمند دور و نزدیک سے مزار کی زیارت کے لئے آتے ہیں اور ہر سال صفر کے مہینہ کی انیس بیس تاریخ کو آپ کا عرس نہایت دھوم دھام سے منایا جاتا ہے۔ اور طول و عرض پاکستان سے لاتعداد عقیدت مند خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لئے مزار مقدّس پر حاضر ہوتے ہیں۔

حضرت داتا گنج بخش صاحبؒ کا پورا نام علی بن عثمان جلابی ہے۔ مگر آپ زیادہ تر داتا گنج بخشؒ کے لقب سے مشہور ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت خواجہ معین الدّینؒ اجمیری نے مزار پہ چالیس روز تک چلّہ کشی کی اور دینی و روحانی نعمتوں سے مالا مال ہو کر واپس لوٹتے وقت مزار کی سمت منہ مبارک کر کے غریب نواز نے حضور کے مرتبہ عظمت کو اپنے تئیں بدیں الفاظ ظاہر فرمایا:۔

گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا ناقصاں را پیر کامل کاملاں را راہنما

گنج بخش کا لفظ حقیقت کے اتنا قریب تھا کہ عوام نے اسے اپنا بنا لیا۔ اور ہر کسی کی زبان پر جاری و ساری ہو گیا۔

شاہ یعقوب زنجانیؒ صدر دیوان

سادات زنجان میں سے حضرت یعقوبؒ ایک متقّی غلام سرورؒ "جامعی بود میانِ علومِ ظاہری و باطنی"

Marfat.com

ان کے والد سیّد علی موسوی بھی ایک باخدا درویش تھے۔ ان کا سلسلہ نسب سولہ واسطے سے حضرت امام موسیٰ کاظمی علیہ السّلام سے ملتا ہے۔ حصولِ علم ظاہری کے بعد باطنی تکمیل کے لئے سلسلۂ جُنیدیہ میں منسلک ہوئے۔ اس دور کے صاحبِ حال و قال بزرگوں میں شمار کئے جانے لگے۔ بہرام شاہ غزنوی کے عہد میں وارِدِ لاہور ہوئے اور تبلیغ اسلام اور تصوّف کا سلسلہ شروع ہوا۔ اور لوگوں کو آپ سے اس قدر عقیدت ہوئی کہ آستانۂ عالیہ مرجعِ انام بن گیا۔ حتّٰی کہ حاکمِ لاہور طُغرل شاہ بھی حلقۂ ارادت میں شامل ہو گیا۔ جب خواجہ معین الدین حسن اجمیری قدس سرہٗ ۵۸۰ھ کے قریب تشریف لائے اور مزار حضرت علی ہجویری پر چلہ کش اور مُعتکف رہے تو شاہِ یعقوب سے بھی ان کی ملاقات ہوئی اور دونوں بزرگ ایک دوسرے کی روحانی اور علمی صحبتوں سے محظوظ ہوتے رہے۔ تاریخِ وفات شانزدہ رجب ۶۰۴ھ مطابق ۱۲۰۸ء ہے۔

مزار:۔ حضرت شاہ یعقوبؒ زنجانی کا مزار لاہور میں موجود ہے اور لیڈی ایچیسن ہسپتال کے متصل واقع ہے۔ ہسپتال کے صدر دروازہ اور سرائے رتن چند کے درمیان ایک گلی ہے جو مزار تک جاتی ہے۔ خشتی چار دیواری کے اندر چبوترے پر پانچ قبریں ہیں۔ جو قبر ذرا اُونچی ہے وہ آپ کی ہے۔ اور بقیہ چار میں سے ایک آپ کے فرزند کی اور دو آپ کے بھتیجوں کی ایک والدہ کی ہے۔ احاطہ میں اور بھی قبور ہیں۔ اور جانبِ غرب ایک چبوترہ بطور مسجد بنا ہوا ہے۔ پہلے اس مقام پر تین گنبدوں والی ایک مسجد تھی جو اب سے تھوڑا ہی عرصہ پہلے تک قائم تھی۔

چار دیواری کے قدیم دروازے پر کاشی کاری نشانات اب تک موجود تھے۔ اور غور سے دیکھنے پر معلوم ہوتا تھا کہ اس پر باری تعالیٰ اور رسولِ خدا کے اسماء گرامی کے علاوہ خلفائے راشدین اور شاہزادگانِ مطہرین یعنی حضراتِ حسنین کے نام بھی کندہ تھے۔ لیکن حال ہی میں درگاہ کی مرمت کے دوران میں دروازہ پر بھی سفیدی پھیر دی گئی ہے۔ اور کاشی کاری کے ان نقوش کو پوشیدہ کر دیا گیا ہے۔ ظاہر ہے۔ کہ یہ چار دیواری دورِ مغلیہ کی تعمیر ہے۔ سید یعقوب زنجانی کے زمانے کی کوئی عمارت یہاں موجود نہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ دورِ مغلیہ میں لوگ آپکے مزار کے بہت معتقد تھے۔ تحقیقاتِ چشتی شاہد ہے کہ اس کے گرد و نواح دور تک قبریں عمارتیں اور مسجدیں تھیں جو سکھوں کے عہد میں برباد ہو گئیں۔ اب اس مزار کی ملحقہ زمین پر زنانہ ہسپتال اور سرائے رتن چند کی عمارات بنائی گئی ہیں۔ مزار کی چار دیواری کے شمالی جانب جہاں ہسپتال کے فیملی وارڈ ہیں اسلامی زمانہ میں لاہور کے قاضیوں کا قبرستان تھا جس کا اب نشان تک باقی نہیں رہا۔

Marfat.com

کیا سیّد حسین زنجانیؒ اور سیّد یعقوب زنجانیؒ ہم عصر تھے؟

بیان کیا جاتا ہے کہ جب سیّد یعقوبؒ لاہور تشریف لائے تو آپ کے ہمراہ شاہ حسین زنجانیؒ، ابو اسحاقؒ زنجانی اور امام علی الحق سیالکوٹی بھی تھے۔ ان میں سے مؤخر الذکر بزرگ سیالکوٹ میں مدفون ہیں۔ ابو الحق زنجانیؒ کے متعلق بجز اس کے اور کچھ معلوم نہیں۔ لیکن شاہ حسین زنجانیؒ کا معاملہ بڑا دلچسپ ہے۔ کیونکہ ایک طرف تو مفتی غلام سرور اور مولوی نور احمد چشتی ان کو صدر یعقوب زنجانیؒ کے ہمراہیوں سے بتاتے ہیں اور دوسری طرف مفتی صاحب امام شریعت و طریقت علی ہجویری المتوفی ۴۶۵ھ کے ذکر میں لکھتے ہیں۔ کہ جب ان کے مرشد ابو الفضل بن حسن الختلی نے ان کو لاہور جانے کے لئے کہا تو انہوں نے جواب دیا کہ وہاں تو میرے پیر بھائی شاہ حسینؒ زنجانی موجود ہیں۔ لہٰذا میرے جانے کی کیا ضرورت ہے۔ ابو الفضل نے جواب دیا کہ مباحثہ کی ضرورت نہیں بلا توقف وہاں چلے جاؤ۔ جب مخدوم علی ہجویریؒ لاہور پہنچے تو اسی شب شاہ حسینؒ زنجانی فوت ہو گئے اور بوقت صبح آپ شہر میں داخل ہوئے تو گروہ کثیر کو ایک جنازے کے ساتھ جاتے ہوئے دیکھا۔ استفسار پر معلوم ہوا کہ یہ جنازہ شاہ حسین زنجانیؒ کا ہے۔ یہ سُن کر آپ پر مرشد کے فرمان کی حقیقت ظاہر ہوئی۔ آپ حکمتِ الٰہی پر دم بخود ہو کر اس گروہ میں شامل ہو گئے اور نمازِ جنازہ و تدفین میں شرکت کی۔

مخدوم علی ہجویری ۴۳۱ھ مطابق ۱۰۳۹-۴۰ء میں لاہور آئے۔ اس لئے جو شخص اس وقت فوت ہوئے ہوں کس طرح رونق افروز ہو سکتے ہیں۔ یہ امر حیران کُن ہے کہ یہ دونوں باتیں مفتی غلام سرور مرحوم نے ایک ہی کتاب میں دو مختلف مقامات پر کس لئے درج کر دیں۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں باتوں میں سے ایک بات غلط ہے جہاں تک شاہ حسین زنجانیؒ کے جنازے میں مخدوم علی ہجویریؒ کی شرکت والی روایت کا تعلق ہے۔ وہ قرینِ حقیقت معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ اوّل تو یہ روایت بہت زیادہ مشہور ہے۔ اور امام طریقت مخدوم علی ہجویری کے ہر تذکرہ نگار نے اسے بیان کیا ہے۔ دوسرے یہ روایت بہت قدیم بھی ہے۔ اور اس کے سب سے قدیم ترین راوی حضرت نظام الدین اولیاءؒ المتوفی ۷۲۵ھ مطابق ۱۳۲۵ء جیسے مسلّم درویش اور مقتدر صوفی ہیں۔ اس لئے معلوم ہوا کہ مخدوم مذکور کے زمانے سے ڈیڑھ سو سال بعد بھی یہ روایت مشہور تھی۔ اور نظام الدین دہلویؒ جیسے مقتدر اور باخبر درویش اپنی محفل میں بیان فرمایا کرتے تھے۔ درویشوں کی معلومات عموماً ان کے مرشدوں اور مذہبی پیشواؤں سے ماخوذ ہوا کرتی تھیں اور نظام الدین محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ حضرت معین الدین چشتی اجمیری المتوفی ۶۳۴ھ کے روحانی خاندان میں سے تھے۔ اور جیسا کہ بیان ہو چکا ہے خواجہ اجمیری ۵۸۰ھ کے قریب لاہور تشریف لائے اور سیّد یعقوب زنجانیؒ سے آپکی ملاقاتیں ہوئیں۔

Marfat.com

لہٰذا اگر سیّد حسینؒ سیّد یعقوبؒ کے ہمراہی اور ہم عصر ہوتے تو خواجہ اجمیری ان سب سے بھی ملاقاتیں کرتے اور ان کے خاندان کا ایک متقدر درویش سیّد حسینؒ کو مخدوم علی ہجویری کا پیش رَو نہ بناتا۔ بلکہ صحیح روایت یہ ہے جو خواجہ نظام الدین اولیاءؒ نے اپنی محفل میں بیان کی اور جو یقیناً انہوں نے اپنے بزرگوں سے سنی ہو گی۔ اس تمام بحث کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا گیا ہے کہ سیّد حسینؒ زنجانیؒ ۴۳۱ھ میں فوت ہوئے اور سیّد اسمٰعیل محدثؒ مفسر مخدوم علی ہجویری، شیخ حسام الدینؒ وغیرہ بزرگوں کی طرح آپ کا تعلّق غزنوی دور سے ہے۔ لیکن اس امر کے متعلق کوئی شک نہیں معلوم ہوتا کہ سید حسینؒ اور سید یعقوبؒ اور غالباً ابو اسحاق زنجانیؒ بھی ایک ہی خاندان سے تعلّق رکھتے تھے۔ کیونکہ سیّد زنجانیؒ کا مزار بھی لاہور میں چاہ میراں کے قریب موجود ہے اور مزار سیّد حسینؒ اور مزار سیّد یعقوبؒ کی تولیت اور مجاورت ایک ہی خاندان کے پاس ہے۔ جس کے افراد سیّد یعقوبؒ کی اولاد اور زنجانی سیّد کہلاتے ہیں۔ اس خاندان کے اکثر افراد عالم، فاضل درویش اور شاعر ہو گذرے ہیں۔

خلاصتہً یہ کہ سید حسینؒ زنجانی مخدوم مکرم علی ہجویریؒ کے پیر بھائی تھے۔ غزنوی دور میں رونق افروزِ لاہور ہوئے۔ مسعود غزنوی کے عہد کے آخری ایام میں ۴۳۱ھ مطابق ۱۰۴۵ء میں فوت ہوئے۔ انہیں کے رشتہ داروں اور یک جدیوں میں سے سیّد یعقوب زنجانیؒ بہرام غزنوی کے عہد میں غالباً ان کی تقلید میں تبلیغ اسلام کے لئے آئے جن کی اولاد مدتوں مشعلِ علم کو تھامے فضائے لاہور میں شریعت و طریقت کی ضیا پھیلاتی رہی۔ اور آج لاہور کے بے شمار دیگر علمی خاندانوں کے افراد کی طرح گمنامی اور اپنے سلفِ صالحین کے مقابلے پر جہالت کی زندگی بسر کر رہی ہے۔

حضرت میاں میر صاحبؒ

حضرت میاں میر صاحب قدس سرہٗ مرید اور خلیفہ شیخ خضر سیستانیؒ کے اور بخاندان سلسلہ قادریہ عالیہ میں سے ہیں۔ آپ کے قبلہ والد بزرگوار قاضی سائیں دتہ صاحبؒ کے چار لڑکے تھے۔ ایک قاضی بولن دوسرے قاضی عثمان اور تیسرے قاضی طاہر تھے اور چوتھے حضرت میاں میر صاحب تھے۔ یہ حضرت صاحبِ کمال مشہور ہیں۔ ان کا تولد شہر سپستان میں سالِ نوسو ستاون ہجری ہوا۔ وفات آپ کی ۱۰۴۵ھ واقع ہوئی۔ عمر آپ کی اٹھاسی سال کی اور قریب ساٹھ ۶۰ سال رونق افزائے لاہور رہے۔

اوّل میاں میر صاحبؒ نے تلقین عرفان طریقہ قادریہ اپنی والدہ ماجدہ بنام فاطمہؒ بنت قاضی قاون سے پایا۔ بعدہٗ بتلاش پیر دستگیر کوہستان سپستان میں پھرنا شروع کیا۔ چنانچہ ایک دن ایک جنگل بیابان میں گرم

Marfat.com

تنور دیکھ کر اور کچھ بھانپ کر تین شبانہ روز وہاں انتظار کے بعد شیخ خضر جو موسم گرما میں اس گرم تنور میں بیٹھ کر عبادت کرتے تھے اور جاڑوں میں ایک تختہ سنگ پہ جو متصل تنور کے رکھا تھا بیٹھ کر مشغولِ عبادت رہتے تھے ملاقات سے مشرف ہوئے اور بشرفِ بیعت سرفراز ہوئے۔ اور چند سال بعد حسب الاجازت پیر روشن ضمیر روانہ لاہور ہوئے۔

طریقۂ اوقات بصری میں حضرت میاں میر صاحبؒ تمام رات شب بیدار رہتے تھے اور حبس نفس یہاں تک حاصل کیا تھا کہ اکثر ایک دم یا دو دم میں تمام رات گزرانتے تھے۔ اور جب عمر آپ کی اسی برس کی ہوئی اور ضعف غالب آیا تو چار دموں میں رات بسر فرماتے تھے۔ اور اس امر کو حضرت ملا شاہ صاحب جو مرید میاں میر صاحب تھے بھی تصدیق فرماتے ہیں۔

کرامتیں حضرت میاں میر صاحبؒ کی لا تعداد ہیں۔ مختصراً چشم دیدہ از دارا شکوہ بادشاہ یہ کہ ایک روز حضرت میاں میر صاحبؒ باغ میں متوجہ یاد الٰہی تھے کہ ایک قمری کسی درخت پہ بیٹھی ہوئی کوکو کر رہی تھی کہ ایک صیاد نے غلیلہ چلا کر قمری کو مار کر نیچے گرا دیا۔ اور اسے شکارِ حرام سمجھ کر چھوڑ گیا۔ دارا شکوہ حضرت کے حکم سے اسے اٹھا لائے۔ حضرت نے از روئے رحم اس مری ہوئی فاختہ پہ دست مبارک پھیرا تو وہ زندہ ہو کر اڑ گئی۔ اور پھر بدستور نغمہ کوکو ہوئی۔ وہ صیاد ناشاد کہ ہنوز باغ میں تھا۔ آواز اس کا سن کر لوٹ آیا۔ اور پھر اس کے مارنے کا قصد کیا۔ حضرت نے منع فرمایا تو وہ باز نہ آیا۔ چاہتا تھا کہ ہاتھ اٹھا کر غلیلہ چلائے کہ یکایک اس کے بازو میں درد اٹھی۔ غلیل زمین پہ گر گئی اور خود بھی وہ زمین پہ گر کر تڑپنے لگا۔ اس شخص نے توبہ کر کے قسمیہ اقرار کیا۔ اور حضرت کی دعا سے صحیح طور پہ تندرست ہوا۔

دارا شکوہ جو خلف شاہجہان بادشاہ ملا شاہ آپ کے مرید کا مرید تھا اور تعمیر روضہ عالیہ حضرت کی بھی اس نے کی ہے۔ اپنی تصنیف سکینۃ الاولیاء میں لکھتا ہے کہ ایک دفعہ جب کہ شاہجہان بادشاہ بہ ہمراہی دارا شکوہ سوار ہو کر حضرت میاں میر صاحبؒ کی خدمت میں جا رہے تھے۔ تو بادشاہ نے اپنے بیٹے سے مخاطب ہو کر کہا۔ کہ اگر پیر تمہارا کامل ہے تو آج ہمیں بے موسم انگور کھلائے۔ جب دونوں حضرت کی خدمت میں پہنچے۔ تو حضرت نے بلا تکلف حجرہ سے ایک خوانچہ انگور تازہ کا بھرا ہوا لا دیا۔

حضرت مادھو لال حسین رحمۃ اللہ علیہ

شیخ پیر محمدؒ نے جن کا تاریخی نام شیخ محمود اور جو خاص خادم حضرت مادھوؒ کے ہوئے ہیں۔ اپنی

Marfat.com

تصنیف موسومہ حقیقت الفقراء میں یوں تحریر فرمایا ہے :۔

آپ کا نام مشہور ڈھڈا حسین ہے۔ اور ڈھڈا پنجاب کے راجپوتوں کی ایک ذات ہے۔ آپ کے والد کا نام عثمان اور آپ کی بیعت بخدمت جناب حضرت بہلول رضی اللہ عنہ کی ہے۔ آپ کی تاریخ پیدائش ۹۴۵ ہجری کی اور کل عمر ترسیٹھ برس کی ہوئی ہے۔ دس برس کی عمر میں آپ کو پیر کامل ملے۔ بعد ازاں چھبیس برس تک بدرجہ کمال زہد و عابد رہے اور بقایا ستائیس برس آپ کے رندانہ میخواری میں گزرے اور آخر کار فوت ہوئے۔

فقر کے طالب کے لئے ان تین حروف کی تشریح میں فرماتے تھے کہ ف سے مراد ہے فرائض حق کا گزارنا۔ ق سے قناعت اور قربِ حق کو ڈھونڈنا اور رائے سے ریاضت اور رضا اور رائے دل غیر خدا سے پھیرنا اور راہِ حق پانا۔ ان کی ایک اپنی دستاویز سے درویش کے پانچ حروف یوں مشرح ہوتے ہیں۔ د سے مراد درد اور رائے ریاضت اور ریا کو چھوڑنا اور غیرِ حق سے رخصت ہونا۔ و سے مراد وحدت اور یا سے تمکین ہونا۔ یکرنگ و یکدل رہنا اور ش سے شکرِ حق ادا اور شکایت سے لب بند رکھنا۔

درویشانہ زندگی میں مقام بابو پورہ جواب باغبان پورہ کے نام سے مشہور ہے آپ زیادہ قیام فرما رہے ہیں۔ نورالدین جہانگیر بادشاہ کا اعتماد بخدمت حضرت حسینؒ کے بدرجہ کمال تھا۔ انہی کے حکم ہی سے مسمی بہار خان نے حضرت حسینؒ کے روزنامچہ کو خفیہ طور پر کتاب موسومہ بہاریہ کے نام سے تصنیف کیا تھا۔

معمولاً ایک دن حضرت نے شاہدرہ تشریف لے جانے پر ایک مصفا جگہ پسند فرما کر ایک چاہ کندہ کروانے اور سبزہ لگانے کی ہدایت اور فوتیدگی پر خود کو وہاں مدفون ہونے کو فرمایا۔ اور یہ بھی فرمایا کہ حضرت شیخ مادھو قدس سرہٗ العزیز شاہدرہ کے ایک ہندو برہمن قبیلہ کے چشم و چراغ ایک بار بصد آرائش شہر لاہور سے گزر کناں حضرت حسینؒ کی نظرِ فیضِ اثر میں مقبول اور مشرف بہ اسلام ہوئے۔ سولہ برس اپنے قبیلہ کے لوگوں کی پس و پیش کے بعد حضرت لال حسینؒ کے حضور میں مقام بابو پورہ جو اب باغبانپورہ کے نام سے مشہور ہے حضرت رہنے لگے اور بعدہٗ تا زیست متوجہ بدنیا نہ ہوئے۔ بسنت کے تہوار کی رنگینی انہیں پسند تھی۔ لہٰذا قبولِ اسلام کے بعد بھی منائی جانے لگی۔

ایک دفعہ جب شیخ مادھو کے والدین یکم ماہ بساکھ غسل گنگا پہنچے تو حضرت کی کرامت سے آنکھیں بند کرنے پر ایک قدم زنی میں رازِ ربانی سے خود کو بکنار گنگا دیکھ لیا۔ جہاں پر کہ بہ ہمراہی دیگراں غسل کیا۔ کچھ دیر بعد حسب الحکم حضرت کے مادھو ملازم راجہ مان سنگھ ہو کر دہلی چلے گئے اور مہماتِ دکن میں راجہ کے

Marfat.com

دشمنوں کو شکست دے کر پیر و مرشد کے پاس پہنچ گئے۔

حضرت حسینؓ کی وفات پہ اُن کی تصویر کو بغل میں لے کر رویا کرتے اور یہ شعر پڑھا کرتے تھے:۔

تو شدی با وصالِ حق ہمدم　　مادھو را گذاشتی در غم

تو شدی از جہاں نیاز و نعیم　　مادھو بے تو شد بدرد و نیم

حضرت لال حسینؒ کی وفات کے ایک سال بعد عالمِ رویا میں حضرت مادھو کو الہام ہوا کہ حضرت حسینؒ فرماتے ہیں کہ آپ لاہور سے ہندوستان کی طرف جا کر راجہ مان سنگھ کی دوبارہ نوکری کر اور بارہ برس سفر کر کے پھر یہاں آ۔ تعمیل کی گئی اور راجہ کے مر جانے پہ واپسی کی۔

اسی اثنا میں دریائے راوی میں سیلاب آیا اور پانی لال حسینؒ کے مزار تک چڑھ آیا۔ محمد صالح مرید نے قبر کو کھولا اور محض ایک گلدستہ گلہائے ریحان لٹکتا پایا۔ آواز بہ زبانِ حسین آئی کہ جنابِ الٰہی کی مہربانی سے میرا جسم گلدستہ بن گیا ہے اور یہی ہماری لاش ہے۔ بے سونگھے لے جاؤ اور مقام بابو پورہ میں دفن کر دو۔ جس کو میرے دیکھنے کی خواہش ہو۔ مادھو کہ اس سال میں آتا ہے دیکھے۔ مجھ میں اور اُس میں کچھ فرق نہیں۔ یہ ترانہ محمد صالح نے سب دوستوں کو سُنایا۔ اور اس گلدستہ کی دوبارہ نمازِ جنازہ ادا کی اور اسے باعزاز تمام لا کر جہاں اب مزار مقدس واقع ہے دفن کیا۔ جب حضرت کو تیرہ برس فوت ہوئے گزر گئے۔ تو حضرت مادھو نے کمال اپنا ظاہر کیا۔ یعنی ہند سے آ کر حضرت کے مزار پہ بطور سجادہ نشین ہو بیٹھے۔ اُس وقت قدرت الٰہی سے وہ ہم شکل حضرت حسین بن گئے۔ جو قدیمی دوست حضرت حسینؒ کے تھے وہ بھی یہی کہتے تھے۔ کہ حضرت حسینؒ نے دوبارہ جنم لیا ہے۔

حضرت مادھو کے فوت ہونے پہ تمام دوستوں نے بجلوائے تمام نمازِ جنازہ ادا کی اور ہم پہلوئے مزار حضرت حسینؒ قبر ان کی نکالی اور وہاں فرشِ گل بچھا کر اس نازنین محبوبِ حسینؒ کو لٹا کر دفن کیا گیا۔

حضرت کی خانقاہ پہ دو میلے ہوتے ہیں۔ ایک تو چراغوں کا میلہ اور دوسرا بسنت کا۔ چراغوں کے میلے کا تو یہ حال ہے کہ دور و دراز سے بے شمار لوگ ریل گاڑیوں میں مائل زیارت ہو کر آتے ہیں اور باوجود اس قدر وسعت باغ شالامار کے وہاں قدم رکھنے کی جگہ نہیں رہتی۔ بوٹے بوٹے کے نیچے ناچ و راگ و رنگ ہوتا ہے اور ایک دن اور ایک رات زائرین و حاضرین کی کثرت کا یہ حال ہوتا ہے کہ باغ اور مقام خانقاہ پہ اور وہاں سے تا بازار انارکلی اس قدر اژدہام مخلوق کا ہوتا ہے کہ "شنیدہ کے بود مانندِ دیدہ"۔ علیٰ ہذا القیاس بسنت کے روز بھی تل پھینکا زمین پہ نہیں گرتا۔

Marfat.com

حضرت شاہ محمدؐ غوث صاحب رح

آپ حضرت قدیمی ساکن پشاور سید حسنؒ کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کے جدِ امجد (دادا) سیّد عبداللہ گیلان سے آئے اور تمام ملکوں کی سیر کر کے ساکن پشاور ہوئے۔ حضرت شاہ محمد غوث صاحبؒ نے بھی تمام سابقہ ہندوستان میں سیر فرمائی اور حضرت شاہ دولہ اور دیگر صدہا بزرگانِ وقت کی خدمت سے فیضیاب ہوئے۔

حضرت شاہ محمدؐ غوثؒ سلسلۂ قادریہ سے تعلق رکھتے تھے اور آپ کو اجازتِ تلقین سلسلہ عالیہ چشتیہ و نقشبندیہ میں بھی تھی۔ آپ کی مشہور کرامات میں جبکہ دو شخص ایک گونگے اور ایک اندھے نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر جناب الٰہی سے شفا طلب دعا کروانے کے لئے نیازمندانہ عرض کی تو اندھا جناب کا دست مبارک آنکھوں پر رکھے جانے پر بینائی پا گیا اور گونگے کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا کہ کلمہ پڑھ۔ تو اُس نے اُسی وقت کلمہ شریف پڑھ دیا۔ وفات شاہ محمدؐ غوثؒ صاحب کی ایک ہزار ستتر (۱۰۷۷) ہجری میں واقع ہوئی مزار آپ کا دہلی دروازہ اور اکبری دروازہ کے مابین واقع ہے۔

حضرت بی بی پاکدامناں رحمۃ اللہ

یہ چھ بی بیاں ایک جناب مرتضیٰ علی کرم اللہ وجہہ کی صاحبزادی ہمشیرہ جناب حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی موسوم باسم رقیہ المشہور بی بی حاج اور پانچ صاحبزادیاں حضرت عقیل برادر حضرت علی المرتضیٰ علیہ السلام کی۔ جن کے نام یہ ہیں حضرت بی بی تاج، حضرت بی بی حُور، حضرت بی بی نور، حضرت بی بی گوہر، حضرت بی بی شہباز ہمشیرگانِ حضرت مسلمؒ حضرت بی بی رقیہ المشہور بی بی حاج صاحبہ منکوحہ جناب امام مسلمؒ تھیں۔

کہتے ہیں کہ جب جناب امام ہمام سیّد انام شاہ کربلا غریب پُر جفا یعنی حضرت سیّد الکونین امام حسین رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ سے روانہ حسب الطلب کوفیاں ہوئے تو یہ بیبیاں بھی ہمرکاب تھیں۔ نہم ماہ محرم الحرام کو جناب امام ہمامؑ نے حسبِ ایمائے باطنی جناب مرتضوی کے ان چھ بیبیوں کو حکم فرمایا "تم یہاں سے چلی جاؤ"۔ انہوں نے عرض کی کہ امام حسینؑ کو وہ چھوڑ کر کہاں جائیں اور اگر ایسا کہیں

Marfat.com

تو بروزِ قیامت بی بی فاطمہؓ کو کیا مُنہ دکھلائیں گی۔ آپ نے فرمایا کہ اے نورِ چشمان مَیں مجبور ہوں۔ حکم مرتضوی ایسا ہی ہے۔ مراقبہ کرکے دیکھ لو۔ ناچار بیبیوں نے عرض کی۔ اچھا ہم تابعدار ہیں جہاں حکم ہو چلی جائیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہند جانے کو ارشاد ہوتا ہے۔ پھر انہوں نے عرض کی کہ ہمارے دونوں فرزند آپ کے پاس رہیں تاکہ آپ کے قدموں پہ شہادت پائیں۔ آخر بعد دو کہ حضرت نے قبول فرمایا اور بیبیاں وہاں سے روانہ سابقہ ہند ہوئیں۔ دوسرے روز واقعہ ہائلہ جانگداز شہادت جناب سیّد مظلوم کا سُنا۔ بہت گھبرائیں مگر بخیالِ تعمیل حکم چلی آئیں۔ حتّٰی کہ لاہور آ پہنچیں۔ اور یہاں بمقام خانقاہ اُس وقت ایک ٹیلہ تھا اس پہ آ ٹھہریں۔ اس زمانہ میں گردونواح اس مقام کے کوئی کوٹھی ٹھٹھی یعنی بستی راجوں کی تھی۔ جب یہ بیبیاں یہاں پہنچیں تو بمجردِ برکت قدوم میمنت لزوم حضرت اہلِ بیت رسولؐ کے ان راجوں کے آتشکدے سرد ہو گئے اور بُتوں میں فتور اور خلل پڑ گیا۔ تو انہوں نے جو تشنیوں سے باعث اس تھلکہ کا پوچھا۔ سب نے سوچ بچار کرکے کہا۔ کہ یہاں کوئی عرب ترکِ اولاد رسول اللہؐ سے آئے ہیں۔ یہ ان کی برکت کا اثر ہے۔ انہوں نے بعد دریافت حال ان کی طلب کے واسطے ملازم بھیجے۔ اس امر سے یہ بیبیاں حیران ہوئیں کہ الٰہی ہمرسیدہ ستم ہیں۔ اوّل جدائی برادران اور واقعہ کربلا ہوا اور پھر ملک بیگانہ حتّٰی کہ کوئی ہماری بولی بھی نہیں سمجھتا۔ اس لئے آپ ان کے پاس تشریف نہ لے گئیں۔ اس پہ سردار نے ولیعہد کو بھیجا کہ یا تو اپنے ہمراہ ان کو لانا یا اپنی قلمرو سے نکال آنا۔ نام اس راجہ کا برماتری تھا اور بعضوں کے نزدیک مہابرن۔ اور اس کے بیٹے کا نام بکرماسہائے راوی کہتا ہے۔

جب یہ بی بی صاحبان تشریف لائی تھیں تو اُس وقت سات سو چار آدمی ولی اللہ حافظ قرآن ان کے ہمراہ تھے۔ جب وہ کنور حضرت کے پاس آیا اور حکم راجہ کا سنایا۔ تو آپ نے پہلے بمنت و سماجت فرمایا کہ بابا ہم غریب ہیں۔ مسافر ستم رسیدہ اور بے خانماں ظلم کشیدہ ہیں اور از حد بیکس ہیں۔ برائے خدا ہم کو تکلیف نہ دو۔ اگر تم ہمارے رہنے سے ناراض ہو تو ہم چلی جاتی ہیں۔ اور ماسوا اس کے ہمارے مذہب میں سترداری کا حکم بتاکید اللہ جاری ہے اس واسطے ہم راجہ تک نہیں جا سکتیں۔ اُس نے کہا۔ کہ مَیں مجبور ہوں۔ راجہ صاحب کی طرف آپ کو لے جانے پر مامور ہوں۔ آخر بی بی صاحبہ کلاں نے ولیعہد کو اپنے پاس طلب کیا اور ایک نظر توجہ سے اُس کو دیکھا وہ تاب نہ لا کر زمین پر گر پڑا۔ جب ہوش میں آیا تو رویا اور حضرت کے قدم مبارک پر گر کر درخواست تعلیم و تلقین دینِ اسلام کی صدق دل سے مسلمان ہوا۔ جب یہ خبر راجہ کو پہنچی تو وہ نہایت متردد ہوا۔ تمام ہندوؤں کو بلوا کر شورش مچادی اس

Marfat.com

سے بی بی صاحبان بہت خائف ہوئیں اور جناب الٰہی میں عرض کی کہ یا اللہ ابھی خوفِ حادثۂ کربلا ہمارے دلوں سے نہیں گیا کہ یہ دوسرا حادثۂ عظیم برپا ہوا ہے۔ ہم چاہتی ہیں کہ ہم پس پردہ ہو جائیں۔ یا الٰہی زمین کو حکم دے کہ ہم کو امان دے۔ یہ دعا ان کی قبول ہوئی اور اسی وقت زمین میں شگاف ہو گیا۔ اور تمام بیبیاں اس میں سما گئیں۔ اور پوشیدہ ہونے سے پہلے بہت اشخاص ہمراہیاں کو آپنے رخصت عنایت کی۔ اور فرمایا کہ اپنے اپنے وطنوں کو چلے جاؤ۔ چنانچہ وہ اتباعاً للحکم چلے گئے اور صرف چار حافظ جن کے نام یہ ہیں۔ ابو الفتح۔ ابو الفضل۔ ابو المکارم۔ عبداللہ حضرات کی خدمت میں باقی رہے۔ اور قبرین ان کی قبر بیوی تنوری کے غرب رویہ موجود ہیں اور وہ بھی آپ کے ساتھ ہی زمین میں سما گئے۔ جب اس کنور نے یہ کرامت ان کی دیکھی تو صدق دل سے فقیر ہو گیا اور یہاں مجاور ہو بیٹھا۔ اُس وقت حضرات بیبیاں کے دوپٹوں کے پلے بر روئے زمین نظر آتے تھے۔ اُس نے انہیں نشانیوں پر قبور بنائیں۔ چند روز وہ پلے نظر آتے رہے پھر وہ بھی ناپید ہو گئے۔ جب کفار نے یہ کرامت دیکھی تو دم بخود ہو گئے اور کئی ایک ایمان لے آئے۔

مشہور ہے کہ جب وہ کنور مسلمان ہو گیا تو بی بی صاحبان نے ان کا نام عبداللہ رکھا اور بعد چندے وہ عبداللہ بنام باباخاکی معروف ہو گیا۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ اس کا نام محمد جمال رکھا گیا تھا۔ الغرض اس کی اولاد اب تک مجاور خانقاہ عالیجاہ ہے اور راجپوت کہلاتی ہے۔

حضرت بیبیاں کے چار سو سال تک راجہ ہائے ہنود ٹک الملک رہے اور ان راجوں کا دار الخلافت ان ایام میں شہر منوہر پور علاقہ دہلی تھا۔ بعد اس کے سلطان محمود غزنوی نے یہاں آ کر حضرات کا ذکر سُنا اور ارادت قلبی سے چار دیواری پختہ اور خانقاہ میں چند والان تعمیر کرائے۔ بعد ازاں بعہد اکبر بادشاہ بہت عمارات تیار ہوئیں اور قبرستان بھی مقرر ہوا۔

حضرت شاہ خیر الدین ابو المعالی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

بموجب کتاب موسومہ سفینۃ الاولیاء مصنفہ دارا شکوہ حضرت دہم ماہ ذی الحجہ بروز عید الضحیٰ بروز دوشنبہ سنہ ۹۰۶ھ کرمانی سیّد خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا اسمِ گرامی سیّد رحمت اللہ بن میر سیّد فتح اللہ ہے اور آپ عہد اکبر و جہانگیر و شاہجہان میں حضرت میاں میر صاحب کے ہم عہد ہوئے ہیں اور واقعہ وفات آپ کا سولہویں سو نو میں ماہ ربیع الاوّل سنہ ۱۰۲۵ھ میں ہوا ہے۔

Marfat.com

حضرت نے اپنا مقبرہ واقع موجودہ دل محمد روڈ پر اپنی حینِ حیات بنوانا شروع کیا تھا۔ ہنوز تکمیل پذیر نہیں ہوا تھا کہ حضرت فوت ہو گئے۔ بعد میں محمد باقر صاحب نے تکمیل پذیر کروایا۔ مقبرہ کی مغربی جانب ایک عالیشان مسجد حضرت نے خود بنوائی تھی۔ بعہدِ سکھاں غوثی خان توپ خانہ والا نے اسے دوبارہ تعمیر کرایا اور سفیدی مقبرہ کی بھی کرائی۔ وہ پنجرہ چوبی جو مقبرہ کے اندرونی چاروں طرف بنا ہوا ہے وہ نورِ ایمان والا لکے زئی زین فروش نے بنوایا تھا۔

اس مقبرہ میں ہمیشہ سے کبوتر رہتے ہیں۔ اور وہ اوّل یہاں کو ثر شاہ محمدؐ درویش برقہ پوشؒ نے جو صاحبزادہ کلاں حضرت کے تھے رکھا۔

اس احاطہ کی چار دیواری میں ایک جگہ دو قبریں خام حضرت امام جعفر و حضرت امام صادق کی ہیں یہ قبریں عہدِ سلطان محمود غزنوی کی ہیں۔ ذکر ان کا یہ ہے کہ یہ شہید ہیں۔ سر ان کا کافروں نے کاٹ لیا۔ دھڑ ان کا لڑتا لڑتا یہاں تک آیا۔ تو کسی نے کہا دیکھو کیا تعجب ہے کہ بے سر بدن چلے آتے ہیں۔ یہ سُنتے ہی آپ گر گئے اور یہی ان کی قبور ہیں۔

دارا شکوہ کی سفینۃ الاولیاء اور تذکرۃ العارفین میں درج ہے کہ ملا نعمت اللہؒ برادرِ حضرت ملا شاہ صاحب (مرشدِ دارا شکوہ) ایک روز بخدمت حضرت شاہ ابو المعالیؒ کے تشریف لائے۔ اُسی وقت ایک خادم حضرت کا ان کی خدمت میں ایک بہت عمدہ تسبیح لے کر حاضر ہوا۔ اور حضرت کو بطور نذر دی۔ ملا نعمت اللہ شاہؒ صاحب کے دل میں خیال گزرا کہ اگر یہ حضرت ولی کامل صاحبِ کشف ہیں تو یہ تسبیح مجھ کو عطا کریں گے۔ چنانچہ بوقت رخصت حضرت نے اُن کو پاس بلایا اور فرمایا کہ یہ تسبیح لے لو تمہاری نذر ہے اور اس پر درود شریف پڑھا کرو کہ ثواب اعظم پاؤ گے۔ دوسرے یہ ملا شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں "ایک روز میرے دل میں خیال گزرا۔ کہ میں دل و جان سے معتقد حضرت غوث الاعظمؒ کا ہوں۔ آیا غوث الاعظمؒ بھی میرے اس اعتقاد سے واقف ہیں یا نہیں۔ اس پر میں نے رات کو خواب میں دیکھا کہ ایک بیابان لق و دق ہے اور اس میں میں اکیلا سر برہنہ کھڑا ہوں۔ اتنے میں حضرت غوث الاعظم تشریف لائے ہیں اور مجھے ایک دستار سفید عنایت فرمائی ہے۔ اور فرمایا ہے کہ اے ملا شاہؒ! ہم تمہارے حال سے بے خبر نہیں بلکہ تمہاری اس وقت کی برہنگی سے بھی واقف تھے۔ اس لئے ہم نے تم کو دستار عطا کی ہے۔ جب صبح ہوئی اور میں گھر سے باہر نکلا تو ایک خادم نے بتایا کہ حضرت شاہ ابو المعالی صاحبؒ نے مجھے یاد فرمایا ہے اور جب میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرت شاہ ابو المعالی صاحبؒ نے ایک دستار سفید مجھ کو عطا فرمائی اور فرمایا کہ یہ وہی دستار ہے جو رات کو حضرت غوث الاعظم نے آپ کو بخشی تھی"۔

Marfat.com

حضرت میراں سیّد محمدؐ شاہ موج دریا بُخاری قدس سرّہ

حضرت محمدؐ شاہ بنِ سیّد صفی الدّینؒ کلاں المشہور موج دریا بخاری اولاد حضرت میر سید جلال الدین المشہور بمیر سرخ ہیں۔ اپنے آبا کی طرح اوچ میں تشریف فرما تھے جبکہ چتوڑ گڑھ کے قلعہ کی فتح کے لئے اکبر بادشاہ نے نجومیوں سے مشورہ طلب کر کے آپ کی خدمت میں سانڈھنی سوار بھیج کر عرض معروض پہنچائی۔ کہ حضور موقع پر تشریف لا کر امداد فرمائیں۔

حضورؒ نے سانڈھنی سواروں کو واپس بھیج دیا اور فرمایا کہ ان لوگوں کے واپس اپنے لشکر میں داخل ہوتے وقت ایک سخت آندھی کے آجانے سے سب چراغ بجھ جائینگے اور جہاں محض ایک ہی جگہ ایک چراغ روشن دکھائی دے۔ وہ لوگ حضور سے ملیں۔ بادشاہ اکبر پا برہنہ ارشادِ گرامی کی تعمیل میں خود حاضر ہوئے حضورؒ کے دعا فرمانے پر قلعہ فتح ہو گیا اور حضورؒ نے بادشاہ کے متواتر معروضات کی بناء پر لاہور رہنا قبول کر لیا۔ جاگیر مقرر کی گئی مگر اس کی تمام آمدنی فقراء و مساکین کی خدمت میں صرف کر دیتے تھے۔ اور لنگر حضرت کا تین جگہ تقسیم ہوا کرتا تھا۔

اکبر بادشاہ نے ان کا مقبرہ انارکلی بازار کے دکن کی جانب خود بنوایا۔ اس مقبرہ میں گیارہ قبریں ہیں۔ ایک تو خود حضرت کی اور دو دونوں صاحبزادوں کی کہ سیّد صفی الدینؒ اور سیّد بہاء الدین تھے۔ اور یہ دونوں حقیقی بھائی ہیں۔ اور تیسری قبر سید عبدالرحیمؒ بنِ سیّد صفی الدین نبیرہ حضرت کی اور دو قبریں ان کے دونوں صاحبزادوں کی اور دو ان کی دونوں زوجہ کی زنانی قبریں ہیں اور پانچ قبریں اور نبیرہ ہائے حضرت کے اندرون روضہ کے واقع ہیں۔

حضرت محمد اسمٰعیل صاحب رحمۃ اللہ المشہور میاں وڈا

یہ خانقاہ شالامار باغ کے نزدیک واقع ہے۔ اس خانقاہ میں چار قبور مشہور مفصلہ ذیل کی ہیں۔ ایک حافظ محمدؐ اسمٰعیل صاحبؒ المشہور میاں وڈا کی۔ دوسری حضرت جان محمد صاحبؒ کی۔ تیسری حضرت نور محمدؐ صاحبؒ کی اور چوتھی میاں حافظ محمد صالحؒ کی۔

حضرت حافظ محمد اسمٰعیل صاحبؒ المشہور بڑے میاں، بڑے ولی کامل اور صاحب تاثیر مشہور ہیں۔ خاندان

Marfat.com

ان کا سہروردیہ اور وطن قدیمی موضع ترکراں علاقہ پوٹھوہار میں۔ قوم کے کھوکھر اور نام ان کے والد بزرگوار کا فتح اللہ بن عبداللہ خان بن سرفراز خان جن کا بھائی شہنواز خان بڑا معزز اور منصبدار ہوا ہے۔ موضع ترکراں میں آبا و اجداد میاں وڈاؒ صاحب کے کارِ زراعت کیا کرتے تھے۔ مگر میاں فتح والد ان کے صاحبِ علم ظاہری و باطنی تھے۔ جن کا مزار موضع جبہہ میں لبِ دریائے چناب واقع ہے۔

میاں وڈا صاحب ۹۹۵ھ میں تولد ہوئے۔ بعد اس کے ان کے والدین موضع لنگر مخدوم عبدالکریم صاحبؒ لبِ دریائے چناب آ کر رہے۔ پانچ سال کی عمر میں میاں وڈا صاحبؒ کو مخدوم عبدالکریم عارفِ کامل کے سپرد تحصیلِ علمی کے لئے کیا گیا۔ جہاں کہ بالغ ہو کر آپ نے استادؒ کی از حد خدمت کی۔ اور استاد کی طرف سے ان کے تحصیل علوم کے لئے خدمتِ آسیاسائی مقرر ہوئی۔ ایک دن آٹا وقت پر نہ پہنچ سکنے پر استاد نے ایک طالب علم کو دیری کی وجہ کے معلوم کرنے کو بھیجا۔ تو اس درویش نے بمقام مسکونہ میاں وڈا صاحب پہنچ کر مشاہدہ کیا کہ میاں صاحب مشغول بہ تلاوت قرآن شریف ہیں اور چکی خود بخود بلا امداد غیرے قدرت الٰہی سے نمونہ قدرت لایزالی ہو کر پھر رہی ہے۔ یہ رپورٹ ملنے پر حضرت مخدوم عبدالکریم صاحبؒ خود موقع پر پہنچ کر متعجب ہوئے اور ان کی آسیاسائی کی تکلیف کو تکلیف عالم الغیب تصور کر کے موقوف کیا اور فرمایا کہ میاں صاحبؒ تمام روز مشغول تحصیل علوم رہا کریں اور فقط دو وقفہ دودھ ان کے مویشیوں کا دوہ کر ان کے ہاں پہنچا دیا کریں۔ کچھ دیر آپ اس خدمت کو بجا لاتے رہے۔

ایک دن مخدوم صاحب اپنے کوٹھے پر بیٹھے ہوئے کیا دیکھتے ہیں کہ میاں وڈاؒ صاحب کے سر پر سے قدرے بلند مجمع ظروف شیر اٹھایا ہوا چلا آتا ہے۔ اس وقت اُن کو باعزازِ تمام بلا کر فرمایا۔ کہ آپ ولی کامل ہو گئے ہیں۔ اور چونکہ رشتہ شاگردی اور استادی میں تکلیف عائد ہوتی ہے۔ اس لئے مناسب ہے کہ آپ وہاں سے تشریف لے جائیں۔ مرشد کے اشارہ پر آپ لبِ دریائے چناب جہاں ایک درختِ شیشم سایہ فگن تھا آ کر بیٹھ گئے۔ طالب علم آنے شروع ہوئے جو ایک سو چالیس کی تعداد تک پہنچ گئے۔ اتفاق سے قحط پڑا۔ یہاں تک کہ آپ کے شاگرد بھی گرسنگی سے تکلیف پانے لگے۔ ایک روز کوئی ضعیفہ ایک روٹی پکا کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ حضرت نے اس سے روٹی لے کر اس طالب علم کو جو آپ کے نزدیک بیٹھا تھا عنایت کی اور اُس نے دوسرے کو دی۔ حتیٰ کہ وہ روٹی مکرر حضرت کے پاس آ پہنچی۔ آپ بہ حالِ محبت باہم دیگر دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا تم علائقِ جسمانی سے آزاد ہو گئے۔ اب تم چاہو تو بطور طیور اڑ سکتے ہو۔ اس حالت میں آپ کو حالت ہو گئی۔ اور حالت حالت میں بول اُٹھے۔ کہ تم سب کے سب اڑ جاؤ یہ سنتے ہی وہ تمام اُڑ گئے۔ اور اپنے اپنے مقامات متوطنہ میں پہنچ کر عارف کامل ہو گئے۔ بوقت طیر ایک

Marfat.com

طالب علم کو کہ جس کا نام محمد فاضل تھا آپ نے عصائے مبارک مار کر کہا کہ تو ہمارے پاس رہو۔ وہ گر پڑا مگر صدمہ ضرب عصا سے لنگڑا ہو گیا۔ اسی وجہ سے ہی جو موضع وہاں بمقام درخت شیشم آباد ہے اس کا نام موضع لنگے مشہور ہے۔ وہاں تدریس ہوتی ہے اور وہیں محمد فاضل لنگے کی قبر زیارت گاہ خلائق ہے۔

حضرت سیّد عزیز الدّین الحسنی الحسینی المشہور پیر مکی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ سیّد عزیز الدّین پیر مکی ساداتِ بغداد میں سے تھے اور تصوف کے سلسلۂ جنیدیہ سے تعلّق رکھتے تھے حصولِ تعلیم کے بعد عنفوانِ شباب میں مکّہ کا رُخ کیا۔ وہاں بارہ سال مقیم رہے۔ اور عبادت و ریاضت میں مشغول رہے۔ اسی باعث شیخ مکی کے لقب سے ملقب ہوئے۔ اس کے بعد مختلف ممالک کی سیر کرتے ہوئے ۵۷۴ھ (۱۱۷۸-۹ء) خسرو ملک غزنوی کے عہد میں لاہور تشریف لائے اور یہاں رشد و ہدایت کا بازار گرم کیا اور آپ کے اثر سے کئی سعید روحیں جادۂ حق پہ گامزن ہوئیں۔ کامل ۳۶ برس لاہور میں رہ کر ۶۱۲ھ میں قطب الدین ایبکؒ کی وفات کے پانچ سال بعد سلطان شمس الدین التمش کے عہد میں راہیٔ ملکِ عدم ہوئے۔ ان کا مزار اب تک ٹکسالی دروازہ کے باہر نئی آبادی میں موجود ہے۔ لیکن وہاں اس دور کی کوئی عمارت نہیں۔ مزار کی چار دیواری اور مسجد حال کی تعمیر شدہ ہیں۔

حضرت عبدالرّزاق شاہ چراغ گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت عبدالرزاقؒ المشہور شاہ چراغ بن سیّد عبدالوہابؒ بن سیّد عبدالقادرؒ ثالث کے بزرگترین سادات سے ہیں۔ انہوں نے حج بھی کیا تھا۔ جب یہ پیدا ہوئے تو حضرت عبدالقادرؒ ثالث نے فرمایا کہ یہ ہمارے خاندان کا چراغ ہوگا۔ شاہجہان بادشاہ ان کا نہایت معتقد تھا اور چاہتا تھا کہ حضرت کے کسی فرزند کے ساتھ اپنی لڑکی یعنی دختر کی شادی کرے۔ مگر آپ نے قبول نہ فرمایا۔ ۱۰۶۸ھ ایک ہزار اڑسٹھ میں وفات ان کی واقع ہوئی۔ اس روز جمعہ بائیسویں ذیقعدہ کی تھی۔ مگر عرس ان کا ہفدہم ربیع الثانی کو مقرر ہو گیا ہے۔ جہاں اب روضہ منورہ ان کا ہے اس وقت بعملداری مغلیہ یہاں کا محلہ گزر امرا شاہی کے لنگر خان کے نام پہ مشہور تھا۔ اور اکثر اشخاص اس گزر کو آپ کے نام سے بھی نہ بان زد کیا کرتے تھے۔

مقبرہ شریفہ آپ کا لب سڑک جنوب رویہ لاہور و شرقرویہ کوٹھی مسکلوڈ صاحب بہادر کے واقع

Marfat.com

ہے اور اس مُقبرہ کی مغرب کی طرف دفتر اکونٹنٹ جنرل دیوار بدیوار مقبرہ کے مسجد متصلہ قدیمہ اسی جانب میں بھی اب کچھ سال سے مقرر نہ ہی ہوچکا ہے۔ چنانچہ اس مسجد کو بوضع بنا لیا ہے۔ مگر برج وغیرہ دیواریں اسی مسجد کی بدستور موجود قائم کھڑی ہیں۔ یہ صاحب بھی بڑے بزرگ ہیں مقبرہ پرانا اور دروازہ چوبی جنوب رویہ آمد و رفت کا ہے اور دروازہ کے اوپر پنجرہ گلی ہے۔ یہ حضرت جناب موج دریا بخاری کے سالے کے بیٹے ہیں۔ شروع عہدِ عالمگیر بادشاہ میں یہ مقبرہ حسب الحکم عالمگیر کے بنا ہے۔ اندر اس مقبرہ کے آٹھ قبریں ہیں ایک تو حضرت شاہ چراغ کی جن کا اصلی نام عبدالرزاق معروف شاہ چراغ تھا اور دوسرے زین العابدین صاحبزادے ان کے اور تیسرے سیّد عبدالقادر ثانی کے اور بقیہ سات صاحبزادی ان کے اور یہ حضرت سیّد گیلانی ہیں۔ اور اس نواح کا نام بوقت آبادی بیرون شہر لاہور کے محلہ لنگر خان تھا اور بجدہٗ جناب محمد غوث بالا پیر نے ست کدہ سے آکر یہاں ایک محلہ رسول پورہ آباد کیا۔ اور محمد غوث بالا پیر کے صاحب زادہ کا نام عبدالوہاب۔ قبر ان باپ بیٹوں کی ست کدہ میں ہے۔ اور عبدالوہاب کے صاحبزادے سید عبدالرزاق المشہور شاہ چراغ ہوئے اور سب لوگ ان کو بزرگ جانتے ہیں۔ اور غرب رویہ اس مقبرہ کے ایک مسجد جس کے پانچ گنبد چار خورد اور ایک کلاں موجود ہیں۔ اور یہ مسجد نواب خان بہادر نے بایں تقریب بنوائی تھی۔ کہ اس کی والدہ کی قبر یہاں ہوئی۔ گرد و نواح اس مقبرہ کے ایک چار دیواری خشتی ہے۔ اور اس چار دیواری میں قبرستان ہے جس میں ۳۹ قبریں ہیں۔ اور دیواری شرقی کے متصل قبر والد خان بہادر نواب کی خشتی پختہ زیرِ درخت موجود ہے اور مسجد اب دفتر اکونٹنٹ میں آگئی ہے۔ اور مسجد کے دور غرب رویہ ایک اور چبوترہ ہے۔ اس پر چار دیواری بوسیدہ معہ مزار ثبوت شاہ مرید حضرت شاہ چراغ صاحب کے ہے اور درخت ون کھڑا ہے اور مقبرہ حضرت شاہ پر بروز پنجشنبہ خوب شتری بجتی ہے اور چار دیواری میں غرب رویہ قبر والدہ اندر چار دیواری کے فرش پختہ خشتی شکستہ سا موجود ہے۔ قبل میں یہ کبھی بطور باغیچہ ہوگا۔ کیونکہ اب بھی خیاباں پختہ نظر آتے ہیں۔ اور روزِ فوت ان کا ۱۷ ربیع الاوّل سال وفات ۱۰۹۲ھ ہے اور تاریخِ وفات مفتی غلام سرور مصنّف تذکرۃ العارفین نے اس طرح لکھی ہے۔

سید گیلاں کریم ابن الکریم — آں چراغِ خانہ دین و متین
عبدالرزاق ست نام نامیش — بود شاہ و سیّد روئے زمین
بر تاریخ وصالِ آں جناب — گفت سرور میر شمس العارفین

۱۰۹۲ھ اور جنوب رویہ مقبرہ کے چار دیواری کے کوٹھہ شکستہ مسکونہ فقیر ہے۔ قبل از عملداری صاحبان عالیشان بعد سکھاں یہ مسجد وغیرہ زمین فقیروں کے پاس تھی۔ اب صرف تھوڑی سی جگہ ان کے پاس ہے

Marfat.com

اور مالک مکان کے حضرت شاہ چراغ کی اولاد میں سے حضرت شاہ سردار ہیں اور یہ سجادہ نشین علاقہ دوآب میں موجود ہیں اور اس مقام پہ ایک فقیر موجی شاہ ہے۔ ان کا بٹھلایا ہوا ہے اور مدت مدید سے یہی خدمت کرتا ہے اور یہی آمدنی لیتا ہے اور یہ فقیر آبا و اجداد سے خادم اس مقبرہ کا ہے اور "اس کی زبان سے یہ تمام احوال حضرت کا تحریر ہوا"

حضرت عبداللہ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

یہ حضرت قوم کے بلوچ سلسلہ عالیہ قادریہ کے پیرو اور قدیم سے ساکن موضع مزنگ رہے۔ زمان شاہ کے پشاور کی طرف سے لاہور آنے کے وقت آپ زندہ تھے۔ کوٹ عبداللہ متصل مزنگ۔ ڈھوڈھی نزد نولاں کوٹ نیاز بیگ۔ قلعہ غوث متصل گوہر پور اور گوجر سنگھ کا قلعہ بختاری ان کے آباد کردہ ہیں۔ اشعار آپ کے پنجابی عارفوں والے مشہور ہیں۔

ایک سوالی کی عرض معروض پر سکے کو سونا کر دینا آپ کی کرامت میں داخل تھا اور فقیر کے ایسے عطیہ کو اگر حاجتمند تشکر و اطمینان سے چھوڑ گیا تو شیخ فیض جیسے آپ کے مرید نے ایسی خداداد زر سے لاہور بھر کے کنوؤں میں رسیاں اور بوکے ڈلوائے۔ وفات آپ کی جمادی الاول سال بارہ سو بارہ ۱۲۱۲ھ میں واقع ہوئی۔ دنیوی زندگی آپ نے اسی برس کی پائی ہے۔ مقبرہ آپ کا سردار خان بلوچ نمبردار مزنگ نے بنوایا ہے۔ ہر سال جمادی الاول کی آٹھویں سے گیارھویں تک ان کے مزار پہ میلہ لگتا ہے۔ دو روز شیخ لوگ جو ان کے مرید ہیں اور تیسرے روز بلوچ لوگ عرس کرتے ہیں اور چوتھے روز فاتحہ خوانی ہوتی ہے۔

سیّد احمد توختہ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ

یہ بزرگ ترمذ میں سے تھے۔ حصولِ تعلیم کے بعد مختلف ممالک سے ہوتے ہوئے تبلیغ اسلام کے لئے ان کے لاہور تشریف لانے کا سال معلوم نہیں ہو سکا۔ تصوّف کے سلسلہ جُنیدیہ سے تعلق رکھتے تھے۔ یہ سلسلہ حضرت جُنید بغدادی سے منسوب ہے۔ قرونِ وسطیٰ میں اس سلسلے کے بے شمار مشائخ اس سلسلے کے آتے رہے۔ جن میں علی ہجویریؒ المتوفی ۴۶۵ھ و حضرت ابو اسحاقؒ گازرانی المتوفی ۷۸۶ھ مدفون صحن مسجد وزیر خان لاہور قابلِ ذکر ہیں۔ پنجاب کے اکثر لوگ جُنیدی مشائخ کی کوششوں ہی سے دائرہ اسلام میں شامل ہوئے

Marfat.com

حضرت سیّد عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی جُنیدی تھے۔ ان کے بعد اس سلسلہ کے درویش بجائے جُنیدی کے قادری کہلانے لگے۔ جُنیدیہ قادریہ سلسلہ کے ان بے شمار بزرگوں کے تاریخی مقبرے پنجاب کے مختلف شہروں میں موجود تھے۔ جن کی تعلیمات نے پنجاب کے لوگوں کے تمدّن اور مذہب اور خیالات پہ بہت گہرا اثر ڈالا تھا

سال وفات:۔ حضرت سید احمدؒ توختہ کا سالِ وفات سنہ ۶۰۲ھ بمطابق سنہ ۱۲۰۶ء ہے اور اُس کا سادہ تاریخ "مرشدِ پنجاب" ہے۔ واضح رہے کہ یہ وہی سال ہے جس میں سلطان محمد غوری لاہور سے غزنی جاتے ہوئے جہلم کے قریب "دمیک" کے مقام پہ مارے گئے تھے اور ایبک بجائے نائب السّلطنت ہند کے اس ملک کا فرماں روا بن گیا تھا۔

مقبرہ۔ حضرت سید احمد توختہ ترمذی کا مزار شریف شہر کے اندر محلہ چلّہ بیبیاں میں پیر دستگیر صاحب نامی کے رہائشی مکان میں واقع ہے۔ یہ صاحب سید احمد توختہ کی صاحبزادی حضرت بی بی حاج کی اولاد سے ہیں۔ دورِ اسلامیہ میں حضرت سید احمد توختہ کے مزار پہ ایک عالیشان سنگِ مرمر کا گنبد تھا اور اس کے متصل ایک مختصر سا قبرستان بھی تھا۔ مگر راجہ رنجیت سنگھ نے غالباً سنہ ۱۸۰۹ء کے بعد لاہور اور امرتسر میں جدید تعمیرات میں صرف کرنے کے لئے لاہور کے آثارِ قدیمہ پہ سے سنگِ سرخ اور سنگ مرمر اُتروانا شروع کیا۔ اس وقت شہر اور اس کے نواح میں بے شمار قدیم مقبرے، مسجدیں، مقبریں، حمام، حویلیاں اور سرائیں موجود تھیں مولوی نور احمد چشتی اور رائے بہادر کنہیا لال کا بیان ہے کہ بہت سی قدیم یادگاریں محض حصولِ پتھر کے لئے برباد کر دی گئیں اور صرف وہی یادگاریں باقی بچیں جو بے حد مستحکم ہیں۔ مفتی غلام سرور کے اندازے کے مطابق اس میں دو ہزار کے قریب آثارِ قدیمہ تباہ و برباد ہوئے۔ جو عمارتیں استحکام کے سبب بے دردی سے پتھر اُتارنے کے باوجود بچ رہیں اُن کی حالت بھی مقبرۂ آصف خان واقع شاہدرہ کی طرح مرقعِ عبرت ہے۔ گنبد، فرش اور دیواریں دیکھ کر یوں معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کسی طاؤسِ زیبا کے پر نوچ لئے گئے ہیں۔ اسی دور میں پتھر اُتارنے کے صدمہ سے مزار سید احمد توختہ بھی گر گیا اور ملحقہ قبرستان بھی لٹ گیا۔ انگریزی عہد کے آغاز میں اس کے گرد رہائشی مکانات تعمیر ہو گئے اور سیّد صاحب کی قبر کو متوفی نے اپنے مکان میں لے لیا۔

ہمیں معلوم نہیں ہو سکا۔ کہ یہ مقبرہ کب بنوایا گیا اور اس کا بانی کون تھا۔ اگر یہ عمارت اب موجود ہوتی تو اس کے طرزِ تعمیر سے اس کے زمانۂ تعمیر کا تعیّن کیا جا سکتا ۔

Marfat.com

حضرت حاکم علی شاہ صاحب المعروف ابو الرضا رحمۃ اللہ علیہ

آپ کوٹلی ضلع گوجرانوالہ میں ۱۲۹۷ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد ماجد کا اسم گرامی شہاب الدین تھا جو نہایت صالح اور دیندار تھے۔ گیارہ برس کی عمر میں آپ حافظ قرآن پاک اور واقفِ حدیث و فقہ ہوئے اور چودہ سال کی عمر میں اگرچہ والد کے سایہ سے محروم ہو گئے مگر کتب بینی اور قرآن پاک کی تلاوت کا شوق بتدریج بڑھتا ہی گیا۔ کہتے ہیں کہ ایک دن جب کہ آپ قرآن پاک کی تلاوت میں مشغول تھے کہ آپ کے ایک صاحبزادے کی علالت میں حالت خراب دیکھ کر آپ کی اہلیہ نے فوری گھر تشریف لے آنے کا پیغام بھیجا۔ مگر آپ اپنی مقررہ منزل ختم کرنے پر ہی تشریف لائے۔ اس اثنا میں آپ کے صاحبزادہ کا انتقال ہی ہو چکا تھا۔ چنانچہ آپ کی والدہ ماجدہ نے جو اس وقت حیات تھیں خشم آلودہ طریق سے کہا "اب کیا لینے آئے ہو۔ جاؤ! تم قرآن کے اور قرآن تمہارا"۔

آپ کی بیعت بخدمت گرامی حضرت میاں شیر محمد صاحبؒ شرقپوری میں تھی۔ تصوّف کی تمام منازل وہیں طے کر لینے اور حضرت میاں صاحبؒ سے کلاہ و دستارِ خلافت عطا ہو جانے پر بہ اجازتِ تمام بسوئے لاہور رُخ فرما ہوئے۔ راستہ کی آبادیوں میں قیام کرتے اور توحید و رسالت کا ڈنکہ بجاتے ہوئے موضع پکی ٹھٹھی۔ ملتان روڈ لاہور پر ڈیرہ لگایا۔ یہاں عوام کو ہدایات دیں۔ ایک مسجد تعمیر کروائی۔ تریسٹھ برس کی عمر میں ۱۳۶۰ھ کے اندر راہیٔ ملکِ بقا ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ آپ کے وصال پر ایک ہفتہ متواتر بارش ہوتی رہی۔ معتقدین نے ان کے مزار کی پختہ تعمیر شروع کر رکھی ہے۔

حضرت غوث بہاؤالحق زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ بہاؤالدین ملقب بہ بہاؤالحق ملتانی ۵۶۵ھ بمطابق ۱۱۶۹-۷۰ء مقام کہروڑ ضلع مظفر گڑھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد صاحب کا اسم گرامی وجیہ الدین محمدؒ قریشی تھا۔ آپ بچپن ہی میں والد کے سایہ سے محروم ہو گئے۔ ہوش سنبھالا تو ایران و توران میں تحصیل علم کے لئے پہنچے۔ ازاں بعد شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے انہیں جبہ خلافت بخشا۔

آپ شیخ فریدالدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کے ہم عصر اور دوست تھے۔ آپ کے ہاں درس و تدریس کا اور لنگر خانہ کا سلسلہ عظیم رہتا تھا۔ اور ہزاروں لوگ آپ کی کشف و کرامات سے بہرہ یاب ہوتے تھے مشہور ہے

Marfat.com

کہ آپ نے دریائے چناب میں ایک کشتی کو غرقِ آب ہوتے بچایا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ملاح لوگ کسی بھنور میں پھنستی ہوئی کشتی دیکھ کر دم بہاؤ الحق کے نعروں سے اُن کی روحانی امداد طلب کیا کرتے ہیں۔

۶۶۵ھ مطابق ۱۲۶۶ء آپ کا وصال ہوا۔ آپ اس مقبرہ میں مدفون ہیں جو آپ نے حینِ حیات تعمیر کرانا شروع کیا تھا اور اس کی تکمیل بعدہٗ مخدوم شاہ علی محمد کی کوشش سے چندہ جمع کرنے پر ہو سکی۔

حضرت شاہ رکنِ عالم توری ملتانی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اصلی نام رکن الدین ابو الفتح ہے اور آپ حضرت غوث بہاؤ الحق کے پوتے ہیں۔ زمانہ تغلق کے اندر آپ کی ہستی بہت برگزیدہ تھی۔ ایران کا مشہور سیاح ابنِ بطوطہ آپ ہی کے زمانہ میں ملتان آیا تھا۔

۱۳۱۷ء کے اندر حضرت شیخ نظام الدین اولیا اور سلطان مبارک شاہ خلجی کے اختلافات کو آپ ہی نے دہلی پہنچ کر مٹایا تھا۔ اور محمد تغلق کے زمانہ میں قتلِ عام کا حکم آپ ہی کی مداخلت سے منسوخ ہوا تھا۔

آپ اس مقبرہ میں مدفون ہیں جو کبھی شاہ تغلق کے اپنے لئے تعمیر ہوا تھا۔ اور جو بعد میں شاہ کے لڑکے محمد تغلق نے آپ کی نذر کر دیا تھا۔ یہ مقبرہ عام سطح زمین سے کوئی ڈیڑھ سو فٹ اونچا ہے اور ملتان جانے والوں کو ۱۲-۱۴ میل ہی کے فاصلہ سے دکھائی دیتا ہے۔

حضرت شمس تبریز صاحب رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت شیخ بہاؤ الحق زکریا ملتانی کے ہمعصر کہے جاتے ہیں۔ آپ کا نام شمس الدین ہے۔ آپ کے والد بزرگوار حضرت شاہ صلاح بن شاہ مومن سادات حسینی میں سے ہیں۔ اور حضرت اسماعیل فرزند حضرت جعفر صادق علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ آپ کی بیعت بخدمت حضرت عبدالہادی غزنوی ہے۔ آپ کی دعا سے خاندانِ غزنوی کا ایک شہزادہ دوبارہ زندگی یافتہ ہوا۔ اور ملتان شہر کی تپش کو آپ کی بددعا پر منسوب کیا جاتا ہے۔ جس کے متعلق کئی روایات زبان زدِ عام ہیں۔

عید الفطر۔ عید الضحیٰ۔ آخری چہار شنبہ و شبِ برات کے بعد پہلے جمعہ کو آپ کے مزار پر بہت بھاری میلہ منعقد ہوتا ہے۔

آپ کو حضرت شمس تبریزی پکارنا گویا ایک غلط العام بات کو دہرانا ہے۔ کیونکہ آپ دراصل سادات

Marfat.com

سبزوار سے ہیں صرف عوام آپ کو حضرت شمس تبریزیؒ کے نام سے موسوم کرتے ہیں جو کہ حضرت جلال الدّین رومی صاحبؒ مثنوی شریف کے پیر تھے۔

حضرتِ موسیٰ پاک شہید رحمۃ اللہِ علیہ

حضرت کا پورا نام شیخ سید ابوالحسن موسیٰ پاکؒ ہے۔ آپ ۹۵۲ھ میں بمقام اوچ پیدا ہوئے اور ابتدائی تعلیم تدریسِ شرع اور علمِ باطنی میں درجہ کمال حاصل کیا۔ شجرہ نسب سے گیارھویں پشت میں آپ حضرت پیرانِ پیر سے ملتے ہیں اور میراں محی الدین حضرت شیخ سیّد عبدالقادر جیلانی غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد سے ہیں۔ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ رحمۃ اللہ علیہ بھی آپ کی خدمت میں بیعت تھے۔

ایک دفعہ جب کہ ملک میں طوائف الملوکی برپا تھی تو آپ مریدوں کی بستیاں قزاقوں کے ہاتھوں بچانے کے لئے تشریف لے گئے اور شہید ہوئے۔

حضرت کے مریدین بلخ، بخارا، ایران۔ توران اور افغانستان تک پھیلے ہوئے ہیں۔

حضرت شاہ یوسف گردیزؒ رحمۃ اللہِ علیہ

آپ کے نام کی وجہ تسمیہ اس چیز سے ظاہر ہے کہ آپ ۴۵۰ھ مطابق ۱۰۵۸ء غزنی کے قریب موضع گردیز میں پیدا ہوئے۔ اوّل اول آپ کے جد امجد سلطان علاؤ الدین بہرام شاہ غزنوی کے عہد میں بغداد سے ہجرت کر کے یہاں آئے تھے۔

آپ کی زہد و اتقا اور کشف و کرامات کا تذکرہ کرتے ہوئے ذکر ہے کہ آپ کے دادا شاہ علیؒ کے پاس ان کے کسی مرید نے اپنے ایک بیمار لڑکے کی شفا کے لئے دعا چاہی مگر آپ نے انکار کر دیا۔ راضی برضائے مولا رہنے کی تلقین کی اور لڑکا مر گیا۔ شاہ یوسف گردیز نے مرحوم لڑکے کے ورثا کی دل گدانہ آہ و زاری سے متاثر ہو کر درگاہِ ایزدی میں دعا فرمائی تو لڑکا دوبارہ زندگی پا گیا۔ اس پر آپ کے دادا نے بصورتِ ناراضگی آپ کو اپنے پاس سے دور کر دیا اور آپ وہاں سے روانہ ہو کر ملتان قیام پذیر ہو گئے۔

۵۳۱ھ میں آپ نے وصال فرمایا۔ آپ کو لوہڑ دروازہ ملتان میں اسی جگہ مدفون کیا گیا جس جگہ کہ آپ

Marfat.com

ریاضتِ الٰہی میں مصروف رہتے تھے۔

حضرت مخدوم شاہ علی محمدؒ رحمۃ اللہ علیہ

۹۵۰ھ ہجری میں آپ کا ملتان میں ورود ہوا اور آپ بخدمت مخدوم سید محمد غوث بندگی گیلانی اوچویؒ بیعت ہوئے۔ چونکہ لبِ دریا چاہ شیر شاہ آپ نے متواتر بارہ سال ریاضت و مجاہدہ کیا۔ لہٰذا اگرچہ آپ کا اسمِ گرامی شاہ علی محمد رکھا گیا ہوا تھا لیکن آپ ملقب بہ شیر شاہ ہوئے ہیں۔

روایت ہے کہ چلّہ کی آخری شب جب آپ اپنی جائے قیام پر واپس تشریف لائے تو ایک مردِ خدا نے غائب سے نمودار ہو کر چاولوں کا طعام اور پانی کی ٹھلیا کھانے اور پی لینے کے لئے پیش کرتے ہوئے آپ کا چلّہ درگاہِ الٰہی میں مقبول ہو جانے کا پیغام دیا اور کچھ نقدی نذر گزاری۔ نقدی سے بطرزِ درویشانہ آپ نے محض ایک بڑی حقیر سی رقم اٹھائی۔

وصال پر آپ کا مقبرہ بمقام شیر شاہ بعہدِ اکبر بادشاہ پختہ تعمیر ہوا۔ لیکن بعدہٗ جناب کے سیلابوں کی وجہ سے آپ کے تابوت مبارک کو چاہ شیر یقاں والا کے نزد شیر شاہ دوبارہ مدفون کرنا مناسب سمجھا گیا جو لوگ دوبارہ مشرف بہ زیارت ہوئے بیان فرماتے ہیں کہ نعش مبارک بالکل صحیح و سالم مشاہدہ میں آئی تھی۔

حضرت سلطان احمد قتال رحمۃ اللہ علیہ

آپ حضرت سید علم الدین شاہؒ کے صاحبزادے ہیں جو حضرت پیر سیّد جلال حسنی اوچوی کی اولاد میں سے تھے۔ آپ کا مقامِ مولد اوچ اور سالِ پیدائش ۹۴۹ھ ہے۔ اکیس برس کی عمر میں بخدمت حضرت پیر علی سرورؒ مقام کہروڑ آپ بیعت ہوئے اور انہی کے ساتھ حج بیت اللہ سے بھی مشرف ہوئے۔ مراجعتِ وطن فرما کر حضرت رکن عالم کے مزار پر چلّہ کشی کی۔ اور پھر گردونواح کی جنگلی اقوام کو مسلمان کیا اور جلال پور (ضلع ملتان میں مقیم ہوئے۔

۱۰۴۱ھ میں آپ کا انتقال ہوا۔ جلال پور کی اپنی عبادت گاہ میں مدفون ہوئے۔ آپ کا پختہ مقبرہ آپ کی اولاد کا تعمیر کردہ ہے۔

آپ کی کشف و کرامات کے بارے میں روایت ہے کہ ایک مرتبہ اپنے مرشد حضرت پیر علی سرورؒ

Marfat.com

کی گہری نیند میں فرق آجانے کے خیال سے کچھ چڑیوں کے چوں چوں کے غل کو ختم کرنے کے لئے آپ نے انہیں حکم دیا۔ کہ چڑیو! تم مرجاؤ!! چنانچہ وہ سب کی سب مرگئیں۔ مرشد نے بیدار ہو کر اور ماجرا سنکر فرمایا۔ سلطان احمد! تم تو قتال ہو۔ اسی دن سے آپ ملقب بہ قتال ہوئے۔

آپؒ کی اولاد کے افراد ریاست بہاولپور۔ شہر سلطان بیت پور اور جلال پور پیروالا میں رہائش پذیر ہیں

حضرت غریب نواز بابا لسوڑی شاہ صاحبؒ

آپ کا مولد بٹالہ ضلع گورداسپور اور اسم گرامی محمد بخش ہے۔ خاندانی اعتبار سے بھٹی راجپوت اور تصوّف کے سلسلۂ قادریہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ۱۹۰۷ء کے اندر چوالیس برس کی عمر میں دنیوی زندگی کو خیرباد کہہ کر گھربار عوام کے ہاتھوں لٹا دیا۔ جنگلوں کے اندر شیروں اور سانپوں سے نڈر ریاضتِ الٰہی میں مشغول ہوئے۔ کئی چلّے کاٹے اور آخر ش لائل پور کے مقام پہ ایک لسوڑی کے درخت والی جگہ کو اپنی آخری منزل گاہ منتخب کیا۔ مگر یہاں بھی حاجتمندوں نے ان کا پیچھا نہ چھوڑا نادار کسانوں کے کھیت ان کی دعاؤں سے ہرے بھرے ہوگئے۔ بے گناہ پھانسی لٹکائے جانے والوں نے ان کے وظائف سے رہائی حاصل کی۔ نابینوں کو چشم ہائے روشن عطا ہوئیں۔ اور درویشوں کے واسطے شب و روز نان و طعام کا فیض عام جاری ہوا۔ حتّٰی کہ اس لسوڑی کے درخت کے نام کو بھی جس کے نزدیک بیک وقت آپ قیام پذیر ہوئے۔ ورد زبانِ عام کیا اور بوقتِ رخصتش از بزمِ جہاں ان کے جبۂ فقیری نے دلاویز ہمنشیں کو عالی مقام بنایا۔

حضرت خواجہ محمد سلیمان صاحب تونسوی رحمۃ اللہ علیہ

ایک وقت جبکہ اسلامی سلطنت کے ساتھ اسلامی شان و شوکت بھی غیر منقسم شدہ ہندوستان سے رخصت ہو رہی تھی۔ جب کہ مغلیہ سلطنت کی وسعت قلعہ دہلی کی حکومت تک محدود ہو گئی تھی۔ جب اکبر بادشاہ ثانی کی بسر اوقات بارہ لاکھ روپیہ پنشن پہ تھی۔ جب پنجاب اور ملتان میں سکھوں کی حکومت اپنا رعب جما رہی تھی۔ مقام گڑگوجی جو تونسہ شریف سے تیس میل کے فاصلہ پہ واقع ہے۔ ۱۱۸۴ھ کے اندر حضرت خواجہ صاحب پیدا ہوئے۔

Marfat.com

آپ کا خاندان افغان قوم کے قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا۔ آپ کے والد کا اسمِ گرامی زکریا بن عبدالوہاب تھا۔ چونکہ آپ افغان تھے۔ اس لئے اس علاقہ میں روہیلے کے نام سے پکارے جاتے تھے۔

چار برس کی عمر میں آپ والد صاحب کے سایہ سے محروم ہو گئے۔ تو آپ کی والدہ صاحبہ نے ملا یوسف جعفر کے پاس تحصیل علم کے لئے بھیجا۔ نصف قرآن شریف ختم کر لینے پر آپ اپنے ہم قوم حاجی میاں حسن علی صاحب کے پاس چلے گئے۔

بیعت آپ کی بخدمت قبلۂ عالم مہاروی رحمۃ اللہ تھی۔ سولہ برس کی عمر میں پیر و مرشد کے حکم سے حضرت مولانا قمرالدین صاحب کی زیارت کے لئے براہ ولاور۔ جودھپور۔ اجمیر۔ جے پور اور ریواڑی ہوتے ہوئے خواجہ دو جہاں اجمیری رحمۃ اللہ کی بارگاہِ عالی سے فیضیاب ہوتے ہوئے ۱۱۹۹ھ مطابق ۱۷۸۴ء دہلی میں پہنچے

ریگستان کا وہ عالم کہ میلوں تک پانی ندارد۔ نہ سواری نہ کوئی دوست لیکن یہ محبوبِ سبحانی سلیمان ثانی کمال ذوق و شوق سے قبلہ عالم کا حکم بجا لاتے۔ سفر کی صعوبتوں اور راستے کے ریگستانوں کی کچھ پرواہ نہ کرتے حضرت خواجہ صاحب ابھی ریواڑی میں پہنچے ہی تھے کہ مولانا کا انتقال ہو جاتا ہے۔ انتقال کے وقت مولانا چشتی تاج محمود صاحب بیکانیری اپنے معتقد خاص سے یہ وصیت فرماتے ہیں کہ ایک شخص سلیمان نام حضرت خواجہ نور محمد صاحب مہاروی کے خادموں سے ہماری ملاقات کو آئیگا۔ چونکہ مشیتِ ایزدی میں ظاہری ملاقات نہیں ہے۔ اسلئے اس کو ہمارا سلام پہنچانا

نقل ہے کہ سلام سن کر آپ کا شوقِ زیارت اثر دکھلا گیا۔ اور جب لوگوں نے وہ دانت جو مولانا کی زندگی میں شہید ہو چکا تھا اور ان کی وصیت کے مطابق ساتھ دفن نہ ہو سکا تھا۔ قبر کھود کر ساتھ دفن کی تدبیر اختیار کی تو خواجہ صاحب نے مولانا کی اچھی طرح زیارت کر لی۔ چالیسویں تک آپ وہیں مقیم رہے۔

وطن لوٹ کر اور بہ اجازت مرشد والدہ کے حضور حاضر ہوئے۔ جب وصال محبوب کے اشتیاق کی آتش حضرت قبلہ عالم کے دل میں مشعلہ زن ہوئی۔ تو خواجہ صاحب کو بلایا اور کہا کہ "ہم اپنی طرف سے خدا و رسولؐ کے حکم سے خلافت آپ کے سپرد کرتے ہیں۔" پہلے آپ نے دعوت سے انکار کیا۔ لیکن ایک رات رسولِ پاک کی زیارت و حکم کی تعمیل میں اسے منظور کیا۔

زندگی کے آخری دور میں جب بوجہ ضعف پیری حضرت قبلہ عالم کے عرس پر نہ جا سکے نواب محمد بہاری خان عباسی نے کہا کہ اگر حضور کی اجازت ہو پالکی تیار کرا لی جائے۔ تو آپ نے فرمایا "مہربانی" میں مردم آزاری کے ذریعے اپنے ہم جنسوں کے اوپر چڑھ کر اپنے پیر کے عرس پہ جانا نہیں چاہتا۔

لطف و کرامات | آپ کو اظہارِ کرامات سے سخت نفرت تھی لیکن چونکہ آپ مادر زاد ولی اور غوثِ زماں و

Marfat.com

صاحبِ عرفاں تھے اس لئے آپ کی ہر بات کرامت اور ہر سخن اعجاز سے کم نہ تھا۔

ایک ہندو عورت کی لڑکی کے ہاتھ پاؤں شل ہو گئے تھے۔ بہت علاج معالجہ سے فائدہ نہ ہوتا تھا۔ وہ لوگ جب کہ حضرت طالب علمی کے زمانہ ہی میں تھے شفاعت کے لئے پہنچے۔ آپ نے فرمایا کہ "وہ لڑکی ایک معین وقت تک کسی مسجد میں روزمرہ چراغ جلائے اور جھاڑو دیا کرے"۔ اس ارشاد سے اس مریضہ نے شفا پائی۔

ایک شخص حضرت کی خدمت میں حاضر ہو کہ فریاد کناں ہوا کہ ایک سانپ اسے برابر ایک سال سے کاٹنے آتا ہے اس سے امان دلائی جائے۔ فرمایا۔ "تمہارے اپنے علاقہ موسومہ فتح آباد اور سرسہ کی طرف ایک بزرگ کامل گوگا نام قوم چوہان سے ہیں۔ تمام سانپ اُن کے تابع ہیں۔ اور اُن کے عرس پر جمع ہوتے ہیں عرس کے دن وہاں حاضر ہو کر انہیں پیغام دینا کہ خواجہ نے کہا ہے کہ آپ ہیں چوہان اور میں ہوں پٹھان۔ اگر اسکے بعد میرے فرستادہ شخص کو کبھی سانپ لڑا تو آپ کے ساتھ وہ کرونگا جو پٹھانوں نے چوہانوں کے ساتھ کیا تھا۔ (یاد رہے کہ پٹھانوں نے چوہانوں سے دہلی چھین لی تھی) چنانچہ اُس نے ایسا ہی کیا اور آئندہ مامون و محفوظ رہا۔

۷ ماہ صفر ۱۲۶۷ھ کو آپ نے انتقال فرمایا اور خرقہ فقیری اپنے انکسار پسند صاحبزادے اللہ بخش کے حوالے کیا اور نواب بہاولپور نے ستر ہزار روپے کی لاگت سے عالیشان روضہ تعمیر کرایا۔

حضرت میاں شیر محمدؒ صاحب رحمۃ اللہ علیہ (شرقپوری)

آپ کا سال مولد ۱۲۸۲ھ ہے۔ آپ کے والد صاحب کا اسم گرامی میاں عزیز الدین تھا جو بہت پارسا اور باشرع تھے۔ اور سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتے تھے۔

حضرت میاں صاحب بچپن میں حضرت جُنید بغدادیؒ کی طرح عام بچوں میں کھیلنے اور ان سے نشست و برخاست رکھنے کی بجائے علیحدگی کو ہی پسند فرماتے تھے۔ تین چار برس کے عرصہ میں آپ نے قرآن شریف اور دیگر ضروری کتب میں اچھی مہارت اختیار کر لی تھی۔

حکیم علی محمد صاحب سکنہ بلوکی اپنے والد حکیم پیر بخش صاحب سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت میاں صاحب کے جدِ امجد حضرت مولانا مولوی غلام رسول صاحب جو سیپارہ قرآن مجید آپ کو برائے تعلیم دیتے تھے۔ تو کثرتِ اشک کی وجہ سے آپ اس کے اوراق چند یوم میں خراب کر دیتے تھے۔ جب آپ کے دادا صاحب بازپرس کرتے تو آپ سوائے سکوت اور رونے کے کچھ جواب نہ دیتے

Marfat.com

میاں امام الدین صاحب زرگر ساکن شرقپورہ کا بیان ہے کہ حضرت میاں صاحبؒ بچپن کی عمر میں جب محلہ سے گزرتے تھے تو سر پہ چادر اوڑھی ہوتی تھی اور محلہ کی عورتیں کہتی تھیں کہ یہ ہمارے محلہ میں ایک لڑکی پیدا ہوئی ہے جو چہرہ پہ نقاب لے کر چلتی ہے۔

آپ کی بیعت بخدمت اقدس خواجہ امیر الدین علیہ الرحمۃ کوٹلہ شریف تھی جو اکثر میاں صاحب کے جدِ امجد کے پاس تشریف لاتے رہتے تھے۔

بیعت کے بعد آپ پر اس طرح کا جذبہ طاری ہو گیا۔ اس میں آپ کئی بار حالتِ بیخودی میں تڑپتے تڑپتے اور گریبان چاک کرتے۔ بیقراری کے عالم میں مسجدوں کے دروازوں پہ جا کھڑے ہوتے اور خداوند کریم کو آوازیں دے دے کر پکارتے۔ جنگلوں میں بھاگ جاتے اور کوئی مل جاتا تو خداوند کریم کا اس سے پتہ پوچھتے۔ آپ کانٹے دار جھاڑیوں میں گھس جاتے۔ خاردار جھاڑیوں میں خود کو پھینک دیتے اور آپ کی زبان سے طرح طرح کے کلمات صادر ہوتے۔

متذکرہ بالا حالت سے گزر کر آپ تبلیغ مختلف صورتوں میں فرماتے تھے۔ عوام کو موٹی موٹی مثالیں دے کر سمجھایا کرتے۔ اور خاص لوگوں کو ان کی سمجھ کے مطابق بیان کرتے۔ علماء کو قرآن و حدیث سے تبلیغ فرماتے اور غیر مسلموں کو ان کے بزرگوں کے حالات سُنا کر تبلیغ فرماتے۔

میاں محمد سکنہ ہرچوکی علاقہ چونیاں بیان کرتے ہیں کہ مولوی یار محمد صاحبؒ، حضرت میاں صاحب علیہ الرحمۃ کے خلیفہ اوّل نے بیان کیا تھا۔ کہ میاں غلام یٰسین صاحبؒ فیض پوری نے ذکر کیا۔ کہ "میں اور میاں عبد الغفور رحمان پوری دونوں حج بیت اللہ شریف کو تیار ہوئے اور جانے سے پہلے حضرت میاں صاحب کی خدمت میں شرقپورہ عرض کناں ہوئے کہ برائے حج ہمراہ تشریف لے چلیں"۔ اس وقت آپ نے فرمایا "تم چلو"۔ خدا کا حکم ہوا تو میں بھی پہنچ جاؤنگا"۔ جب عرفات کے میدان میں ہم دونوں دوست پہنچے تو فجر کی نماز میں ہم دونوں نے میاں صاحب موصوف کو اپنے قریب تر موجود پایا۔ مگر بعد نماز وہاں نہ دیکھ سکے۔ وطن مراجعت کرنے پر تحقیقات کی تو حاضرین نے بتایا کہ میاں صاحب موصوف ہرگز بیت اللہ شریف نہیں گئے"۔ اور نیز یہ کہ ہر جمعہ و جماعت ہر روز شرقپورہ میں ادا کرواتے رہے ہیں۔ اس پر مولوی یار محمد صاحب نے حاضرین سے حلفاً عرض کیا کہ اُنہوں نے میاں صاحب کو عرفات میں دیکھا تھا۔

حضرت میاں غلام محمدؒ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تعارفِ سہروردیہ از مولانا مولوی ابو الفیض قلندر علی صاحب مدظلہ، سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت میاںؒ

Marfat.com

صاحب رسول پور ضلع گجرات کے رہنے والے تھے مگر زندگی کے آخری دور میں اپنے مرشدِ کامل بابا محمد رضوانؒ صاحب کے پاس حیات گڑھ تشریف لے آئے تھے۔ آپ کا مشہور نام غلام محمدؒ اور تاریخی نام غلام صدیقؒ تھا اور یہ دونوں نام آپ کے جدِ امجد شیخ مسعود صاحب کی ایک بشارت کے مطابق رکھے گئے تھے۔

بچپن ہی سے عام بچوں کی طرح نہ آپ کھاتے۔ نہ پیتے۔ نہ روتے۔ نہ سوتے۔ نہ بضد ہوتے۔ شوخی سے نفرت اور کھیل تماشے سے علیحدگی پسند فرماتے۔ ایک گوشہ تنہائی سے پیارا ہوتا۔ البتہ مجالسِ سماع وغیرہ میں شروع سے ہی شغف تھا۔ نعت خوانی اور راگ پر دل بستگی تھی۔ جب ذرا ہوش سنبھالا تو ریاضت و مجاہدہ میں قدم رکھا۔ اکثر وظائف میں مشغول رہتے۔ گوشہ نشینی نے آپ پر ایک خاص اثر کیا اور چلہ کشی میں انہماک زیادہ ہوتا گیا۔ حتیٰ کہ چلہ کشی کی محنت شاقہ اور جانکاہ ریاضت سے آپ کی نظر بند ہو گئی۔ جس سے آپ کے والد بزرگوار میاں محمد علیؒ صاحب کے علاج کرانے پر پھر صحت ہو گئی۔ کبھی کبھی جوانی میں سواری اور کشتی کا بھی شوق فرماتے جو دیہاتی دوستوں کی صحبت کا نتیجہ تھا۔

سات سال کی عمر میں آپ دینی تعلیم کے حصول پر ڈال دئے گئے۔ دینی۔ درسی کتب کچھ اپنے دادا اور کچھ اپنے والد صاحب سے پڑھیں۔ علم فقہ۔ علم ادب اور عربی میں کافی مہارت حاصل کی۔ اور علم ادب کا شوق پورا کر کے چھبیس سال کی عمر تک تمام علوم سے فارغ التحصیل ہو کر باطنی سلسلہ کی طرف متوجہ ہوئے۔

میاں صاحبؒ حضرت قبلہ بابا محمد رضوان صاحبؒ و حضرت قبلہ جنگو شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے فیض یافتہ تھے۔ قرآن پاک کے نکات و معانی بیان فرمانا اور کسی بھٹکے ہوئے انسان کو فقر کی پہنائیوں میں لے جا کر دربارِ رسالت میں پیش کر دینا آپ کے درویشانہ منصب کا ایک کرشمہ تھا۔

آپ نے تمام عمر کچھ چلہ گاہوں اور کچھ کچے بوسیدہ مکان میں گزار دی۔ کبھی احباب نے اس بات کا تذکرہ کیا بھی تو آپ فرما دیتے تھے "مجھے شوق نہیں۔" "مردانِ خدا چولھے چکی کے الجھاؤ میں نہیں پھنستے" "درویش کی روح بلا نفس رہنی چاہیئے۔" "مشربِ تسلیم و رضا میں اختیار و انتظام نہیں۔"

ایک مرتبہ ایک اجنبی شخص آپ کی خدمت میں کسی مطلب براری کے لئے حاضر ہو کر کچھ عرض گزار ہوا تو آپ نے فرمایا۔ "تو پیرانِ پیر کا منحرف، رسالت خاتمہ مستقلہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منکر۔ امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا مخالف ہے۔" "میرا تجھ سے کیا تعلق۔" چنانچہ اس کی درخواست پر اس کے مفید مطلب نصیحت معراج شریف کے مسائل پر سنائی گئی۔ جس پر وہ سابقہ عقیدہ سے تائب ہوا۔

دسمبر ۱۹۵۱ء میں آپ نے انتقال فرمایا۔ اور اپنے وطن ہی میں مدفون ہوئے۔

Marfat.com

حضرت بابا فریدالدین شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام مسعودؒ ابنِ سلیمانؒ اور دس واسطوں سے سلسلہ نسب حضرت فاروق اعظمؓ سے جا ملتا ہے۔ آپ کے تیسرے دادا چنگیزی عہد میں بقصد ہندوستان آئے تھے اور قصبہ کوتوال میں قیام فرمایا تھا۔ اسی قیام میں آپ کی ولادت باسعادت بھی ہوئی تھی۔ آغاز جوانی میں بھی علوم کی تحصیل کرتے رہے۔ پھر ملتان آ کر ایک مسجد میں گوشہ نشینی اختیار کی۔ خواجہ قطب الدین بختیارؒ سمرقند سے دہلی کی طرف جا رہے تھے۔ راہ میں اس مسجد پر بھی گزر ہوا۔ آپ کو ملاقات فیض آثار نصیب ہوئی۔ ایک کتاب سامنے تھی۔ خواجہ صاحب نے دریافت فرمایا۔ کیا کتاب ہے؟ جواب دیا۔ نافع۔ فرمایا۔ نافع ہو۔ عرض کیا درویش کا نفع تو خدمت میں تھا۔ خواجہ صاحبؒ اُسی وقت آپ کو اپنے ہمراہ دہلی لے گئے اور بابا فریدؒ ان کے پیرو ہو گئے۔ پھر آپ کو اس شہر میں اپنے گرد لوگوں کے ہجوم سے تشویش پیدا ہوئی۔ فراغِ عبادت کم حاصل ہونے لگا۔ لہٰذا آپ ہانسی کی طرف روانہ ہو گئے۔ وہاں بھی خلقت اسی طرح حاضر ہونے لگی اور وقت یونہی ضائع ہونے لگا۔ ناچار مقام اجودھن موجودہ پاکپٹن آ پہنچے جو حضورؒ کی وجہ سے ہی اس نام سے مشہور ہوا۔ چونکہ اس جگہ کے لوگ ملنسار اور درویش دوست نہیں تھے۔ لہٰذا یہیں قیام فرمایا اور نفس کشی میں انتہائی کوشش کی۔ چند سال تک جَو کی ٹکیاں پیٹ پر باندھ کر نفس کو فریب دیتے رہے اور بالآخر نفس کی تذلیل میں کامیاب ہوئے۔ پاکستان اور بھارت کے تمام مشائخ کہتے ہیں۔ کہ ریاضت اور پرورش روح میں حضرت گنج شکر کی مانند کوئی درویش پیدا نہیں ہوا۔

گنج شکر خطاب ہونے کی کئی وجوہ بیان کی جاتی ہیں۔ زیادہ تر مشہور یہ ہے کہ بنجاروں کا ایک گروہ سرِ راہ ملا۔ دریافت کیا تمہارے پاس کیا سامان ہے؟ انہوں نے جواب دیا نمک ہے۔ فرمایا نمک ہی ہوگا۔ آپ کے فرمانے کے اثر سے شکر کی بوریاں نمک کی بوریوں سے بدل گئیں۔ قافلے والے بنجارے پشیمان ہوئے اور حاضر ہو کر اصل معاملہ ظاہر کیا۔ فرمایا غم نہ کرو۔ اگر شکر تھی تو شکر ہو جائیگی۔

بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کا مرتبہ اولیائے کرام میں بہت بلند ہے۔ انہی کے روحانی اثر سے جنوبی پنجاب کے لوگ مسلمان ہوئے۔

اجودھن شہر کا نام پاک پٹن بابا فرید شکر گنج رحمۃ اللہ علیہ کی وجہ سے مشہور ہوا۔ کیونکہ وہ اس راستے سے دریا کو عبور کیا کرتے تھے۔ چنانچہ لوگوں میں مشہور ہو گیا کہ یہ پتن اس پاک شخص یعنی بابا فرید شکر گنج کا ہے کہتے ہیں کہ جب بابا فریدؒ صاحب اجودھن تشریف لائے تو ایک ہندو جوگی بیرناتھ نے آپ کی سخت مخالفت شروع کر دی۔ مگر آپ کا روحانی اثر غالب آیا۔ وہ جوگی مسلمان ہو گیا اور پیر کمال نام پایا۔ اس

Marfat.com

واقعہ کے بعد آپ نے مستقل طور پر اجودھن رہائش اختیار کر لی۔ لگاتار ریاضت اور روزوں کی وجہ سے آپ کا جسم مبارک اس قدر پاک ہو گیا تھا کہ آپ کے حلق سے جو چیز اُترتی تھی خواہ وہ مٹی یا پتھر کیوں نہ ہو فوراً شکر ہی بن جاتی تھی۔ یہ بھی ایک وجہ ہے کہ آپ کو شکر گنج کہا جاتا تھا۔ اس معجزے کو ایک شاعر نے اس شعر میں ادا کیا ہے ؎

سنگ در دستِ او گہر گردد زہر در کامِ او شکر گردد

کہتے ہیں کہ غازی بیگ تغلق جو بعد میں سلطان غیاث الدین تغلق کے لقب سے دہلی کا بادشاہ بنا۔ اور خاندانِ تغلق کا بانی ہوا۔ بابا فرید شکر گنج صاحب کا ہمسایہ تھا۔ اور اس کے والدین بہت ہی غریب تھے۔ وہ بابا صاحبؒ کی خدمت میں اکثر حاضر ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ ان کی دعا کا ایسا اثر ہوا کہ وہ غریب لڑکا پہلے ملتان کا گورنر اور بعد میں دہلی کا بادشاہ بن گیا۔

اجودھن شہر کا نام پاک پٹن سے تبدیل ہونے کے متعلق ایک اور روایت بھی ملتی ہے۔ کہتے ہیں کہ ایک دن باباؒ صاحب دریائے ستلج کے پتن پر تشریف لے گئے۔ اُس وقت سورج چمک رہا تھا اور پانی کی لہریں سورج کی کرنوں سے چمک لے کر نکھری ہوئی آبشار بنا رہی تھیں۔ کچھ لوگ دریا میں نہا رہے تھے اور کچھ اچھے لباس پہنے کشتیوں میں بیٹھے دریا کی سیر میں مصروف تھے اور بعض دریا سے پانی بھر رہے تھے۔ یہ دلفریب نظارہ آپ کو بہت پسند آیا اور آپ نے خوش ہو کر فرمایا۔ آہا! کیا پاک پتن ہے۔ اسی دن سے اجودھن کا نام پاک پٹن پڑ گیا۔

امیر تیمور کے زمانے تک عام لوگ اسے اجودھن ہی کہتے رہے۔ لیکن مسلمانوں میں پاک پٹن ہی رائج رہا۔ بعد کے زمانے میں اجودھن نام کبھی نہیں ملتا۔ اکبر کے عہد میں جو تاریخیں لکھی گئیں۔ ان میں اس مقام کو پاک پٹن ہی لکھا گیا ہے۔

پاک پٹن میں ہر سال محرم کے مہینے میں بابا فرید صاحبؒ کا عرس نہایت تزک و احتشام سے منایا جاتا ہے اور زائرین دور و دراز مقامات سے لاکھوں کی تعداد میں آپ کی درگاہ پر حاضر ہوتے ہیں۔

حضرت شاہ دولہ دریائی رحمۃ اللہ علیہ

آپ کے والد صاحب کا نام عبدالرحیم خان لودھی تھا۔ اور آپ کا شجرۂ نسب دہلی کے سلطان بہلول لودھی سے جا ملتا ہے۔ گجرات کے علاقے کے گوجر شاہ دولہ کو گوجر قوم کا فرد بتاتے ہیں۔ مگر یہ بات صحیح نہیں۔ آپ کی

Marfat.com

والدہ کا نام نعمت خاتون تھا۔ جو گکھڑوں کے سردار سلطان سارنگ کی پوتی تھی۔ شیر شاہ لودھی کے بیٹے سلطان سلیم کے زمانے میں سارنگ نے بادشاہ کے خلاف بغاوت کر دی تھی۔ چنانچہ شاہی فوج نے سارنگ کو شکست دی اور وہ رہتاس کے مقام پہ مارا گیا۔ سارنگ کے کنبے کے لوگ گرفتار کر لئے گئے۔ ان قیدیوں میں نعمت خاتون بھی تھی جو بعد میں شاہ دولہ کی والدہ بنیں۔ ہمایوں بادشاہ کی وفات کے بعد جب اس کے بیٹے اکبر کو بادشاہ بنے کچھ ہفتے ہی گزرے ہونگے تو نعمت خاتون کی شادی اکبر بادشاہ کے ایک منصب دار عبدالرحیم لودھی سے ہو گئی۔ عبدالرحیم اُس وقت بادشاہ کے محل میں کسی کام پہ مامور تھا۔ پچیس سال بعد یعنی ۱۵۸۱ء میں ان کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا۔ جس کا نام غالباً دولت خان رکھا گیا۔ یہی لڑکا بڑا ہو کر شاہ دولہ کے لقب سے مشہور ہوا۔ یہ پتہ نہیں چل سکا کہ آپ کس شہر میں پیدا ہوئے۔

شاہ دولہ کی ولادت کے چند ماہ بعد ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔ اور ان کی والدہ اپنے ننہال کے گاؤں بھالا میں چلی گئی۔ جہاں محنت مزدوری سے اپنا اور اپنے بیٹے کا پیٹ پالنے لگی۔ نو سال بعد ۱۵۹۰ء میں اس کا بھی انتقال ہو گیا۔ شاہ دولہ بھیک مانگ کر گزارہ کرنے لگے اور پھرتے پھراتے سیالکوٹ پہنچ گئے جہاں محکمہ مالگذاری کے قانونگو کے ایک غلام بنام مہتہ نے بے اولاد ہوتے ہوئے اپنا منہ بولا بنا لیا۔ قانونگو نے آپ کو سرکاری توشہ خانہ کا داروغہ مقرر کر دیا۔ یہاں رفتہ رفتہ انہوں نے اپنی تنخواہ کے علاوہ سرکاری توشہ خانے کا سامان بھی غریبوں اور فقیروں میں تقسیم کر دیا۔ چنانچہ انہیں قید کر دیا گیا۔ طرح طرح کی اذیت پہنچائی گئی۔ تو انہوں نے خود اپنے پیٹ میں چھرا گھونپ دیا۔ قانونگو نے کچھ تدابیر کے ماتحت جراح بلوا کر مرہم پٹی کروائی اور یہ زخم تین مہینوں بعد جا کر اچھا ہوا۔

اس کے بعد سیالکوٹ کے ایک قریبی گاؤں سنگڑھ میں پہنچ کر شاہ سیداں سرمست رحمۃ اللہ علیہ کے مرید ہو گئے۔ جہاں اپنے پیر اور انکے منظور نظر مرید موکھو کی سیالکوٹ کے زیر تعمیر قلعہ نو و دیگر مقامات پہ مزدوری سے روٹی کما کر کھاتے رہے۔ بارہ سال آپ نے شاہ سیداں سرمست سہروردی کی خدمت میں گزارے۔ جب ان کا آخری وقت قریب آ گیا۔ تو پکارے کہاں ہے؟ موکھو۔ تین مرتبہ بُلا بھیجا۔ جو حاضر ہونے سے قاصر رہے تینوں مرتبہ شاہ دولہ ہی پیش خدمت ہوئے۔ شاہ سرمست نزع کے عالم میں بولے "جیسے دیے اور دلائے مولا"۔ اور کچھ ہدایات سے اپنے دلق فقیری شاہ دولہ کے نذر کیا۔ شاید اسی وجہ سے ان کا لقب شاہ دولہ مشہور ہو گیا اب وہ سیالکوٹ سے کسی قریبی گاؤں میں چلے گئے اور وہاں ڈیرہ ڈال دیا۔ کیونکہ سیالکوٹ میں آپ کے ساتھی آپ سے حسد کرنے لگے تھے۔

تقریباً دس تک آپ اسی جگہ رہے اب آپ کی شہرت دور دور تک پھیل گئی تھی اور ہزاروں لوگوں کو آپ،

Marfat.com

کی روحانی طاقت پر اعتماد ہو گیا تھا۔ اس عرصہ میں آپ نے بہت سی مسجدیں، پُل۔ تالاب اور کنوئیں تعمیر کرائے سیالکوٹ سے قریب ایک نالہ ہے۔ اس کا پل بھی آپ ہی کا بنوایا ہوا ہے۔ دس سال تک سیالکوٹ کے قریبی گاؤں میں رہنے کے بعد آپ گجرات چلے آئے اور یہاں آپ نے مستقل طور پر رہائش اختیار کر لی۔

لوگوں پر شاہ دولہ کی کرامات کا بڑا اثر تھا اور وہ ان کی خدمت میں بڑے بڑے نذرانے پیش کرتے رہتے تھے۔ لوگ حیران تھے کہ جنگلی جانور اور پرندے کیوں آپکے ڈیرے کی طرف کھچے چلے آتے ہیں۔

آپ کی تاریخ وفات "خدا دوست" سے نکلتی ہے۔ یہ الفاظ آپ کے مزار پر کندہ ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کا انتقال ۱۰۸۷ھ یعنی ۱۶۷۶ء میں ہوا اور آپ اکبر۔ جہانگیر۔ شاہ جہان اور اورنگ زیب کے ہمعصر تھے۔ آپ شاہ دولہ "دریائی" کے نام سے اس لئے مشہور ہیں۔ کہ آپ نے اپنی زندگی میں بہت سے پُل تعمیر کرائے تمام عمر آپ سے شاہ و گدا فیض حاصل کرتے رہے اور اب بھی درگاہ پر دور و دراز علاقوں سے عقیدتمند حاضر ہو کر دل کی مراد پاتے ہیں۔

مزار گجرات کے اندر واقع ہے۔ آپ کی درگاہ کے انتظام کے لئے کوئی بھی مستقل ذریعہ آمدنی نہیں۔ مزار کے اخراجات صرف نذرانوں کے ذریعہ پورے کئے جاتے ہیں۔ آپ کی درگاہ سترھویں صدی کے آخر میں تعمیر ہوئی۔ روایت ہے کہ اسے ایک بزرگ بھاون شاہ نے بنوایا تھا۔ یہ پتہ نہیں چل سکا کہ یہ شخص کون تھا۔ بعضوں کا خیال ہے کہ شاہ دولہ کا فرزند تھا۔ مگر یہ وثوق سے نہیں کہا جا سکتا کہ آیا وہ آپ کا حقیقی بیٹا تھا یا متبنےٰ یا صرف بالکا۔ جب آپ کا وقت آخر قریب آ گیا تو آپ نے بھاون شاہ کو بلایا اور اپنا دلق فقیری اسے عطا کر دیا۔ درگاہ کا موجودہ سجادہ نشین اسی بزرگ بھاون شاہ کی اولاد ہیں۔

ان کے مزار پر چھوٹے سر والے بچے اور بچیاں ملتی ہیں جو عرفِ عام میں شاہ دولہ صاحب کے چوہے اور چوہیاں مشہور ہیں۔ لوگوں کا عقیدہ ہے کہ بے اولاد شخص شاہ دولہ صاحب کے مزار پر حاضر ہو کر یہ اقرار کریں کہ اولاد پانے پر وہ پہلا بچہ شاہ دولہ صاحب کے مزار پر نذر کریں گے تو یقیناً ان کے ہاں اولاد ہوتی ہے۔ کہتے ہیں کہ جو چوہے اور چوہیاں اس وقت مزار پر موجود ہیں۔ اسی طرح مراد یافتہ لوگوں کی نذر کی ہوئی ہیں۔

حضرت امام علی الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

حضرت امام علی الحق صاحبؒ ایک وقت کافروں سے جنگ کرتے وقت مقام سیالکوٹ پہنچ کر شہید ہوئے۔ آپ کے مزار کی عمارت جو قابل دید چیز ہے گجرات کے مشہور صوفی حضرت شاہ دولہ صاحبؒ نے

Marfat.com

تعمیر کرائی تھی۔ ماہِ محرم میں آپ کا عرس منعقد ہوتا ہے جس میں ہزاروں عقیدتمند شرکت کرتے ہیں۔ صفحہ ۱۴۰ کے مطالعہ سے یاد آجائیگا کہ حضرت کا ورود سابقہ ہندوستان کے اندر چھٹی صدی ہجری کے آخری حصہ میں ہوا تھا۔

حضرت عبدالحکیم صاحب رحمۃ اللہ علیہ

میانہ پورہ (سیالکوٹ) میں حضرت صاحب کا مزار ہے۔ آپ عہدِ عالمگیر کے ایک جید عالم تھے۔ شہر سیالکوٹ کے جنوب مغرب کی طرف ایک عالیشان حوض ہے۔ یہ حوض بھی مولانا صاحب نے تعمیر کرایا تھا۔

حضرت سخی سرور رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا اصل نام سیّد احمد ہے۔ آپ کے والد بزرگوار زین العابدین صاحب بغداد شریف سے ۵۳۰ھ مقام شاہ کوٹ ضلع ڈیرہ غازی خان میں آکر مقیم ہوئے۔ یہیں حضرت کی پیدائش ہوئی۔ کرسی نامہ آپ کا امام حسینؓ اور حضرت علی علیہ السلام سے ملاتے ہیں۔ مگر پٹھان لوگ کہتے ہیں کہ حضرت سیّد احمدؒ پٹھان تھے آپ کے والد بزرگوار زین العابدین صاحبؒ نے شاہ کوٹ ہی میں وفات پائی اور یہیں ان کی خانقاہ موجود ہے حضرت سیّد احمدؒ شاہ کوٹ سے بسبب حسد برادرانِ خانہ زاد بغداد پہنچے۔ حضرت غوث الاعظم شیخ شہاب الدین صاحبؒ سے فیضِ باطنی حاصل کیا اور پھر مراجعت فرمائے پنجاب ہوئے۔ پہلے وزیر آباد کے قریب مقام ڈھونکل چند برس گزارے۔ آپ ہی کے قیام کی وجہ سے جون جولائی کے اندر ڈھونکل میں میلہ لگتا ہے۔ پھر ملتان سے ہوتے ہوئے شاہ کوٹ ضلع ڈیرہ غازی خان میں تشریف لے گئے۔ اُس وقت کے حاکم ملتان نے ان مردِ خدا کے ساتھ اپنی لڑکی کی شادی کر دی۔ اس کے بیس برس گزرنے پر معہ برادران وعیال واطفال آپ بسوئے پہاڑ روانہ ہوئے اور کافروں سے لڑائی میں ۷۷۰ھ شہید ہو کر مدفون ہوئے۔

آپ کی کرامتوں کے متعلق لوگ طرح طرح کے تذکرے کرتے ہیں جو زبانِ زدِ عام ہیں۔ لہٰذا ان کے مفصل لکھنے کی ضرورت نہیں۔ غالباً یہی کہ دنیا کافی سمجھا جائیگا۔ کہ سخی سرورؒ کی کرامتوں کا شہرہ روز افزوں ہوتا گیا اور لاکھوں حاجتمند اصحاب فیضیات ہوتے گئے اور فیضیاب ہوتے جا رہے ہیں۔ تمام قرب وجوار کے مذاہب کے لوگ معتقد سخی سرور ہیں۔ اور آپ کے عرس کے موقع پر سینکڑوں میل کا سفر پیدل طے کر کے وہاں حاضر ہونا ثوابِ عظیم سمجھتے ہیں۔

ایک وقت گوہرا نامی جذامی قوم کلنگ وجرت لنگا اور احمد خان افغان مریض یہاں آئے۔ گوہرا کا جذام

Marfat.com

دور ہو گیا۔ جرت کی نابینائی چلی گئی۔ احمد خان کا مرض بھی جاتا رہا۔ وہ تینوں بطور مجاوران خدمت گزار خانقاہ ہوئے تب ہی سے ان تینوں کی اولاد مجاور درگاہ چلی آتی ہے۔

ہر سال کی ۱۱ اپریل کو آپ کی درگاہ شریف پر بڑا بھاری میلہ منعقد ہوتا ہے۔ پاک و ہند کے لوگ جوق در جوق جمع ہوتے ہیں۔ اصل نام حضرتؒ کا تو عوام جانتے ہی نہیں ہوتے۔ لہٰذا وہ ذیل کے تین ناموں سے پکارتے ہیں۔

"سخی سرور"، لکھ داتا (۳) لالاں والہ۔

پہلے نام کی وجہ تسمیہ یہ ہے۔ کہ حاکم وقت ملتان نے جو مال و دولت بوقت شادی آپ کے حوالے کیا تھا۔ وہ آپ نے اسی وقت لٹا دیا تھا۔ اور بعد میں بھی جو حاصل ہوتا تھا۔ محتاجوں کے اندر خیرات کر دیتے تھے۔ اس پہلے نام سے مراد ہے سخیوں کا سردار' خیرات چونکہ آپ کے نام سے لاکھوں اشخاص کرتے ہیں لہٰذا لکھ داتا کے نام سے ملقب ہیں۔ اور چونکہ روایت ہے کہ بیک وقت آپ کے مزار پر لال بھی لگے ہوتے تھے اس لئے لالاں والہ کے نام سے موسوم ہوتے ہیں۔ یہ بھی ٹھیک ہے کہ ملکی تقسیم سے پیشتر عام ہندو اصحاب آپ کی درگاہ پر حاضر ہو کر اپنے بچوں کی نذار بندی کرتے اور یہیں ان کی جھنڈ اتروا تے تھے۔

Marfat.com

Marfat.com

حصۂ سوم

Marfat.com

اکابرین پنجاب

قیام پاکستان کے بعد ہمیں استبداد کی آہنی گرفت سے نجات مل چکی ہے۔ اب ہم نہ صرف اپنی تعلیمی حکمت عملی کو ایک نئی راہ پر ڈال سکتے ہیں۔ بلکہ ہمارے لئے یہ بھی ممکن ہو گیا ہے۔ کہ اپنے ہر طرح کے تاریخی سرمائے کو مرتب و مدون کریں۔

کارلائل کے نزدیک تاریخ بے شمار سوانح عمریوں کا نچوڑ ہے۔ یہ شاید مبالغہ ہو۔ لیکن اس میں شبہ نہیں کہ ان اکابر کی زندگیاں جن کے افکار و اعمال نے قوموں کی تقدیر بنائی یا بدل ڈالی۔ آنے والی نسلوں کے لئے ایک مستقل اہمیت رکھتی ہیں۔ تاریخ وہ سبھی کچھ ہے جو انسان نے سہا۔ سوچا اور کیا۔ بنی آدم کی ساری زندگی، معاشرت کا پورا عمل ارتقاء۔ تاریخ کو قوم سے وہی نسبت ہے۔ جو حافظے کو فرد سے ہے۔ جس طرح حافظہ فرد کے لئے شعور کے تسلسل کا ضامن ہے۔ اور اس کے ماضی و حال کے تجربات کو باہم منسلک کرتا ہے۔ اسی طرح تاریخ قوم کو نہ صرف اس کے ماضی کی واضح تصویر پیش کرتی ہے۔ بلکہ اسے مربوط اور مسلسل زندگی بسر کرنے کے قابل بناتی ہے۔

مسلمانوں کے سیاسی غلبے کے دور عروج کی ان نشانیوں کے ساتھ اس تاریخی صوبہ پنجاب میں بعض نہایت جلیل القدر بزرگان اور مبلغین اسلام کے مقابر بھی موجود ہیں۔ میری مراد حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ، حضرت میاں میر رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شاہ محمد غوث رحمۃ اللہ سے ہے۔ جن کا ذکر خیر حصہ دوم میں کیا جا چکا ہے۔ اور جن کا اس خطہ ارض میں محض وجود مقامی باشندوں کے لئے بے شمار برکتوں کا سرچشمہ ثابت ہوا اور جنہوں نے اپنی زندگی کی بے لوث پاکیزگی اور تقدس اور اپنی تعلیمات کی بے مثال سادگی کی کشش سے ہزاروں لاکھوں کو دین قیم کے دائرہ رحمت میں شامل کیا۔

اسلام اور مسلمانوں سے پنجاب کا تعلق محض عہد ماضی تک محدود نہیں ہے۔ یہ صوبہ اب بھی مسلمانوں کی تعلیمی اور تہذیبی زندگی کا ایک اہم مرکز ہے۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا۔ کہ اسے یہ عدیم المثال فخر نصیب تھا۔ کہ مسلمانوں کی نشاۃ الثانیہ کا عظیم الشان نقیب، چار دانگ عالم میں معروف حکیم الامت، شاعر بے بدل، ملت بیضا کے روشن مستقبل کی از سر نو تخلیق کرنے والا علامہ اقبال رح اس زمین کو آسمان بنا رہا تھا۔ موت کے بے رحم ہاتھ نے یہ گوہر بے بہا جلد ہم سے چھین لیا۔ اقبال رح جامعہ عالمگیری کے سائے میں ابدی نیند سو رہا ہے۔ اور اب بھی جسمانی طور پر نہ سہی، روحانی طور پر ہمارے درمیان موجود ہے۔ اس کا پیغام آنے والی نسلوں کے لئے ہمیشہ

Marfat.com

ہمیشہ چراغ ہدایت کا کام دیتا رہے گا۔

موجودہ دور کے اندر تاریخ کے تصور اور قومی احساس کی شدت نے تاریخ نویسی کو متاثر کر کے مؤرخین پیدا کئے۔ جو اپنے اپنے رنگ میں یکتائے روزگار ہیں۔ تاریخ کا پہلا لازمہ حالات کی سچی کیفیت اور پیش آمدہ واقعات کا صحیح صحیح بیان ہے۔ لیکن اس کے لئے پہلی شرط ایسے صفات کی موجودگی جس سے مشاہدے کی صلاحیت، تحلیل پسند ذہن، فراہم شدہ معلومات کو تولنے اور پرکھنے کی استعداد، تعصب سے پاک رہنے کی قابلیت اور نئے خیالات کو قبول کرنے کے لئے ذہن کو ہمیشہ مستعد رکھنے پر آمادگی اور پھر ان کے استعمال پر قدرت حاصل ہونا ہے۔ جن اکابر کا ذکر ذیل کے صفحات میں مندرج کیا جا رہا ہے۔ وہ تاریخ کے مقدمہ کی بجائے خود بیش بہا معلومات کا اور فلسفیانہ فکر و تحقیق کا گنجینہ ہیں۔ مولا ایسے درخشندہ ستاروں میں روز افزونی فرمائے۔

ابراہیم اسمٰعیل چندریگر گورنر پنجاب

سنہ ۱۸۹۷ء کے اندر بمبئی میں پیدا ہوئے۔ تعلیمی ابتدا اور اساس کی تکمیل بھی وہیں سے کی۔ قانون کی ڈگری حاصل کرنے پر سنہ ۱۹۲۰ء سے احمد آباد میں آپ نے وکالت شروع کی۔ چار سال بعد آپ میونسپل کارپوریشن احمد آباد کے اور سنہ ۱۹۳۷ء میں بمبئی لیجسلیٹو اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ اس سال سے بمبئی ہائیکورٹ کی وکالت آپ نے اختیار کی۔ سنہ ۱۹۳۸ء سے دس سال تک بمبئی لیجسلیٹو اسمبلی کے اندر آپ نے بطور ڈپٹی لیڈر مسلم لیگ پارٹی کے کام کیا۔ اور اپنی صوبائی مسلم لیگ کے سنہ ۱۹۴۰ء سے چھ سال تک صدر اور سنہ ۱۹۴۳-۴۷ء آل انڈیا مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے رکن رہے۔

اکتوبر سنہ ۱۹۴۶ء سے اگست سنہ ۱۹۴۷ء تک آپ ہندوستان کی عارضی حکومت میں وزیر تجارت مقرر ہوئے۔

سنہ ۱۹۴۷ء میں ہی آپ نے جنیوا میں اقوام متحدہ کی ٹریڈ کانفرنس کے اندر بطور نمائندہ ہندوستان شرکت کی۔

ملکی تقسیم پر پاکستان کی پہلی وزارت میں آپ وزیر تجارت و صنعت مقرر ہوئے۔ اگلے سال آپ کو بطور سفیر پاکستان کابل جانا پڑا۔ سنہ ۱۹۵۰ء میں صاحبزادہ خورشید احمد کی وفات پر صوبہ سرحد کے گورنر کے فرائض انجام دینے کے لئے آپ نے مراجعت کی۔ اور اب پنجاب گورنر کے فرائض بحسن و خوبی سرانجام دے رہے ہیں۔

Marfat.com

احمد شاہ بخاری پطرس

آپ کا مولد شہر لاہور ہے۔ اوائل تعلیم اپنے وطن مالوف ہی میں حاصل کی۔ اور تکمیل اس تعلیم کی کیمبرج سے ہوئی۔ سنہ ۱۹۲۲ء کے اندر چوبیس سال کی عمر میں سنٹرل ٹریننگ کالج لاہور میں بطور لیکچرار آپ کا تقرر ہوا جہاں چھ سال بعد شعبۂ انگریزی کے پروفیسر بنا دیئے گئے۔ سنہ ۱۹۳۶ء کے اندر محکمہ آل انڈیا ریڈیو دہلی کے اسٹیشن ڈائریکٹر بنے۔ اور فوری بعد ہی انہیں ڈپٹی کنٹرولر ریاست مرکزی حکومت بنا دیا گیا۔ ملکی تقسیم سے پہلے چھ سال بطور کنٹرولر براڈ کاسٹنگ اور ڈائریکٹر جنرل براڈ کاسٹنگ فرائض سرانجام دیئے۔ سنہ ۱۹۴۷ء میں پرنسپل گورنمنٹ کالج لاہور بنائے گئے۔ سنہ ۱۹۴۸ء میں انڈیا آفس کی تقسیم پر لندن میں اور سنہ ۱۹۴۹ء میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کی کمیٹی میں اپنی مملکت پاکستان کی نمائندگی کی۔ مگر سنہ ۱۹۵۰ء سے انجمن اقوام متحدہ میں آپ کا پاکستان کی طرف سے مستقل نمائندہ بنائے جانے کا تقرر عمل میں آیا۔ پطرس کے مضامین آپ کی تصنیفات کا مجموعہ ہے۔ برمحل مزاحیہ کلام آپ کا خاص وصف ہے۔

امین الدین میاں

ایجنٹ برائے گورنر جنرل پاکستان۔ بلوچستان۔ سنہ ۱۸۹۷ء میں مقام لاہور پیدا ہوئے۔ اپنے شہر سے ایم۔ ایس۔ سی کی ڈگری حاصل کی۔ سنہ ۱۹۲۱ء کے آئی۔ سی۔ ایس کے مقابلہ کے امتحان میں کامیاب ہو کر ٹریننگ کے لئے کیمبرج تشریف لے گئے۔ سولہ برس پنجاب کے مختلف اضلاع میں بطور اسسٹنٹ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر کام کیا۔ اور اپنے ہی صوبہ کے محکمہ صنعت و بجلی کے سیکرٹری مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۹۴۲ء سے تین سال برابر حکومت ہند کی وزارت تجارت کے بطور جائنٹ سیکرٹری اور چیف کنٹرولر آف ایکسپورٹ فرائض ادا کئے۔ پاکستان بننے پر سنہ ۱۹۴۷ء میں کراچی پورٹ کرسٹ کے صدر اور دو سال بعد بلوچستان میں گورنر جنرل پاکستان کے ایجنٹ منتخب ہوئے۔ اور سنہ ۱۹۵۲ء کے آخری حصہ سے بطور گورنر مذکورہ آپ کا تقرر عمل میں آیا۔

الٰہی بخش لفٹننٹ کرنل

سنہ ۱۹۰۰ء میں مقام جالندھر آپ پیدا ہوئے۔ اوائل زمانہ کی تعلیم جالندھر شہر میں اور پیرلی سسٹر اوگینز

Marfat.com

(Col. G. H.) ہسپتال لندن میں تکمیل پذیر ہوئی۔ سنہ ۱۹۳۰ء انڈین میڈیکل سروس اختیار کی۔ جنگ عظیم کے اندر آپ سنگاپور میں جاپانیوں کے پاس سیاسی قیدی رہے۔ کچھ عرصہ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور کے اندر پروفیسر فارماکالوجی اور پروفیسر کلینیکل میڈیسن کے فرائض انجام دیئے۔ قائداعظم کے خاص معالج رہے۔ قائد اعظم کے آخری لمحات آپ کی تصنیف ہے۔ اور اب سنہ ۱۹۴۸ء سے پرنسپل میڈیکل کالج لاہور ہیں۔

اے۔ ڈی۔ ارشد صاحب ڈپٹی کمشنر

جولائی سنہ ۱۸۹۸ء کے اندر ملتان میں پیدا ہوئے۔ اپنے شہر سے میٹرک پاس کیا۔ بی۔ اے اور ایم۔ اے گورنمنٹ کالج لاہور سے پاس کرنے پر مقابلہ کے امتحان میں امتیازی دکھا کر سنہ ۱۹۲۲ء سے بطور پی۔ سی۔ ایس کام شروع کیا۔ اول اول مہتمم خزانہ کا فسر مال رہے۔ ڈی۔ ایم۔ ایس۔ ڈی۔ او۔ کی حیثیت سے کام کرتے رہے سنہ ۱۹۴۰ء سے عرصہ چھ سال۔ حصار۔ رہتک۔ جہلم اور منٹگمری کے مقامات پر بطور ڈپٹی کمشنر فرائض سرانجام دیئے پھر الیکشن کمشنر پنجاب لگے رہے۔ اور اب ضلع لائل پور کی مہاجر آبادکاری میں بطور ڈپٹی کمشنر سرگرم کار ہیں۔

امتیاز علی تاج سید

سنہ ۱۹۰۰ء کے اندر شہر لاہور میں پیدا ہوئے۔ تعلیمی زمانہ آپ نے سنٹرل ماڈل سکول لاہور اور گورنمنٹ کالج لاہور میں گزارا۔ اسی زمانے میں ہی ایک رسالہ بنام کہکشاں جاری کیا۔ اور ڈرامے سٹیج کئے۔ فارغ التحصیل ہو کر اپنے قدیم مکتبہ دارالاشاعت پنجاب لاہور کے انتظامات میں مصروف کار ہوئے۔ پھول اخبار اور تہذیب نسواں رسالہ کے ایڈیٹر بنے۔ انارکلی۔ لیلیٰ۔ تہتیناک افسانے مترجم چچا چھکن۔ خاندان۔ دھملی۔ زمیندار۔ یگانہ ڈی نگینہ۔ شہرت دوسرا در فلمی کہانیاں آپ کی تصنیفات سے ہیں۔

امیر الدین میاں

سنہ ۱۸۸۹ء میں پیدا ہوئے۔ میٹرک اسلامیہ ہائی سکول لاہور بی۔ اے۔ گورنمنٹ کالج لاہور۔ ہمیشہ سنہ ۱۹۲۴ء سے بلامقابلہ ممبر کمیٹی منتخب ہوئے۔ بار اول سنہ ۱۹۲۳ء میں اور بار دوم سنہ ۱۹۲۷ء میں میونسپل کمیٹی لاہور منتخب ہوئے اور اب تک ممبر ہیں۔

Marfat.com

اور ممبر لیجسلیٹو اسمبلی سنہ ۱۹۴۱ء سے سنہ ۱۹۴۶ء تک آپ ان دس ممبران سے ہیں جنہوں نے خضری وزارت سے علیحدگی اختیار کی۔ اور مسلم لیگ بلاک بنایا۔ آل انڈیا مسلم لیگ کے ممبر سنہ ۱۹۲۷ء سے سنہ ۱۹۴۸ء تک پنجاب مسلم لیگ کے صدر نواب سر شاہ نواز خاں مرحوم صاحب کے ہمراہ بیش بہا خدمات لیگ کی کیں۔ لیگ کے جلسہ کے لئے سنہ ۱۹۴۵ء میں لاہور میں جبکہ یونینسٹ گورنمنٹ نے جگہ دینے سے انکار کر دیا۔ تو آپ نے زیر کاشت زمین جلسہ کرنے کے لئے پیش کر دی۔ قائداعظم کے حکم کے مطابق ریلیف کمیٹی کام کو سرانجام دینے کے لئے سنہ ۱۹۴۶ء میں بہار گئے ملکی تقسیم کے موقع پر آپ نے ہیڈ کمیٹی ہوتے ہوئے مہاجرین کے لئے چالیس ہزار روپے جمع کر کے ان پر خرچ کیا۔ عرصہ سے صدر انجمن اسلامیہ پنجاب۔ نائب صدر انجمن حمایت اسلام۔ پنجاب یونیورسٹی کے فیلو۔ صوبہ کی جج کمیٹی۔ ٹرانسپورٹ بورڈ اور ریڈ کراس کے ممبر ہیں۔

بشیر احمد میاں بار ایٹ لاء

آپ سنہ ۱۸۹۳ء کے اندر مقام لاہور پیدا ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم اپنے وطن میں شروع ہوئی۔ اور آکسفورڈ میں مکمل ہوئی۔ فارغ التحصیل ہو کر اسلامیہ کالج لاہور میں کچھ دیر اعزازی طور پر آپ نے کام کیا۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کی کورٹ کے رکن اور آل انڈیا انجمن ترقی اردو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن بھی رہ چکے ہیں سنہ ۱۹۴۲ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر بنائے گئے۔ صوبائی اسمبلی کے ممبر بھی رہ چکے ہیں۔ سنہ ۱۹۴۹ء میں پاکستان کی طرف سے بطور سفیر ترکی تشریف لے گئے۔ لیکن اپنے کنبہ کے پے در پے کے مطالبات پر وہاں سے مستعفی ہوئے۔ انجمن حمایت اسلام کی کونسل اور پنجاب یونیورسٹی کی سنیٹ کے رکن عرصہ سے چلے آ رہے ہیں۔ اور وہ رسالہ موسومہ ہمایوں جو سنہ ۱۹۲۲ء کے اندر اپنے والد جسٹس شاہ دین ہمایوں (مرحوم) کی یاد میں جاری کیا تھا۔ چلائے جا رہے ہیں۔

بیگم زینت فدا حسن ایم۔ اے

تعلیمی زمانہ میں ہمیشہ امتیازی حاصل کرتی رہی ہیں۔ بی۔ اے میں آپ نے وظیفہ حاصل کیا۔ اور تاریخ کا ایم۔ اے گورنمنٹ کالج سے اس زمانہ میں پاس کیا۔ جبکہ مسلمان لڑکیوں کی تعلیم کے لئے بہت کم سہولتیں میسر تھیں۔

Marfat.com

سید فدا حسن کمشنر لاہور سے شادی کے بعد ۱۹۳۷ء سے آپ کی طبیعت کا پاکستان کی اکثر عورتوں کے پنجابتی کاموں کی طرف زیادہ رجحان رہنے سے ہی آپ کو مستورات کی آل پاکستان ایسوسی ایشن لاہور برانچ کا صدر چنا گیا۔ اس ایسوسی ایشن بنام دارالنسواں نے جس کے نام سے ایک پرائمری سکول بھی چل رہا ہے ہزاروں مستحق امداد عورتوں کی ہر موقع پر بروقت امداد کی ہے۔

ایسوسی ایشن بنام دارالنسواں نے جس کے نام پر پبلک کے چندہ سے سال بہ سال سرکاری معائنہ حسابات سے ایک پرائمری سکول بھی چل رہا ہے۔ ہزاروں مستحق امداد عورتوں اور یتیم بچوں کی ہر موقع پر بروقت امداد کی ہے۔

کثرت رائے عامہ سے آپ کو اسمبلی کے انتخابات میں سول ڈیفنس ایڈوائزری بورڈ کے لئے اور ریڈ کراس کے لئے بھی ممبر منتخب کیا گیا۔

بی۔ اے۔ قریشی پرنسپل ڈاکٹر ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی

۱۸۹۶ء میں مقام غازی آباد پیدا ہوئے۔ ان کی تعلیم ابتدائی علی گڑھ میں اور تکمیل اس کی برلن میں ہوئی۔ قریباً چودہ سال بطور پروفیسر مضامین تاریخ و عربی۔ اسلامیہ کالج لاہور میں کام کیا۔ بعد پنجاب یونیورسٹی کے شعبۂ عربی کے صدر بنائے گئے۔ ۱۹۴۸ء میں تین سال کے لئے حکومت پاکستان کی طرف سے آپ کو بطور سفیر برائے شام و لبنان مقرر کیا گیا۔ ۱۹۵۱ء سے آپ پھر بطور پرنسپل اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

بیگم جہاں آرا شاہ نواز

آپ قریب تیس سال سے پنجاب کی سوشل اور پولیٹیکل زندگی سے وابستہ ہیں۔ اور سر میاں محمد شفیع (مرحوم) کی صاحبزادی ہوتے ہوئے ایسے خاندان کی روشن چراغ ہیں۔ جو قومی خدمت کے میدان میں ہمیشہ پیش پیش رہا ہے۔

ان جہاں آرا صاحبہ نے پچیس برس کی عمر میں پردہ کی مقید زندگی کو ترک کیا۔ اور تب ہی سے صوبہ کا شاید ہی کوئی ایسا جماعتی۔ تمدنی اور سیاسی پہلو ہو۔ جس میں کہ آپ نے نمایاں حصہ نہ لیا ہو۔ ۱۹۳۰ء کے اندر ان کے والد جو نسوانی ترقی کے زبردست حامی تھے۔ انگلستان کی امپیریل کانفرنس میں شرکت کرنے جاتے وقت انہیں

Marfat.com

بطور اپنا سیکرٹری ہمراہ لے گئے۔ بنابریں جہاں آرا سیاسی اور انتظامیہ مسائل کی طرف مدعو کی گئیں۔ کچھ دیر بعد انہوں نے پھر انگلستان کی تیسری راؤنڈ ٹیبل کانفرنس میں بطور ڈیلیگیٹ کے شرکت کی۔ اور ان کی تقریر پر تمام امتیاز والے حاضرین نے تعریفی کلمات کہے۔ سنہ ۱۹۳۲ء میں آپ لیگ آف نیشنز اور سنہ ۱۹۳۳ء میں عورتوں اور بچوں کی اصلاحی کمیٹی کی ممبر اور انٹرنیشنل لیبر کانفرنس کی ڈیلیگیٹ منتخب ہوئیں۔ میاں سر محمد شفیع (مرحوم) کہا کرتے تھے۔

"کاش! یہ لڑکی میری لڑکا ہوتیں"

بیگم شاہ نواز پہلی عورت تھیں۔ جو آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کی پانچ سال ممبر رہیں۔ اور ان کی کارکردگیوں نے لیگ کے نصب العین کو کامیاب طور پر پیش کرتے ہوئے مسلمان عورتوں کی لیگ کی تشکیل کر دکھلائی۔

سنہ ۱۹۳۷ء میں آپ پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کی ممبر منتخب ہوئیں۔ اور اسی سال ہی آپ کو پارلیمنٹری سیکرٹری بنا دیا گیا۔ سنہ ۱۹۴۱ء میں آپ کو انڈین ڈیفنس کونسل کا ممبر اور اگلے ہی سال سنٹرل انفرمیشن ڈیپارٹمنٹ میں جائنٹ سیکرٹری مقرر کیا گیا۔ اس عہدہ سے آپ نے سنہ ۱۹۴۵ء میں مسلم لیگ کے مطالبہ پاکستان کی بنا پر استعفیٰ دے دیا۔ اور لیگ کے ٹکٹ پر پھر پنجاب اسمبلی کے لئے منتخب ہوئیں۔ خضر وزارت کے خلاف مہم کھڑی ہونے پر آپ عورتوں کے جلوس میں علمبردار ہو کر گرفتار ہوئیں۔ سنہ ۱۹۴۶ء کے شروع میں قائد اعظم نے مسلم لیگ کے مطالبہ پاکستان کے نظریہ کو بیرونی ممالک کے عوام پر واضح کرنے کے لئے انہیں ایک مشن میں امریکہ روانہ کیا۔

بیگم شاہ نواز سنٹرل اسمبلی کے لئے بھی منتخب ہوئیں۔ اور اس وقت سے آپ کئی مختلف کمیٹیوں کی ممبر رہی ہیں۔ اور ان کمیٹیوں کے طریقہ ہائے کار کو اپنے گراں قدر ہدایات و تجربات سے مستفیض کرتی رہی ہیں۔

بیگم خدیجہ جی۔ اے۔ خاں

آپ ریاست فرید کوٹ کے ایک سابقہ وزیر غلام محسن خاں (مرحوم) کی صاحبزادی ہیں لدھیانہ میں آپ کی پیدائش ہوئی۔ اسی شہر سے ہی میٹرک پاس کیا۔ بی۔ اے۔ کی ڈگری لاہور کالج فار وومن سے اور بی۔ ٹی۔ کی ڈگری بھی لاہور ہی سے حاصل کی۔ کچھ برس آپ نے لدھیانہ میں اور پھر فاضل کا (ضلع فیروزپور) بطور ہیڈ مسٹریس کام کیا۔ اور بعد میں آپ کی شادی کرنل جی۔ اے۔ خاں انسپکٹر جنرل محکمہ جیل سے ہوئی۔ بیگم صاحبہ کو اس وقت کے اپنے شہر

Marfat.com

میں مسلمان عورتوں کے اندر پہلی گریجویٹ ہونے کی امتیازی حاصل تھی۔

اگرچہ آپ سوشل امورات میں ملکی تقسیم سے پہلے بھی کافی دلچسپی رکھتی تھیں۔ تاہم سال ۱۹۴۷ء اور اس کے بعد بیگم جی۔ اے۔ خاں مستورات کے سوشل امورات میں انتھک اور بے لوث کام کرنے والی مشہور ہوئیں۔ مہاجرین کے کیمپوں کے اندر آپ کی امداد کی ہر طرف سے تعریف ہوئی۔ اور یہ چیز بلکہ انہیں بعد میں پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے منتخب کروانے میں ذمہ دار سمجھی گئی۔

بیگم جی۔ اے۔ خاں نے پاکستان کی گرل گائڈ تحریک میں بہت اہم حصہ لیا۔ سنہ ۱۹۴۸ء میں آپ کو ساری دنیا کی گرل گائڈ کانفرنس منعقدہ امریکہ میں بطور ڈیلیگیٹ بھیجا گیا۔ اور اب آپ پاکستان کی گرل گائڈ ایسوسی ایشن کی چیف کمشنر ہیں۔

آپ صوبائی اور پاکستان مسلم لیگ کونسل کی اور پنجاب مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کی رکن ہیں۔ بیگم جی۔ اے۔ خاں ہسپتالوں۔ فلموں اور ریڈیو وغیرہ پر گورنمنٹ کی طرف سے نامزد کی ہوئی کئی ایک نیم سرکاری کمیٹیوں کی رکن ہیں۔ اور جنوری سنہ ۱۹۵۳ء کے اندر دہلی میں منعقدہ بین الاقوامی اجلاس بہ عنوان "حقوق نسواں" برائے ممالک جنوبی ایشیا۔ پاکستان کیطرف سے لیڈر خاتون کی حیثیت سے امتیازی دکھلا چکی ہیں۔

چراغ حسن حسرت ایڈیٹر

آپ سنہ ۱۹۰۰ء مقام پونچھ پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۹۲۵ء سے صحافت شروع کی۔ اور کلکتہ کے کئی اخبارات میں کام کیا۔ سنہ ۱۹۳۹ء میں محکمہ آل انڈیا ریڈیو کی نوکری اختیار کر لی۔ اور بعد میں مستعفی ہو گئے۔ کچھ دیر فوجی اخبار کے بھی ایڈیٹر رہے۔ بعدہٗ ایک کافی عرصہ "امروز" کے بطور چیف ایڈیٹر فرائض سرانجام دے کر کچھ وجوہات کی بنا پر وہاں سے بھی مستعفی ہوئے۔ مضامین سندھ باد جہازی۔ دو ڈاکٹر۔ کیلے کا چھلکا۔ مردم دیدہ۔ جدید جغرافیۂ پنجاب آپ کی مقبول عام تصنیفات ہیں۔

حفیظ جالندھری ابوالاثر

سنہ ۱۹۰۰ء کے اندر مقام جالندھر پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مساجد میں ہوئی۔ زبان فارسی کی گلستان و بوستان بھی وہیں پڑھی گئیں۔ پھر آپ کو سکول بھیجا گیا۔ اس دوران میں ہی آپ نے اشعار پر طبع آزمائی شروع کر دی۔ اول اول مولانا گرامی (یعنی غلام قادر گیلانی) سے اصلاح کروایا کرتے تھے۔ اور بعد میں خود اپنے

Marfat.com

انداز کے استاد بن گئے۔ حفیظ کے گیت۔ سوز و ساز۔ تہ خانۂ شیریں۔ نغمۂ زار۔ بہار کے پھول۔ تصویر کشمیر ہندوستان ہمارا۔ اور شاہنامۂ اسلام آپ کی مقبولِ عام تصنیفات ہیں۔

خان افتخار حسین خاں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب

سنہ ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوئے۔ تعلیم نظام کالج۔ حیدر آباد (دکن) مسلم یونیورسٹی علی گڑھ اور گورنمنٹ کالج لاہور سے حاصل کی۔ بذریعہ عدالتی فیصلہ جات کے پنجاب کی ریاست ممدوٹ والد کو مل جانے پر ان کے ساتھ ہی لاہور سکونت پذیر ہو کر بطور رسول جج چار سال تک کام کیا۔

والد کے انتقال پر آپ پنجاب اسمبلی کے ممبر اور والد کی جگہ لیگ کے صدر منتخب ہوئے۔ سکندر بلدیو سنگھ پیکٹ کو نہ تسلیم کرتے ہوئے یونینسٹ وزارت کے اندر آپ پانچ سال تک لیگ کے برابر پریزیڈنٹ کی حیثیت سے اپنے کسان بھائیوں کی ہر طرح حمایت کرتے رہے۔

سنہ ۱۹۴۵ء کی اسمبلی الیکشن میں اور تحریک نافرمانی میں مسلم لیگ کی خلاف توقع کامیابی اور خضر وزارت کے مستعفی ہو جانے پر خان افتخار حسین خاں اور ان کی پارٹی کے لوگ اپنے ڈراما میں کامگار رہے۔

ملکی تقسیم پر خان افتخار حسین خاں صاحب نے اپنی مشرقی پنجاب کی ۱۸۰۰۰ ایکڑ زمین کو خیرباد کہا۔ اور انگلستان کے بیک وقت وزیر اعظم وال پول کی طرح ایک عوامی وزارت قائم کر دی۔ اور اپنی تشکیل کو عوامی وزارت کے نام پر معنون کیا۔ انہوں نے اپنی وزارت کے اندر تین وزرا کا انتخاب ایسے اصحاب کا کیا جنہوں نے محض اپنے خلوص سے نیک نامی حاصل کر رکھی تھی۔ اور ان وزیرِ اعلےٰ کو ذاتی دیانت داری اور خلوص قلبی کے اعتبار کے باوجود سیاسی حریفوں کے اپنی پارٹی کا پورا اعتماد حاصل تھا۔

وزارت کا اعتماد استوار بنانے کے خیال سے خان افتخار حسین خاں صاحب نے پندرہ ماہ کے اندر تین مرتبہ نئے وزرا کو اس عہدہ داری پر متفخر کیا۔ پھر بھی ایسے بعض ہمجولیوں کو زیادہ اقتدار کا متمنی پایا۔ اس وقت جبکہ قومی تعمیر کا زیادہ کام سنٹرل گورنمنٹ نے اپنے ہاتھوں لے رکھا تھا۔ خان صاحب کا یہ کہنا تھا۔ کہ پاکستان کے اول ایام میں افسران اور وزارت کے ان کے اپنے انتخاب نے قائداعظم کے بعد حکام اعلیٰ کی مداخلت اور سیاسی حریفوں کی گڑبڑ سے پاک رہ کر صوبہ کی فلاح و بہبود میں زیادہ مفید ثابت ہونا تھا۔

وزارت سے مستعفی ہونے تک اپنے خلاف تحریکات کا بڑے ٹھنڈے دل سے سامنا کرتے رہنا ان کی طبیعت کا نمایاں وصف رہا ہے۔

Marfat.com

دولتانہ میاں ممتاز محمد خاں وزیر اعلیٰ پنجاب

سنہ ۱۹۱۶ء میں پیدا ہوئے۔ خاندانی امارت و علم و اعزاز کے گہوارہ میں پلے۔ ابتدائی تعلیم سر ولسن پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور جیسے استاد کی نگرانی میں گھر پر حاصل کی۔ میٹرک کا امتحان پرائیویٹ طور پر پاس کیا۔ پھر گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ اور سنہ ۱۹۳۳ء میں بی۔ اے (آنرز) کی ڈگری نمایاں حیثیت سے حاصل کی۔ اسی سال ہی انگلستان پہنچ کر کورپس کرسٹی کالج انگلستان میں داخل ہو گئے۔ اور بتدریج فلاسفی، پالٹیکس اور اقتصادیات اور بیرسٹری کے امتحانات سنہ ۱۹۳۹ء تک امتیازی سے پاس کئے۔ پھر آکسفورڈ یونیورسٹی سے ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ اور سیاسی مباحثوں میں شریک ہو کر اپنی ٹھوس رائے کے اظہار سے داد حاصل کرتے رہے۔

سنہ ۱۹۴۰ء میں مراجعت فرمائے وطن ہوئے۔ تو جنگ عظیم زوروں پر تھی۔ اور ملکی حالات بڑا نازک نقشہ پیش کرتے تھے۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں مسلم لیگ کے ٹکٹ پر پنجاب اسمبلی کے ممبر اور اگلے سال سے متواتر کئی برس تک بحیثیت جنرل سیکرٹری صوبائی مسلم لیگ (پنجاب) آپ منتخب ہوتے رہے۔ سنہ ۱۹۴۶ء میں دوبارہ مسلم لیگ کے ٹکٹ پر پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے انتخاب میں سیالکوٹ کے دیہاتی مسلم حلقے سے کامیاب ہوئے۔ اسی سال ہی قائداعظمؒ نے مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کی تشکیل کے سات ممبران میں آپ کو بھی شامل کیا۔ آل انڈیا مسلم لیگ کونسل، پنجاب مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی اور مسلم لیگ پارلیمنٹری بورڈ کے سرگرم ممبر رہ چکے ہیں۔ اور قیام پاکستان سے آل پاکستان مسلم لیگ کونسل۔ کئی صوبائی اور مرکزی ورکنگ کمیٹیوں کے رکن ہیں۔ اور پاکستان کی دستور ساز اسمبلی کے رکن ہیں۔

سنہ ۱۹۴۷ء کی پہلی مسلم لیگ وزارت میں آپ نے وزیر مالیات کا قلمدان سنبھالا۔ اگلے سال آپ کو کثرت رائے سے پنجاب مسلم لیگ کا صدر منتخب کیا گیا۔ سنہ ۱۹۵۱ء میں آپ نے مسلم لیگ کی دوسری وزارت مستحکم بنیادوں پر قائم کی۔ اور وہ کارہائے نمایاں کر دکھلائے۔ جن کا اندازہ کتاب ہذا کے صفحہ ۱۲۳ سے ۱۳۴ تک پڑھنے سے بخوبی ہو سکتا ہے۔

دین محمد شیخ ہنرایکسی لینسی گورنر سندھ

سنہ ۱۸۸۶ء کے اندر آپ پیدا ہوئے۔ اکیس برس کی عمر میں ایم۔ اے کی اور چوبیس برس کی عمر میں ایل ایل بی کی

Marfat.com

پنجاب یونیورسٹی کی ڈگریاں حاصل کیں۔ اول اول راولپنڈی میں پیشہ وکالت شروع کیا۔ سنہ ۱۹۱۷ء سے گوجرانوالہ میں مقیم ہوئے۔

سنہ ۱۹۱۶ء میں کانگرس اور مسلم لیگ کے مشترکہ اجلاس میں شرکت کی۔ اگلے سال لارڈ چیمس فورڈ اور مسٹر مانٹیگو کے خلاف ڈیپوٹیشن میں پنجاب کی طرف سے شرکت کی۔ سنہ ۱۹۱۹ء میں حکومت برطانیہ کے خلاف بغاوت کے الزام میں گرفتار ہوئے۔

سنہ ۱۹۲۱ء میں گوجرانوالہ میونسپل کمیٹی کے صدر منتخب ہوئے۔ دو سال بعد پنجاب لیجسلیٹو کونسل کے ممبر بنے۔ سنہ ۱۹۲۹ء سے لاہور رہی میں وکالت شروع کر دی۔ اس کے پانچ سال بعد آپ کو لاہور ہائی کورٹ کا جج مقرر کیا گیا۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں پنجاب یونیورسٹی کی طرف سے آپ کو ایل۔ ایل۔ ڈی کی اعزازی ڈگری دی گئی۔ سنہ ۱۹۴۶ء میں لاہور ہائی کورٹ سے مستعفی ہوئے۔ مگر اپر ٹرانسپورٹ لائسنسنگ بورڈ آف انڈیا کے صدر بنائے گئے۔ ایک سال بعد وہاں بھی استعفےٰ دیا۔ اور ریاست بہاولپور کے چیف جج بنے۔ جولائی سنہ ۱۹۴۷ء میں پنجاب باؤنڈری کمیشن کے ممبر بنائے گئے۔

انجمن حمایت اسلام لاہور کے لائف ممبر ہیں۔ اور ادبی اداروں کی اکثر پرورش رکھتے ہیں۔ شیخ غلام حسین ہدایت اللہ کی وفات سے دسمبر سنہ ۱۹۵۲ء تک آپ حکومت پاکستان کے صوبہ سندھ کے گورنر رہے ہیں۔

ڈاکٹر ایس۔ اے رحمان۔ جج۔ ہائیکورٹ لاہور

سنہ ۱۹۰۳ء کے اندر مقام وزیر آباد (پنجاب) پیدا ہوئے۔ پنجاب یونیورسٹی سے سنہ ۱۹۲۵ء میں ایم۔ اے پاس کیا اگلے سال آل انڈیا آئی۔ سی۔ ایس۔ مقابلہ کا امتحان پاس کر کے پروبیشن کے دو سال انگلستان میں گذارے۔ اور اسی دوران میں اور ٹیل آنرز امتحان آکسفورڈ یونیورسٹی سے پاس کیا۔

سنہ ۱۹۲۸ء سے زندگی کے میدانِ عمل میں شامل ہوئے۔ بطور اسسٹنٹ کمشنر۔ سب ڈویژنل آفیسر۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج۔ لیگل ریمبرنسر رہ کر سنہ ۱۹۴۶ء سے لاہور ہائی کورٹ کے جج مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۹۵۱ء میں مصر یونیورسٹی نے آپ کو ایل۔ ایل۔ ڈی کی اعزازی ڈگری دی۔

بزمِ اقبال کے پنجاب کے ترجمہ بورڈ کے آپ ممبر ہیں۔ اور آپ نے علامہ اقبال کی تصنیف موسومہ اسرارِ خودی کا اشعار میں ترجمہ بھی کیا ہے۔

Marfat.com

ڈاکٹر خان اے رحمان ڈائریکٹر محکمہ زراعت

سنہ ۱۹۰۵ء میں جالندھر کے مردم خیز خطہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کی اوائل تعلیم علی گڑھ میں ہوئی۔ سنہ ۱۹۲۲ء کی ایڈنبرا سے۔ بی۔ ایس۔ سی۔ کی ڈگری حاصل کرنے پر زراعتی کالج لائلپور کے اندر اسسٹنٹ پروفیسر آف انٹومولوجی (علم حشرات الارض) مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۹۳۶ء میں پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کیمبرج کر آنے پر وہیں پروفیسر بن گئے۔

پاک و ہند کے علاوہ برطانیہ یورپ کے دیگر ممالک ریاستہائے متحدہ امریکہ اور کنیڈا وغیرہ کے اعلیٰ ترین سائنس کے اداروں اور زراعتی فارموں کے مشاہدات سے پنجاب یونیورسٹی۔ علی گڑھ یونیورسٹی کے سنٹرل کاٹن کمیٹی ایگریکلچرل ریسرچ کمیٹی وغیرہ کے اندر بطور ممبر یا صدر کے فرائض سرانجام دیتے چلے آرہے ہیں۔ اور بذریعہ اخبارات۔ رسائل اور ریڈیو پاکستان کے اپنے علم سے عوام کو مستفیض کرتے چلے آرہے ہیں۔ سنہ ۱۹۴۷ء سے تین سال تک بطور پرنسپل زراعتی کالج مقام لائل پور فرائض سرانجام دے کر سنہ ۱۹۵۰-۵۱ء تک صوبہ کے ڈائریکٹر محکمہ زراعت رہے۔ اور بعدہٗ ریجنل ڈائریکٹر محکمہ زراعت حکومت پاکستان کے عہدہ پر فائز ہوتے۔

ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین صدر پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی

آپ نے جو یونیورسٹی کی نشست سے کامیاب ہوئے ہیں۔ سنہ ۱۹۰۶ء میں ایم۔ اے انگلش کی ڈگری پنجاب یونیورسٹی سے اور لاء کی ڈگری سنہ ۱۹۱۲ء میں کیمبرج یونیورسٹی سے حاصل کی۔ اور بیرسٹر بنے۔ بعد آپ نے ایل۔ ایل۔ ڈی کی ڈگری ڈبلن یونیورسٹی سے حاصل کی۔ اور سنہ ۱۹۵۱ء تک وکالت کی۔

اس لمبے عرصے کے اندر آپ لاء کالج لاہور میں انٹرنیشنل لاء کے لیکچرار ممبر بار کونسل رہے۔ اور آل پاکستان بار کانفرنس سنہ ۱۹۴۹ء کے صدر اور ہائیکورٹ کی بار ایسوسی ایشن کے صدر بنائے گئے۔

تعلیمی میدان میں انہیں ماہرِ تعلیم کا نام دیا جا چکا ہے۔ وہ کئی تعلیمی کمیٹیوں کے ممبر رہ چکے ہیں۔ اور اب پنجاب یونیورسٹی کے فیلو۔ اس کی سنڈیکیٹ کے ممبر اور انجمن حمایت اسلام کے جو کہ پاکستان کا سب سے بڑا تعلیمی ادارہ ہے صدر ہیں۔

ڈاکٹر خلیفہ شجاع الدین صاحب پنجاب مسلم لیگ کے سنہ ۱۹۱۷-۱۸ء میں سیکرٹری اور سنہ ۱۹۲۰-۲۱ء تک آل انڈیا

Marfat.com

مسلم لیگ کے ممبر رہ چکے ہیں۔ راؤنڈ ٹیبل کانفرنس کی جائنٹ پارلیمنٹری کمیٹی اور ۱۹۳۲ء کی ڈی لیمی ٹیشن کمیٹی کے سامنے پیش ہو کر آپ نے پنجاب کے مسلمانوں کے حقوق کے متعلق پیروی کی۔

خلیفہ صاحب پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل آفیسر کی پنجاب برانچ کے اور مقابر اسلامی پنجاب برانچ کے صدر ہیں۔ آپ مملکت خداداد پاکستان کی لاء کمیشن کے بھی رکن ہیں۔

سرور ایس ایم ایڈوائزر۔ مخمل آنھرٹی

۱۹۰۷ء کے اندر مقام گجرات ولادت ہوئی۔ انٹرینس اپنے وطن سے اور ایم۔ آر۔ سی۔ وی۔ ایس ۱۹۲۸ء میں رائل ویٹرنری کالج لندن سے پاس کر کے ڈائریکٹر محکمہ حیوانات اور حصار کے فارموں اور ویٹرنری ریسرچ انسٹیچیوٹ میں تین سال تجربات حاصل کئے۔ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ حصار لگے جہاں سے حیوانات کالج لاہور میں پروفیسر لگائے گئے۔ پھر امپیریل زراعتی ریسرچ کونسل میں پانچ سال فرائض سرانجام دیئے۔ اور پروفیسر حیوانات کالج بنے۔

۱۹۳۵ء کے بعد صوبہ سرحد میں سپرنٹنڈنٹ محکمہ حیوانات۔ بعد میں وہیں ڈائریکٹر محکمہ حیوانات بنائے گئے ۱۹۴۷ء میں آپ کو ایم۔ بی۔ ای۔ کا خطاب عطا ہوا۔ ملکی تقسیم پر تین سال کے لئے پرنسپل ویٹرنری کالج اور پھر ایڈوائزر مخمل آنھرٹی منتخب ہوئے۔

سعادت حسن منٹو

۱۹۱۲ء میں ہوشیار پور میں پیدا ہوئے میٹرک امرتسر سے پاس کیا۔ اور کچھ دیر علیگڑھ میں پڑھائی کی۔ واپس امرتسر پہنچ کر روزنامہ "مساوات" نکالتے رہے۔ پھر ہفتہ وار پارس لاہور میں اور زاں بعد ہفت روزہ "مصور" بمبئی میں کام کیا پھر فلم انڈسٹری کی طرف متوجہ ہوئے "چل چل رے نوجوان"۔ بیگم اور آٹھ دن وغیرہ فلموں کی کہانیاں آپ ہی کے قلم سے ہیں۔

ملکی تقسیم سے لاہور ہی میں آپ مقیم ہیں۔ مضامین۔ آتش پارے۔ منٹو کے افسانے۔ منٹو کے ڈرامے۔ منٹو کے جنازے۔ چغد۔ خالی بوتلیں۔ ٹھنڈا گوشت۔ نمرود کی خدائی۔ آؤ تین عورتیں۔ کروٹ وغیرہ آپ کی تصنیفات ہیں اور کچھ اور تصنیفات تیار کرنے والے ہیں۔

Marfat.com

شوکت حیات خاں سردار

آپ ۱۹۱۵ء میں پیدا ہوئے۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں ابتدائی تعلیم حاصل کی سینیئر کیمبرج کا امتحان ۱۹۳۴ء کے اندر لاہور سے پاس کر لینے پر آئی۔ ایم۔ اے کے مقابلہ کے امتحان میں شریک ہوئے اور وہیں سے گریجویٹ بنے۔

۱۹۳۶-۴۳ء تک فوجی ملازمت میں رہے۔ ۱۹۳۷ء میں آپ کو فوج کے دستہ موسومہ نارتھمپٹن شائر کی عنان میں وزیرستان بھیجا گیا۔ دوسری جنگ عظیم میں سوڈان کے مقام سے آپ جنگی قیدی کی حیثیت سے گرفتار ہوئے۔ جہاں سے پانچ ماہ بعد رہا ہو کر حبشہ کی لڑائی میں شریک ہوئے۔ وہاں سے سابقہ ہندوستانی فوج کے نمائندہ کی حیثیت سے سابقہ ہندوستان کے دفتر مقام لندن انہیں متعین کیا گیا یوگنڈا۔ بلجیم۔ گانگو۔ فرانس۔ گیمبیا۔ نائیجیریا۔ گولڈ کوسٹ۔ لندن۔ پرتگال۔ انگلستان سکاٹ لینڈ۔ آئرلینڈ۔ جبرالٹر کے مقامات کا دورہ کر لینے پر ایک بار پھر سائپرس۔ قسطنطنیہ اور مغربی صحرا کے لئے فوج کے ایک دستہ کی خدمت آپ کے سپرد کی گئی۔ پھر حائفہ کالج میں سینیئر سٹاف ممبر منتخب ہوئے اور بعدہٗ ایران اور عراق کی کمان میں متعین ہوئے۔

۱۹۴۳ء میں پنجاب کے اندر وزیر امورات عامہ بنائے گئے۔ اس عہدہ سے ایک برطانوی گورنر کے احکام کی تعمیل میں یونینسٹ گورنمنٹ سے نامطابقت کے الزام پر برخاست کئے گئے۔

تین مرتبہ پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے چناؤ میں منتخب ہوئے۔ مسلم لیگ کی تحریکِ آزادی میں نمایاں دلچسپی دکھلائی اور میاں اختار الدین صاحب کی شرکت میں مسلم لیگ نیشنل گارڈ کے خلاف پابندیوں کی مخالفت کی اور سیاسی قیدی ہوئے۔

پاکستان کی آئین ساز اسمبلی کے ممبر بنائے گئے اور ۱۹۴۷ء میں پنجاب کی پہلی مسلم لیگ وزارت میں بطور وزیر مال کام کیا اور ۱۹۴۸ء میں مستعفی ہوئے۔

اس وقت صنعت و حرفت کی کئی کمپنیوں کے ڈائرکٹر کی حیثیت سے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ گھوڑے سواری۔ شکار اور کتابی مطالعہ کا ذوق رکھتے ہیں۔

Marfat.com

شوکت حسین رضوی

آپ اعظم گڑھ (یو۔پی) کے سادات خاندان سے ہیں۔ ۱۹۱۲ء میں پیدا ہوئے۔ امیر زادوں کی طرح صوبہ یو۔پی کے اعظم گڑھ۔ جون پور۔ الہ آباد اور علی گڑھ جیسے مقامات پر زمانۂ تحصیل علم گزارا اور بیس بیس کی عمر میں سرکاری نوکری سے قطع نظر فلم لائن کو اپنا ذریعۂ معاش منتخب کیا۔

اوّل اوّل کلکتہ کے میڈن تھیٹر میں یہودی نسل کے استادِ زمان بنام آرا میر کی فلم ریڈنگ میں شاگردی اختیار کی۔ سالہا سال کی محنت سے کلکتہ کے قریب ہر سٹوڈیو کے کام میں مہارت حاصل کی۔ اس وقت کی پکچرز بنام "چترلیکھا" "دل ہی تو ہے"۔ "قیدی"۔ "ہندوستان ہمارا" اور "بنگالی" وغیرہ آپ ہی کی رہین منت ہوئیں۔

کلکتہ کی تقلید میں لاہور فلم والوں کو دقتیں درپیش آئیں تو انھوں نے بھی شوکت صاحب سے گٹھ جوڑ کیا۔ چنانچہ پنچولی پکچرز کی "خزانچی" کی پہلی ریل کلکتہ ہی سے شوکت صاحب کے ہاتھوں ایڈٹ ہو کر پنجاب کے اندر پہنچی اور لاہور والوں کے اصرار نے آپ کو گاہے گاہے بُلا لینے کو رضامند کر لیا۔

۱۹۳۹ء میں وہ یکبالگی آپ کو لاہور ہی میں لے آئے۔ جب کہ آپ نے پنچولی کی فلم موسومہ "خاندان" کو سب سے پہلے ایڈٹ کیا۔

۱۹۴۲ء میں بمبئی والوں کی دوستی غالب آئی اور شوکت صاحب کو وہاں بھی جانا پڑا۔ "دوست" "زینت" "جگنو" وغیرہ وغیرہ جیسی فلم آپ ہی سے ڈائرکٹ ہوئیں۔

۱۹۴۷ء کی مُلکی تقسیم پہ شوری پکچرز لاہور اور پنچولی پکچرز لاہور والوں کے ہندوستان چلے جانے پر فلم لائن کے اُجڑے دیار کو پاکستان میں پھر سے بسانے کے لئے ۱۹۴۸ء سے مراجعت فرما، لاہور میں مقیم ہوئے۔ جہاں پر خداداد ذہانت سے بلاشرکت غیرے اور بغیر سرکار کی الطافات کے شاہ نور سٹوڈیو جیسی فلمستان کی جسکا تفصیلاً ذکر صفحہ ۳۵۵ پر مندرج کیا گیا ہے۔ انتہائی مشکلات کے باوجود تشکیل سے فلم لائن کے حریف اخبار کو متحیر کر دکھلایا۔

Marfat.com

شیر محمد خاں لفٹننٹ کرنل ملک

سنہ ۱۹۰۰ء میں مقام وزیر آباد پیدا ہوئے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور سے ایم۔بی۔بی۔ایس کر لینے پر آپ کی تعلیمی تکمیل ولایت سے ہوئی۔ واپسی پر فوج میں ملازمت شروع کی۔ سنہ ۱۹۳۶ء میں میڈیکل سکول امرتسر کے پرنسپل بنائے گئے۔ سنہ ۱۹۴۷ء کے شروع میں آپ کو کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور میں پروفیسر ان میڈیسن بنایا گیا۔ ملکی تقسیم پر آپ کا تقرر بطور انسپکٹر جنرل سول ہسپتال پنجاب عمل میں آیا۔ اور بعد میں پنجاب کے محکمہ صحت کے ڈائریکٹر منتخب ہوئے۔

ظفر اللہ خاں سر بیرسٹر ایٹ لاء وزیر امورات خارجہ حکومت پاکستان

آپ سنہ ۱۸۹۳ء کے اندر مقام ڈسکہ ضلع سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ تعلیمی تکمیل گورنمنٹ کالج لاہور۔ کنگز کالج لندن اور لنکن ان لندن سے ہوئی۔ سنہ ۱۹۱۶ء سے لاہور ہائی کورٹ میں وکالت شروع کی۔ سنہ ۱۹۲۶ء سے سنہ ۱۹۳۵ء تک مجلس قانون ساز پنجاب کے ممبر رہے۔ اس دوران میں گول میز کانفرنسوں میں بھی آپ کو شمولیت کرنی پڑی۔ سنہ ۱۹۳۱ء میں آل انڈیا مسلم لیگ کے صدر بھی بنائے گئے۔ سنہ ۱۹۳۵ء سے سنہ ۱۹۴۱ء تک گورنر جنرل کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر مقرر ہوئے۔ اور اگلے سال چین میں گورنمنٹ آف انڈیا کی طرف سے نمائندے بنائے گئے۔ سنہ ۱۹۴۷ء تک قریب چھ سال کے لئے آپ نے فیڈرل کورٹ آف انڈیا کے جج کی حیثیت سے فرائض انجام دیئے۔ اور بعد میں کچھ دیر کے لئے نواب بھوپال کے آئینی مشیر بنے۔ سنہ ۱۹۴۷ء سے پاکستان کے کابینہ میں ہیں اور اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل میں خطہ کشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے لئے ہمہ تن مصروف ہیں۔

ظہور حسین پیر

سنہ ۱۹۲۰ء میں مقام غوث پور ضلع ملتان، پیدا ہوئے۔ آپ کے خاندان کا سلسلہ براہ راست غوث بہاؤالحق رح سے ملتا ہے۔ جن کے مریدلاکھوں کی تعداد میں صوبہ پنجاب اور صوبہ سندھ میں پائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

مقامی ابتدائی تعلیم کے بعد آپ تعلیم کے لئے علیگڑھ چلے گئے۔ مگر بی۔ اے۔ کی ڈگری پنجاب یونیورسٹی سے حاصل کی۔

ملکی تقسیم پر آپ نے مہاجرین کی بہت خدمت سرانجام دی۔ لہٰذا پبلک اور گورنمنٹ کے نزدیک مقبولیت حاصل کی۔ اور گورنمنٹ نے انہیں محکمہ آبادکاری میں سپیشل مجسٹریٹ بنا دیا۔ میاں چنوں کی کمیٹی کے پہلے ممبر اور بعد میں وائس پریزیڈنٹ منتخب ہوئے۔ اور وہاں کی مسلم لیگ کے صدر اور صوبائی مسلم لیگ کے کونسلر بنائے گئے۔ اور بعدہٗ نہروں کی مشاورتی کمیٹی کے رکن منتخب ہوئے۔ سنہ ۱۹۵۰ء کی دریاؤں کی طغیانی کے موقع پر انہوں نے اپنا تمام مال وجان ڈسٹرکٹ ریلیف کمیٹی کی سہولت کے لئے وقف کر دکھلایا۔ ہر دلعزیز ہوئے۔ سنہ ۱۹۵۱ء کی پنجاب اسمبلی میں انہیں ممبر منتخب کیا گیا۔

ظہور حسین پیر صاحب ایک بڑے زمیندار ہونے کے علاوہ تجارتی دماغ بھی شمار ہوتے ہیں۔ اور وہ سیر و سیاحت کے بھی بہت دلدادہ ہیں۔

عابد علی عابد۔ سید

سنہ ۱۹۰۵ء کے اندر شہر لاہور میں آپ کی ولادت ہوئی۔ آپ کی ایم۔ اے۔ تک کی تعلیم لاہور ہی میں ہوئی۔ پھر دیال سنگھ کالج لاہور ہی میں پروفیسر لگائے گئے۔ اور سنہ ۱۹۴۷ء کی ملکی تقسیم پر اس کالج کے پرنسپل بنائے گئے۔ شاعری اور ادبیات میں بڑی دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور مقالات بھی خوب لکھتے ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی کی جماعتوں کو اردو اور فارسی میں خوب تاک کرنے کا ملکہ رکھتے ہیں۔ اور پنجاب یونیورسٹی کی سینٹ کے اور اس کی کئی بورڈوں کے ممبر ہیں۔ چاندنی، زندگی، روپ متی، باز بہادر، دکھ سکھ، شمع اور طلسمات، قسمت اور حجاب وغیرہ آپ کی تصنیفات ہیں۔

عبدالحمید صوفی آنریبل منسٹر

سنہ ۱۹۰۰ء میں کرنال پیدا ہوئے۔ تعلیم و تربیت زیر نگرانی اپنے چچا الحاج سر رحیم بخش (مرحوم) جو بیک وقت ریاست بہاولپور کے وزیر اعلےٰ تھے۔ صادق ایجرٹن کالج۔ بہاولپور میں حاصل کی۔

سنہ ۱۹۲۶ء سے آپ عوامی زندگی میں داخل ہوئے۔ جبکہ آپ کو ڈسٹرکٹ بورڈ کراچی کا ممبر منتخب کیا گیا۔ اور آپ وہاں کے ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ ملکی تقسیم کے موقع تک رہے۔ سنہ ۱۹۴۷ء میں آپ مسلم لیگ میں شامل ہوئے۔ اور اسی

Marfat.com

سال کی پنجاب اسمبلی کی جنرل الیکشن میں آپ کو ممبر منتخب کیا گیا۔ اس انتخاب سے پہلے آپ پنجاب کی یونینسٹ وزارت کے پارلیمنٹری سیکرٹری تھے۔ یونینسٹ وزارت اور مسلم لیگ پارٹی کے سیاسی اختلافات پر اور قائدِ اعظم کے اشارہ پر آپ نے سب سے پہلے خضر وزارت سے استعفیٰ دیا۔ پھر انہیں ۱۹۴۸ء میں پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے مسلم لیگ ٹکٹ پر منتخب کیا گیا۔ اور اسی سال ہی انہیں پاکستان کی مجلس قانون ساز کا ممبر بھی منتخب کیا گیا۔

آپ پنجاب مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر ۱۹۴۱ء تک اور آل انڈیا مسلم لیگ کونسل کے ممبر ملکی تقسیم تک رہے اور ۱۹۴۶ء میں مسلم لیگ کی نافرمانی کی تحریک میں آپ پہلے بیچ میں گرفتار ہوئے۔

۱۹۴۸ء میں صوفی صاحب کو پنجاب مسلم لیگ کا فنانشل سیکرٹری اور ۱۹۵۰ء میں پریزیڈنٹ منتخب کیا گیا۔ آپ آل پاکستان مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کے ممبر ہیں۔ اور مغربی پاکستان آرگنائزیشن سپر وائزری کمیٹی کے بھی ممبر ہیں۔ اور پاکستان قانون ساز اسمبلی کے بھی ممبر ہیں۔ اور وہاں مشرقی پنجاب کے مہاجرین کی نمائندگی فرماتے ہیں۔ اور اب کابینۂ دولتانہ کے دور میں زراعت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

عبدالحمید دستی (آنریبل منسٹر)

آپ ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ تعلیم آپ نے علیگڑھ۔ گورنمنٹ کالج لاہور اور اسلامیہ کالج لاہور سے حاصل کی جہاں سے ڈگری لے کر لاء کالج لاہور سے تعلیم کی تکمیل کی۔ اور ۱۹۲۱ء میں اپنے ہی ضلع میں وکالت شروع کی۔ آپ نے ڈسٹرکٹ بورڈ کی بیس برس سے زیادہ خدمت کی۔ سر سکندر کے عہد میں آپ کو کارونیشن اور سلور جوبلی میڈل عطا ہوئے۔ اور یتیموں کی اس انجمن اسلامیہ کے جو بیک وقت آپ نے قائم کی تھی۔ آپ خود ہی منتظم ہیں۔

آپ مظفر گڑھ کے بلوچی قبیلہ کے سردار ہیں۔ بمقابلہ قبیلہ کے غیر معمولاً انہوں نے ایک ہی دفعہ شادی کی۔ پانچ آپ کے بچے ہیں۔ اور آپ ۱۲۵۰۰ ایکڑ زمین کے مالک ہیں۔ اپنے قبیلہ کے اندر باہمی اتحاد کی ان کی اپنی جاری کردہ تحریک سے صدی کے گزشتہ چوتھائی حصہ سے ان کے قبیلہ کا کوئی مقدمہ عدالت میں نہیں لایا گیا۔ ۱۹۳۶ء میں مظفر گڑھ ہی میں آپ کو پبلک پراسیکیوٹر بنایا گیا۔ جس سے وہ جلد مستعفی ہو گئے۔ مسلم لیگ میں داخل ہو کر خان صاحب کا خطاب انہوں نے ترک کر دیا۔ اور ۱۹۴۵ء میں پہلی مرتبہ مسلم لیگ کے ٹکٹ پر لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے منتخب ہوئے۔

سردار عبدالحمید دستی صاحب جو پہلے ممدوٹ کابینہ کے اندر وزیرِ خوراک اور پنجاب مسلم لیگ کی

Marfat.com

ورکنگ کمیٹی کے ممبر تھے۔ اب کابینۂ دولتانہ کے اندر وزیرِ تعلیم کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

عبدالربّ میاں

سنہ ۱۹۱۲ء میں مقام ننگل انبیا (ضلع جالندھر) پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے ضلع میں حاصل کی۔ تکمیل تعلیم کے لئے اسلامیہ کالج لاہور سے بی۔ اے کی ڈگری اور لاء کالج لاہور سے ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری سنہ ۱۹۳۲ء کے اندر فسٹ ڈویژن میں حاصل کی۔ اپنے ہی ضلع میں وکالت شروع کی۔ اور اپنے آبائی گاؤں ننگل انبیا کے اسلامیہ ہائی سکول کی باگ ڈور بطور مینجر سنبھالی۔ اس حیثیت سے پندرہ برس تک اپنے ہم وطنوں کی خدمت ادا کی۔

سنہ ۱۹۳۷ء میں ضلع جالندھر کے دیہاتی حلقہ سے پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے ممبر منتخب ہوئے۔ اور کچھ دیر بعد انہیں خان بہادر کا خطاب عطا ہوا۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں حکومتِ ہند نے انہیں محکمہ مالیات میں ملازمت کے لئے مدعو کر لیا۔ اس وقت صوبہ پنجاب کی نیشنل ریونگ سکیم کے صوبائی افسر کی حیثیت سے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ تعلیمی ذوق رکھنے والوں کی امداد و صلہ افزائی کے لئے خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔

عبدالرحمٰن چغتائی

سنہ ۱۸۹۷ء کے اندر شہر لاہور میں پیدا ہوئے۔ تعلیم آپ کی میو سکول آف آرٹ لاہور میں ہوئی۔ مرقع چغتائی اور نقشِ چغتائی آپ کے شاہکاروں نے آپ کی شہرت یورپ تک پہنچا رکھی ہے۔ اور وہاں آپ دو مرتبہ ہو آئے ہیں۔ سات سو سے زیادہ تصاویر آپ بنا چکے ہیں۔ آرٹ کے اندر آپ ایک نئے سکول کے موجد ہیں۔ "کاجل" اور "سگان" جیسی تصنیفات سے ظاہر ہے۔ کہ آپ کو افسانہ نگاری کا بھی ذوق ضرور ہے۔

عبدالرحمٰن (سر) آنریبل جسٹس

سنہ ۱۸۸۸ء میں شہر دہلی میں پیدا ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم اور ایل ایل۔ بی کی ڈگری حاصل کر لینے پر اس کی تکمیل بھی دہلی ہی سے ہوئی۔ وکالت لاہور ہائی کورٹ میں شروع کی۔ پھر سات آٹھ برس تک دہلی یونیورسٹی کے ڈین کی حیثیت سے کام کیا۔ ۱۹۳۳ء سے ۱۹۳۵ء تک اسی یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر کے طور پر آپ کا تقرر عمل

Marfat.com

میں آیا۔ پھر ۱۹۳۷ء میں مدراس ہائی کورٹ کے جج منتخب ہوئے۔ وہاں سے انہیں ۱۹۴۳ء کے اندر بطور جج ہائی کورٹ لاہور بنایا گیا۔ جہاں سابقہ تجربہ کی بنا پر آپ اعزازی طور پر پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر کے فرائض بھی ۱۹۴۷ء تک سرانجام دیتے رہے۔ اب قیام پاکستان سے فیڈرل کورٹ آف پاکستان کے عہدے پر معمور ہیں۔

عبدالرشید سر (میاں) آنریبل جسٹس

۱۸۸۹ء کے اندر لاہور ہی میں آپ کی پیدائش ہوئی۔ ابتدائی تعلیم مقامی سنٹرل ماڈل سکول اور ایف۔ سی۔ کالج میں آپ نے حاصل کی۔ ان کی تعلیم کی تکمیل کرائسٹ کالج کیمبرج میں ہوئی۔ ۱۹۱۳ء میں بیرسٹری کا امتحان بڑی کامیابی سے پاس کیا۔ انگلستان سے مراجعت فرما کر لاہور ہائی کورٹ ہی میں وکالت شروع کی۔ ۱۹۲۷ء میں حکومت پنجاب کے ایڈووکیٹ بنائے گئے۔ ۱۹۳۳ء میں ہائی کورٹ لاہور کے جج اور قیام پاکستان سے چیف جج فیڈرل کورٹ کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

عبدالرب نشتر (سردار آنریبل)

۱۸۹۹ء کے اندر پشاور کے ٹاقرا قفان قبیلہ میں پیدا ہوئے۔ ایڈورڈس سکول اور کالج میں تعلیم پائی۔ بی۔ اے پنجاب یونیورسٹی سے اور ایل ایل۔ بی۔ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے پاس کیا۔ اور ۱۹۲۵ء میں بوڈیشنل کمشنر صوبہ سرحد کی عدالت میں پیشۂ وکالت شروع کیا۔

کالج ایام سے ہی آپ کو سیاسی زندگی سے لگاؤ رہا۔ تحریک خلافت میں شامل ہوئے۔ انجمن تبلیغ پشاور قائم کی۔ سائمن کمیشن کے بائیکاٹ میں سرگرم کارکن رہے۔ بوجہ سیاسی سرگرمیوں کے ایک مرتبہ آپ کی گرفتاری بھی عمل میں آئی۔ پشاور کی صوبائی کانگریس کی کمیٹی کے ممبر منتخب ہوئے۔ مگر بوجہ کچھ اختلافات کے کانگریس سے علیحدگی اختیار کر لی۔

۱۹۳۶ء میں پہلی مرتبہ آل انڈیا مسلم لیگ کی کونسل کے ممبر اور ۱۹۳۷ء سے ۱۹۴۵ء تک صوبائی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے۔ اور اس دور کے آخری دو سالوں میں وزیر مالیات کا کام کیا۔ ۱۹۴۶ء میں لیگ کی مجلس عاملہ کے ممبر منتخب کئے گئے۔ اور ۱۹۴۶ء میں مجلس ثلاثہ یعنی وزارتی مشن اور ہندو مسلم (کانگریس اور لیگ لیڈروں کی کانفر

Marfat.com

شملہ میں ہونے پر آپ نے قائداعظم۔ نوابزادہ لیاقت علی خاں اور نواب اسمٰعیل خاں کے ساتھ مسلمانانِ ہند کی نمائندگی کی۔ اور ملکی تقسیم کے موقع پر مجلس تجدید میں آپ نے قائداعظم اور نواب زادہ لیاقت علی خاں کے ساتھ لیگ کی نمائندگی کی مخلوط عارضی حکومت اور نیز قیام پاکستان پر محکمہ رسل و رسائل آپ کے حوالے رہے۔ پاکستان دستور ساز اسمبلی کی مختلف کمیٹیوں کے اندر آپ کا انتخاب ہوتا رہا۔ اور صوبائی کانسٹی ٹیوشن کی ضمنی کمیٹی کے آپ صدر منتخب ہوئے۔

سنہ ۱۹۴۹ء میں صوبہ پنجاب کے پہلے پاکستانی گورنر مقرر ہوئے اگرچہ ضروریات کے پیش نظر پھر گورنمنٹ آف پاکستان کے وزیر ترقیات کی حیثیت سے انہیں بلا لیا گیا۔ ابتدائے سن تمیز سے آپ کو شعر و ادب کا شوق ہے۔ جب کچھ کہتے ہیں خوب کہتے ہیں۔ یہاں تک کہ زمین کو آسمان بنا دکھاتے ہیں۔

عبدالمجید سالک مولانا۔

سنہ ۱۸۹۴ء کے اندر مقام بٹالہ (ضلع گورداسپور) میں پیدا ہوئے۔ بی۔ اے کی ڈگری حاصل کر لینے پر مولانا ظفر علی خاں کے جاری کردہ اخبار بنام زمیندار کے ایڈیٹر بنے۔ بعدہٗ اپنے دوست مولانا غلام رسول مہر کی معاونت میں اپنا ایک اخبار بنام انقلاب کا اجرا کیا۔ اور پھر حکومت پاکستان کی ملازمت میں بلا لئے گئے۔ ادب اپنی تصنیفات میں مصروف ہیں۔

عبدالمجید حافظ۔ چیف سیکرٹری

سنہ ۱۹۰۷ء میں مقام قصور (ضلع لاہور) میں پیدا ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم اپنے شہر میں اور تکمیل تعلیم گورنمنٹ کالج لاہور میں ہوئی جہاں سے سنہ ۱۹۲۹ء میں ایم۔ اے۔ کی ڈگری حاصل کی۔ اور اسی سال آئی۔ سی۔ ایس کے مقابلہ کے امتحان منعقدہ مقام دہلی میں تمام ہندوستان کے تمام امیدواروں میں بھی اول پوزیشن لے گئے۔

دو سال کی ٹریننگ کے لئے ولایت پہنچے۔ انہیں ایام میں بی۔ اے کی ڈگری آکسفورڈ یونیورسٹی سے حاصل کر دکھلائی۔ واپسی پر سنہ ۱۹۳۱ء سے چھ برس تک بطور اسسٹنٹ کمشنر بعد کے دو برس بطور ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اور سنہ ۱۹۳۹ء سے تین برس کے لئے بطور ڈپٹی کمشنر ضلع سرگودھا۔ میانوالی۔ لدھیانہ۔ اور گجرات کی ذمہ داریاں چلاتے رہے۔ پھر پنجاب گورنمنٹ کے ڈپٹی سیکرٹری لگائے گئے۔ سنہ ۱۹۴۲ء سے دو برس تک بطور کنٹرولر واشنگ لاہور اور پھر تین برس تک سیکرٹری فنانس پنجاب گورنمنٹ کے رہے کچھ وقفہ کے لئے بطور کمشنر لاہور ڈویژن میں کام کیا۔ اور اب چیف سیکرٹری پنجاب گورنمنٹ کے عہدہ کے ذائقہ سرانجام دیتے ہیں۔

Marfat.com

علی حسین شاہ۔ سیّد۔ گردیزی

سنہ ۱۹۱۱ء میں ملتان شہر میں پیدا ہوئے۔ ایمرسن کالج ملتان ہی آپ کی تعلیم کی تکمیل ہوئی۔ پچیس برس کی عمر میں آپ کو آل انڈیا مسلم لیگ کونسل اور پنجاب مسلم لیگ کونسل کا رکن منتخب کیا گیا۔ ازاں بعد اپنے ہی ملتان ڈویژن کے مسلم لیگ کی طرف سے آرگنائزنگ سیکرٹری مقرر ہوئے۔ اور بعد میں پنجاب کے دولتانہ کابینہ کے اندر بطور وزیر صحت و انجمن ہائے امداد باہمی انتخاب عمل میں آیا۔

عمر حیات خاں ملک (ڈاکٹر، ہزاکیسی لنسی)

آپ سنہ ۱۸۹۲ء کے اندر شاہ پور میں پیدا ہوئے۔ علی گڑھ اور کیمبرج جیسی یونیورسٹی کے اندر آپ کی تعلیمی تکمیل ہوئی۔ اور ریاضیات پر اہم مقالہ لکھنے کے اعزاز میں گلاسگو یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ، کی ڈگری دی۔

تحصیل علم کے بعد یورپ سے واپسی پر اسلامیہ کالج پشاور میں بطور پروفیسر ریاضی۔ پھر وائس پرنسپل۔ اور پرنسپل کے فرائض سرانجام دیئے۔ جنگ عظیم کے دوران میں حکومت سابقہ ہند نے آپ کو محکمہ سپلائی میں "ناظم اعداد و شمار" کے عہدہ پر فائز کیا۔ لیکن قومی جذبہ کے احساس سے اسلامیہ کالج لاہور کے پرنسپل ہو جانے کو قبول کیا۔ مسلم لیگ کی تحریک میں گرفتار ہوئے۔ ملکی تقسیم پر سنہ ۱۹۴۷ء میں پنجاب یونیورسٹی کے وائس چانسلر۔ اور پاکستان دستور ساز کے ممبر منتخب ہوئے۔ بعدہٗ سفیر پاکستان انڈونیشیا میں اور بطور سفیر پاکستان جرمنی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

عنایت اللہ (علامہ مشرقی)

سنہ ۱۸۸۸ء میں امرتسر شہر میں پیدا ہوئے۔ تحصیل علم میں ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ اور اسلامیہ کالج پشاور میں پروفیسر ریاضیات کی نوکری حاصل کی۔ اور بعد میں وہیں پرنسپل کا عہدہ بھی سنبھالا۔ پھر سنہ ۱۹۱۵ء سے چار سال کے لئے آپ حکومت ہند کے محکمہ تعلیم کے انڈر سیکرٹری مقرر ہوئے۔ وہاں سے صوبہ سرحد کے ڈائریکٹر سررشتہ تعلیم بنائے گئے۔

سنہ ۱۹۳۰ء میں آپ نے تحریک خاکسار کی بنیاد ڈالی۔ اور ملازمت سے مستعفی ہوئے۔ آپ کا ایک ہفت روزہ

Marfat.com

اخبار بنام الاصلاح جاری ہے۔ حکومت سے اختلافات کی بنا پر آپ اکثر گرفتار ہوتے ہیں۔

عبید محمد چودھری

سنہ ۱۹۱۰ء کے اندر مقام کپورتھلہ پیدا ہوئے عنفوانِ جوانی سے فلمی لائن اختیار کی۔ آپ نے سنہ ۱۹۴۵ء میں انبالہ کے اندر ایک بہت عالیشان سینما بنوایا۔ ملکی تقسیم سے لاہور پہنچکر رتن سینما کو ایک لمبی میعاد کے لئے حاصل کر کے اپنا کاروبار چلا رہے ہیں۔ گرین پکچرز۔ رتن سینما اور فرینڈس فلم سروس آپ کی ملکیت ہیں۔

غضنفر علی خاں راجہ۔ ہز ایکسی لنسی

سنہ ۱۸۹۲ء کے اندر مقام پنڈ دادن خاں ضلع جہلم میں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ کالج لاہور میں اپنی تعلیم کی تکمیل کی۔ سنہ ۱۹۳۳ء میں انڈین سنٹرل لیجسلیٹو اسمبلی کے اور انڈین کونسل آف سٹیٹ کے رکن منتخب ہوئے۔ اور مہاراجہ الور کے وزیر بھی مقرر ہوئے۔ سنہ ۱۹۳۷ء کے پنجاب کے کابینہ میں سر سکندر وزیر اعظم کے بطور پارلیمنٹری سیکرٹری بھی فرائض سرانجام دیئے۔ سنہ ۱۹۴۶ء کے انتخاب میں آپ مسلم لیگ کی طرف سے اسمبلی کے ممبر منتخب ہو کر ہندوستان کی عارضی حکومت میں وزیر صحت کے طور پر بھیجے گئے۔ ملکی تقسیم پر آپ کو وزیر زراعت۔ خوراک کا منصب اور پھر مہاجرین بحالیات کے عہدے سپرد کئے گئے۔ بعدہٗ بطور پاکستان کے سفیر برائے ایران و عراق آپ کا تقرر عمل میں آیا۔

غلام محمد ہز ایکسی لنسی گورنر جنرل پاکستان

سنہ ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ سے حاصل کی انڈین آڈٹ سروس کے سب سے پہلے مقابلہ کا امتحان کامیابی سے پاس کرنے والوں میں شامل ہوئے سنہ ۱۹۳۲ء سے دو سال کی ملازمت ریاست بھوپال میں کی۔ اور بعد میں آپ کا تقرر محکمہ پوسٹ اینڈ ٹیلیگراف بطور ڈپٹی اکاؤنٹنٹ جنرل ہندوستان کے عمل میں آیا۔ جنگ عظیم کے دوران میں محکمہ سپلائی کے اندر بطور ایڈیشنل سیکرٹری فرائض انجام دیئے۔ اور سی۔ آئی۔ ای کا خطاب حاصل ہوا۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں نظام حیدر آباد کے کابینہ کے وزیر مالیات بنا لئے گئے۔ سنہ ۱۹۴۶ء میں انہیں سرکار رنگریزی سے سر کا خطاب ملا۔ اور ان کا نیا تقرر

Marfat.com

بطور ڈائریکٹر باٹا کمپنی عمل میں آیا۔ مسلم لیگ کی تحریک پر آپ نے سب خطابات ترک کر دیئے۔ قیام پاکستان پر آپ کو وزیر خزانہ اور قائدِ اعظم محمد علی جناح کی وفات پر کچھ سیاسی تدابیر کی بنا پر گورنر جنرل کے عہدہ پر فائز کیا گیا۔

غلام عباس سیّد۔ بخاری۔ دیوان

سنہ ۱۹۱۷ء میں جلال پور (شریف) پیر والہ میں پیدا ہوئے۔ چیف کالج لاہور میں آپ نے تعلیم پائی۔ سنہ ۱۹۴۳ء میں آپ کی شادی مظفر گڑھ کے ایک بخاری خاندان میں ہوئی۔ اس وقت آپ کی اولاد میں تین لڑکے ہیں۔

حضرت سلطان احمد کتال بخاری رح کی درگاہ شریف واقع جلال پور پیر والہ کے آپ موجودہ گدی نشین ہیں ہزارہا عقیدتمندوں کی اکثریت نے اپنے ان مذہبی پیشوا کو جو خود بھی صوبہ کے بہت بڑے زمیندار ہیں پنجاب اسمبلی کے لئے منتخب کر رکھا ہے۔

زمانہ کم سنی میں بطور اسسٹنٹ منیجر اور بلوغت سے بطور منیجر اپنی اس جاگیر کے لئے جو پہلے پہل کورٹ آف وارڈ کے سپرد تھی۔ کام کرتے رہے۔ سنہ ۱۹۲۰ء میں جاگیر ان کے سپرد ہوئی۔ اور بڑے بھائی کے لاولد فوت ہو جانے پر درگاہ کے خود گدی نشین بنے۔

اپنی بہت بڑی جاگیر کے معاملات کو اعلیٰ طریقہ سے سنبھال کر ہر دو یعنی جاگیر اور گدی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیشِ نظر کئی عمارات بنوائی ہیں۔ اور اپنے اداروں کی لائبریریوں کے اندر مختلف عنوانات اور خاص طور پر تاریخ، مذہب اور فلسفہ کی کتابوں میں سینکڑوں پایہ کی کتابوں کا اضافہ کیا ہے۔ اور درگاہ سے ملحقہ تمام مساجد اور خانقاہوں کو اپنی نگرانی میں مرمت کروایا ہے۔

تعلیم و ترقی میں خاص دلچسپی رکھتے ہیں۔ مڈل اور ہائی سکول جاری کروائے ہیں۔ اور ان کو مناسب عمارتوں سے مزین کیا ہے۔ اپنے لوگوں کے اندر ملٹری ٹریننگ کو مقبول بنانے کی خاطر خود بھی اس کے نظم و نسق میں حصہ لیتے ہیں۔ اور جلال پور پیر والہ کی تحریک رضاکارانہ کی سرپرستی میں کامیاب چلتی ہے۔

ہر وہ شخص جو درگاہ شریف کی زیارت کے لئے جائے۔ ان کے دسترخوان سے کھانا حاصل کرنے کا حقدار ہے۔ جاگیر کی سالانہ آمدنی کا حساب باقاعدہ اور رواں رکھا جاتا ہے۔ آمدنی کی زکوٰۃ کے فنڈ سے بیوگان اور یتامیٰ کو ماہوار پنشنیں دی جاتی ہیں۔ اپاہجوں کی بھی انہیں کے لنگر سے گزران چلتی ہے۔

انہوں نے ہزاروں روپے قومی کاموں میں عطیات کے طور پر اور خاص کر کشمیر اور قائدِ اعظم فنڈ میں

Marfat.com

ادا کئے ہیں۔

پہلے گدی نشین ہیں جنہوں نے معاش کے وسائل پر دھیان دیتے ہوئے۔ایک برف کا کارخانہ اور کپاس کا کارخانہ اور آٹے اور چاول کا کارخانہ لگا رکھا ہے۔

آپ دو دفعہ بذریعہ طیارہ عراق۔ایک مرتبہ سعودی عربیہ گئے ہیں۔آپ حج کے سلسلہ میں مدینہ شریف اور بیت اللہ شریف کی زیارتوں سے مشرف ہو چکے ہیں۔

غلام عباس چوہدری!

سنہ ۱۹۰۱ء میں جموں میں پیدا ہوئے۔بی۔اے کی ڈگری بذریعہ پرنس آف ویلز کالج جموں اور تعلیم کی تکمیل کے لئے لاء کالج لاہور سے ایل ایل۔بی کی ڈگری سنہ ۱۹۳۰ء میں حاصل کی۔

تعلیمی زمانہ ہی میں آپ نے تحریک آزادئ کشمیر کی بنیاد رکھی۔اور گرفتار کر لئے گئے۔دو سال بعد آل جموں کشمیر مسلم کانفرنس والوں نے آپ کو اوّل اوّل جنرل سیکرٹری اور بعدہٗ اس کا صدر منتخب کر لیا گیا۔اور حکومت ریاست نے انہیں دوبارہ سہ بارہ گرفتار کیا۔سنہ ۱۹۴۶ء میں جب آپ نے آزاد کشمیر کی تحریک کو زیادہ جاندار بنانا چاہا۔تو حکومت ریاست نے پھر انہیں نظر بند کر دیا۔جہاں سے قیام پاکستان کے ایک سال بعد رہا ہوئے۔اور پاکستان والوں نے انہیں جمہوریہ آزاد کشمیر کا نگران اعلیٰ منتخب کیا۔اور آپ سیالکوٹ میں رہائش پذیر ہوئے۔

غلام مصطفےٰ خواجہ

سنہ ۱۹۰۷ء میں امرتسر میں پیدا ہوئے۔آپ کی ابتدائی تعلیم گورنمنٹ ہائی سکول جالندھر سے اور تکمیل تعلیم آپ کی ایم۔اے کی ڈگری گورنمنٹ کالج لاہور سے سنہ ۱۹۲۱ء میں حاصل کرنے پر ہوئی۔سنہ ۱۹۴۲ء میں آپ بطور پی۔سی۔ایس نامزد ہو کر ٹریننگ کے لئے ڈیرہ دون بھیجے گئے۔سنہ ۱۹۴۵ء میں مراجعت فرمائے وطن ہوئے۔گورداسپور۔گوجرانوالہ۔سیالکوٹ۔سرگودھا جیسے مقامات پر خدمات سرانجام دے کر لاہور میں مجسٹریٹ با اختیار درجہ نمبر ۳ فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

Marfat.com

فاطمہ جناح خاتونِ پاکستان

سنہ ۱۸۹۵ء میں مقام کراچی پیدا ہوئے۔ آپ قائداعظم محمد علی جناح کی ہمشیرہ عزیزہ محترمہ ہیں بچپن ہی میں آپ کے سر سے والد کا سایہ جاتا رہا۔ پھر بھائی نے، آپ کو بمبئی کے ایک انگریزی سکول میں داخل کرا دیا۔ یہاں سے آپ نے میٹرک پاس کیا۔ کچھ عرصہ بعد آپ نے کلکتہ سے ڈینٹسٹری کا ڈپلوما بھی حاصل کر لیا۔ اور ایک سال پریکٹس بھی کی۔ سنہ ۱۹۲۹ء میں قائداعظم کی رفیق حیات کے وفات پا جانے پر آپ بھائی کی امداد کے لئے آگئیں۔ ان کے حسابات اور ہر انتظامیہ معاملات کو سنبھالا۔ اگلے ہی سال آپ نے بھائی کے ہمراہ لندن کی گول میز کانفرنس میں بھی شرکت کی۔ اور یورپ کے قریباً تمام مشہور مقامات دیکھے۔

مسلم لیگ کی تشکیل میں اور اس کے پروان چڑھانے میں اور قائداعظم کے آخری ایام میں وہ ہمیشہ بھائی کے ساتھ ساتھ رہیں۔ اور ان کی وفات پر آپ اس مردِ مجاہد قائداعظم محمد علی جناح کی ہدایات کی تلقین سے دنیا کو امن و امان کا پیغام پہنچاتی جا رہی ہیں۔

فدا حسن سیّد۔ کمشنر پنجاب گورنمنٹ

سنہ ۱۹۰۱ء کے قدر مقام ڈیرہ غازی خاں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے آپ نے ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ اور آئی۔ سی۔ ایس کے مقابلہ کے امتحان میں کامیاب ہو کر سنہ ۱۹۳۲ء سے ملازمت میں داخل ہوئے۔ مختلف اضلاع میں بطور اسسٹنٹ کمشنر، سیشن جج اور ڈپٹی کمشنر پنجاب گورنمنٹ کے ہوم سیکرٹری، چیف سیکرٹری اور اب بطور کمشنر متعین ہیں۔

فضل الٰہی چوہدری

سنہ ۱۹۰۴ء میں مقام مراله تحصیل کھاریاں (ضلع گجرات) میں پیدا ہوئے۔ آپ نے زمیندارہ ہائی سکول گجرات سے میٹرک پاس کیا۔ اور سنہ ۱۹۲۴ء میں بی۔ ایس۔ سی کی ڈگری زراعتی کالج لائل پور سے حاصل کر لینے پر بطور زراعت اسسٹنٹ ملازم ہو گئے۔

Marfat.com

ملازمت کو فوراً ہی ترک کیا۔ سنہ ۱۹۲۷ء تک ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی۔ کی ڈگری حاصل کی۔ اور وکالت پیشہ اختیار کیا۔ سنہ ۱۹۳۱ء میں ممبر ڈسٹرکٹ بورڈ گجرات منتخب ہوئے۔

چوہدری صاحب نے گجرات کے اندر مسلم لیگ کی تحریک شروع کی۔ اور سنہ ۱۹۴۶ء میں آپ اس کے پہلے صدر منتخب ہو کر تین سال تک اپنے فرائض چلاتے رہے۔ سنہ ۱۹۴۷ء میں خضر وزارت کے ایجی ٹیشن میں آپ گرفتار ہوئے۔ اور ملکی تقسیم کے بعد کی اول الیکشن میں کامیاب کو دا کر پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے ممبر بنائے گئے

ممدوٹ وزارت میں اول اول آپ کو پارلیمنٹری سیکرٹری بنایا گیا۔ تھوڑی دیر بعد اس عہدہ سے مستعفی ہو گئے۔ اور پھر انہیں وزیر بنا کر تعلیم و حفظان صحت جیسے محکمہ جات ان کے سپرد کئے گئے۔

کابینۂ دولتانہ کے اندر بھی آپ لیجسلیٹو اسمبلی کے ممبر ہیں۔ گجرات کے آپ کامیاب فوجداری وکیل ہیں مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی اور پاکستان مسلم لیگ کونسل کے بھی آپ رکن ہیں۔

فضل الٰہی پراچہ شیخ آنریبل

سنہ ۱۸۹۲ء میں اپنے آبائی قصبہ بھیرہ (ضلع سرگودھا) میں پیدا ہوئے۔ سنہ ۱۹۱۰ء میں گورنمنٹ ہائی سکول بھیرہ سے میٹرک پاس کیا۔ اور تعلیمی تکمیل کے لئے ایم۔ اے۔ او کالج علی گڑھ میں داخل ہوئے۔ سنہ ۱۹۱۶ء میں ایم۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی (پریویس) کا امتحان پاس کرتے ہی اسی سال پنجاب کے پی۔ سی۔ ایس کے مقابلہ کے امتحان میں بھی آپ نے کامیابی حاصل کی۔ اور سنہ ۱۹۱۷ء سے ملازمت اختیار کر لی۔

بطور مجسٹریٹ اور انتظامیہ افسر کئی جگہ کام کر لینے پر سنہ ۱۹۳۰ء میں آپ کا تقرر سیکرٹریٹ میں ڈائریکٹر انفرمیشن بیورو کے طور پر عمل میں آیا۔ اس عہدہ پر ہوتے ہوئے آپ الیکشن کمشنر پنجاب اور جائنٹ سیکرٹری پنجاب گورنمنٹ کے بھی سنہ ۱۹۳۸ء تک فرائض چلاتے رہے۔

دوسری جنگ عظیم کے دوران میں اول اول آپ کو سپیشل ہز میجسٹیز ایڈوائزر مقام نئی دہلی اور بعدہٗ شمالی خطہ مشتمل صوبہ پنجاب۔ سندھ۔ سرحد۔ بلوچستان اور راجپوتانہ وغیرہ پر کنٹرولر آف سپلائز اور پھر ڈپٹی کنٹرولر جنرل سول سپلائز لگایا گیا۔

سنہ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کے دوران میں آپ نے برائے پنجاب دہلی اور پنجاب کی ریاست ہائے بطور سپرنٹنڈنٹ کام کیا۔ ملکی تقسیم سے فوری پہلے آپ ڈپٹی کمشنر شملہ تھے۔ ملکی تقسیم پر آپ کو رجسٹرار محکمہ امداد باہمی بنایا گیا۔ اور اس قسم کے اور کئی عہدوں پر کام کر لینے پر شیخ صاحب کو کمشنر ملتان ڈویژن کے عہدہ کی باگ ڈور پیش کی گئی۔ وہاں سے

Marfat.com

آپ کی خدمات پاکستان گورنمنٹ کے واسطے حاصل کی گئیں۔ اور آپ کو آزاد کشمیر گورنمنٹ میں چیف ایڈوائزر کا اعزاز سونپا گیا۔

سنہ ۱۹۵۰ء میں سرکاری ذمہ داریوں سے آپ مستعفی ہوئے۔ اور سیاست میں داخل ہو کر پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے اندر بھاری اکثریت سے شامل ہوئے۔ اور اس وقت پنجاب گورنمنٹ کے وزیر محکمہ آبادکاری کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

فیروز خاں نون۔ ہز ایکسی لنسی ملک

سنہ ۱۸۹۳ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم چیف کالج لاہور میں ہوئی۔ اور تکمیل اس کی واڈھم کالج آکسفورڈ میں ہوئی۔ یہاں سے آپ نے ایم۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ اور بیرسٹر بن کر واپس لوٹے۔ اور لاہور ہائی کورٹ میں سنہ ۱۹۱۷-۲۶ء تک وکالت کی۔

سنہ ۱۹۲۰-۳۶ء تک پنجاب لیجسلیٹو کونسل میں وقت گزارا۔ یعنی اول اول ممبر منتخب ہوئے۔ سنہ ۱۹۲۷-۳۰ء تک وزیر لوکل سیلف گورنمنٹ اور سنہ ۱۹۳۱-۳۶ء تک وزیر تعلیم کے آپ نے فرائض سرانجام دیئے۔ سنہ ۱۹۳۷-۳۸ء جنیوا کی انٹرنیشنل لیبر کانفرنس میں۔ روم کے انٹرنیشنل زراعتی اجلاس میں اور انٹرنیشنل کانفرنس واشنگٹن میں آپ نے انڈین ڈیلی گیشن کی رہنمائی کی۔ سنہ ۱۹۳۶-۳۹ء تک انگلستان میں بحیثیت ہند کے ہائی کمشنر کے قیام پذیر رہے۔ سنہ ۱۹۴۱-۴۲ء تک وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر۔ سنہ ۱۹۴۲-۴۵ء میں وائسرائے ڈیفنس کونسل کے ممبر رہے۔ سنہ ۱۹۴۷ء میں ہندوستان کے نمائندہ کی حیثیت سے امپیریل وار کابینہ اور پیسیفک وار کونسل میں رہے۔ اور اتحادی قوموں کے سان فرانسسکو کے اجلاس میں آپ نے بحیثیت حکومتِ ہند کے نمائندہ کے شرکت کی۔

سنہ ۱۹۴۶ء میں آپ مسلم لیگ سے منسلک ہو گئے۔ اور برطانیہ کے عطا کردہ تمام خطابات کو ترک کر دیا۔ اور اسی سال ہی قائداعظم رح کے حکم سے آپ کو مسلم ممالک میں بطور سپیشل سفیر کے روانہ کیا گیا۔ جہاں سے آپ نے ٹرکی۔ سیریا۔ لبنان۔ ٹران جارڈن۔ سعودی عربیہ کی سیاحت کی۔ اور سنہ ۱۹۴۹ء میں پاکستان ڈیلی گیشن کی سنگاپور میں نمائندگی کی۔ اور اس اجلاس کے صدر منتخب ہوئے۔ اور سنہ ۱۹۵۰ء سے مشرقی پاکستان کے گورنر مقرر ہوئے۔

Marfat.com

فیض احمد فیض

سنہ ۱۹۱۲ء کے اندر شہر سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ تکمیل علم کے لئے گورنمنٹ کالج لاہور سے انگریزی و عربی ایم۔ اے کی ڈگریاں حاصل کیں۔ اور سنہ ۱۹۳۴ء میں ایم۔ اے۔ او کالج امرتسر میں بطور لیکچرار آپ کا تقرر عمل میں آیا۔ چھ سال بعد پنجاب یونیورسٹی کے ہیلی کالج آف کامرس میں دو سال لگائے۔ بعد میں انڈین آرمی میں بطور نائب اڈائریکٹر پبلک ریلیشن اور پھر ڈپٹی ڈائریکٹر انٹر سروسز سورال کی نوکریوں پر فائز ہوئے۔ تا ہم پاکستان پر روزنامہ پاکستان ٹائمز اور امروز کے ایڈیٹر بنے۔ سنہ ۱۹۴۸ء میں پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر منتخب ہوئے۔ اور اگلے سال عنیوا کی آئی۔ ایل۔ او کانفرنس میں بحیثیت پاکستان کے نمائندہ بھیجے گئے۔ دو سال بعد انہیں راولپنڈی کے مقدمہ سازش میں گرفتار کیا گیا۔

کیانی ایم۔ آر۔ آنریبل جسٹس جج ہائیکورٹ لاہور

سنہ ۱۹۰۲ء کے اندر موضع شاہ پور ضلع کوہاٹ (سرحدی صوبہ) میں پیدا ہوئے۔ بی۔ اے (آنرز) ایڈورڈ کالج پشاور سے اور ایم۔ اے۔ گورنمنٹ کالج لاہور سے پاس کیا۔ سنہ ۱۹۲۵ء میں انڈین سول سروس کے لئے منتخب ہوئے ٹرینیٹی کالج کیمبرج میں ٹریننگ حاصل کی۔ سنہ ۱۹۲۷ء سے بطور اسسٹنٹ کمشنر دورِ زندگی شروع کیا۔ سب ڈویژنل آفیسر ڈپٹی کمشنر۔ ڈسٹرکٹ اور سیشن جج اور پنجاب گورنمنٹ کے مشیرِ قانون وغیرہ کی حیثیت سے فرائض سرانجام دے کر سنہ ۱۹۴۹ء سے ہائیکورٹ لاہور کے جج مقرر ہوئے۔

مبارک علی شاہ سید گیلانی!

ڈائریکٹر محکمہ حیوانات سنہ ۱۹۰۱ء میں مقام جھنگ پیدا ہوئے۔ امتحانات میٹرک سنٹرل ماڈل سکول لاہور سے اور بی۔ ایس۔ سی گورنمنٹ کالج لاہور سے اور ایم۔ آر۔ سی۔ وی۔ ایس وغیرہ وغیرہ رائل ویٹرنری کالج کیمبرج ڈاؤن لندن سے پاس کئے۔ سنہ ۱۹۲۶ء سے نوکری اختیار کی۔ اور اس وقت اپنے محکمہ کے ڈائریکٹر ہیں۔

Marfat.com

محمد ابراہیم خاں سردار

سابق صدر جمہوریہ آزاد کشمیر۔ آپ کا مولد پونچھ ہے۔ آپ کی اوائل تعلیم پونچھ اور لاہور میں ہوئی۔ انگلستان سے ۱۹۱۹ء کے اندر قانون کی ڈگری حاصل کی۔ اور اپنے وطن سرینگر میں وکالت شروع کی۔ دو سال بعد گورنمنٹ ایڈووکیٹ اور بعد میں انہیں وہیں نائب ایڈووکیٹ جنرل مقرر کیا گیا۔ مگر آپ بوجہ ریاست کی پالیسی سے اختلاف مستعفی ہوئے۔

ریاست نے سیاسی تدابیر کے پیشِ نظر ملکی تقسیم سے کچھ دیر پہلے انہیں مسلم کانفرنس میں چیف وہپ کی حیثیت دی۔ اور ۱۹۴۷ء میں پاکستان بن جانے پر انہیں بحیثیت صدر آزاد کشمیر منتخب کیا گیا۔ ۱۹۵۰ء کے پہلے چھ ماہ میں سلامتی کونسل کے سامنے اپنے ملک کے مقدمہ کی پیروی کرتے رہے۔ مگر بعد کچھ وجوہات پر صدارت سے مستعفی ہوئے۔ لیکن تحریک سے پوری وابستگی رکھتے ہیں۔

(محمد) احمد شفیع

۱۹۱۲ء میں مقام پسرور (ضلع سیالکوٹ) میں پیدا ہوئے۔ ایف۔ ایس۔ سی تک تعلیم گورنمنٹ کالج کیمبلپور میں حاصل کی۔ بی۔ اے۔ گارڈن کالج راولپنڈی سے ۱۹۳۵ء میں پاس کیا۔ کالج کے ہونہار طالبعلموں میں سے تھے۔ ایل۔ ایل۔ بی کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں لاء کالج لاہور سے ۱۹۳۷ء میں پاس کیا۔ کالج کی ٹینس ٹیم کے ممبر اور چیمپین رہے۔ اور متعدد میرٹ سرٹیفکیٹ حاصل کئے۔

۱۹۳۷-۳۸ء میں دو دفعہ بار آئی۔ سی۔ ایس کے امتحانات میں کامیاب رہے۔ ۱۹۳۸ء میں پی۔ سی۔ ایس۔ کے امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل ہونے پر میدانِ عمل میں آئے۔ ملکی تقسیم سے پہلے انبالہ۔ کسولی۔ اور شیخوپورہ اور سیالکوٹ جیسے مقامات پر مختلف عہدوں پر کام کرتے رہے۔ اور قیامِ پاکستان کے بعد راولپنڈی سے لاہور بطور مجسٹریٹ باختیار دفعہ ۳۰ لگائے گئے۔

محمد اسمٰعیل فلم سٹار

آپ لاہور کے اندر ۱۹۰۷ء میں پیدا ہوئے۔ زندگی کے میدانِ عمل میں اترتے ہی آپ نے فلم لائن اخ

Marfat.com

کی۔ آپ برصغیر پاک و ہند کے بہترین کیریکٹر اور ایکٹروں میں سے ہیں۔ اور خاص طور پر پاکستان کے اندر متعدد فلموں کی تکمیل میں آپ نے دلچسپی سے فرائض سرانجام دیئے ہیں۔ کسی اداکار نے اتنی فلموں میں شمولیت حاصل نہیں کی۔ ٹیلے کی لڑکی۔ ہیر رانجھا۔ اور خزانچی آپ کے شاہکار ہیں۔

محمد اقبال چیمہ چودھری!

سنہ ۱۹۱۰ء میں لاہور میں پیدا ہوئے۔ جہاں آپ کے والد سب جج متعین تھے۔ پانچ سال کی عمر میں آپ کو اپنے گاؤں ساہو والا (ضلع سیالکوٹ) کے ایک پرائمری سکول میں داخل کرایا گیا۔ اور میٹرک آپ نے سنہ ۱۹۲۷ء میں بھوپال سالانہ سے پاس کیا۔ جہاں کے اپنے متذکرہ بالا گاؤں سے ½ ۲ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ چار سال بعد آپ نے مرے کالج سیالکوٹ سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کی۔ اور ہاکی اور ٹینس کے مشہور کھلاڑی مشہور رہے۔

آپ نے لاء کالج لاہور سے ایل ایل۔ بی۔ کی ڈگری لے لینے پر پی۔ سی۔ ایس کے امتحان میں نمایاں کامیابی دکھلائی۔ مگر ڈاکٹری معائنہ کے اعتبار پر ملازمت میں داخل نہ ہو سکے۔ لہٰذا سنہ ۱۹۳۷ء میں سیالکوٹ میں وکالت کا پیشہ اختیار کیا۔

سیاست میں ان کی آمد اس وقت سے شمار ہوئی۔ جبکہ سنہ ۱۹۳۷ء کے اندر آپ نے ڈسٹرکٹ اور سٹی مسلم لیگ سیالکوٹ کی بنیاد ڈالی۔ تب سے ہی آپ ڈسٹرکٹ مسلم لیگ سیالکوٹ کے صدر۔ آل انڈیا مسلم لیگ اور بعد میں پاکستان مسلم لیگ کونسل کے کونسلر چلے آ رہے ہیں۔ سنہ ۱۹۴۹ء میں بطور پنجاب کی صوبائی مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کے آپ کا تقرر عمل میں آیا۔

چوہدری محمد اقبال چیمہ صاحب اپنے ترقی پسند خیالات میں مشہور رہیں۔ اور مزدور طبقہ اصحاب کے جھگڑے نپٹانے میں بہت مخلص اور مفید ثابت ہوئے ہیں۔ اور مسلم لیگ کے قواعد و ضوابط مرتب کرنے میں آپ کی نمایاں حیثیت ہے۔

محمد اکرام شیخ۔ سی۔ ایس۔ پی۔

سنہ ۱۹۰۹ء میں مقام چک جمرہ (ضلع لائل پور) پیدا ہوئے۔ بائیس برس کی عمر میں ایم۔ اے۔ کی ڈگری گورنمنٹ

Marfat.com

کالج لاہور سے حاصل کی۔ اور اگلے سال انڈین سول سروس کے مقابلہ کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔ اور آکسفورڈ سے ان کی تعلیمی تکمیل ہوئی۔ سنہ ۱۹۳۲ء سے ملکی تقسیم کے موقع تک صوبہ بمبئی میں مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ اب حکومت پاکستان کے اعلیٰ کارکنوں میں ہیں۔ ادبی ذوق بھی رکھتے ہیں۔ موج کوثر۔ چشمہ کوثر۔ روزگار کوثر۔ تبلی نامہ۔ آثار غالب۔ ارمغان غالب۔ اور رمضان پاک آپ کی تصنیفات ہیں۔

محمد حسین چٹھہ چوہدری!

سنہ ۱۹۱۲ء میں کوٹ شاہ محمد (ضلع شیخوپورہ) میں پیدا ہوئے۔ بی۔ اے۔ اور ایل ایل۔ بی۔ کی ڈگریاں علی الترتیب سنہ ۱۹۳۲ء و سنہ ۱۹۳۴ء میں گورنمنٹ کالج لاہور اور لاء کالج لاہور سے حاصل کیں۔ سنہ ۱۹۳۵ء میں آپ نے ایم۔ اے (سیاسیات) کی ڈگری کے لئے گورنمنٹ کالج لاہور میں پھر سے داخلہ لیا۔ مگر فائینل کے امتحان میں بیٹھنے سے پیشتر ہی سیاسی زندگی میں داخل ہو گئے۔

سنہ ۱۹۳۶ء میں آپ مسلم لیگ میں بطور ممبر داخل ہو گئے۔ سنہ ۱۹۳۹ء میں اگرچہ آپ نے وکالت شروع کی۔ مگر اس میں زیادہ دلچسپی سے کام کرنے کو نہ راغب ہوئے۔ سنہ ۱۹۴۰ء تک ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کے سیکرٹری رہے۔ سنہ ۱۹۴۶ء سے آپ صوبائی مسلم لیگ کونسل کے اور آل انڈیا مسلم لیگ کے اور اب پاکستان مسلم لیگ کونسل کے ممبر چلے آرہے ہیں۔ مسلم لیگ کی تحریک نافرمانی کے ایام میں آپ گرفتار ہو کر ایک غیر معین عرصہ کے لئے سنٹرل جیل لاہور میں بھیجے گئے۔ سنہ ۱۹۴۶ء کے صوبائی انتخابات میں آپ تحصیل شیخوپورہ سے اپنے مدمقابل ایک نامور یونینسٹ حریف کو پچھاڑ کر لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے ممبر منتخب ہوئے۔ اور پارلیمنٹری سیکرٹری اور پنجاب مسلم لیگ اسمبلی پارٹی کے سیکرٹری مقرر ہوئے۔ مگر ہر دو جگہوں سے آپ وزیر اعلیٰ نواب ممدوٹ سے سیاسی اختلافات کی بنا پر مستعفی ہوئے۔ پھر مسلم لیگ کے ٹکٹ پر عوامی لیگ کے امیدوار ملک محمد انور صاحب (سابق ممبر لاء اینڈ آرڈر) کو شکست دے کر ممبر پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کا بنایا گیا۔ آپ انجمن حمایت اسلام لاہور اور انجمن اسلامیہ شیخوپورہ کے بھی ممبر ہیں۔ سنہ ۱۹۴۸ء سے پاکستان کی نیشنل گارڈ کے بھی آپ کمانڈر ہیں۔ گھوڑے کی سواری اور شکار کے آپ بڑے شوقین ہیں۔

محمد خاں لغاری سردار

آپ لغاری قبیلہ کے سردار نواب محمد جمال خاں لغاری کے صاحبزادے ہیں۔ سنہ ۱۹۱۰ء میں مقام چوٹی (ضلع

Marfat.com

ڈیرہ غازی خاں، میں آپ پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم چیف کالج لاہور سے اور بی۔ اے۔ کی ڈگری آپ نے سنہ ۱۹۳۱ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے حاصل کی۔ کچھ برس آپ نے والد کی جاگیر پر مستقل مزاجی سے کام کر کے کئی ایک اصلاحات پیدا کر دکھلائیں۔ سنہ ۱۹۴۲ء میں ڈسٹرکٹ بورڈ ڈیرہ غازی خاں کا آپ کو وائس پریزیڈنٹ اور سنہ ۱۹۴۸ء میں پریزیڈنٹ اور اسی سال ہی آپ کو پنجاب کی تمام ڈسٹرکٹ بورڈوں کی ایسوسی ایشن کا صدر بھی منتخب کیا گیا۔ اس حیثیت سے آپ سنہ ۱۹۴۹ء تک جبکہ آپ کا تقرر بطور ایڈوائزر پی۔ ڈبلیو۔ ڈی (ٹرانسپورٹ) عمل میں آیا۔ فرائض سرانجام دیتے رہے۔ سنہ ۱۹۴۵ء میں لغاری قبیلہ کا سربراہ تومانداری بھی تفویض کیا گیا۔ انہیں ڈسٹرکٹ اور ٹریفک کنسٹرکشن جرگہ کا بھی پریزیڈنٹ بنایا گیا۔ اور آپ سنہ ۱۹۴۷ء اور سنہ ۱۹۴۸ء میں اپنے ضلع کی ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کے بھی صدر منتخب ہوئے۔

جنوری سنہ ۱۹۴۷ء کے اندر مسلم لیگ کے اشارے پر انہوں نے "خان بہادر" کا حکومتِ برطانیہ سے عطا شدہ خطاب ترک کر دیا۔ اور ڈیرہ غازی خاں میں آنریری مجسٹریٹ کی حیثیت سے مستعفی ہوئے۔ سنہ ۱۹۴۷ء کی غفرہ وزارت کے خلاف تحریکِ نافرمانی میں آپ نے نمایاں حصہ لیا۔ اور خود کو گرفتاری کے لئے پیش کیا۔ اس سلسلہ میں ملتان اور سیالکوٹ جیل میں نظر بند کئے گئے۔

زراعت اور شکار کا آپ کو بہت شوق ہے۔

محمد سعید حاجی۔ میاں

سوداگر کپاس و کمیشن ایجنٹ سنہ ۱۸۹۰ء کے اندر کلکتہ میں معرضِ وجود اور عالم شہود میں آئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم امیرزادہ سوداگروں کی طرح گھر پر ہوئی۔ سنہ ۱۹۱۰ء سے زندگی کے میدانِ عمل میں آکر سنہ ۱۹۲۷ء تک اپنے مرحوم والد سوداگر چرم کا کاروبار امرتسر میں اختیار کیا۔ مگر دہلی کو سنہ ۱۹۲۲ء تک اپنا جائے مسکن رکھا۔ اور پھر سنہ ۱۹۲۵ء میں مدراس پہنچ کر چمڑے کے دو کارخانے کھول کر امریکہ اور برطانیہ سے براہِ راست کاروبار کرتے رہے۔ اور گورنمنٹ کے رجسٹرڈ ٹھیکیدار رہے اب ملکی تقسیم پر کراچی مقیم ہیں۔ لائل پور۔ جہانیاں۔ اور کراچی کپڑے۔ کپاس کا کاروبار اپنے کارخانوں کے ذریعے بڑے وسیع پیمانے پر چلا رہے ہیں۔

محمد شریف شیخ۔ جسٹس آنریبل

سنہ ۱۸۹۳ء میں جالندھر میں پیدا ہوئے۔ میٹرک کا امتحان اپنے شہر سے پاس کیا۔ بی۔ اے۔ کی ڈگری علیگڑھ

Marfat.com

سے حاصل کی۔ اور تکمیل تعلیم کے لئے لاء کالج لاہور سے ایل ایل۔ بی۔ میں نمایاں حیثیت حاصل کی۔ پھر اپنے ہی آبائی شہر میں یعنی جالندھر میں سنہ ۱۹۱۷ء میں وکالت شروع کی۔

جالندھر میونسپل کمیٹی میں برابر بارہ سال بطور رکن اور تین سال وائس پریزیڈنٹ منتخب ہوتے رہے۔ سنہ ۱۹۳۳ء میں ایڈووکیٹ بنے۔ اور سنہ ۱۹۳۵ء میں ہائیکورٹ کی پریکٹس کے لئے لاہور رہائش پذیر ہوئے۔ عطاء اللہ شاہ بخاری کے مقدمہ میں زیادہ نامور ہوئے۔ سنہ ۱۹۳۷ء میں مسلم لیگ کی برانچ جالندھر میں قائم کی۔ اور آپ ہی کو صدر منتخب کیا گیا۔ سنہ ۱۹۴۵ء میں لاہور ہائیکورٹ کے عارضی جج سنہ ۱۹۴۸ء میں مستقل جج ہائیکورٹ کی حیثیت سے آپ کا تقرر عمل میں آیا۔

مراتب علی سیّد سَر

مالک سید۔ اے۔ ایڈ۔ ایم وزیر علی۔ سنہ ۱۸۸۶ء میں شہر لاہور میں پیدا ہوئے۔ جوانی سے ہی آپ نے تجارتی کاروبار اختیار کیا۔ اور اس پر وہ بڑے حاوی ہیں۔

قیام پاکستان سے پہلے اوّل اوّل ہز میجسٹی امیرِ کابل کی خاطر و مدارات کمیٹی کے رکن۔ پھر آل انڈیا آرمی ٹھیکیدار ایسوسی ایشن کے سیکرٹری۔ پھر کینٹن کنٹریکٹرز سنڈیکیٹ لمیٹڈ کے ڈائریکٹر۔ پھر افغانستان کے لئے ٹریڈ ڈیلی گیشن کے رکن۔ بعد میں ریزرو بنک آف انڈیا کے سنہ ۱۹۳۵-۴۷ء تک ڈائریکٹر۔ پھر ایسٹرن گروپ سپلائی کونسل کے رکن۔ ازاں بعد مسلم چیمبر آف کامرس کے نائب صدر۔ پھر الکلی اینڈ کیمیکل کارپوریشن آف انڈیا لمیٹڈ کے ڈائریکٹر۔ پھر چیف کالج لاہور کی انتظامیہ کمیٹی کے رکن مقرر ہوئے۔

قیام پاکستان پر آپ کو سٹیٹ بنک آف پاکستان کا ڈائریکٹر، عباسی ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ رحیم یار خاں (بہاولپور) کا ڈائریکٹر اور انٹرنیشنل ایرویز لمیٹڈ کا ڈائریکٹر اور پنجاب مسلم چیمبر آف کامرس کا صدر منتخب کیا گیا۔

برطانوی حکومت کے عہد میں سنہ ۱۹۲۹ء میں آپ کو "خان بہادر" سنہ ۱۹۳۵ء میں "سی۔ بی۔ ای" اور سنہ ۱۹۴۲ء میں "سَر" کے خطابات عطا ہوئے۔

ملک خدا بخش!

سنہ ۱۹۰۶ء میں ملتان شہر میں پیدا ہوئے۔ آپ کی ابتدائی تعلیم اسلامیہ ہائی سکول ملتان میں ہوئی۔ جہاں سے

Marfat.com

میٹرک کے امتحان منعقدہ سنہ ۱۹۲۳ء میں کامیاب ہوئے۔ ایف۔ اے۔ گورنمنٹ کالج ایمرسن کالج ملتان سے پاس کیا۔ اور بی۔ اے۔ کی ڈگری گورنمنٹ کالج لاہور سے سنہ ۱۹۲۷ء میں حاصل کی۔ لاء کالج لاہور سے ایل ایل۔ بی۔ کی ڈگری سے آپ کی تعلیم کی تکمیل ہوئی۔ اور سنہ ۱۹۳۰ء میں پی۔ سی۔ ایس۔ نامزد ہوئے۔ مختلف عہدوں کے فرائض سرانجام دے کر اب ڈپٹی سیکرٹری محکمہ آبادکاری متعین ہیں۔ اور ریلیف لیجسلیشن ان پنجاب آپ کی تصنیف شدہ ہے۔

محمد نواز سر لفٹننٹ کرنل

سنہ ۱۹۰۱ء میں کیمبلپور میں پیدا ہوئے۔ آپ سردار محمد علی خاں (مرحوم) کے صاحبزادے ہیں۔ آپ کی شادی کالاباغ کے مرحوم نواب کی لڑکی سے ہوئی ہے۔

تعلیم چیف کالج لاہور سے اور رائل ملٹری کالج (سینڈہرسٹ) سے حاصل کر لینے پر سنہ ۱۹۲۱ء میں آپ انڈین ریزرو آفیسر کی حیثیت سے ملازمت میں داخل ہوئے تھے۔

بعد کے بدلتے حالات میں بارِ اوّل سنہ ۱۹۲۶ء میں پنجاب کے زمینداروں کی ایک نشست سے سنٹرل اسمبلی کے لئے اور بارِ دوم سنہ ۱۹۳۷-۳۹ء میں پھر رکن منتخب ہوئے۔ اور سنہ ۱۹۳۷ء سے سنہ ۱۹۴۷ء تک پنجاب اسمبلی کے رکن منتخب رہے۔

قیام پاکستان پر محکمہ ڈیفنس برائے ریاست ہائے پاکستان اور صوبہ سرحد کے لئے آپ کو ڈپٹی منسٹر بنایا گیا۔ اور سنہ ۱۹۵۰ء میں بطور سفیرِ پاکستان برائے فرانس آپ کا تقرر عمل میں آیا۔

مرزا بشیر الدین محمود خلیفۂ ثانی۔ جماعت احمدیہ

سنہ ۱۸۸۹ء میں قادیان کے مقام پر پیدا ہوئے۔ آپ کی تعلیم و تربیت گھر پر ہی ہوئی۔ سنہ ۱۹۱۲ء سے آپ نے اخبار بنام "الفضل" کا اجرا کرایا۔ آپ کے والد مرزا غلام احمد جماعتِ احمدیہ کے پیشوا تھے۔ جن کی وفات پر حکیم نورالدین خلیفۂ اوّل اور ان کے بعد آپ خلیفۂ ثانی بنائے گئے ہوئے ہیں۔

Marfat.com

مشتاق احمد گورمانی وزیر امورات کشمیر

سنہ ۱۹۰۵ء میں مظفر گڑھ میں پیدا ہوئے تعلیمی تکمیل علی گڑھ سے کر لینے پر آپ قومی زندگی میں اتر آئے پچیس برس کی عمر میں آپ مجلس دستور ساز پنجاب کے رکن بنے۔ اور صوبائی اختیارات ملنے پر وزارت سر سکندر کے اندر سنہ ۱۹۳۷ء وزارت تعلیم و صحت کے پارلیمنٹری سیکرٹری مقرر ہوئے۔ پھر حکومتِ ہند نے انہیں بطور ڈائریکٹر ٹیکنیکل ریکروٹمنٹ و ایبلسمنٹ اور بعد میں ناظم اعلیٰ محکمہ آبادکاری مقرر کیا۔ سنہ ۱۹۴۷ء کے لئے وزیر اعلیٰ بہاولپور بنائے گئے۔ سنہ ۱۹۴۹ء سے حکومت پاکستان کی کابینہ میں مختلف حیثیتوں سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔

مظفر علی خاں قزلباش نواب

پیدائش دسمبر سنہ ۱۹۰۸ء۔ ان کے والد ماجد نواب سر حاجی فتح علی خاں قزلباش تھے۔ بی۔ اے از گورنمنٹ کالج لاہور۔ بی۔ اے از کیمبرج ایٹ لاء۔ سنہ ۱۹۳۷ء میں پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے ممبر اور اب تک ممبر ہیں۔

محمد علی چودھری وزیر خزانہ حکومت پاکستان

سنہ ۱۹۰۲ء میں جالندھر پیدا ہوئے۔ ایم۔ اے۔ کی ڈگری گورنمنٹ کالج لاہور سے حاصل کر لینے پر۔ انڈین آڈٹ اینڈ اکاؤنٹس کے مقابلے کے امتحان میں کامیابی حاصل کی۔ اور چوبیس برس کی عمر میں ملازمت شروع کی۔ سنہ ۱۹۳۲-۳۶ء تک ستلج ویلی پراجیکٹ کے سلسلہ میں حکومتِ ہند نے انہیں ڈیپوٹیشن پر بہاولپور پہلے ہندوستان اکاؤنٹنٹ جنرل کی حیثیت سے مامور کیا۔ وہاں سے گورنمنٹ آف انڈیا کے دہلی میں محکمہ فنانس کے انڈر سیکرٹری بنائے گئے۔ سنہ ۱۹۳۹ء میں آپ کا تقرر بطور ڈپٹی فنانشل ایڈوائزر زاں بعد ایڈوائزر مقرر ہوئے۔ ملکی تقسیم پر آپ کو حکومت پاکستان کا سیکرٹری جنرل مقرر کیا گیا۔ انجمن اقوامِ متحدہ میں کشمیر کے مسئلہ کی حمایت کے لئے اکثر پاکستان کی طرف سے آپ کو کام کرنا پڑتا رہا ہے۔ اور اب حکومتِ پاکستان کے وزیر خزانہ ہیں۔

Marfat.com

منظور احمد منظورؔ چوہدری

سنہ ۱۹۰۷ء میں مقام وزیر آباد پیدا ہوئے۔ میٹرک وطن مالوف سے پاس کیا۔ بی۔ اے۔ کی ڈگری پرنس آف ویلز کالج جموں سے اور ایل ایل۔ بی۔ کی ڈگری لاء کالج لاہور سے حاصل کی۔ اور مسلمان طلباء سے فسٹ پوزیشن آئی۔ سنہ ۱۹۳۲ء سے بطور سیکرٹری میونسپل کمیٹی لائل پور آپ کا تقرر عمل میں آیا۔ ملکی تقسیم پر پنجاب کی تمام کمیٹیوں میں آپ سب سے پرانے سیکرٹری شمار ہوتے ہیں۔ ذوق کے ادب سے مالا مال ہیں۔ دیر و حرم۔ آہنگ نو۔ آپ کی تصنیفات ہیں۔ اور آپ ماہنامہ پروانہ کے اعزازی ایڈیٹر ہیں۔

مَودُودی ابوالاعلیٰ مولانا

موجدِ جماعتِ اسلامی و تحریکِ احیائے اسلام۔ سنہ ۱۹۰۳ء کے اندر اورنگ آباد (دکن) میں پیدا ہوئے۔ زیادہ تر آپ کی تعلیم و تربیت گھر پر ہی ہوئی۔ صرف گیارہ برس کی عمر سے پندرہ برس کی عمر تک مدرسہ فوقانیہ میں تعلیم حاصل کر سکے۔ جبکہ سر سے والد کا سایہ اٹھ جانے پر انہیں سکول چھوڑنا پڑا۔ سترہ برس کی عمر ہی میں آپ نے صحافتی زندگی شروع کر دی۔ روزنامہ "تاج" از جبل پور "مسلم" اور "الجمیعتہ" از دہلی میں اپنا زورِ قلم دکھلایا۔ اور سنہ ۱۹۲۳ء میں ترجمان القرآن کا اجرا کیا۔

لاہور قیام پزیر ہو کر سنہ ۱۹۴۱ء تک جماعتِ اسلامی کی تشکیل میں منہمک رہے۔ پھر کچھ وجوہات پر سکونت پٹھانکوٹ میں اختیار کی۔ ملکی تقسیم پر دوبارہ لاہور مقیم ہوئے۔ اور تحریکِ احیائے اسلام کا مرکز بھی یہیں قائم کیا۔ سنہ ۱۹۴۸ء کے آخری ایام سے کچھ سیاسی تدابیر کے ماتحت حکومت نے انہیں دو سال نظر بند رکھا۔ انہوں نے کافی کتابیں تصنیف کی ہیں۔ جو اپنی نوعیت میں کافی زوردار ہیں۔

ناظم الدین آنریبل خواجہ

وزیر اعظم پاکستان

سنہ ۱۸۹۴ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کی تعلیم کی ابتدا ایم۔ اے۔ او۔ کالج علی گڑھ میں اور تکمیل اس کی ڈینیسٹپل گرامر

Marfat.com

سکول۔ انگلینڈ اور ٹرنٹی کالج کیمبرج میں ہوئی۔ آپ خواجہ نظام الدین (مرحوم مغفور) کے صاحبزادے ہیں ڈھاکہ کے نوابوں کے خاندان سے ہیں، اور سیاست میں حکمت آموز ہیں۔

آپ ۲۹-۱۹۲۲ء تک میونسپل کمیٹی ڈھاکہ کے صدر اور ۲۹-۱۹۲۳ء تک ڈھاکہ یونیورسٹی کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر منتخب رہے۔ ۳۰-۱۹۲۹ء تک بطور وزیر تعلیم آپ کا تقرر ہوا۔ اس دوران میں آپ نے صوبہ بھر کے لئے (۱) پرائمری تک کی تعلیم لازماً جاری رکھنے کا بل (۲) مقروضین کی نجات میں ایک بل اور (۳) تحریکِ دیہات سدھار کے حق میں ایک بل پاس کروایا۔ ۳۳-۱۹۳۲ء میں بنگال کی ایگزیکٹو کونسل کے رکن ہوئے۔ ۳۶-۱۹۳۶ء میں حج کے لئے تشریف لے گئے۔ ۳۷-۱۹۳۷ء میں بنگال گورنمنٹ کے وزیر داخلہ بنائے گئے۔ اس عہدہ سے آپ ۴۱-۱۹۴۱ء میں مستعفی ہوئے۔

۴۲-۱۹۴۲ء میں آپ حزبِ مخالف کے لیڈر اور بنگال لیجسلیٹو اسمبلی کی مسلم لیگ پارٹی کے صدر منتخب ہوئے۔ ۴۳-۱۹۴۳ء میں آپ نے بنگال کی مسلم لیگی وزارت مرتب کی۔ ۴۵-۱۹۴۵ء میں آپ نے خواجہ ناظم کے وفد کے ڈیلیگیٹ کی حیثیت امریکہ میں اور ۴۶-۱۹۴۶ء میں جمعیت اقوام کے آخری اجلاس منعقدہ جنیوا میں حکومت ہند کی طرف سے نمائندگی۔ ۴۶-۱۹۴۶ء ہی میں مسلم لیگ کی پارلیمنٹری پارٹی کی جنرل اسمبلی کے ڈپٹی لیڈر بنائے گئے۔ اور حکومت برطانوی کے عطا کردہ تمام خطابات ترک کر دیئے۔ اور ۴۷-۱۹۳۷ء تک (یعنی دس سال تک) آپ آل انڈیا مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کے رکن رہے۔

تیامِ پاکستان پر ۴۷-۱۹۴۷ء میں آپ کو مشرقی پاکستان میں وزیر اعلیٰ مقرر کیا گیا۔ ۴۸-۱۹۴۸ء میں قائدِ اعظم رح کے انتقال فرما جانے پر پاکستان کی پارلیمنٹ نے آپ کو گورنر جنرل منتخب کیا۔ ۵۱-۱۹۵۱ء میں قائد ملت نوابزادہ لیاقت علی خاں کی شہادت پر کچھ سیاسی تدابیر کے پیشِ نظر آپ نے قائد ملت کی جگہ سنبھالی۔

ٹینس اور شکار کا آپ شوق رکھتے ہیں۔

نذیر احمد ڈاکٹر چودھری

۱۹۰۹ء میں ٹوبہ ٹیک سنگھ (ضلع لائلپور) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم آپ نے ایم۔ بی۔ ہائی سکول لائلپور میں حاصل کی۔ اور میٹرک کے امتحان ۲۷-۱۹۲۷ء میں کامیاب ہوئے۔ پھر گورنمنٹ کالج لائلپور سے ایف۔ ایس۔ سی۔ کے امتحان میں کامیاب ہونے پر تکمیل تعلیم کے لئے میڈیکل کالج لاہور میں داخل ہو گئے۔ جہاں سے ایم۔ بی۔ بی۔ ایس کی ڈگری حاصل کی۔ اور سرکاری نوکری کی ہوس کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے پرائیویٹ پریکٹس نرنگ لاہور ہی میں شروع کی۔ معتقدین دور و نزدیک سے اتنی بہتات میں جمع ہوتے رہتے ہیں۔ کہ ڈاکٹر صاحب کو ہر روز بارہ

Marfat.com

بجے رات سے پہلے مریضوں کی دیکھ بھال سے قطعی فرصت نصیب نہیں ہوتی۔

نور احمد سید میر

سنہ ۱۹۰۰ء میں مقام سدھوڑا (ضلع انبالہ) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم آپ نے مسلم ہائی سکول انبالہ میں حاصل کی۔ اور میٹرک کے امتحان سنہ ۱۹۱۷ء میں کامیاب ہوئے۔ تکمیل تعلیم کے لئے مسلم یونیورسٹی علیگڑھ بی۔ اے۔ کی سنہ ۱۹۲۲ء کی ڈگری میں نمایاں حیثیت حاصل کی۔ اور زندگی کے میدانِ عمل میں داخل ہوئے۔

اول اول اُس وقت کے مشہور اخبار "مسلم آؤٹ لک" کے مدیر مقرر ہوئے۔ اور ایک ہفتہ وار رسالہ بنام آبزرور بھی میر صاحب کے زیرِ منت رہا۔ سنہ ۳۸-۱۹۳۱ء (آٹھ سال) تک ایک اور مشہور و معروف اخبار بنام "سول اینڈ ملٹری گزٹ" کے سٹاف میں بطور سٹاف رپورٹر کام کیا۔ سنہ ۱۹۳۸ء میں سرکاری ملازمت میں بطور ڈائریکٹر محکمہ اطلاعات عامہ لئے گئے۔ اور اب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔

نور اللہ میاں

سنہ ۱۸۹۹ء میں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ ہائی سکول میں تعلیم پائی۔ جہاں سے باقاعدہ حاضر رہنے والے طالب علم کی حیثیت سے آپ کو انعام ملا۔ ریاضی اور سائنس میں خاص طور پر زیادہ دلچسپی رکھتے رہے۔ سنہ ۱۹۱۷ء میں گورنمنٹ کالج لاہور میں داخل ہوئے۔ بی۔ اے کا امتحان دینے سے پیشتر بوجہ گھٹنے کی سخت درد کے پڑھائی ترک کرنی پڑی انڈین نیشنل کانگریس میں داخل ہوئے۔ انجمن اسلامیہ لائلپور کے سیکرٹری اور مسلم ہائی سکول لائلپور کے مینجر منتخب ہوئے۔

سنہ ۱۹۲۲ء میں گھٹنے کے علاج کے لئے انگلستان گئے۔ اور لندن سے سنہ ۱۹۲۵ء میں بی۔ کام کی ڈگری حاصل کی بینکنگ اور فنانس میں نمایاں حیثیت دکھلائی۔ یہاں پی۔ ایچ۔ ڈی۔ کی تیاری شروع اور بیرسٹری کے لئے بھی داخلہ لے لیا۔ آپ نے انٹرنیشنل سمر سکول ویسیانہ میں بھی شمولیت کی۔ اور دوران تعطیلات فرانس۔ جرمنی سوئٹزرلینڈ۔ اٹلی۔ آسٹریا چیکوسلاویا۔ اور بلجیم میں بھی سیر و سیاحت کی۔ سنہ ۱۹۲۶ء سے آپ رائل سوسائٹی آف اکنامکس کے فیلو ہیں۔

انگلستان سے مراجعت فرما کر زمیندارہ لیگ کے جنرل سیکرٹری بنے۔ سنہ ۱۹۲۸ء میں آپ کی شادی ہوگئی۔ سنہ ۳۷-۱۹۳۰ء

Marfat.com

تک آپ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی۔ محکمہ انہارہ محکمہ امداد باہمی تعلیم۔ انڈسٹری کی سٹینڈنگ کمیٹیوں کے اور محکمہ بجلی اور صنعتی بورڈ اور زمینداروں کو قرض سے نجات دلانے والی کمیٹیوں کے ممبر رہے۔ پہلے سال کے علاوہ ۱۹۳۷ء میں پھر پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے۔ زمیندارہ جماعت سے سب سے پہلے آپ ہی نے اختلافات کی بنا پر اپنے پارٹی لیڈر سر سکندر حیات خاں کے خلاف بغاوت کی۔ اور عدم اعتماد کا ووٹ دیا۔ بعد میں مسلم لیگ پارٹی بننے پر آپ اس کے سیکرٹری منتخب ہو کر ۱۹۴۸ء تک کام کرتے رہے۔

میاں نور اللہ سالہا سال تک غیر سرکاری سکولوں کی فیڈریشن کے صدر۔ پنجاب یونیورسٹی کی کامرس کی فیکلٹی کے ڈین۔ ممبر میونسپل کمیٹی لائل پور۔ ممبر سنٹرل کاٹن کمیٹی بمبئی۔ ممبر بورڈ آف اکنامکس انکوائری۔ ڈائریکٹر ایسٹ انڈیا کاٹن ایسوسی ایشن بمبئی۔ ڈائریکٹر۔ مری۔ پانی پت۔ گوجرہ۔ اور نارودرن الیکٹرک سپلائی کمپنی و ڈائریکٹر دہلی کلاتھ اینڈ جنرل ملز دہلی۔ چیئرمین زمیندارہ سپورٹس۔ سیالکوٹ۔ اور سٹینڈرڈ کمپنی لاہور رہ چکے ہیں۔ اور اب پنجاب یونیورسٹی کے فیلو۔ فتح الدین اینڈ سنز فرم کے مالک۔ ملٹری کے ٹھیکیدار ہیں۔ اور انجمن حمایت اسلام کے ممبر ہیں

ملکی سیاست میں دلچسپی رکھتے وقت مارشل لاء کے دنوں میں بھی آپ نے کلکتہ اور ناگپور میں ہونے والے انڈین نیشنل کانگریس کے ۱۹۲۰ء کے اجلاس میں شرکت کی۔ اور ولایت سے واپس آکر آپ زمیندار بھائیوں کی فلاح و بہبود کے لئے ہمہ تن کوشاں ہوئے۔ اسمبلی پارٹی کے یونینسٹ ممبر رہے۔ بعد میں مسلم لیگ میں داخل ہو کر لیگ پارلیمنٹری بورڈ کے اور صوبائی لیگ ورکنگ کمیٹی اور آل انڈیا لیگ کونسل کے ممبر رہے۔

میاں نور اللہ صاحب جنہوں نے حصولِ پاکستان پر اپنی ڈاڑھی کو تائم کیا۔ ایک ہونہار لیجسلیٹر کی حیثیت سے ہمیشہ مستعدی کے ساتھ بے لوث رفاہ عام کی خدمات سرانجام دیتے رہے ہیں۔ اور ۱۹۳۰ء سے ۱۹۴۸ء تک برابر لیجسلیٹو اسمبلی کے ممبر منتخب ہوتے چلے آئے ہیں۔ اپنی لمبی سیر و سیاحت۔ اعلیٰ تعلیم سے میاں صاحب معاشرتی طریقوں اور تجارتی معاملات کے تجربات کے رنگ میں خوب ارغوانی ہیں۔

پنجاب کے کابینہ مشن ممبر ہونے میں بطور وزیر خزانہ ان کی تقرری پر مخالفین کی طرف سے یہ کہا جانے لگا کہ ان کی زیادہ تر مزیں ان کی "خلافتِ پاکستان" میں شمولیت کی دلیل ہیں۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ تھوڑے وقفہ کے اندر تین حقیقی بڑے بھائیوں کے فوت ہوتے جانے کے وقت سے انکی زندگی کی شادابی کم ہوتی گئی ہے۔ اور وزارت سے مستعفی ہونے کے بعد سے تو آپ سیاست قطعی چھوڑ کر محض دینی زندگی کی طرف راغب ہو چکے ہیں۔

نصر اللہ خاں رائے

آپ راجپوت خاندان کے رائے قبیلہ سے ہیں۔ اور تعلیمی اعتبار سے اپنے قبیلہ کے پہلے گریجویٹ شمار

Marfat.com

ہوئے ہیں۔

سنہ ۱۹۳۷ء سے ایف۔سی۔کالج لاہور کے طالب علم ہوتے ہوئے آل انڈیا مسلم لیگ کی حمایت پر سیاسی زندگی میں گامزن ہوئے۔ اور عوام میں اس چیز کے نقش کرنے کی کوشش کی۔ کہ مسلم لیگ جماعت ہی فلاح و بہبود کی طرف لے جا سکتی ہے۔

سنہ ۱۹۴۱ء میں پاکستان ریزولیشن کی تاریخی یادگار کے لئے حضرت قائدِ اعظمؒ کی لاہور تشریف آوری کے موقع پر آپ کی بیش بہا خدمات قابلِ اعتراف ہیں۔ اس وقت طالب علم ہونے کی حیثیت سے اس کانفرنس کے لئے نہ صرف شب و روز کام ہی کر دکھلایا۔ بلکہ ذاتی ملکیت سے سات سو روپے کی رقم کانفرنس کے اخراجات کے لئے پیش کی۔ رائے کوٹ کی مسلم لیگ کا انہیں جنرل سیکرٹری مقرر کیا گیا۔ اور اس عہدہ کو انہوں نے ہر طرح کی تکلیفات کے ساتھ سنہ ۱۹۴۷ء تک سنبھالا۔ اور رائے کوٹ کی لیگ الیکشن کے فنڈ میں آپ نے مبلغ -/۱۵۰۰ روپے (پندرہ سو) کی رقم پیش کی۔ لیگ کی تحریکِ نافرمانی میں آپ گرفتار ہوئے۔ اور ایک سال بامشقت کی سزا ملی۔ اور سیفٹی ایکٹ کے ماتحت بھی آپ کو نظر بند رکھا گیا۔ ملکی تقسیم پر آپ نے ہر طرح اپنے رائے کوٹ کے مہاجرین کو پاکستان میں لے آنے کی کوشش فرمائی۔

پاکستان میں اپنے کنبہ کے دیگر افراد کے ساتھ آپ کمالیہ میں مقیم ہوئے ہیں۔ آڑھتیان غلہ اور سوداگران کپاس کا بیوپار آپ نے اختیار کیا ہے۔ اور مہاجرین کی خدمت میں مبلغ -/۸۰۰ (آٹھ سو روپے) اور کشمیر فنڈ کے لئے ایک سو من گندم آپ نے پیش کی ہے۔ ایوان تجارت (چیمبر آف کامرس) آپ جنرل سیکرٹری منتخب ہوئے ہیں۔ یہاں آپ کے منعقدہ مسلم لیگ کے پہلے اجلاس میں آنریبل میاں ممتاز محمد خاں دولتانہ وزیرِ اعلیٰ پنجاب اور آنریبل صوفی عبدالحمید وزیر زراعت نے شرکت فرمائی۔ رائے صاحب نے سنہ ۱۹۵۰ء کے سیلاب میں بھی عوام کی بڑی امداد فرمائی۔ آپ سنہ ۱۹۵۱ء میں پنجاب لیجسلیٹو اسمبلی کے لئے ممبر منتخب ہوئے۔

وحید۔ ڈاکٹر اے

سنہ ۱۹۰۹ء میں پیدا ہوئے۔ اوائل تعلیم اسلامیہ ہائی سکول اور اسلامیہ کالج لاہور میں پائی۔ ازاں بعد لندن یونیورسٹی سے صحافت کا ڈپلومہ اور فلسفہ میں پی۔ایچ۔ڈی۔ کی ڈگری حاصل کی۔ آپ دو سال تک "ایسٹرن ٹائمز" کے مینجنگ ایڈیٹر رہے۔ اس دوران میں آپ ملت کی جو خدمات بجا لائے۔ ان کا اعتراف قائداعظم (مرحوم)، خان لیاقت علی خاں وزیرِ اعظم پاکستان اور دوسرے مسلمان لیڈروں نے کیا۔ سنہ ۱۹۳۱ء میں آپ جمعیت الاقوام شعبۂ سیاسی کے رکن بن کر جنیوا

Marfat.com

تشریف لے گئے۔ علاوہ بریں کئی اہم سیاسی، تعلیمی اور اقتصادی اداروں کے رکن رہے۔ اس وقت آپ "فیروز سنز ٹرسٹ" کے ٹرسٹی ہیں۔ آپ کو مسلمان بچوں اور بچیوں کی صحیح تعلیم و تربیت سے بے حد دلچسپی ہے۔ جس کا ثبوت ان کا رسالہ "تعلیم و تربیت" اور ان کی دیگر کئی پر از معلومات تصانیف ہیں۔ جنہیں فیروز پرنٹنگ ورکس نے بڑے اہتمام سے شائع کیا ہے۔ اس لحاظ سے آپ اپنے والد کے صحیح جانشین اور اردو ادب کے بہت بڑے محسن ہیں۔ آپ پنجاب یونیورسٹی کے فیلو اور سنڈیکیٹ کے رکن ہیں۔ علاوہ ازیں آپ انٹر یونیورسٹی بورڈ آف پاکستان کے منتخب رکن اور آنریری سیکرٹری ہیں۔ آپ ۱۹۴۸ء میں دولت مشترکہ برطانیہ کی یونیورسٹی کانگریس کے اجلاس آکسفورڈ میں پنجاب یونیورسٹی کے نمائندہ کی حیثیت سے شریک ہوئے۔ اور انجمن اقوام متحدہ کی طرف سے جو یونیورسٹی کانفرنس یونیسکو میں منعقد ہوئی۔ اس میں بھی آپ نے پاکستان کی نمائندگی کی۔

ولی اللہ خاں سپرنٹنڈنٹ محکمہ آثارِ قدیمہ

۱۹۰۵ء کے اندر مشہور افغان کالونی۔ شاہ جہان ضلع میرٹھ میں پیدا ہوئے۔ اپنے ضلع سے میٹرک پاس کیا۔ اور مقابلہ کے امتحان میں امتیازی سے پاس ہو کر محسن کالج روڑکی سے ۱۹۲۷ء میں اوورسیر کا ڈپلوما حاصل کیا۔ اور سارداڈویژن میں ملازم ہو کر فوری بعد مستعفی ہو کر اپنے رجحانات کے مطابق محکمہ آثار قدیمہ سرحد میں ملازمت اختیار کی جہاں ۱۹۴۶ء تک کام کر کے اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ کا عہدہ سنبھالا۔ اور ملکی تقسیم پر محکمہ آثار قدیمہ کے سپرنٹنڈنٹ کے عہدہ پر فائز ہیں۔

Marfat.com

Marfat.com

حصّہ چہارم

پنجاب تجارتی ڈائرکٹری

Marfat.com

مدعا

ملکی تقسیم اور قیامِ پاکستان نے مسلمان عوام کو ایک دیرینہ خواب سے بیدار کیا۔ جمہوریت کے دلدادوں میں شہری زندگی کی ہوس اور معاشرتی ترقی کی تدابیروں نے انگڑائیاں لیں۔ وہ تجارتی عناصر جو ہندو برادرانِ وطن سے دبے ہوئے تھے۔ مؤخر الذکر کے تارکِ وطن ہونے پر تجارتی میدانوں میں خیمہ زن ہوئے۔ قوم کے نونہالوں نے سابقہ پھندوں سے آزاد ہو کر معاشرت کے وسیع میدانوں میں سربلند رہنے کی ٹھان لی۔

یہ خطۂ پنجاب جس کی تجارتی ضرورتوں کے پیشِ نظر اب یہ ڈائریکٹری کا حصّہ پیش کیا جا رہا ہے۔ سابقہ ہندوستان کے ایام میں ۵۷ فیصدی مسلمان آبادی کے باوجود پانچ فیصدی مسلمان تاجر بھی اپنے اندر نہ رکھتا تھا۔ اب اسکے تاجر سو فیصدی مسلمان ہیں! ورگذشتہ ناکام آرزوؤں کو پورا کرنیکے جذبات سے کاروبار کے وسیع میدانوں میں گامزن ہیں۔ رب العالمین اپنے ان نیک بندوں کو ارادوں میں کامیاب فرمائے،

Marfat.com

اضلاع شہر و منڈیاں

جہلم :- پنڈ دادنخاں - جہلم - چکوال - دینہ - ڈھڈیال - سرائے عالمگیر - کھیوڑہ - للہ -

جھنگ :- مگھیانہ - چنیوٹ - ربوہ - شورکوٹ شہر - شاہ جیونہ - لالیاں -

ڈیرہ غازی خاں :- تونسہ شریف - ڈیرہ غازی خاں - روجھیاں - مٹھن کوٹ -

راولپنڈی :- ٹیکسلا - کہوٹہ - راولپنڈی - گوجر خاں - مری - مندرا - واہ -

سرگودھا :- بھیرہ - بھلوال - پھلروان - خوشاب - سلانوالی - سرگودھا - گنجیال - مٹھہ ٹوانہ - میانی - درچھا - ہڈالی -

سیالکوٹ :- بدوملہی - پسرور - تحصیل شکرگڑھ - ڈسکہ - سیالکوٹ - سمبڑیال - کوٹلہ لوہاراں - نورکوٹ - نارووال -

---

شیخوپورہ :- بچیکی - چوہڑکانہ - ڈھاباں سنگھ - ریحان - سانگلہ ہل - شاہدرہ - قلعہ شیخوپورہ - مڑھ بلوچاں - مریدکے - نارنگ - ننکانہ صاحب - وارببٹن -

کیمبل پور :- انجرا - پنڈی گیپ - تلہ گنگ - جنڈ - حسن ابدال - حضرو - فتح جنگ - کیمبل پور -

گجرات :- جلالپور جٹاں - ڈنگہ - کوٹلہ اردل خاں - کنجاہ - کھاریاں - گجرات - لالہ موسےٰ - مونہ - پلکوال - منڈی بہاؤالدین -

گوجرانوالہ :- اکال گڑھ - پنڈی بھٹیاں - جام کی چھٹہ - حافظ آباد - خانقاہ ڈوگراں - سکھے کی - کاموکی - گوجرانوالہ - گکھڑ - منڈی نظام آباد - وزیرآباد -

لائلپور :- پیرمحل - تاندلیانوالہ - ٹوبہ ٹیک سنگھ - جڑانوالہ - چک جھمرہ - روڑالہ روڈ - سمندری - سلارولہ

کمالیہ - گوجرہ - لائلپور - ماموں کانجن -

لاہور :- پتوکی - چونیاں - رائے ونڈ - عثمان والہ - قصور - کوٹ رادھاکشن - کھڈیاں - کنگن پور - لاہور - واں رادھارام -

منٹگمری :- اوکاڑہ - بصیرپور - پاکپٹن - چیچہ وطنی - حویلی لکھا - دیپالپور - رینالہ خورد - عارف والہ - کسووال - منٹگمری - ہیراسنگھ منڈی - ہڑپہ -

ملتان :- جلالپور پیروالہ - جہانیاں - خانیوال - درکھانہ - دنیاپور - شجاع آباد - عبدالحکیم - کچاکھوہ - کروڑپکا - لودھراں - ملتان - میاں چنوں - سرائے سدھو - میلسی - منڈی بوریوالہ - وہاڑی

مظفرگڑھ :- خان گڑھ - سنانواں کوٹ ادو - مظفرگڑھ -

میانوالی :- بھکر - پپلاں - دریا خاں - داؤدخیل - عیسیٰخیل - کالاباغ - کندیاں - کلورکوٹ - لیہ - میانوالی - واں بھچراں -

Marfat.com

جہلم

شہر جہلم بوجہ دریائے جہلم کے کنارے پر واقع ہونے کے جہلم کہلاتا ہے۔ شہر کے قریب ہی چھاؤنی اور ریلوے ورکشاپ ہے۔ بقول مسٹر ارتھر برانڈرتھ صاحب (سابق کمشنر) اس ضلع کے تاریخی حالات تزکِ جہانگیری سے پہلے کے کہیں دستیاب نہیں ہوتے۔ یہ ضلع اضلاع پنجاب سے تسمت راولپنڈی کے ماتحت ہے۔ اور لاہور دارالخلافت پنجاب سے ایک سو دو میل کے فاصلہ پر سمت گوشہ شمال و مغرب شاہی سڑکِ اعظم پر واقع ہے۔ انگریزی عملداری سے پہلے یعنی سنہ ۱۸۵۰ء تک اس کا صدر مقام پنڈ دادنخاں مانا جاتا تھا۔ لیکن حسب تجویز بوبن بورنگ صاحب ڈپٹی کمشنر بسبب واقع ہونے موجودہ سڑک جرنیلی لاہور و پشاور کے جہلم صدر مقام مقرر ہوا۔ شمالی حد اس ضلع کی تحصیلات کہوٹہ و گوجر خاں و فتح جنگ و پنڈی گھیب ضلع راولپنڈی سے اور غربی تحصیل میانوالی ضلع بنوں سے متصل ہے۔ اور جنوبی تحصیل شاہ پور بھیرہ و ضلع سرگودھا سے ملحق ہے۔ اور مشرقی حد کا کسی قدر حصہ ریاست جموں و کشمیر سے اور کسی قدر ضلع گجرات سے پیوستہ ہے۔

اس ضلع کا طول مشرق سے مغرب تک ۱۲۰ میل ہے۔ اور عرض شمال سے جنوب تک ۶۰ میل اوسط ہے۔ اور رقبہ ۳۰۹۶ میل تک ہے۔ اس کے اندر بعض جانور ان کارآمد انسان عمدہ نوع کے ہوتے ہیں۔ چنانچہ گھوڑا علاقہ وہنی کا مشہور ہے۔ اسی طرح بیل بھی کام کا اچھا ہوتا ہے۔ یہاں تک کہ ہرن وغیرہ جانور شکاری عرصۂ قدیم سے بھی ہوتے ہیں۔

شہر جہلم کی آب و ہوا دس مہینے اچھی رہتی ہے۔ صرف اگست و ستمبر میں بسبب کثرت پانی و گندہ ہونے پانی دریائے وہیلہ ہائے کچھ خراب ہو جاتی ہے۔ اس وقت رطوبت زیادہ رہتی ہے۔ اگرچہ کسی مرض کی کثرت اس جگہ تو نہیں۔ لیکن پیچش کی کسی قدر مرض ضرور پائی جاتی ہے۔ اور اسی لئے ہی سرکار نے چند مناسب جگہوں پر شفاخانے بنوا دیئے ہوئے ہیں۔ اس علاقہ کی پیداوار گندم۔ باجرہ۔ جوار۔ موٹھ۔ تارامیرا۔ السی اور مسور یہاں اکثر فروخت ہوتی ہے۔ اور دساور کو جاتی ہے۔

پل ہائے:۔ اس ضلع میں سب سے بڑا پل آہنی دو ہزار پلوے کا دریائے جہلم پر ہے۔ جس کے ایک حصہ پر گاڑی چلتی ہے۔ اور دوسرے حصہ پر انسان و حیوان کا گزر ہوتا ہے۔ دو پل کشتہائے ایک قریب موضع سعیلہ دوسرا قریب موضع پنڈ دادنخاں اسی دریائے جہلم پر موسم سرما میں سات آٹھ ماہ کے واسطے

Marfat.com

باندھے جاتے ہیں۔ جو طغیانی کی حالت میں قائم نہیں رہتے۔ ان کے علاوہ سڑک جرنیلی پشاور پر اور بھی چھوٹے چھوٹے پُل ہیں۔

یہ عمارتی لکڑی کی بڑی بھاری منڈی ہے۔ لاکھوں من لکڑی کشمیر سے دریا کے راستہ آکر فروخت ہوتی ہے۔

اسلحہ والے: ۔ مسکڑی سٹورز ریلوے روڈ۔

آڑھتیان غلہ: ۔ عبدالرحیم۔ محمد اسحاق۔ غلہ منڈی۔ ملک دوست محمد خاں اینڈ کو۔ غلہ منڈی، خواجہ محمد یوسف لطیف احمد بازار رام دین۔ ممتاز احمد امتیاز حسین تحصیل روڈ۔ نذر محمد مشتاق احمد غلہ منڈی۔ حاجی نور محمد مشتاق احمد " " رفیق حسین شاہ غلہ منڈی، صادق سنز ریلوے روڈ۔ صوبیدار سلطان محمد محمد اقبال غلہ منڈی۔

انجینئرنگ ورکس: ۔ ماڈرن انجینئرنگ ورکس ریلوے روڈ۔ ممتاز مشینری ورکس نیو بازار۔ پرسیشن انجینئرنگ اینڈ الیکٹریکل ورکس ریلوے روڈ۔ رائل انجینئرنگ ورکس۔ " " شاہ اینڈ برادرز انجینئرنگ ورکس ریلوے روڈ۔

بینک: ۔ جہلم سنٹرل کوآپریٹو بینک رام دین بازار۔ پنجاب اینڈ کشمیر بینک۔

جنرل مرچنٹس: ۔ ارشاد جنرل سٹور ریل بازار۔ ایم۔ ایس۔ دار برادرز۔ احسان جنرل سٹورز ریلوے روڈ۔ فوجی جنرل سٹورز بازار کلاں۔ شیخ فضل حق اینڈ سنز۔ " " کراچی جنرل سٹورز۔ " " محمد اسلم اینڈ کمپنی۔ " " پاکستان جنرل سٹورز۔ " " صدیق برادرز۔ " " محمد راجہ اینڈ کمپنی چوک نیا بازار۔ ایس۔ پی۔ آئی۔ جنرل ٹریڈنگ کمپنی چوک نیا بازار۔ قریشی برادرز رام دین بازار۔

دوائی فروشاں: ۔ رچوہان میڈیکل ہال چوک چبوترا۔ امپیریل میڈیکل ہال چوک نیا بازار۔ ایس۔ پی۔ آئی میڈیکل ہال " "

سیمنٹ بنانے والے ۔ ڈالمیا سیمنٹ لمیٹڈ ڈنڈوٹ۔

سوداگران بوٹ: ۔ ملٹری بوٹ ہاؤس۔ نزد نیپیر روڈ چھاؤنی، پاکستان شو سٹورز بازار کلاں۔ سیٹھی بوٹ ہاؤس۔ " " شریف " " " "

بجلی کی اشیا والے: ۔ افضل برادرز ریلوے روڈ۔ اے۔ ڈی الیکٹرک ورکس " "۔ اشرف کمپنی " "۔ موڈرن انجینئرنگ ورکس " " ۔

فلور ملز: ۔ کریم فلور ملز ریلوے روڈ

فرنیچر بنانے والے: ۔ میجر فرنیچر مارٹ نیا بازار۔ سید رسول غلام حیدر بازار کلاں۔

سوداگران پرزہ جات موٹر: ۔ ڈی۔ ڈی۔ موٹر سٹورز۔ ریلوے روڈ۔

کتب فروش: ۔ عبدالرشید اینڈ سنز بازار کلاں۔

سنیز بک ڈپو " "

غلام علی اینڈ سنز " " ۔

ملک بک ڈپو۔

Marfat.com

قریشی برادرز بازار کلاں ۔
صوفی برادرز " " ۔

کلاتھ مرچنٹس :۔ نفیس کلاتھ ہاؤس ۔ بازار کلاں ۔ کراچی "
" " " ۔ مہاجر "
" " " ۔ مسلم "
" " " ۔ نارووال "
ہاؤس تحصیل بازار ۔ صمد کلاتھ ہاؤس
بازار کلاں ۔ شیخ عثمان غنی محمد بشیر
" "

سیمنٹ فروش :۔ مظہر الدین ملک ۔ حاجی غلام محمد شمیم احمد ۔

برف کے کارخانے :۔ آکال آئس فیکٹری ۔ رحیم بخش آئس فیکٹری

پینٹ اینڈ وارنش والے ۔
عبداللہ علی شیر بازار کلاں ۔
غلام محمد شمیم احمد " " ۔
جمعدار نیک محمد " " ۔
ملک اینڈ برادرز تحصیل روڈ ۔
میاں حسین محمد اینڈ سنز نیا بازار ۔

ٹرانسپورٹ کمپنیاں :۔ عباس بس سروس ۔ ابراہیم سروس ۔ جہلم ٹرانسپورٹ کمپنی ۔ پونچھ پبلک بس سروس ۔ نولکھا ٹرانسپورٹ کمپنی ۔

چھاپہ خانے :۔ گولڈ صابری پریس ۔ سٹی روڈ صدر ۔ حفیظ پرنٹنگ " بازار کلاں ۔

